فاتقوا اللہ واصلحوا ذات بینکم

روداد

اجلاس نوزدہم ندوۃ العلماء

(منعقدہ)

۱۲-۱۳-۱۴ شعبان سنہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۸-۹-۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

روز یکشنبہ۔ دوشنبہ۔ سہ شنبہ

(بمقام لکھنؤ)

حسب ایماء

مجلس انتظامی ندوۃ العلماء

عابد علی خاں کی شاہی پریس لکھنؤ میں چھپی

یہ عمارت دار العلوم ندوۃ العلما کے نقشہ کا فوٹو ہے، اجلاس نوزدہم ندوۃ العلما اسی عمارت کے وسیع ہال میں منعقد ہوا تھا، لیکن افسوس کہ موجودہ عمارت اس فوٹو کے مطابق اسوجہ سے نہیں ہے کہ اسکی برجیاں اور گنبد کا بالائی حصہ جو نظر آرہا ہے قلت سرمایہ کی بنا پر ہنوز تعمیر نہیں ہو سکا۔

سال گذشتہ مبلغ چھ ہزار روپیہ قرض لیکر مرمت کے علاوہ اسکے بعض حصہ کی ضروری تعمیر (نقصان پہونچ جانے کے اندیشہ سے) کرا دیگئی ہے اور کم و بیش ساٹھ ہزار روپیہ اسکی تکمیل وغیرہ کے لئے اور درکار ہے جسکے لئے مسلمانوں سے بار بار درخواست کیگئی اور کیجا رہی ہے۔

کوئی دردمند ایسا ہے؟ جو اس قومی درسگاہ کی خوشنما عمارت کو مکمل کرادے، جسپر مسلمانوں کا تقریباً ایک لاکھ روپیہ اب تک صرف ہو چکا ہے؟

معروضہ

مجلس ندوۃ العلماء نے اپنی پیش بینی اور روشن ضمیری سے بلند آہنگی کے ساتھ جن عظیم الشان مقاصد کو اپنا مطمح نظر بنایا تھا اُن کی اہمیت اور ضرورت نے اپنا سب کو گرویدہ بنالیا ہے اور اب سے بتیس سال پیشتر جن لوگون کو اس کے اغراض و مقاصد سے شدید اختلاف تھا وہ بھی عملاً اس کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کر رہے ہین اور اس کے نظام اساسی کو اپنا نصب العین قرار دیتے جاتے ہین، اگر ذرا غور سے تمام اسلامی انجمنون اور مدارس عربیہ پر نظر ڈالی جائے تو ندوۃ العلماء کے طرز عمل کی صاف جھلک نظر آئے گی، لیکن افسوس صرف اسقدر ہے کہ مسلمانون کا جوش محض وقتی ہوتا ہے اور وہ آیندہ آنے والے واقعات کو

کبھی خاطر مین نہین لاتے اور بدقسمتی سے ہم مسلمانون کی حالت یہ ہے کہ جب کوئی کام بگڑ جاتا ہے تو پھر اسوقت اُن کو ہوش آتا ہے اور اپنی ساری طاقت اور توجہ اُس کے سدھارنے کی طرف مبذول کرتے ہین،

دوسری قابل افسوس بدبختی ہم مسلمانون کی یہ ہے کہ جب کوئی مفید انجمن یا اہم درسگاہ چند بزرگ ہستیون کے مساعی جمیلہ، ایثار نفس اور عزم و استقلال سے عالمِ وجود مین آجاتی ہے اور اُس کے بلند مقاصد و اغراض کی اہمیت اور ضرورت روز روشن کی طرح عالم آشکارا ہو جاتی ہے اور وہ سرگرمی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے کی طرف مائل ہوتی ہے تو بجائے اس کے کہ ہم اُس کی بنیادکو مضبوط سے مضبوط تر کرین اور اُس کو درجۂ تکمیل پر پہونچا ئین "کل جدید لذیذ" کے طریق پہ ہم اپنے سرمایہ اور قوتون کو دوسرے مشاغل اور کامون مین صرف کرنے لگتے ہین۔

جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بنا بنایا کام بگڑنے لگتا ہے اور جسقدر قوم کی گاڑھی کمائی کا روپیہ اُسپر صرف ہوا ہے وہ بھی رائگان جاتا ہے نہ وہی کام انجام کو پہونچتا ہے نہ یہی کام، افسوس ہے کہ اس سبب سے اکثر ہمارے کارنامے بے نتیجہ رہتے ہین، اور سہل کام بھی دشوار سے دشوار تر ہوجاتا ہے اور اس کے بعد جو کچھ بھی کامیابی ہوتی ہے وہ تلافی مافات تک محدود ہو جاتی ہے اور ترقی کا کوئی زینہ طے نہین ہوتا،

مثلاً تنظیم و تبلیغ کا کام جس ہماہمی سے اسوقت کیا جارہا ہے اُس کے متعلق ندوۃ العلماء نے تیئیس سال پیشتر آواز بلند کی تھی اور ندوۃ العلماء کے روشن خیال علماء

اور مشائخ نے اس آنے والے فتنہ کو اُسی وقت محسوس کرلیا تھا،

اسی لیے ندوۃ العلمار کے بلند ترین مقاصد مین تبلیغ و اشاعت اسلام کا کام بھی داخل تھا اور عرصہ تک خدا کے بھروسہ پر اس کام کو کیا بھی گیا لیکن وہ علما اور مشائخ جن پر خود دُنیا تنگ تھی اور ہے وہ کیونکر اس کو چلا سکتے تھے بالآخر سرمایہ کے نہ ہونے سے اُنھون نے اس صیغہ کو مجبورًا بند کردیا۔

کاش اگر معقول سرمایہ کے ساتھ اُس زمانہ سے اب تک اس کا سلسلہ جاری رہتا تو آج ملک کے گوشہ گوشہ مین ابتدائی مکاتیب اور تبلیغی شاخین قائم کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی اور عام مسلمانون کی مذہبی اور اخلاقی حالت پست سے بلند اور بلند سے بلند تر نظر آتی،

اسی طرح اگر آپ ندوۃ العلما کے دوسرے مقاصد پر نظر ڈالین گے تو آپ کو اس کا اندازہ ہوگا کہ وہ بجائے خود مسلمانون کے واسطے کس قدر ضروری اور مفید ہین اور اب تک اُن سے مسلمانون کو کس قدر فوائد پہونچے ہین اور آیندہ کہین اس سے زیادہ فوائد پہونچنے کی توقع ہے۔

اس کے ساتھ ہی یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ اس قلیل مدت مین باوجود گوناگون مصائب اور کشمکش کے یہان کے تعلیم یافتہ گروہ نے جو ملکی اور قومی خدمات انجام دی ہین اُس کے صلہ مین وہ ملک سے خراج تحسین حاصل کرچکا ہے۔ ایسی حالت مین کیا اس کی ضرورت نہین ہے کہ آپ متفقہ طور پر ندوۃ العلمار کی ضرورتون کیطرف توجہ فرمائین اور ایک مستقل سرمایہ کی فراہمی سے اُس کی بنیادون کو مضبوط فرمائین،۔

بہرحال اگراب بھی بیدار قومون کی طرح مسلمانون مین استقلال و بیداری پیدا ہو جائے تو وہ اپنی حالت سدھارنے کے علاوہ بہت کچھ اسلامی اور مذہبی خدمتین انجام دیسکتے ہین اور ایسے کامون مین آئے دن جو دقتین پیدا ہوتی رہتی ہین اُن کا ہمیشہ کے واسطے خاتمہ ہی ہوجائے۔

کیا عجب ہے کہ یہ ابتلا اور کشمکش کا عبرت انگیز سبق مسلمانون کو اسی لیے دیا گیا ہو کہ وہ آنکھین کھولین، اور اپنے آپ کو اور اپنی قوم کو ہلاکت سے بچانے کی کوشش کرین۔

عام مسلمانون کی فلاح و بہبود کے واسطے مجلس ندوۃ العلمار ۱۳۱۱ھ مین قائم ہوئی تھی جس کو کسی خاص شہر یا کسی خاص صوبہ سے تعلق نہین ہے بلکہ اُس کا ہندوستان کے تمام شہرون اور صوبون سے یکسان تعلق ہے اور انھین عام مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اُس کا سالانہ جلسہ صوبہ ہائے ہند کے کسی نہ کسی مرکزی مقام پر ہوتا رہتا ہے۔

گو ندوۃ العلمار نے بتیسوین سال مین قدم رکھا ہے لیکن اب تک صرف ۱۹-اجلاس ہوچکے ہین، سالگرہ تو اس کی مقتضی تھی کہ بتیس ۳۲ سال مین بتیس جلسے ہوتے مگر افسوس ہے کہ جہان اور مصیبتین پیش آئین وہان بار بار دوسری مصیبت یہ بھی پیش آئی کہ ہر سال بلا تخلف اُس کے سالانہ جلسے نہین ہوسکے

آغاز تحریک اجلاس

گزشتہ سالون مین تعویق اجلاس کا سبب کچھ بھی رہا ہو لیکن ادھر پچھلے چند سال مین ملک کی عام حالت اسکی مقتضی نہ تھی کہ ندوۃ العلماء کا سالانہ اجلاس منعقد کیا جاتا لیکن جون ہی فضا اس قابل نظر آئی اُس کی طرف پوری توجہ مبذول کی گئی اور ۱۹۲۴ء مین جب ندوۃ العلماء کے اندرونی نظم ونسق سے اطمینان ہو گیا تو ایک قدم عمل کا اور آگے بڑھایا گیا اور ملک کے ممتاز اور سربرآوردہ حضرات سے اس کے متعلق مسلسل خط وکتابت کرکے اُن کی توجہ اس طرف مبذول کرائی، (مجھے اس بات سے دلی مسرت ہے کہ یہ محنت رائگان نہین گئی بلکہ اس کے نہایت مفید نتائج نکلے) وما توفیقی الا باللہ

جب یہ سلسلہ ایک حد تک پہونچ گیا تو اس کی تمام کارروائی کی مفصل یادداشت جلسۂ انتظامیہ منعقدۂ ۲۹ ستمبر ۱۹۲۴ء مین پیش کی گئی اور بعد غور وبحث کے بالآخر باہمی اتفاق سے جلسۂ مذکور مین یہ راے قرار پائی کہ ندوۃ العلماء کا اجلاس نوزدہم خود لکھنؤ مین منعقد کیا جائے۔

خدا کا شکر ہے کہ باوجودیکہ لکھنؤ اُس کا مرکزی مقام ہے اور متعدد بار اُس کے سالانہ جلسے یہان ہو بھی چکے ہین لیکن پھر بھی یہان کے جن سربرآوردہ حضرات کو ندوۃ العلماء کے اغراض ومقاصد کے ساتھ ہمدردی اور دلآویزی ہے اُن کے خوش آیند جلسون سے اُن کی نیت نہین بھرتی، اور وہ اس کے منتظر رہتے ہین کہ جب کبھی اس کا موقع ہو تو ندوۃ العلماء کا اجلاس یہین ہو۔

جماعت استقبالیہ کا قیام

اور

اُس کے عہدہ دارون و ارکان کا انتخاب

بہر حال اس قرارداد کے مطابق مقامی ارکان انتظامیہ ندوۃ العلما اور اعیان و عمائد شہر کا ایک مشترکہ جلسہ سب سے پہلے خاکسار کی کوٹھی موسومہ بھوپال ہوس لال باغ مین ہوا اور باہمی تبادلۂ خیالات کے بعد جلسہ برخاست ہوگیا اُس کے بعد اس قسم کا دوسرا جلسہ ۲۵-جنوری ۱۹۲۵ء کو طلب کیا گیا جو جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری کی پُر فضا اور وسیع کوٹھی مین منعقد ہوا جس مین بالاتفاق اس تجویز کی تائید کے بعد عملی دور کا آغاز ہوا، مجلس استقبالی قائم ہوگئی، ارکان کا انتخاب ہوا اور اس کے ساتھ ہی اس مجلس کو اختیار دیا گیا کہ وہ آیندہ حسب ضرورت اپنے ارکان کا اضافہ کرتی رہے۔ صدارت اور سکریٹری شپ کیواسطے جناب منشی محمد اظہر علی صاحب وکیل لکھنؤ اور جناب خواجہ سید رشید الدین صاحب مودودی کے انتخابات علی الترتیب نہایت ہی قابل قدر ثابت ہوئے۔

مجلس استقبالی اور طریق انتظام

مجلس استقبالی کے ارکان وعہدہ داران کے انتخاب کی کارروائی مکمل ہوگئی

تو ۹ فروری ۱۹۲۵ء کو مجلس استقبالیہ کا دوسرا جلسہ طلب کیا گیا، جس میں جلسۂ سالانہ کے آیندہ انتظامات کے واسطے مندرجۂ ذیل دفاتر اور جماعتیں قائم کی گئیں۔

انتظام استقبال مہمانان و سواری

جناب منشی محمود علی صاحب مینیجر نیپل کمشنر، جناب منشی ابوالحسن صاحب مختار علاقۂ جناب رانی صاحبہ نانپارہ،

انتظام پخت طعام و فراہمی اشیائے خوردنی

جناب شیخ ہاشم علی صاحب رئیس جگور، جناب خان بہادر حشمت علی خان صاحب پنشنر جیلر لکھنؤ۔

انتظام قیام و آسائش مہمانان

جناب نواب سید امیر حسن خان صاحب بھوپال ہوس خلف اکبر خاکسار ناظم، جناب مولوی عبدالودود صاحب مدرس منطق دارالعلوم ندوۃ العلماء، جناب منشی محمد صدیق صاحب مالک صدیق بکڈپو امین آباد پارک لکھنؤ

انتظام فراہمی رضاکاران

جناب مولوی عبدالرحمان صاحب ندوی نگرامی ادیب دارالعلوم ندوۃ العلماء،

انتظام تقسیم طعام و ضیافت مہمانان

جناب مولانا محمد شبلی صاحب فقیہ دارالعلوم ندوۃ العلماء، جناب منشی دلاور علی صاحب تاجر خشت لکھنؤ

انتظام آرائش دارالعلوم وصفائی راہ وصحن

جناب منشی غلام حسین صاحب ہیڈ ماسٹر آرٹ اسکول لکھنؤ جناب ماسٹر عطا کریم صاحب بی۔ اے۔ مدرس اوّل انگریزی دارالعلوم ندوۃ العلماء

انتظام فراہمی سامان وآرائش

جناب منشی مشرف علی صاحب ملازم بھوپال ہوس لال باغ لکھنؤ۔ جناب سید عبدالرحمان صاحب رئیس گھسیاری منڈی لکھنؤ

انتظام دفتر واقفیت عامہ

جناب مولوی محمد سلیم صاحب مدرس دارالعلوم ندوۃ العلماء

انتظام فروخت وتقسیم ٹکٹ شرکت جلسہ

جناب منشی محمد احترام علی صاحب خلف اوسط جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری

انتظام حفظ صحت ودواخانہ

جناب شفاء الملک مولوی حکیم محمد عبدالحمید صاحب جھوائی ٹولہ لکھنؤ

انتظام دارالتفکہ

طلباے دارالعلوم ندوۃ العلماء کی انجمن المعین کیجانب سے دارالتفکہ کا انتظام تھا جس مین ہر قسم کے میوے، پھل، چا، بسکٹ، کیک، برف آب وغیرہ وغیرہ کے انتظامات کیے گئے تھے جس سے معزز مہمانون کو ہر قسم کی سہولت اور آسائش بہم پہنچ رہی تھی۔

جناب مولانا قیام الدین عبدالباری صاحب فرنگی محلی کی

اخلاقی امداد مجلس استقبالیہ کو

حضرت مولانا قیام الدین عبدالباری صاحب فرنگی محلی اور جناب شیخ الطاف الرحمان صاحب

قدوائی کی اخلاقی امداد اور اُن کے اثر سے بہت بڑی مالی مدد مجلس استقبالیہ کو حاصل ہوئی اور علاوہ اس کے بزرگان ملت، رؤسا اور امرا کی توجہ بھی ندوۃ العلما رکی جانب مبذول ہوئی جو معنوی حیثیت سے انشاء اللہ تعالی استقبل کیواسطے گرانقدر ثابت ہوگی جس کے ارکان ندوۃ العلما دل سے شکرگزار ہین۔

جناب مولوی محمد نسیم صاحب ایڈوکیٹ رکن انتظامی ندوۃ العلماُ

اور

صدر مجلس استقبالیہ کا مشترکہ دورہ

جناب مولوی محمد نسیم صاحب ایڈوکیٹ رکن انتظامی ندوۃ العلما رکے ساعی جمیلہ بھی شکرگزاری کے قابل ہین کہ جناب ممدوح نے باوجود اپنی پیرانہ سالی کے فراہمی چندہ مین مجلس استقبالیہ کی بہت بڑی مدد فرمائی اور کئی مخصوص مقامات پر جناب منشی اظہر علی صاحب وکیل صدر مجلس استقبالیہ کے ساتھ خود بھی تشریف لے گئے اور اودھ کے مشہور با اثر حضرات کو خطوط کے ذریعہ سے بھی متوجہ فرمایا علاوہ آپ حضرت کے جناب مولانا قیام الدین عبدالباری صاحب نے بھی اس دورہ مین شرکت کی تکلیف گوارا فرمائی جو مزید تشکر کا باعث ہے۔

بنفس نفیس صدر مجلس استقبالیہ کا دورہ

جناب منشی محمد اظہر علی صاحب وکیل، صدر مجلس استقبالیہ، جلسہ سے ایک ماہ پہلے اودھ کے مختلف اضلاع کا خود بھی دورہ فرماتے رہے اور خاص خاص لوگون کو ندوۃ العلما کے اغراض ومقاصد

کی طرف توجہ دلاتے ہوئے شرکت جلسہ کی ترغیب دیتے رہے اور ندوۃ العلمار کی مالی ضرورتوں کے واسطے جہان تک ممکن ہوسکا مالی اعانت کی بھی تحریک کا سلسلہ جاری رکھا۔

آپ کے اس حسن عمل سے ندوۃ العلمار کا اجلاس باوجود تنگی وقت کے نہایت کامیاب رہا ہماری آنکھوں کے سامنے ندوۃ العلمار کا اجلاس دوم جو قیصر باغ لکھنؤ مین اُن کے والد بزرگوار جناب خان بہادر منشی محمد اطہر علی صاحب مرحوم و مغفور مشیر قانونی انجمن تعلقہ داران اودھ نے اپنے ذاتی صرفہ اور ہمت سے کیا تھا اُس کی اک گونہ اُن کے صاحبزادے نے گویا تجدید فرمادی اور اس طرح پر ندوۃ العلمار سے اپنی ہمدردی اور اپنے خاندانی تعلقات کو قائم رکھتے ہوئے اُس کا عملی ثبوت دیا،

اس کے ساتھ ہی یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ جلسہ کے دنون مین جو دوادوش آپ نے کی ہے اُس کا ارکان ندوۃ العلمار کے دل پر نہایت گہرا نقش ہے اور بیساختہ حافظ علیہ الرحمۃ کا یہ شعر زبان سے نکلتا ہے۔ ؎

حماک اللہ عن شر النوائب

جزاک اللہ فی الدارین خیرا

طلبائے دار العلوم ندوۃ العلما کا دورہ

اور

فراہمی چندہ

طلبائے دار العلوم کی بھی مختلف جماعتین بنائی گئی تھین جو اضلاع اودہ کے مختلف

حصون مین برابر دورہ کرتی رہین اور خوشی کی بات ہے کہ یہ جماعت جہان جہان گئی ناکام نہین رہی اور تھوڑے ہی دنون کے دورہ مین ممبری اور اعانت کی معتد بہ رقوم حاصل کین،

وکلاے ندوۃ العلماء کا دورہ

اور

دفتر ندوۃ العلماء کی مراسلت

مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلماء نے بھی اودھ کے مشہور چھوٹے اور بڑے مقامات کا دورہ فرمایا اور باوجود اپنی علالت کے نہایت سرگرمی سے اپنے کار مفوضہ کو انجام دیتے رہے اور کافی رقم جلسہ کے اخراجات کے واسطے فراہم فرمائی۔
نیز سید حسن شاہ صاحب سابق سفیر ندوۃ العلماء کا عارضی طور پر تقرر کیا گیا اور اُن کو بھی اودھ کے خاص خاص قصبون مین بھیجا گیا، علاوہ اس کے دفتر ندوۃ العلماء سے بھی حسب معمول خطوط، اشتہارات اور بڑے بڑے پوسٹر تمام ہندوستان کے مشاہیر علماء، مشائخ اور دیگر سر برآوردہ حضرات کے نام بھیجے اور مناسب مقامات اور شہرون مین چسپان کرائے گئے۔ بہرحال ان مجموعی کوششون کا نتیجہ خدا کے فضل سے کامیاب رہا۔

بتدیلی تاریخ اجلاس نوزدہم

اور

ندوۃ العلماء کی رواداری

اجلاس نوزدہم ندوۃ العلماء جس کی تاریخین ۹-۱۰-۱۱- مارچ ۱۹۲۵ء قرار پاچکی تھین اور اُس کے مطابق خطوط اور اشتہارات شائع ہو گئے تھے، لوگون کو دعوتین دیجا چکی تھین، اخبارات مین بھی اعلانات ہوچکے تھے، اس کے بعد چیرمین صاحب انجمن تبلیغی کانفرنس لکھیم پور، لکھنؤ تشریف لائے اور لکھیم پور کی حالت زار کا ذکر فرماتے ہوئے شدھی کے متعلق سخت اندیشہ کا اظہار کیا اور اس کے متعلق علماء کی ایک کانفرنس لکھیم پور مین جلد مدعو کیئے جانے کی ضرورت کو جتایا اور یہ خواہش کی کہ ندوۃ العلما کا اجلاس بجاے ۹-۱۰-۱۱- مارچ ۱۹۲۵ء کے ۸-۹-۱۰- مارچ ۱۹۲۵ء کو ہو تاکہ ۱۱ مارچ ۱۹۲۵ء کو جو کانفرنس تبلیغی شعبہ کی لکھیم پور مین ہونیکو ہے اس مین اُن علماء اور مشائخ کو بھی شرکت کی دعوت دی جاسکے جو ندوۃ العلماء کے اجلاس مین مخصوص طور سے شریک ہونے کو آرہے ہین۔

اس تجویز پر غور کرنے کے لیے ۱۶ فروری ۱۹۲۵ء کو مجلس استقبالیہ کا غیر معمولی جلسہ طلب کیا گیا اور اُس مین غور و بحث کے بعد یہ طے ہوگیا کہ ندوۃ العلماء کا اجلاس نوزدہم بجائے ۹-۱۰-۱۱ مارچ ۱۹۲۵ء کے ۸-۹-۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء کو ہو،

اس فیصلہ کے مطابق غیر معمولی طور پر تبدیلی تاریخ کی اطلاع ۲۰- فروری ۱۹۲۵ء سے اُن تمام حضرات کی خدمت مین بھیجی گئی جنکو پہلے شرکت کی دعوت دی جاچکی تھی،

علاوہ اسکے اخبارات مین بھی پے درپے تبدیلی تاریخ اجلاس کی اطلاعین شائع کرائی گئین۔

جس تنگ اور نازک وقت مین جناب مولوی عبدالغفور صاحب مددگار ناظم ندوۃ العلما نے اس مراسلت اور اشاعت کو ہوشیاری کے ساتھ انجام دیا یہ اُن کی بہترین قابلیت اور صلاحیت کی دلیل ہے اور خدا کا شکر ہے کہ اس تبدیلی تاریخ سے کسی قسم کی کوئی بدنظمی نہ ہونے پائی۔

مین مولوی صاحب موصوف کی مستعدی اور سرگرمی کار کا شکرگزار ہون علاوہ ان سب باتون کے یہ ندوۃ العلمار کی اعلیٰ پایہ کی رواداری ہے کہ ایسے وقت مین اُس نے ایثار اور قربانی کے ساتھ تبلیغی کانفرنس کی ضرورت کو مقدم خیال کرتے ہوئے ایک اہم ذمہ داری کو قبول کرلیا،

کوئی خدا کا بندہ ایسا ہے کہ وہ بھی ندوۃ العلمار کے ساتھ ایسی رواداری کا سلوک کرے اور اُس کی اہم ترین ضرورتون کی طرف اپنی توجہ مبذول فرمائے۔

قیامگاہ

جب اجلاس کے ایام قریب تر ہوتے گئے تو دارالعلوم کی عظیم الشان عمارت طلبا سے دارالعلوم سے خالی کراکر اور اُن کے آرام و آسایش کا انتظام کرنے کے بعد جلسہ اور مہمانون کے قیام کے واسطے مخصوص کردی گئی۔

نیز اُس کے وسیع صحن مین ایسے مہمانون کے واسطے خیمے بھی نصب کرادیے گئے جو ایسے موقعون پر خیمے وغیرہ کے قیام کو پسند فرماتے ہین،

علاوہ اس کے شہر مین بھی خاص خاص لوگون کے ٹھہرانے کا انتظام کیا گیا تھا، اس سلسلہ مین جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس لکھنؤ کا اسم گرامی

خصوصیت کے ساتھ ذکر کے قابل ہے کہ آپ نے اپنی الوالعزمی اور سیرچشمی کی بنا پر بہت سے سربرآوردہ مہمانون کی مہمانداری اور اُن کے آرام و آسائش کی ذمہ داری اپنے سر لی اور ندوۃ العلماء کا بار کم کرنے کے لیئے ممتاز علماء اور دیگر معزز مہمانون کے قیام و طعام کا انتظام خاکسار ناظم ندوۃ العلماء نے بھی اپنے ذمہ لینے کا شرف حاصل کیا۔

انتظام طعام کھانے کا انتظام اتنا نازک ہے کہ بات بات مین شکایت پیدا ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے مگر جناب شیخ ہاشم علی صاحب رئیس جگور کے حسن انتظام کی یہ دلیل ہے کہ کھانے کی طرف سے کسی کو شکایت پیدا نہیں ہوئی اور مہمانون کے کھانا کھلانے کا جو انتظام مولانا محمد شبلی صاحب اور دیگر حضرات کے سپرد کیا گیا تھا، اُنھون نے بھی اس خدمت کو بڑی قابلیت اور اہلیت کے ساتھ انجام دیا اور اتنے بڑے مجمع مین کسی شخص کو کوئی شکایت پیدا نہین ہوئی۔

انتظام قیام و آسائش مہمانان کے واسطے جو جماعت منتخب ہوئی تھی اُن مین (نواب) سید امیر حسن خان نے اُن مہمانون کی جو بھوپال ہوس مین قیام پذیر تھے بڑی خاطر داری سے کام لیا اور اپنے عزیز مہمانون کی آسائش کی دُھن مین اپنے آرام و آسائش کو بھول بیٹھے۔

علاوہ اِن کے اُن مہمانون کی تشریف آوری کے موقع پر جو دارالعلوم مین قیام فرمانے والے تھے جناب مولوی مسعود علی صاحب ندوی نے جس مستعدی اور تن دہی اور دلی سرگرمی کے ساتھ اُن کو آرام و آسائش پہونچانے کی کوشش فرمائی ہے اُس کا شکریہ بھی واجب ہے۔

نیز جناب منشی محمد احترام علی صاحب خلف جناب منشی محمد احتشام علی صاحب نے اپنے اُن معزز مہمانون کو جو جناب منشی صاحب ممدوح کی کوٹھی مین قیام پذیر تھے جس طرح آرام و راحت سے رکھا اُس کا شکریہ میرے حوصلہ سے بالا تر ہے۔

انتظام آرائش جلسہ گاہ و صفائی

اس خدمت کے واسطے جناب منشی غلام حسین صاحب ہیڈ ماسٹر آرٹ اسکول اور جناب ماسٹر عطا کریم صاحب بی۔ اے۔ مدرس اول انگریزی دار العلوم ندوہ منتخب ہوئے تھے، اس سلسلہ مین جناب منشی غلام حسین صاحب ممدوح نے غیر معمولی توجہ کے ساتھ بہترین طریقہ پر آرائش کا انتظام فرمایا اور جماعت رضا کاران (والنٹیرس کور) کے واسطے بہت سے خوشنما بیج اور جلسہ گاہ کے لیئے مختلف قسم کے اسلامی مارکے اور ندوۃ العلماء کے مخصوص ہلالی نشانات تیار کرائے تھے، جو صنعت و حرفت کا بہترین نمونہ تھے۔

اسی کے ساتھ ہی ساتھ شبانہ روز کی محنت مین جناب خواجہ سید رشید الدین صاحب مودودی سکریٹری مجلس استقبالیہ نے نہایت ہی خوشنما طریقہ سے عمارت دار العلوم کے عظیم الشان ہال کو آراستہ فرمایا تھا اور جابجا مختلف قسم کے قطعات بھی موقع موقع سے آویزان کیئے تھے جو اس سجاوٹ اور آراستگی کے حسن کو اور بھی دوبالا کر رہے تھے، آپ نے باوجود عدیم الفرصتی کے جس ہمدردی اور دلسوزی سے کام کیا ہے اُس کی مجلس ندوۃ العلماء دل سے شکر گزار ہے۔

مہمانون کی آمد اور جناب صدر کا استقبال

مہمانون کی آمد کی جب اطلاعین آنے لگین تو مجلس استقبالیہ کا ایک غیر معمولی جلسہ
یکم مارچ ۱۹۲۵ء کو ۷ بجے شام کے وقت زیر صدارت خاکسار ناظم ندوۃ العلماء
بھوپال ہوس لال باغ لکھنؤ مین منعقد ہوا، استقبال اور مہمانداری کے تمام مراتب طے
ہو کر مجلس استقبالیہ کی طرف سے عام اعلان کر دیا گیا کہ شرکت اجلاس ندوۃ العلماء
کے لیئے جو مہمان باہر سے تشریف لائین گے اُن کے قیام وطعام کا انتظام مجلس استقبالیہ
کی جانب سے ہوگا اور اُن کے استقبال اور جائے قیام تک پہونچانے کے لیئے ہر آنیوالی
ٹرین کی اوقات مین رضا کارون کی جماعت چار باغ اور لکھنؤ کے سٹی اسٹیشنون پر
موجود رہے گی ؛

اس تجویز کے مطابق رضا کارون کی مخصوص جماعت بطور نشان، ندوۃ العلماء کا
مخصوص مارکہ ہلال اور تارا جو نہایت ہی خوشنما طریقہ سے صنعت کے دیدہ زیب اصول پر
جناب منشی غلام حسین صاحب ہڈ ماسٹر آرٹ اسکول کی زیر نگرانی تیار کرایا گیا تھا اور
جس کے ہلال کے وسط مین سرخی سے "خادم ندوۃ العلما" تحریر تھا اپنے سینون
پر زیب تن کیے ہوئے ہر آنیوالی ٹرینون مین مہمانون کو دیکھتے اور اُن کو اُن کے جائے قیام
تک پہونچاتے تھے ؛

رضا کارون کی یہ سرگرمی ایک حد تک بڑی شکر گزاری کے قابل ہے کہ باوجود
مہمانون کی کثرت کے اُنھون نے اُن کی مہمانداری اور آرام وآسائش کے مقام تک
پہونچانے مین خلل نہ پڑنے دیا اگرچہ مہمانون کا یہ سلسلہ کئی دن سے جاری تھا مگر جب یہ

اطلاع پہونچی کہ جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان خان صاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی دولت آصفیہ "صدر جلسہ" ۶- مارچ ۱۹۲۵ء کو جھانسی میل سے ۵½ بجے شام کے وقت اسٹیشن لکھنؤ پر رونق افروز ہون گے تو مجلس استقبالیہ نے غیر معمولی طور پر استقبال کی تیاریان شروع کر دین، اور اس بات کی پُر زور تحریک کی کہ اتنے بڑے مہتم بالشان جلسہ کے صدر کا اُسی شان اور تزک و احتشام کے ساتھ استقبال ہو جس شان سے ایسے جلیل القدر صدر کا ہوا کرتا ہے۔

چنانچہ ۶- مارچ ۱۹۲۵ء روز جمعہ کو چار بجے سہ پہر سے جوق در جوق اسٹیشن پر لوگون کے جانے کا سلسلہ شروع ہو گیا اور پلیٹ فارم نمبر ۲ پر گاڑی پہونچنے سے پیشتر ایک کثیر مجمع ہو گیا، جس مین ممبران مجلس استقبالیہ، ارکان ندوۃ العلماء، اساتذہ اور طلباے دار العلوم ندوۃ العلماء کے علاوہ بعض علماے فرنگی محل معہ طلباے مدرسۂ نظامیہ اور بعض دیگر طلباے مدارس اسلامیہ کے مسلمان ممبران کونسل صوبہ اور اکثر مقامی معززین بھی اسٹیشن پر موجود تھے،

مغرب کا وقت آنے پر پلیٹ فارم کی داہنی پٹری پر ایک بڑی جماعت کے ساتھ نماز پڑھی گئی۔

ٹرین سوا گھنٹہ دیر کر کے پہونچی مگر تمام لوگ موجود اور چشم براہ رہے اور ٹرین کی آمد پر جناب مولانا محمد حبیب الرحمان خان صاحب شروانی ممدوح صدر جلسہ کا اللہ اکبر کے پُر جوش نعرون مین خیر مقدم کیا گیا اور جناب منشی محمد اطہر علی صاحب وکیل صدر مجلس استقبالیہ نے پھولون کا ہار اُن کے گلے مین ڈالا اور پھولون کی بارش مین وہ لوگون سے ملتے ہوے آگے بڑھے اور رضا کارون کا جلوس خاکسار کی کوٹھی واقع بھوپال ہوس لال باغ تک ساتھ آیا

جہان عالیجناب نواب صدر یار جنگ مولانا محمد حبیب الرحمان صاحب شروانی کے رونق افروز ہونے کا انتظام کیا گیا تھا،

کارروائی اجلاس نوزدہم ندوۃ العلماء

اجلاس اوّل

منعقدہ ۱۲ شعبان ۱۳۴۳ھ مطابق ۸ مارچ ۱۹۲۵ء روز یکشنبہ

وقت

۱۱ بجے قبل دوپہر سے ۱½ بجے تک

اجلاس کے متعلق پہلے سے یہ اعلان کردیا گیا تھا کہ عمارت دارالعلوم ندوۃ العلماء کے وسیع ہال مین ۱۱ بجے قبل دوپہر سے شروع ہو گا چنانچہ ۸ مارچ ۱۹۲۵ء کو ۱۰ بجے ہی سے لوگون کی آمد شروع ہو گئی اور عمارت دارالعلوم کا وسیع ہال جو اجلاس کے واسطے آراستہ کردیا گیا تھا ۱۱ بجے سے پہلے تقریبًا بھر چکا تھا اور اجلاس کے وقت تمام کرسیان معمور تھین اور پلیٹ فارم پر بہت سے علماء کرام اور بزرگان قوم متمکن تھے، جنکی مخصوص فہرست کسی دوسری جگہ درج کی جائیگی۔ اس سے اس بات کا اندازہ ہو گا کہ جمہور اُمت کے دلون مین جس مین ہر طبقہ اور ہر فرقہ کے اشخاص شامل ہین ندوۃ العلماء کی کسقدر عظمت اور وقعت قائم ہے اور وہ اسکو مسلمانون کے لیے کسقدر ضروری اور مہتم بالشان چیز خیال کرتے ہین،

ترکی وفد جو بہ سرکردگی جناب نسیم پاشا و عمر توفیق بے اس اجلاس مین شرکت کیلیے

آج ۶ بجے صبح لکھنؤ پہونچنے والا تھا اور اسی کے ساتھ بہت سے ہندوستانی رہنمایان قوم کے آنیکی بھی خبر تھی، جنکا نہایت بیچینی کے ساتھ انتظار کیا جارہا تھا مگر افسوس ہے کہ نہ تو ارکان وفد ترکی تشریف لاسکے اور نہ بعض رہنمایان قوم جنکا شد و مد کے ساتھ انتظار تھا بروقت پہونچ سکے۔

بہرحال عالی جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان صاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی مملکت آصفیہ کے رونق افروز ہونے پر پورے مجمع نے نہایت گرمجوشی کے ساتھ خیر مقدم کیا اور بارہ بجے اجلاس کی کارروائی تلاوت قرآن مجید سے شروع ہوئی جو قاری عبد الرشید صاحب مکی اور مولوی قاری شاہ محمد جعفر صاحب ندوی نے فرمائی جس سے حاضرین بہت کچھ محظوظ ہوئے اس کے بعد جناب منشی محمد اظہر علی صاحب وکیل نے بحیثیت صدر مجلس استقبالیہ اپنا خیر مقدمانہ خطبہ پڑھا جو حسب ذیل ہے۔

خطبہ خیر مقدم جناب منشی محمد اظہر علی صاحب وکیل صدر مجلس استقبالیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرات علمائے کرام و معزز حاضرین!

میرا پہلا فرض یہ ہے کہ منجانب مجلس استقبالیہ بلکہ مسلمانان شہر لکھنؤ آپ سب حضرات کا دلی شکریہ ادا کروں کہ آپ نے ہماری دعوت قبول فرماکر ندوۃ العلماء کے اس نہایت اہم جلسہ میں شرکت کی زحمت گوارا فرمائی، اس سال کے جلسہ کی اہمیت اس وجہ سے زیادہ ہے کہ عرصہ کے بعد ہم کو اس کا موقع ملا ہے اور بہت سی غلط فہمیوں کے رفع کرنے کا اب پھر وقت آگیا ہے، اس سے پہلے بھی ایک مرتبہ کچھ عرصہ تک جب جلسہ سالانہ نہین کیا گیا تھا تو غلط فہمیاں شروع ہوگئی تھین اور بالآخر یہی طے پایا تھا کہ ہر سال جلسہ

ضرور کیا جایا کرے مگر افسوس کہ عرصہ تک مجبور رہے، اس مرتبہ گو اگلے سے جلسون کی شانین نہین اور نہ وہ اب ہمارے امکان مین ہے، وہ قربانی دینے والی ایثار کی ہستیان اب باقی نہین ہین، نہ ہمارے پاس اب مال و دولت ہی زیادہ رہی ہے غرض کہ بہت سے ناگفتہ بہ اسباب ہو رہے ہین اور اسوقت کی اپنی خامیون بلکہ ہمین اپنی کمزوریون اور مجبوریون کا پورا پورا احساس ہے اس لیے بے تامل اس بات کا اعتراف کرتے ہین کہ آپ کی معزز و منتخب جماعت کے شایان شان مہمانداری کے انتظامات ہم سے نہین ہو سکے بااین ہمہ مجھے اس کا بھی یقین ہے کہ جس اہم قومی ضرورت کی خاطر آپ کو یہان تکلیف دی گئی ہے اور نیز ہمارے دلی خلوص کو مدنظر رکھکر آپ ہماری انتظامی خامیون کو نظرانداز فرمائین گے۔

برکریمان کارہا دشوار نیست

ندوۃ العلماء کے ہر جلسہ کو ہم مسلمانان لکھنؤ اپنے گھر کا کام سمجھتے ہین اور اس بنا پر ایسے مواقع پر پوری یگانگت برتنا چاہتے ہین، مقامی ارکین ندوہ کے کامون کو اپنی زندگی کی ضروری مصروفیتون مین داخل کیئے ہوئے ہین اور ندوہ ہمارا ایک جزو لاینفک ہو گیا ہے، اس کے واسطے انتظامات کرنے مین ہمین ایسی کوئی خاص اہمیت نہین معلوم ہونا چاہیئے، ہم اسکو کوئی غیر معمولی بات نہین سمجھتے کہ یہان ندوہ کا جلسہ کرنا ہے، جب کہین سے جلسہ کی دعوت نہ آئے یا ہم صدر مقام پر اجتماع کو قرین مصلحت جانین تو لکھنؤ مین جلسہ کا اعلان کر دیا جاتا ہے، اس طرح ندوۃ العلماء سے جو دلچسپی اہل لکھنؤ کو ہو گئی ہے وہ گویا اُن کے خمیر مین داخل ہے اور کیون نہ ہو! لکھنؤ عالمون اور تعلیم گاہون کا مسلمہ مرکز رہا ہے اور اب بھی ہے، اگلے زمانہ مین اگر حضرت شاہ مینا، شاہ عبدالرحمان، مولانا بحرالعلوم،

مولانا عبد الحی اور مولانا دلدار حسین جیسے باکمال بزرگون سے دور دور کے تشنگان علم یہان آکر سیراب ہوتے تھے تو اسوقت بھی اللہ کے فضل سے مشرقی و مغربی علوم کے نامور اساتذہ اور بہترین درسگاہین، یہان موجود ہین، دار العلوم ندوۃ العلماء کے علاوہ فرنگی محل کی درسگاہین، مدرسۂ عالیہ فرقانیہ، سلطان المدارس، مدرستہ الواعظین تکمیل الطب کالج وغیرہ اگر ایک طرف علوم مشرقی کے طالب علمون کے لیئے مرکز کشش ہین تو لکھنؤ یونیورسٹی، کرسچین کالج، کنگ جارج میڈیکل کالج، شیعہ کالج اور مشہور تعلیم گاہ بنات ایس بیلا تھوبرن کالج وغیرہ دوسری طرف مغربی علوم کی نشر و اشاعت مین شہرۂ آفاق ہین، لکھنؤ کی یہ ایک ایسی خصوصیت ہے جو ہندوستان مین کسی دوسرے شہر کو حاصل نہین اور غالبًا اسی کو پیش نظر رکھکر ہمارے اور آپ کے بزرگون نے نہایت ہی دور اندیشی سے اس دار العلوم کو جس مین ہم اور آپ آج اسوقت جمع ہین لکھنؤ مین قائم کرنا پسند فرمایا، مرزا غالب نے بھی شاید لکھنؤ کی اسی مرکزیت کو ملحوظ رکھا تھا - ع زمین لکھنؤ ام مردم چشم جہان بینی

حضرات! آج ہم کئی برس کے بعد ندوۃ العلماء کے جلسہ مین جمع ہوئے ہین، اس اثناء مین ندوہ کے متعدد محسنین اور ہمارے محترم بزرگ جنکی ذات سے ندوہ اور مسلمانونکو بہت تقویت تھی قضا و قدر کے فیصلہ کے بموجب ہم سے جدا ہو گئے،

ہم مین سے کون ہے جسے آج ندوہ کے ناظم سابق جناب مولانا حکیم سید عبد الحی مرحوم و مغفور کی یاد نہ آتی ہو، وہ ابتدا ہی سے ندوہ کے نہایت ہی مخلص اور سرگرم کارکن تھے اور اپنی زندگی کے آخری لمحون تک ندوہ کی خدمت مین برابر مصروف رہے. ندوہ کا کوئی دور ایسا نہین جسپر مرحوم کا نقش خدمت ثبت نہ ہو، اور ندوہ کے ہمدردون و بہی خواہون یا اس شہر کے مسلمانون مین کوئی ایسا نہ ہوگا جو مرحوم کی پاکیزہ سیرت، سادہ

اسلامی زندگی، خوش خلقی اور نیک دلی کا گرویدہ نہ ہو،

ندوہ کے گزشتہ اور موجودہ کارکنون مین سے کسی کو بے شبہہ اتنی طویل مدت تک ندوہ کی مسلسل خدمت کا موقع نہ ملا اور اس لحاظ سے آپ کی وفات ندوہ کے لیئے یقیناً ناقابل تلافی ہے،

سر راجہ تصدق رسول خان کے سی - ایس - آئی مرحوم تعلقہ دار جہانگیر آباد اودھ کے باہوش رئیسون مین خاص طور پر ممتاز تھے اور مجلس انتظامی کے رکن ہونے کی حیثیت سے ندوۃ العلماء کو آپ کی ذات سے بڑی تقویت حاصل تھی،

اسی طرح ہمارے طبقۂ لکھنؤ کے مشہور قومی کارکن مسٹر ممتاز حسین مرحوم بیرسٹر ایٹ لا نے جس جانفشانی سے مسلمانون کی خدمت کی اس کی یادگار انجمن اصلاح المسلمین کا ممتاز دار الیتامی موجود ہے، جہان انشاء اللہ آج رات کو آپ لوگ علمائے کرام کے وعظ سنین گے، مرحوم کو ندوہ کے ساتھ گہری دلچسپی تھی اور جن حضرات کو سنہ ۱۹۱۲ء کے اجلاس ندوۃ العلماء مین شرکت کا اتفاق ہوا ہو گا انھین یاد ہو گا کہ جس حیثیت سے آج مین آپ صاحبون کی خدمت کے لیئے حاضر ہون - بعینہ اسی طرح ممتاز حسین مرحوم نے اُس جلسہ کے تمام انتظامات کو اپنے کاندھون پر اُٹھا لیا تھا،

حضرت مولانا عین القضاۃ رحمہ اللہ علیہ جیسے مقدس بزرگ کے وصال سے صرف لکھنؤ ہی نہین بلکہ سارا اسلامی ہندوستان آج سوگوار ہے! ایسے زہد و تقویٰ ایسے توکل و استغنا، اور ایسے علم و عمل اور ایسے جود و سخا والے بزرگ اب مادر گیتی نہین پیدا کرتی، موت العالِم موت العالَم ایسے ہی مواقع پر صادق آتا ہے -

حضرات! آپ کو غالباً علم ہو گا کہ ندوۃ العلماء سنہ ۱۳۱۱ھ مین قائم ہوا تھا، دوسرے ہی

سال میرے والد مرحوم نے ندوۃ العلما کے جلسہ کو لکھنؤ مین دعوت دی اور مشاہیر علما
مین جو اختلاف ندوہ کے بارہ مین رونما تھا اُس کے رفع ہو جانے کے باعث سب
بلدل ہوکر کام کرنے لگے ۱۳۱۳ھ مین ایک دار العلوم قائم کرنیکی تجویز ہوئی اور اُسکا افتتاح بھی ۱۳۱۶ھ
مین یہین کردیا گیا، پھر جب پٹنہ مین جلسہ ہوا تو جدید تعلیمیافتہ گروہ نے بھی علما کے اس کام مین
شرکت کرلی اور اس طریقہ پر علما، مشائخ اور جدید تعلیمیافتہ صحاب کے اشتراک عمل کیلئے ندوہ ایک اچھا مرکز بن گیا،
مسلمانون کے ہر طبقہ کے معزز و باخبر افراد قوم کا یہ اجتماع نہایت درجہ مفید ہونا
چاہیئے تھا اور ابتدا مین ایسا ہی معلوم ہوتا تھا کہ ندوۃ العلما کے ذریعہ سے مسلمانونکی
اکثر دینی ضرورتین پوری ہوجائین گی، ندوہ کے مقاصد اگرچہ محدود تھے مگر حقیقتاً ان مین
اتنی جامعیت تھی کہ اگر ان سب پر عمل ممکن ہوتا تو اس کے ذریعہ سے بڑے بڑے کام
سرانجام پاسکتے، مثال کے طور پر ایک اشاعۃ الاسلام ہی کے کام کو لیجیے،
جس زمانہ مین ندوۃ العلماء نے اس کے لئے آواز بلند کی تھی اگر اُسی وقت کوئی مؤثر
نظام قائم ہوجاتا تو شاید آج ہمین ان بہت سی مشکلات سے دوچار ہونا نہ پڑتا جو
شدھی کی تحریک کے باعث پیدا ہوگئی ہین اور جنھون نے نہ صرف مسلمانون کے
عام طبقون مین ہیجان و تلاطم پیدا کردیا بلکہ سارے ملک کے امن و امان مین خلل ڈالدیا
اور تمام قومی و ملکی تحریکون مین اک گونہ ابتری پیدا کردی - مین یہان اس بحث کو نہین
چھیڑنا چاہتا کہ کن اسباب کی بناء پر ندوۃ العلما کے پیش نظر جملہ مقاصد کی تکمیل نہین ہوسکی
بہرحال یہ ایک واقعہ ہے کہ عملاً دار العلوم ندوہ ہی ہماری تمام کوششون کا مرکز بن گیا،
ندوۃ العلماء کے زیر اہتمام ایک دار العلوم بنانے کی ضرورت اسوجہ سے ہوئی کہ
علمائے کرام کی ایک جماعت نے یہ محسوس کیا کہ مدارس عربیہ مین جو طریقہ تعلیم اور نصاب

عرصہ سے رائج تھا۔ اس مین اگرچہ جزوی تغیرات وقتاً فوقتاً ہوتے رہتے تھے مگر حقیقتاً زمانہ کے دور اس انقلابات کا اسپر بہت کم اثر پڑتا تھا حالانکہ مغربی علوم کی اشاعت اور طرز حکومت کی تبدیلی نے اہل ملک کے خیالات اور تمدن نے جو تغیرات پیدا کردئیے تھے ضروری تھا کہ اُن کو پیش نظر رکھکر ایسی تبدیلیان کی جائین جو حالات ملک و زمانہ کے لحاظ سے موزون ہون،

علامہ شبلی نعمانی مرحوم نے ۱۹۰۲ء مین اسی خیال کو کس خوبی سے ظاہر کیا تھا ؎

"وز بپرسی کہ درین کار چہ تدبیر بود"

"دین و دنیا بہم آمیز کہ اکسیر بود"

یہ کام بھی بجائے خود کچھ اہم نہ تھا اور جسوقت سے جدید تعلیم یافتہ گروہ نے علمائے کرام کے دوش بدوش ہوکر اس دار العلوم کو پوری سرگرمی سے چلانا شروع کیا تو قدرتاً اس کا مطمح نظر بہت وسیع و بلند ہو گیا اور مسلمانون کی وسیع ترین امیدین اس سے وابستہ ہوگئین تھوڑے ہی دنون مین دار العلوم ندوہ کی شہرت نہ صرف ہندوستان کے گوشہ گوشہ مین پھیل گئی بلکہ ہندوستان سے باہر اسلامی ممالک مین نیز اُن ممالک مین جہان مسلمانون کی کوئی بڑی آبادی ہو پہنچ گئی تھی اور یہ اُسی کا نتیجہ تھا کہ ۱۹۱۲ء مین ندوۃ العلماء کے سالانہ جلسہ کی صدارت کے لئے علامہ رشید رضا جیسے نامور فاضل و ادیب مصر سے چلکر ہندوستان تشریف لائے۔ اور خدا کے فضل سے ہمارے دار العلوم مین چین و کاشغر کے طلبہ تحصیل علم کرتے رہے،

خود ہندوستان مین اس دار العلوم کے تعلیمی معیار کی منزلت کچھ کم قابل قدر نہین مانی گئی، ندوہ نے چند ہی سال کی تعلیم مین کم سے کم متعدد ایسے جامع العلوم عالم پیدا کئے

جو مشرقی و مغربی علوم مین دستگاہ کامل رکھتے ہین، ان مین سے ایک میرے برادر عزیز مولوی ضیاءالحسن علوی ایم - اے - ہین جو گورنمنٹ صوبہ جات متحدہ کے محکمۂ تعلیم مین ایک اعلیٰ عہدہ پر فائز ہین اور دوسرے مولوی عبد الباری ہین جو جامع عثمانیہ کے محکمہ تراجم مین فلسفۂ جدیدہ کو اُردو مین منتقل کرنے پر مامور ہین اور تیسرے ندوہ کے سابق ناظم جناب مولانا حکیم سید عبدالحئی مرحوم و مغفور کے صاحبزادہ مولوی حکیم سید عبدالعلی ہین جو ایک طرف اگر علوم عربیہ کے عالم اور طبیب ہین تو دوسری طرف انگریزی اور سائنس کے گریجویٹ بھی ہین اور انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب ڈاکٹری کی سند بھی حاصل کرلین گے ۔

دارالمصنفین کے علماء اور کارکنون نے اپنی علمی خدمات کے ذریعہ ملک مین جو مقبولیت حاصل کرلی ہے اس سے آپ سب حضرات بخوبی واقف ہین البتہ شاید آپکو اس کی خبر نہ ہو کہ اس دارالعلوم کی انتظامی جماعت مین جو سب سے بڑا تعلیمی عہدہ معتمد تعلیم کا ہے، وہ ندوہ ہی کے ایک فرزند رشید یعنی ہمارے دوست مولوی سید سلیمان صاحب کو دیا گیا ہے، مولوی صاحب موصوف کی قابلیتون کا اعتراف خود ملک اور قوم نے اتنی متعدد حیثیتون سے کیا ہے کہ مجھے یہان کچھ کہنے کی ضرورت نہین،

ندوہ کی اہمیت اور عظمت کا آپ اس سے بھی اندازہ کرسکتے ہین کہ جب ایک وقت منتظمین نے حکومت سے امداد حاصل کرنا چاہی تو ندوۃ العلماء کو قوم کی طرف سے شروع ہی سے ہر قسم کی مالی مدد مل رہی تھی اور مسلمان والیان ریاست بھی خدا کے فضل سے اس کی امداد مین دریغ نہ کرتے تھے مگر یورپ کی گذشتہ جنگ نے جس طرح دنیا کے تمام کامون پر اثر ڈالا، ہمارا دارالعلوم بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا، ہمارے دارالعلوم کی نامکمل تعمیر سے

(جو محترمہ جناب بیگم صاحبہ بھاولپور کے پچاس ہزار کے گرانقدر عطیہ اور دوسرے باثروت مسلمانون کی امداد کے بھروسہ پر نہایت اعلیٰ پیمانہ پر بنانے کا انتظام کیا گیا تھا) اس کا نمایان اظہار ہو رہا ہے۔

ندوۃ العلماء کے سابقہ دور ترقی کے رُک جانے کی صرف یہی ایک مثال نہین بلکہ جیسا آپ کو اور کل ملک کو معلوم ہے ندوۃ العلماء نے ۱۹۲۱ء مین سرکاری امداد سے دستبرداری کرکے جہان ایک طرف قوم کی جان نثاری کا پورا حق ادا کیا وہین خود اپنی بہت سی قیمتی امیدونکو بھی پامال کر دیا اور اگر مجلس خلافت نے سال گزشتہ تک اپنی مالی امداد سے اس کی مدد نہ کی ہوتی تو شاید اس دار العلوم کی سابقہ تعلیمی روایات کو بھی خیرباد کہنا پڑتا مگر اب جبکہ اُدھر کی امداد بھی بند ہو گئی ہے ندوۃ العلماء کے منتظمین کے پاس سوا اس کے کوئی دوسرا چارہ کار نہین کہ آپ سب معززین قوم کو اور آپ کی وساطت سے کل قوم کو اپنی ضرورتون سے آگاہ کرکے امداد کے طالب ہون تاکہ آپ اپنی مدد کرنے کا زرین اصول اور خود اپنے پاؤن پر کھڑے ہونے کی مستحسن کوشش بار آور ہو کر قوم کے شاندار مستقبل کا سامان مہیا کر سکین

ہماری ضرورتین قوم کی دیگر ضروریات کی طرح لاانتہا ہین لیکن چند تو ایسی ضروری ہین کہ اگر جلد سے جلد انکا سرانجام نہ ہوا تو اس دار العلوم سے جو توقعات قومی قائم ہو گئی ہین وہ سب خدانخواستہ خواب وخیال ہو جائینگی جس نامکمل عمارت مین آپ حضرات اسوقت تشریف فرما ہین اس کی صورت خود زبان حال سے ہماری موجودہ بے مائگی پر نوحہ خوان ہے، ہمارے دار الاقامہ کا نقشہ بھی ابھی تک صرف ہوا مین معلق رہا، زمین پر آپ کو اس کا سنگ بنیاد بھی گویا نہ ملیگا جس کے باعث کچھ طلبہ تو اسی تعلیم گاہ مین رہتے ہین اور باقی کے لیے یہان سے فاصلہ پر کرایہ کا مکان ہے۔

ہمارا کتب خانہ جو مشرقی و مغربی علوم و فنون کی بہترین کتابون کا ایک بیش بہا خزانہ ہے دارالعلوم سے میلون دور ایک کرایہ کے مکان مین پڑا ہوا ہے سب سے آخرین مگر سب سے بڑھکر ہمین جس چیز کی ضرورت ہے وہ ایک مسجد ہے جس مین ہمارے طلبہ پنجوقتہ نماز جماعت سے ادا کرین،

ان تعمیری ضرورتون کے سوا دارالعلوم کے مستقل ماہوار آمدنیون کے نقصانات کی تلافی ہونا ضروری ہے جو سرکاری امداد اور بعض دوسری امدادون کے بند ہوجانے کی وجہ سے پہونچے ہین۔

حضرات! مین جانتا ہون کہ آپ جلسہ کے منتخب شدہ صدر عالیجناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان خانصاحب شروانی کے فصیح و بلیغ خطبۂ صدارت کے لیئے مضطرب ہون گے اور مین آپ کو زیادہ دیر انتظار کی تکلیف دینا بھی گوارا نہین کرسکتا مگر ختم کرنے سے پہلے مین یہ عرض کردینا ضروری سمجھتا ہون کہ آج جو مقدس و محترم بزرگ یہان دور دور سے تشریف لائے ہین اُن کے اجتماع سے قوم کی اور ندوہ کی بہت بڑی بڑی امیدین وابستہ ہین۔

ندوہ کی اہمیت اور اسکا نصب العین دونون سے آپ کی دلی ہمدردی معلوم ہے لیکن جو کچھ مین نے عرض کیا ہے اور جو کچھ آپ ابھی دیگر حضرات سے سنین گے مین امید کرتا ہون کہ اس کا ایک گہرا نقش آپ حضرات کے دلون پر ہوگا کہ آپ اپنی انفرادی واجتماعی کوششون سے جلد سے جلد ندوہ کو اس گرداب بلا سے نکال لین گے جس مین وہ اسوقت پھنسا ہوا ہے اور اسے اس قابل بنادین گے کہ اللہ اور اُس کے رسول کے احکام کی تبلیغ مین اس دارالعلوم کے نونہال زیادہ سے زیادہ حصہ لے سکین

نصاب تعلیم کے متعلق مجھے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ صرف آپکی توجہ اسکی طرف مبذول کراؤن، ملک کا تعلیم یافتہ گروہ اور غالباً اسی دار العلوم کے طلباے قدیم اور جدید اس مین ترمیم کے متوقع ہین اور اگر زمانہ کے ساتھ ہمکو چلنا ہے تو یقیناً ہمارا فرض ہے کہ اپنے نصاب موجودہ پر پھر نظر ترمیم ڈالین، آخر مین پھر مین شکریہ اور معذرت پر اپنی تقریر کو ختم کرتا ہون اور امید ہے کہ اگر فرو گزاشتین ہو گئی ہون معاف فرمایا جائے،

ندوہ کو اپنی موجودہ ضروریات اور پیش نظر مقاصد کی تکمیل مین سب سے زیادہ اُن اصحاب سے مدد ملنے کی توقع ہے جنھون نے گزشتہ پچیس سال مین اس دار العلوم سے اکتساب علم کیا ہے یا جو آج یہان تعلیم پا رہے ہین۔

جناب منشی محمد اظہر علی صاحب وکیل صدر مجلس استقبالیہ جب اپنا مندرجۂ بالا خیر مقدمانہ خطبہ تمام حاضرین کو باواز بلند سُنا چکے (جو بہت سی پچھلی تاریخون اور ندوہ کی موجودہ ضرورتون پر مشتمل تھا) تو اس کے بعد آپ نے جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان خان صاحب شروانی کے لئے باضابطہ تحریک صدارت پیش کی جس کی جناب مولانا قاری شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری پھلواری نے مختصر الفاظ مین تائید فرمائی۔

پھر جناب نواب صدر یار جنگ بہادر شکرگزاری کے ساتھ نعرہ ہائے مسرت کی گونج مین کرسی صدارت پر رونق افروز ہوے۔ اور مندرجۂ ذیل خطبۂ صدارت ارشاد فرمایا۔

خطبۂ صدارت

عالیجناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان خان صاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی ممالک محروسہ دولت آصفیہ حیدرآباد دکن و رئیس حبیب گنج ضلع علیگڈھ

بہ حیثیت

صدر اجلاس نوزدہم ندوۃ العلماء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علمائے کرام مشائخ عظام و معزز حاضرین!

مدراس اور ناگپور کے بعد یہ تیسرا موقع ہے کہ مجھ سا ناکارہ اس گرامی اجلاس کی صدارت کے لیے منتخب فرمایا گیا ہے۔ آپ باور فرمائین کہ مین اس موقع پر اپنے دل مین تین قسم کے خیالات موج زن پاتا ہون "شکر و امتنان" عزت افزائی و ذرہ نوازی کا۔ ندامت اپنی بے مائگی پر حسرت قحط الرجال پر جو بار بار آپ کو میرے انتخاب پر مجبور کرتی ہے۔ یہ تکلف نہین

تصنع نہین اظہار واقعہ ہے کہ بغیر آپ کی ہمدردی اور مدد کے یہ ظلوم و جہول اس امانت کے تحمل سے معذور رہے گا۔

امید ہے کہ جن شفیق ہاتھون نے اس رتبۂ بلند پر پہونچایا ہے وہ دستگیری و امداد مین کوتاہی نہ کرین گے۔

حضرات! جب کہ مین اس مجمع عظیم پر نگاہ ڈالتا ہون میری نیاز آگین آنکھین اس چہرہ کو ڈھونڈھتی ہین جو جمال وکمال کے نور سے ہمارے دلون کو ایک ثلث صدی تک منور کرتا رہا۔ جمال مین حسب ونسب کا نور تھا۔ کمال مین علم وعمل کا۔ میری مراد مولوی حکیم سید عبد الحی صاحب مرحوم سابق ناظم ندوۃ العلماء سے ہے۔ کسی مقصد عالی کے حصول مین مخلصانہ اتحاد عمل دلون مین وہ ربط وتعلق پیدا کر دیتا ہے جس کو موت بھی فنا نہین کر سکتی۔ یہی ربط ہے جو ہماری نگاہون کو اُس پاکیزہ صورت کی تلاش مین ہر طرف لیجاتا ہے۔ آج وہ ہم مین نہین ہین مگر اُن کے حسن عمل کا نور ندوۃ العلماء کے در و دیوار سے تابان ہے اور فضل ربانی شامل حال ہے تو صدیون تک رہیگا۔ سید صاحب کی مردم شناسی معاملہ فہمی علمی خدمت اور اخلاص عمل وہ صفات ہین جو اپنی آپ نظیر تھین رحمہ اللہ تعالی وجزاہ عنا وعن سائر المسلمین خیر الجزاء۔

موت کی ایک اور تازہ مصیبت ہے جو عالم اسلامی پر حال ہی مین نازل ہوئی ہے اور جو حقیقی معنون مین موت العالم کی مصداق تھی۔ میرا مقصد حضرت مولانا سید عین القضاۃ کی رحلت سے ہے۔ اس دور آخر مین شریعت وطریقت کی جامعیت واستقامت مین مولانا کی مبارک ذات آیۃ من آیات اللہ تھی علم کی سرپرستی کی ایک روشن مثال مدرسۂ فرقانیہ ہے۔ رضی اللہ عنہ وقدس سرہ العزیز۔

حضرات! ندوۃ العلماء کے قیام کو ایک صدی کا تہائی حصہ منقضی ہو چکا ہے اس عرصے مین اس کی ضرورت پر بہت کچھ کہا گیا اور لکھا گیا ہے مین اُن مضامین کے اعادے سے ملال خاطر پیدا نہین کرنا چاہتا مگر واقعات عالم اور عالم اسلامی کے مصائب نے جو نئی روشنی اس مسئلہ پر ڈالی ہے اس سے قطع نظر ادائی فریضہ مین قصور ہوگا۔

سنہ ۱۳۱۱ھ جو ندوۃ العلماء کے قیام کا پہلا برس ہے ہمارے علمی مرکزون مین جمود و سکون کا زمانہ تھا۔ جو روش قائم ہو چکی تھی اور جس طرز کی طبیعتین عادی ہو چکی تھین اس سے تجاوز محال عادی بن چکا تھا۔ سال مذکور کے اجلاس مین ایک اسلامی ریاست کے فرستادہ عالم نے شرکت اجلاس سے اس بناء پر انکار فرمایا تھا کہ وہان نشست کرسیون پر تھی جو پرچہ یہ معذرت لیکر آیا تھا۔ اس کو گویا آج میری آنکھین پڑھ رہی ہین۔

سنہ ۱۳۴۳ھ جس مین یہ اجلاس منعقد ہو رہا ہے مذکورۂ بالا مرکزون مین حرکت کی معرکہ آرائیان دیکھ چکا ہے۔

اِصلاح نصاب و رفع نزاع کو اپنے مقاصد مین داخل کرنے سے ندوۃ العلماء کا مقصد یہی تھا کہ برباد کن مشاغل سے توجہ کو ہٹا کر ضروری امور کی جانب مائل کرے نصاب مین ایسی ترمیمین کی جائین جن کے ذریعہ سے حالیہ ضرورتون کے پورا ہونے کا سامان ہو۔

یہ مقاصد سنہ ۱۳۱۱ھ مین ضروری تھے سنہ ۱۳۴۳ھ مین حوادث و واقعات کے تجربہ نے ان کو زیادہ ضروری بنا دیا ہے۔

حضرات! سیاسی معاملات ندوۃ العلماء کی بحث سے خارج رہے ہین - مگر واقعات جو ہماری تعلیم پر مؤثر ہون اُن سے قطع نظر ممکن نہین - واقعات مختلف حیثیتین رکھتے ہین بعض سیاسی ہین بعض تعلیمی بعض مذہبی - ایک ہی واقعہ سے ریاست - تعلیم - مذہب کو یکسان حق کے ساتھ بحث کرنے کا اختیار ہے - بحث کے پہلو البتہ مختلف ہون گے - اسی بنیاد پر ہم دیکھ سکتے ہین کہ گزشتہ واقعات نے کس طرح ندوۃ العلماء کی کوششونکو مرتبہ ضروری سے ترقی دے کر زیادہ ضروری کے درجہ کو پہونچا دیا ہے اور کس طرح ثابت کیا ہے کہ ہمارے لابُد مقاصد کے لحاظ سے نصاب تعلیمی کی جامع و مانع اصلاح لازم ہے - ندوۃ العلماء نے ابتدا سے اس امر پر زور دیا ہے کہ نصاب تعلیم سے منطق وغیرہ فنون کی غیر ضروری کتابین خارج کر کے ضروری علوم کے اضافہ اور ترقی کے واسطے وقت نکالا جائے تعلیم کا مفہوم خاص خاص کتابون کے الفاظ کے افہام و تفہیم تک محدود نہ رہے - بلکہ علوم کی تعلیم پیش نظر ہو - طلبا کے دل علوم کے گنجینہ بنین نہ الفاظ و حواشی و شروح کی دفینہ - نصاب مین ایسے فنون کا اضافہ ہو جن سے بنی نوع انسانی اور ممالک اسلامی کا علم صحیح دماغون مین راسخ ہو - مثلاً تاریخ و جغرافیہ -

غیر ضروری کتابون کے حذف و سقوط سے جو وقت و فرصت حاصل ہو وہ علوم دینیہ خصوصاً کلام مجید پر زیادہ توجہ کرنے مین صرف ہو - ادب عربی پر زیادہ زور دیا جائے -

حالیہ واقعات نے ثابت کیا کہ کسقدر شدید ضروری یہ مقاصد تھے - علماء مین دینی استقامت مردم شناسی اور واقعات عالم پر حاوی ہو کر صحیح رائے قائم کرنے کی کیسی ضرورت ہے - ادب عربی کی تعلیم مسلمانون کی ضرورت کے دائرہ سے نکلکر دنیا کی ضروریات مین

شامل ہوگئی۔ ایشیا، اور افریقہ کے ماورا، آج یورپ و امریکہ اس کے انصرام مین پوری کوشش سے مصروف ہین کاش اس ملک نے ۱۳۱۱ھ مین ندوۃ العلما، کی دعوت پر توجہ کی ہوتی۔ تنگ نظری اور ذاتی اغراض کا نشانہ یہ مجلس نہ بنی ہوتی تیئیس ۲۳ برس کی فرصت تیاری اور حصول قابلیت مین صرف ہوئی ہوتی تو آج وہ دردناک منظر ہمارے سامنے نہ ہوتے جن کے اثر سے دل شق ہین اور نگاہین نیچی مین نے اوپر عرض کیا ہے کہ ۱۳۱۱ھ جمود وسکون کا زمانہ تھا جب ہر ایک حرکت ممنوع تھی۔ ہر تغیر ناجائز۔ عربی مدارس مین واقعات عالم کا ذکر روا نہ تھا۔ اخبار بینی نادرست تھی۔ اس کے تیئس ۲۳ برس کے بعد عالم مین واقعات کے سیلاب آتے ہین جو عربی مدارس کی حدود سے بھی ٹکراتے ہین نہ صرف ٹکراتے ہین بلکہ پیہم امواج کی ٹکرون سے ان کی ہستی کو خطرے مین ڈالدیتے ہین۔ مجبوراً ان کے ساکنین کو درسگاہین چھوڑنی پڑتی ہین۔ حدود درسگاہ سے قدم باہر نکلتے ہی دنیا دیکھتی ہے کہ یہ قدسی گروہ دوسرون کے قابو مین تھا بجائے اس کے کہ اس طوفان خیز سمند مین جہاز کے ناخدا ہوتے دوسرون کی ناخدائی پر قانع ہوکر خود مسافر بن بیٹھے ایسے جہازون کا آفتون کی چٹانون سے ٹکراکر پاش پاش ہونا لازم تھا۔ ہوا۔ اور پھر ہوا۔ نہ دین کی خبر رہی نہ علما، کی ۱۳۴۲ھ جب اس عالم مین قدم زن ہوا تو اُس نے یہ مقولہ ورد زبان پایا۔

رفت آن غارتِ دین از برم اے ہوش بیا
تا بہ بینم کہ چہا بر سر ایمان رفتہ است

اس کی تفصیل دفتر طلب ہے۔ لیکن وہ دفتر ابھی آنکھون کے سامنے کھلا ہوا ہے۔ لہذا حوالہ گوش کرنے کی حاجت نہین معہذا اس موقع پر تفصیل مقصود بھی نہین اجمالی ذکر کافی ہے

دیکھنا یہ ہے کہ یہ سب کچھ کیون ہوا اس لیئے کہ کوئی نظام عمل پیش نظر نہ تھا۔ فی الوقت نظام العمل مرتب کرنے کی قابلیت نہ نصاب تعلیم نے پیدا کی تھی نہ حوادث نے مہلت دی ضرورت عمل کے احساس پر حوادث نے مجبور کیا۔ نظام عمل کی ترتیب جس قابلیت کی داعی تھی وہ مفقود تھی۔ لامحالہ دوسری عاملہ قوتون کے حوالہ اپنے آپ کو کر بیٹھے۔ جب پیشوا پیرو بن جائین گے نتیجۂ ہلاکت ہوگا۔

حضرات! اسلام اول روز سے علم وعمل کی جامعیت لیکر اس عالم مین آیا ہے حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک علم و عمل کا مجموعہ تھی تیئس برس کی قوت عمل کی مثال اولوالعزم رسولون کی پاک زندگیان پیش نہین فرما سکتین تا بہ دیگران چہ رسد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی دہ سالہ خلافت کے عملی کارنامون کا پلّہ ایک ملک اور قوم کی کامیاب تاریخ کے مقابلہ مین بھی گران ہے شخصی کامیابیان ان کی گرد بھی نہین پا سکتین۔

خلافت راشدہ کے بعد جب حکومت وفرمان روائی کا مرکز ثقل نقطۂ حق سے متجاوز ہو گیا۔ عدل حقیقی کی جگہ جور و ظلم نے لے لی۔ علمار ربانی اُس کی ہمدمی و رفاقت سے کنارہ کش ہو گئے۔ اور خلافت راشدہ کے اہم ترفرض حفاظت دین کو اپنا شعار بنا لیا۔ ظاہر ہے کہ یہ کوششین اسی حد تک کامیاب ہو سکتی تھین جہان تک شخصی ذوقت کام دے سکتی تھی۔ ایک خلیفۂ راشد کی سعی کا مقابلہ ممکن نہ تھا یہ انھین بزرگون کی سعی مشکور کا نتیجہ ہے کہ باوجود صد ہا تغیرات اور معاندین کی گونا گون کوششون اور تدبیرن کے، دین حق آج بھی اپنی اصلی روح افزا صورت مین جلوہ فرما ہے۔ رضی اللہ عنہم اجمعین

لیکن اس عام کنارہ کشی کے ساتھ ہر دور مین بعض علمار ربانی ایسے بھی رہے ہین جنھون نے

باوجود اپنی اعلیٰ شان و تقویٰ و ثاقت کے خلفاء و سلاطین کی مصاحبت و رفاقت اختیار فرمائی ہے اور اس کے ذریعہ سے علم کی دین کی حکومت کی، اور خود فرمانروایون کی ذات کی خیر خواہی کا حق ادا کیا ہے اور اس طرح گویا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرض کفایہ کو ادا کر کے تمام اُمت کی خدمت کی ہے۔ اس مین کوئی شبہ نہین کہ اگر ان بزرگون کے نفوس طیبہ کی روشنی دربارون مین نہ ہوتی تو پھر حکومت سے اسلامی شان بالکلیہ رخصت ہو جاتی اور ظلمت و تاریکی کا ہر چہار طرف دور دورہ ہوتا۔ اس موقع پر یہ خیال دل سے محو نہین کیا جا سکتا کہ کاش خلافت کا دعویٰ رکھنے والے فرمانروا علوم اسلامیہ کے ماہر ہوتے اور ہر ولیعہد کے لیے اِن علوم کا سیکھنا لازم ہوتا تو یہ فرمانروا اپنے احکام کے نفوذ اور قوت مین وہ اثر پاتے جو خلافت راشدہ کا ایک نمونہ ہوتا۔ اور اُس بے علمی کی وجہ سے جو کشمکش حکومت اور دین مین رہی وہ پیش نہ آتی۔ بنی اُمیہ کی بیباکیون اور مظالم کی تاریکی مین دیکھو وہ سوا دو برس کا دور جو خلافت راشدہ کی صورت مین حضرت عمر بن عبدالعزیز کی ذات گرامی سے اس خاندان کی تاریخ کو نصیب ہوا۔ اس قدر قلیل مدت مین فراست ایمانی کی قوت عدل انصاف کو وسیع خلافت کے چار دن حدود مین لے پہونچی۔ ظلم کی جگہ عدل تھا۔ پامالی حقوق کی جگہ حق رسی۔ رضی اللہ عنہ یہ نتیجہ تھا۔ حضرت کے کمال علم و تقویٰ کا ہر فرمانروا عمر بن عبدالعزیز نہین ہو سکتا تھا۔ تاہم حکومت دعلم دین کی جامعیت بہت کچھ ان کو صراط مستقیم پر قائم رکھ سکتی تھی۔ یہ تو جملہ معترضہ تھا۔ کہنا یہ ہے کہ علماء ربانی کا ایک گروہ علم و تقویٰ کی جلالت شان کے ساتھ دربارون کا رفیق رہا ہے۔ بنی اُمیہ کی حکومت مین حضرت امام زہری عبدالملک کے زمانہ سے لیکر یزید بن عبدالملک کے عہد تک خلفاء کی رفاقت مین رہے

(ولم یزل مع عبد الملک ثم مع الہشام بن عبد الملک و استقضاہ یزید بن عبد الملک مرآۃ الجنان ۱۲۴ھ) امام شعبی عبد الملک کے دربار مین تھے قیصر روم کے دربار مین سفیر ہوکر گئے تو قیصر ان کی دانشمندی و فہم سے حیرت زدہ ہوکر بول اُٹھا کہ جس قوم مین ایسا شخص موجود ہو اُس کو دوسرے شخص کا خلیفہ بنانا روا نہین - حجاج بن یوسف اور عبد الملک سے جو معرکے امام ممدوح کو بر سر دربار پیش آئے وہ بتاتے ہین کہ دربار کی نزاکتون پر پوری طرح حاوی تھے - امام رجاء بن حیوۃ کی دربار سلیمان بن عبد الملک مین رسائی نہ ہوتی تو دنیا کو حضرت عمر بن عبد العزیز کی خلافت کی سعادت حاصل نہوتی امام اعظم نے عہدہ قضا کی اہلیت اور اسی بنا پر اس کو قبول سے انکار فرمایا - ان کے شاگرد رشید امام ابو یوسف خلافت ہارونی کے رکن رکین بنے - امام یحییٰ بن اکثم کے اثر نے مامون الرشید کی جو رہنمائی کی وہ تاریخ کے صفحات مین مذکور ہے - علیٰ ہذا القیاس یہ سلسلہ صدیون تک جاری رہا ہے حافظ ابن ماکولا اور ابن حزم پانچوین صدی مین وزارت کے بار خطیر کے ساتھ ائمہ رجال و حدیث مین پایہ بلند رکھتے تھے اور ان کی وثاقت و تقویٰ پر علماء کا اتفاق ہے حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ العزیز خلافت عباسیہ کی جانب سے سفیر بنکر دربار مین تشریف لیگئے تھے - امام رازی کا دست امداد غوری کی فتح ہندوستان مین تھا - خلاصہ یہ کہ علماء ربانی مین ایک گروہ صدیون تک ایسا رہا ہے جو معاملات دنیاوی کا رہنما اور مصلح رہا اور اس مین کوئی شبہ نہین ہوسکتا کہ بزرگون کی سعی و مشاورت نے مسلمانون کے معاملات کو بہت کچھ تباہی سے بچایا -

علماء ربانی کی معاملات دنیاوی سے کنارہ کشی اور فرمانروایون کا ان سے

مشوروں سے محروم رہ جانا عالم اسلامی کے واسطے مصیبت عظمیٰ تھی اس مین پھر کوئی شبہ نہین کہ یہ کنارہ کشی خود علما کے حق مین بھی اس پہلو سے کچھ مفید نہین ہوئی کہ دنیا کے معاملات سمجھنے اور ان کے حل وعقد کا ملکہ رفتہ رفتہ افسردہ ہوکر رہ گیا۔ عامۂ مسلمین اپنے معاملات مین ان کی رہنمائی سے محروم ہو گئے۔ نتیجہ ظاہر ہے۔ آج صدیون سے مسلمانون مین دو گروہ ہین۔ دیندار اور دنیادار۔ اسلام یہ تقسیم لیکر نہین آیا تھا۔ ایک مسلم کی دنیا اس کے دین سے اور دین اُس کی دُنیا سے علیحدہ نہین ہے۔ حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا ظہور انبیا علیہم السلام کے اس طبقے مین ہوا جو جامع نبوۃ وحکومت تھے۔ مثل حضرت موسیٰ وحضرت داؤد وحضرت سلیمان علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام خلافت راشدہ کے دور مین سب سے بڑی دنیادار اور سب سے بڑی دیندار شخصیت ایک ہی ہوتی رہی یعنی خلیفۂ وقت عشرۂ مبشرہ رضی اللہ عنہم اجمعین مین غالب تعداد ایسے بزرگون کی ہے جو دولت ومعاملت مین ممتاز تھے حضرت صدیق اکبرؓ کی تجارت حضرت عبد الرحمٰن بن عوف اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کا تمول وتجمل مشہور ہے۔ وادی عقیق کا قصر وایوان اس بیان کے شاہد عدل ہین۔ فقہ حنفی نے تمول اور دولت کے آغوش مین پشتون تک پرورش پائی ہی حضرت حماد کے فضائل مین سخاوت واحتشام بھی شامل ہے۔ رمضان مبارک مین پانسو روزہ دار اُن کے دسترخوان پر افطار کرتے تھے۔ امام اعظم کی سخاوت کی وسعت مشہور روزگار ہے۔ چار سو روپیہ کی قیمت کی چادر ان کے مبارک شانون پر رہتی ہے؛ امام ابی یوسف کا تجمل واحتشام محتاج بیان نہین۔

العلماء ورثۃ الانبیاء نے جو شریف ورثہ علماء کو بخشا وہ معاملات دنیا سے علیحدہ

نہ تھا اس لیے کہ ختم نبوت میں حکومت نبوت سے علیحدہ نہ تھی یہ ورثہ چاہتا تھا کہ حکومت کی رہنمائی میں علمار ربانی کا حصہ ہو۔ صدیوں تک ایسا ہی رہا ہے لیکن پھر موقوف بھی ہوگیا۔ واقعات ہائلہ او رمشکلات پر غلبہ اس ورثہ شریف کا لازمہ تھا۔ سفاک حجاج بن عبدالملک اور سلیمان بن عبدالملک کے مزاج پر قابو آسان نہ تھا مگر امام شعبی اور رجار بن حیوۃ نے اس مشکل کو سہل کر دکھایا۔

اس بے تعلقی کا ذمہ دار یا نتیجہ ہمارا قدیم عربی نصاب تعلیم بڑی حد تک ہے دور اجتہاد گزر جانے کے بعد اور چھٹی صدی ہجری کے بعد تمام تر توجہ کتابوں پر آکر ٹھہر گئی متن کی شرح، شرح کے حاشیے، حاشیہ کے تعلیقات مظہر کمال ہیں۔ میں اس کمال کا منکر نہیں۔ الحمدللہ ماننے والا ہوں کفش بردار ہوں کہنا یہ ہے کہ اس تعلیم وتربیت اور کنارہ کشی نے دماغوں کو معاملات سے عملاً بے لگاؤ کر دیا۔ پشتوں کی بے تعلقی نے بیگانہ بنا دیا۔ رہنمائی جو عملی نفوذ قوت کے ساتھ تحریری یا تقریری رہ گئی۔ دنیاداری و دینداری میں خلیج حائل ہوئی اور بُعد بڑھتا گیا۔ بعد کے ساتھ بیگانگی کا آج جو عالم ہے عیاں ہے۔ عیاں راچہ بیان۔

حضرات! معاملات کی رہنمائی صرف بیان معاملات سے ختم نہیں ہو جاتی چاہتی ہے کہ خود معاملات میں در آکر عملی مشکلیں حل کی جائیں۔ اہل معاملہ کو حل مشکلات میں عملی مدد پہونچائی جائے ہر معاملہ فہمی موقوف ہے تجربہ معاملات پر۔

معاملات کا تجربہ ذہن میں دلیری اور نفوذ پیدا کرتا ہے یہ دلیری باعث ہوتی ہے دوسروں پر غلبہ اور فتح کی۔ جب آپ غالب آکر رہنمائی کریں کے کامیاب ہونگے عمل اور تجربہ کا نہ ہونا سبب ہوتا ہے جھجک اور بے تعلقی کا۔ یہی جھجک اور بے تعلقی

مشکلات کے وقت طبیعتون مین کبیدگی اور رمیدگی پیدا کر دیتی ہے۔ اسی رمیدگی نے وہ مناظر دکھائے ہین جنسے رسمی مناظرے کی کتابین بھری ہوئی ہین۔ اور جن کا افق تکفیر سے جا ملتا ہے۔ عدالت کے فیصلون نے جو صورت فقہ حنفی کے عمل کی بنا دی ہے وہ دردناک داستان ہے۔ بعض نامور مسلمانون کی قانونی تصانیف اغلاط سے اسقدر معمور ہین کہ صحت نامہ اصل کتاب سے بڑھ جاتا ہے۔ کیا علماے کرام فیصلہ فرمائینگے کہ یہ واقعہ ہائلہ ان کی توجہ کا محتاج نہین ہے۔ طریقہ توجہ وہی ہے جو موصوف الصدر سلف صالحین ہم کو بتا گئے ہین یعنی معاملات پر حاوی اور قادر ہوکر رہنما بننا۔

حاوی اور قادر بننے کے لئے ضرور ہے کہ طریقۂ تعلیم اور نصاب تعلیم دونون مین اصلاح کامل ہو جس سے معاملہ فہم، معاملات عالم سے باخبر علما پیدا ہون۔ جو عملی زندگی مین داخل ہوکر اپنی قوت فہم وفراست اور معاملہ دانی کا سکہ اہل معاملہ اور کاروباری دنیا کے دلون پر بٹھا دین۔ جب یہ سکہ چلے تو ہدایت و رہنمائی اس کا نشان ہو اور دین کا بول عالم مین بالا ہو جائے۔

ندوۃ العلماء نے نصاب کی اصلاح سے یہی مقصد پیش نظر رکھا تھا اس کے ابتدائی عہد کی تحریرین پڑھیئے میرے بیان کی شہادت ملے گی۔ افسوس ہے کہ ابتداءً اس کے مقاصد کے سمجھنے مین علماء اور حکومت دونون نے کوتاہی کی۔ اور ایک ہی وقت مین دونون جانب سے مخالفت کا ظہور ہوا ندوۃ العلماء کی صداقت نے اس کا مقابلہ کیا اور رفضا اصاف ہوگئی۔ تاہم ترقی کو نقصان پہونچ گیا۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ بتیس سال گزرنے پر بھی پورا سازوسامان بہم نہ پہونچ سکا۔ دارالعلوم ناتمام ہے

تعلیم کے لیئے سرمایہ اتنا کم ہے کہ کہہ سکتے ہین "نہین ہے"

تاہم اس کی کوششون کے آثار عالم مین ایسے نہین ہین جو نمایان نہ ہون اور ہم یہ ندامت محسوس کرین کہ ندوۃ العلمار نے کچھ نہین کیا باوجود بے سروسامانی کے اس نے وہ خدمات کی ہین جو تعلیم قدیم وجدید دونون کے سامنے مثالاً پیش کیجا سکتی ہین۔

سب سے اہم اور اول دار المصنفین ہے۔ غالبًا تمام ملک مین یہ اپنی آپ ہی نظیر ہے ندوۃ العلمار کے رکن رکین مرحومی شمس العلمار علامۂ شبلی نے یہ گوشۂ عافیت اس لیئے قائم کیا تھا کہ مصنفین یہان پناہ پاکر ملک و ملت کو اپنی دماغی محنتون اور علمی کاوشون سے نفع پہونچائین۔ نوآموز فن تالیف سکھین کہنہ مشقون کی ہدایت و رہنمائی کے سایہ مین اس دشوار گزار منزل کو طے کرین۔

حضرات! آج ملک مین موسمی روئیدگی کی طرح رسالے اور کتابین وجود پذیر ہورہی ہین مگر کتنی ہین جو تحقیق کا حق ادا کرکے لکھی جاتی ہین اور جو اس قابل ہین کہ اپنے فن اور مبحث پر سند یا تمسک تسلیم کیجا سکین۔ لہذا ان سے نہ دماغ علمی فیض پاتے ہین نہ ملک کے سرمایۂ علمی مین حقیقی اضافہ ہوتا ہے دار المصنفین کی تصانیف جن صاحبون نے غور سے مطالعہ فرمائی ہین وہ اس امر کی تصدیق فرمائین گے کہ ان مین سے ہر ایک وسیع وعمیق مطالعہ اور کاوش و تحقیق کے ساتھ لکھی گئی ہے۔ محض عبارت نویسی کے سلیقے یا ادبی لطف کا ظہور نہین ہے۔ دار المصنفین اپنا سرمایہ رکھتا ہے اس کی پشت و پناہ ہندوستان کی دو علم پرور اسلامی ریاستین ہین یعنی حیدر آباد اور بھوپال ادامہما اللہ تعالی بالاقبال۔ کتبخانہ ہے۔ مطبع ہے، ماہوار رسالہ ہے، عمارت ہے، مولوی سید سلیمان صاحب و مولوی عبد السلام صاحب سے محقق مصنف اور مولوی مسعود علی صاحب مہتمم اس کے سرمایۂ ناز ہین۔

بہت سے نوجوان، ان علمار کے فیض تربیت سے مؤلف و مصنف بن چکے ہین۔ دائرۂ تالیف و تصنیف اتنا وسیع ہے کہ نقلی و عقلی اور قدیم و جدید علوم اس کے حدود کے اندر داخل ہین ایک اور کارنمایان وہ جامع علما، ہین جو دار العلوم ندوۃ العلماء کے فیض تعلیم و تربیت سے ملک مین جا بجا پھیلے ہوئے ہین۔ ایک طرف وہ علوم عربیہ کے فاضل ہین دوسری جانب انگریزی علوم کے عالم اور ڈگری یافتہ۔ اسی کے ساتھ کاروباری زندگی مین انگریزی دانون کے دوش بدوش بعض صفات مین فائق۔

جامعیت کا ایک اور پہلو ہے۔ فلسفہ اور سائنس مذہب کے حریف بلکہ دشمن کرۂ ارض کے طول و عرض مین مانے گئے ہین۔ ندوۃ العلمار کے تلامذہ مین ایک سے زیادہ مثالین آپ پائینگے کہ فلسفہ اور سائنس کے بعض شعبون مین ماہر و صاحب تصنیف ہونے کے بعد انھون نے اُن علوم کو دین کا خادم بنایا اور بتایا کہ ایک فلسفی اور ایک سائنس دان خدا ترس مسلمان ہوسکتا ہے اور فلسفہ اور سائنس دین حق کی تائید کی خدمت ادا کر سکتے ہین۔ مولوی عبد الماجد صاحب بی۔ اے اور مولوی عبد الباری صاحب بی۔ اے۔ کی تصانیف پڑھیئے میرے قول کی تصدیق فرمائیگا۔ آخر الذکر اس وقت جامعہ عثمانیہ مین فلسفہ کے پروفیسر ہین فلسفہ کی کرسی ان کے وجود پر مفتخر ہے۔ اسی کے ساتھ دین و اہل دین کو اُن کی ذات سے پوری قوت اہل فلسفہ کے مقابلہ مین ہے ایسے عالم ہمارے پیش نظر ہین جنھون نے ابتدا مختلف قدیم مدارس عربیہ مین تعلیم پائی اس کے بعد ندوۃ العلمار کے دار العلوم مین پڑھا پھر اس کے بعد انگریزی کالج کی تعلیم سے فیضیاب ہوئے ان کی شہادت ہے کہ بلندی حوصلہ وسعت نظر اور ذوق علمی جو ندوۃ العلمار کی تعلیم و تربیت سے حاصل ہوا وہ اس سے پہلے یا اس کے

بعد حاصل نہو سکا۔ یہ جامعیت علی گڈھ کی تحریک مین اول سے جاگزین رہی ہے مگر باوجود تمام سروسامان اور نصف صدی ختم ہوجانے کے اب تک وقوع پذیر نہ ہوسکی اور قدیم وجدید علوم کے جامع عالم ابتک ایک بھی ہمارا وہ سرمایۂ ناز مدرسۃ العلوم پیش نہ کرسکا۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء کی تعلیم وتربیت کی یہ خصوصیت رہی ہے کہ اس نے اپنی تعلیم مین علم آموزی وذوق علمی کا اہتمام کتاب آموزی سے زیادہ کیا ہے۔ تربیت مین طلباء مین حوصلہ اور بلندی نظر پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اسی کا ظہور وہ ثمرات ہین جن کا نمونہ ابھی ملاحظہ ہوا۔ دارالعلوم کی خوش قسمتی ہے کہ اس کو ابتدا سے ایسے مدرسین اول ملے جن کا علم وفضل اور علم پروری مسلم ہے۔ مولنٰنا محمد فاروق چریاکوٹی۔ مولنٰنا سید شیر علی، شیخ طیب عرب، مولنٰنا سید امیر علی فرنگی محلی، مولنٰنا عبداللہ ٹونکی۔ ان علماء مین ہین جن پر ہندوستان بجا ناز کرسکتا ہے۔ اور جن کی ذات سے ہمارے دارالعلوم کے صفحات تاریخ منور وزرین رہین گے۔ آج بھی ہمارا دارالعلوم مولنٰنا حفیظ اللہ صاحب کی ذات گرامی پر بجا طور پر نازان ہے۔ جبکہ مین اول مدرسین کا نام بنام ذکر کررہا ہون دوسرے مدرسین کی خدمات کی ناقدری نہین کرتا۔ اگر ان کی سعی مشکور طلباء کو اعلی مراتب تک نہ پہونچاتی تو اعلی مدرسین کی تعلیم سے فیضیاب ہونے کا موقع ان کو کب ملتا۔ پس اول مدرسین کا ذکر تمام ان کے معاصرین کا ذکر ہے اور سب بزرگون کی خدمت مین تشکر وامتنان کا اظہار کرنا واجب ہے۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء کی ایک عظیم الشان خدمت یہ بھی ہے کہ اس نے قصبات کے ان خاندانون کے نوجوانون کو از سرنو علوم عربی کی تحصیل کی جانب مائل کیا جو صدیون

تک سرچشمۂ علوم رہے تھے، یہ واقعہ ہے کہ ان خاندانون کے افراد نے عربی مدرسون کو چھوڑ کر انگریزی اسکولون اور کالجون کی تعلیم اختیار کر لی تھی۔ اور ہمارے عربی مدارس آفاقی سالخوردہ طلباء سے معمور تھے۔ اس واقعہ سے کس کو انکار ہے کہ شہرون کی علمی مجالس کی رونق و شہرت قصباتی خاندانون سے تھی اور رہی۔ لکھنؤ مین فرنگی محل کا خاندان اور دلی مین شاہ ولی اللہ صاحب کا خاندان قصبات ہی سے آیا تھا۔ یہی قصبات ہماری زندگی کے سرچشمہ تھے سلاطین ماضی کی شرافت پروری اور علم دوستی نے سارے ملک مین ان قصبات کا جال پھیلا دیا تھا۔ ہمارے قصبات کا نظام یہ تھا کہ شرفاء کے خالص خاندان جن کے نسب کی حفاظت سلاطین اپنے خزانون سے بھی زیادہ کرتے تھے۔ اُن کی فارغ البالی کے واسطے وسیع اور معقول جائدادین اور معاشین درسگاہین اور اُن کے ساتھ کتاب خانے۔ درسگاہون کے پہلو مین خانقاہین کسی نامور قصبے کی تاریخ پڑھو، یہ تمام لوازم پاؤ گے۔ سلطنت کے سارے لوازم کے پورا کرنے کے لئے انھین قصبات کے سپوت، بادشاہون کے دست و بازو بنتے تھے۔ ابوالفضل فیضی کہان سے آئے۔ علاءالدین کا نامور سپہ سالار نصرت خان کہان کا تھا امیر خسرو کس باغ کی بہار تھے، انھین قصبات کے، اس لئے شاہجہان کا قول تھا۔ پورب شیراز ست زمانہ کی گردش نے اُن مجالس کی بساط لوٹ دی۔ شمعین خاموش ہو گئین۔ ملک مین اندھیرا چھا گیا۔ دارالعلوم ندوۃ العلماء کی کشش نے انھین قصبات کے ہونہار بچون کو آغوش شفقت مین لیا۔ سید سلیمان۔ عبدالماجد۔ عبدالباری۔ عبدالسلام ایک روز آسمان علم کے تارے بننے والے تھے۔ بنے۔ خدا ان کو روشن و تابان رکھے اور ان کی روشنی سے مسلمان دارین مین مستفید ہون۔

حضرات! میرے خطبے کا بالائی حصہ ان ضروریات مقاصد کے متعلق تھا جو ابتدا قیام ندوۃ العلماء کے باعث ہوئے۔ حال مین ایک جدید ضرورت پیدا ہوئی ہے جو ندوۃ العلماء کی تحریک کو بہت زیادہ اہم اور ضروری ثابت کرتی ہے جنگ عظیم کے بعد جو تغیرات سیاسی کرۂ ارض کی حکومت اور تعلقات مین پیدا ہوئے ہین۔ عیان ہین ممالک اسلامیہ مین بھی تغیرات عظیمہ پیدا ہوئے۔ یہ تمام ممالک تقریبًا وہی ہین جن کی مادری زبان عربی اور زندگی اسلامی ہے۔ ان کے گوناگون تعلقات کی وجہ سے امریکہ اور یورپ مین عربی علوم کی تحصیل و خدمت کی تحریک پوری قوت اور تنظیم کے ساتھ قائم ہوگئی ہے کثرت سے قدیم نادر کتابین طبع و شائع ہو رہی ہین عربی کے مدارس قائم ہوئے ہین اور بتعداد کثیر طلبار علوم عربیہ کی تحصیل مین مصروف ہین۔ عربی مین جدید تصانیف ہو رہی ہین۔ ممالک مذکورالصدر کے غیر مسلم باشندے اپنے اپنے وجود کو نمایان اور بلند کرنے مین مصروف ہین غرض ہر طرف علوم عربیہ مین تفوق اور غیر مسلم اثرات کو قوی کرنے کی کوشش جاری ہے۔ چونکہ یہ باقاعدہ اور منتظم کوشش زندہ اقوام کی ہے۔ لہذا بظاہر اسباب سالہا سال تک پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔

ہماری بے پروائی اور غفلت "ظاہر" نتیجہ اس کا یہ ہوگا کہ حریف اس میدان مین بھی ہم سے بازی لیجائینگے۔ معاملات فقہ کا جو حشر ہو چکا اور یہ عرض کر چکا ہون۔ اس سیلاب مین قرآن و حدیث وغیرہ علوم دینیہ کا بھی خدانخواستہ یہی حشر ہونا ہے۔ یہی لیل و نہار ہے تو اسلامی علوم حریفون کے قبضۂ مہارت مین ہون گے اور وہ وقت دور نہین ہے کہ ہمارے مسلمان طالب علم قرآن کریم اور صحیح بخاری وغیرہ

کا درس لینے یورپ اور امریکہ جائین گے وہان سے جو کچھ پڑھ کر آئین گے وہ ظاہر ہے
حریفون کی طرف سے عربی کتابون کے تصانیف کے انبار لگ جائین گے۔ جن کی ظاہری
خوبیون کا شمار نہ ہوگا۔ عربی دان ان کو پڑھین گے اور تباہ ہون گے۔ اس طرح جو چند
حجرے ہوا اور روشنی کے منفذون کو بند کر کے محفوظ خیال کیے گئے تھے وہ بھی محفوظ
نہ رہ سکین گے۔ مذکورۂ بالا تحریک معمولی نہین۔ بہت غور طلب اور نتیجہ خیز ہے۔
اس کا مقابلہ اگر ہو سکتا ہے تو اسی طرز تعلیم سے جس کی کوشش ندوۃ العلماء گزشتہ
ایک ثلث صدی کے عرصے سے کر رہا ہے اور ایسے ہی وسیع الخیال ضروریات زمانہ
سے باخبر اور واقف علماء اور طلباء جدید حریفون سے عہدہ برآ ہو سکین گے جیسے کہ
ندوۃ العلماء اپنے دار العلوم سے پیدا کرنا چاہتا ہے اس کے لیئے خود دار العلوم ندوۃ العلماء
کو جدید ساز و سامان درکار ہوگا وسیع اور عالیشان کتابخانہ جدید اساتذہ یورپ کے
علمی السنہ کی تعلیم کا وسیع پیمانہ پہ اہتمام تحقیقات کے شائق طلبا جو ممالک غیر کا سفر کرین
اور تحقیقاتی وظائف و مصارف سے مدد یاب ہون خود اپنا عظیم الشان مطبع ۔

یارب این آرزوے من چہ خوش است تو بدین آرزو مرا برسان

ہمارے مدارس کی بے سروسامانی اس سے ظاہر ہے کہ حال مین جو فتنۂ ارتداد
پھیلا تو ہر طرف سے یہ صدائین بلند ہین کہ تعلیم تبلیغ کے واسطے جماعتین قائم کیجائین
یعنی قدیم تعلیم اور جماعتین اس ضرورت کے لیئے بھی ناکافی ہین۔ اور واقعہ بھی
یہی ہے۔ تقریر اور تحریر دونون کی وہ قوت نہین جو سننے اور پڑھنے والون کے
دل و دماغ پر سکہ بٹھا دے۔ معلومات کتابون کے ضمائر اور اشارات تک شروح
وحواشی قدیمہ کی عبارات تک محدود۔ کام چلے تو کیونکر شدید ضرورت داعی ہوئی

جدید جماعتون کے قیام کی۔

حضرات! ضروریات و مقاصد اوپر بیان ہو چکے ہین خطرات عرض کیئے گئے ندوۃ العلماء نے جو کچھ کامیابی حاصل کی ہے پیش ہوئی۔ اب سوال ایک ہے اور صرف ایک ہے اور آج کا نہین ہے برسون کا ہے ایک عہد کا ہے۔ وہ سوال ہے سرمایہ کا۔

دار العلوم کی عمارت ناتمام ہے جو عمارت قریبًا ستر ہزار روپیہ خرچ کرکے بنائی گئی ہے وہ خود تکمیل کی محتاج ہے اس کے علاوہ نہ مسجد ہے نہ دار الاقامہ نہ کتاب خانہ نہ دوسری ضروری عمارتین۔ کتابون کا شاندار ذخیرہ ندوہ کے قبضہ مین ہے مگر عمارت نہ ہونے کے سبب دار العلوم سے دور شہر مین ہے اس لیئے اساتذہ اور طلباء اس سے بے وقت فیضیاب نہین ہو سکتے۔

ان مواقع پر عمومًا مسلمانون کی بے مائگی اور بے زری کی بحث چھیڑی جاتی ہے لیکن تجربہ یہ بتاتا ہے کہ یہ عذر بارد ہے۔ اگر مسلمان تعلیم اور سرپرستی علم کو اپنی ضرورتون مین سے (جن پر وہ روپیہ بہرحال صرف کرتے رہتے ہین) کسی ایک ضرورت کی برابر بھی مان لین تو ساری مشکلین حل ہو جاتی ہین اگر رؤسا کی سیر و تفریح کے بجٹ کے کسی گوشہ مین بھی یہ مد جگہ پا سکتی تو دار العلوم بھی اب سے بہت پہلے درجۂ تکمیل حاصل کر چکا ہوتا۔ باقی رہی ہوتی صرف علوم کی تکمیل، کاش ان بلند پایہ ہستیون کے کان تک کوئی یہ پہونچا سکتا کہ جس ناموری کے حاصل کرنے کیلئے روپیہ کا صرف اسراف کی حد تک پہونچ جاتا ہے اس کے حصول اور بقا کا بہترین ذریعہ دارین مین علم کی خدمت ہے نظام الملک طوسی کے عہد مین اللہ بہتر جانتا ہے کہ کتنے انسانون نے ذاتی نام و نمود او عیش و عشرت مین روپیہ صرف کیا ہوگا آج انکا نام بھی کوئی نہین جانتا۔ لیکن صدیان

گزرچکین نظامیۂ بغداد - ونیشاپور و ہرات وغیرہ کی بدولت اس کا نام آج بھی بلند آوازہ و روشن ہے اس کی شہرت بہت سے عالی مرتبہ بزرگون کی عظمت کے دامن سے وابستہ ہے جب انکا ذکر پڑھوگے نظامیہ اور نظام الملک کا ذکر سنوگے۔ امام غزالی حضرت غوث اعظم شیخ سعدی مولٰنا جامی اور واللہ اعلم کس کس کے نام کے ساتھ نظامیہ اور نظام الملک کا ذکر وابستہ ہے - ؎

این سعادت بزور بازو نیست

تا نہ بخشد خدا ے بخشندہ

اگرچہ ہواخواہان ندوہ ایک معین مدت کے واسطے حصول سرمایہ کو اپنا نصب العین بناکر کوشش فرمائین تو کامیابی محال نہین۔

حضرات! دوران تقریر مین مسلم یونیورسٹی اور عربی مدارس کی تعلیم کی نسبت جو الفاظ مین نے استعمال کیئے ہین - اُن سے آپ یہ نتیجہ ہرگز استنباط نہ فرمائین کہ مین ان کا مخالف ہون یا ان پر تعریض کر رہا ہون مین ان درسگاہون کا دیرینہ نیازمند اور خادم ہون - نہ محض دیرینہ بلکہ پشتینی - مگر نیازمندی و خدمت دوسری چیز ہے - امر حق کا اظہار امر آخر ؎

راست می گویم و یزدان نہ پسندد جز راست

حرف ناراست شنودن روش اہرمن است

آخر کلام مین میری زبان آپ کے تشکر سے اور دل امتنان سے لبریز ہے -

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

محمد حبیب الرحمٰن خان . حیدرآباد دکن -

۳۰ رجب ۱۳۴۳ھ ہجری

مندرجۂ بالا خطبۂ صدارت جو ۱۹ صفحون پر مشتمل تھا اور جس کی مطبوعہ کاپیان اُسیوقت جلسہ مین تقسیم کردی گئی تھین بڑی توجہ اور دلچسپی سے سنا گیا،

حقیقت یہ ہے کہ اس اجلاس کے لیئے جیسے مہتم بالشان اور فاضل صدر کا انتخاب ہوا تھا بلاشبہ ویسا ہی خطبۂ صدارت بھی تھا اور مسلمانون کی جو رہنمائی اس خطبۂ صدارت سے ہوئی ہے اگر اُس کی طرف اُن کی توجہ مبذول رہی تو بہت کچھ اس کی توقع کی جا سکتی ہے کہ مسلمانون کا مستقبل انشاءاللہ تعالی بہت شاندار ہوگا اور وہ اس جمود کی حالت سے گزر کر علم کی درخشان بساط پر متمکن نظر آنے لگین گے،

خطبۂ صدارت کے ختم ہونے پر جناب منشی محمد اظہر علی صاحب وکیل صدر مجلس استقبالیہ کھڑے ہوئے اور وہ تار و خطوط پڑھکر سنائے جو اکابر ملت اور بزرگان قوم نے اظہار معذرت مین بھیجے تھے۔

ان خطوط اور تارون سے اس کا صحیح اندازہ ہوسکے گا کہ ندوۃ العلماء کے ساتھ ملک کے ممتاز اور روشن خیال جماعت کو کس قدر شغف اور ہمدردی ہے اور وہ اس کی ہستی کو کسقدر عزیز اور ضروری سمجھتے ہین۔

یہان پر اس کا موقع تو نہین ہے کہ کل تار اور خطوط درج کیے جائین اس لیے مجبورًا اُن مین سے چند چیدہ چیدہ خطوط کا اقتباس و نقل اور تار کا ترجمہ حسب ذیل ہے:-

نقل خط جناب آنریبل شیخ عبدالقادر صاحب بیرسٹرایٹ لا صدر پنجاب لیجسلیٹو کونسل لاہور

جناب کرمفرمائے بندہ نواب صاحب دام عنایتکم - السلام علیکم - جلسۂ سالانہ

۹-۱۰-۱۱ مارچ کے لیئے قرار پایا ہے، خدا مبارک کرے اور جلسہ کامیاب اور شاندار ہو افسوس ہے کہ مجھے شرکت سے محروم رہنا پڑے گا کیونکہ ان دنون مین پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے ضروری اجلاس تاریخہائے معینہ مین ہونیوالے ہین، ایک تو ۹ کو ہے جس مین بجٹ پر عام بحث ہوگی اور اس کے بعد ۱۰-۱۱- کو چھوڑکر ۱۲ کو اجلاس ہے اس لیے حاضری سے معذور رہون اور معافی کا خواستگار رہون۔ عبدالقادر

اقتباس خط جناب آنریبل خانبہادر نواب چودھری سید نواب علی صاحب۔ کلکتہ

مخدوم و مکرم جناب نواب صاحب دام مجدہ العالی

بعد سلام مسنون کے گزارش ہے کہ ندوۃ العلما کا سالانہ اجلاس کا رقعہ مورخہ ۴۔ مارچ کا ملا تھا، کثرت مشاغل سے مین حاضری سے قاصر رہا، امید کرتا ہون کہ مجھے معاف فرمائین گے، یقین ہے کہ جلسہ کامیاب ہوا ہوگا، سید نواب علی

نقل خط جناب آنریبل مولوی فخرالدین صاحب وزیر تعلیم صوبۂ بہار و اڑیسہ پٹنہ

جناب من تسلیم۔ گرامی نامہ نمبر ۱۷۲۳ مورخہ ۲۔ مارچ ۱۹۲۵ء ورود ہوا۔ آپنے جو خصوصیت کے ساتھ گرامی نامہ بہ طلبی ہمارے بھیجا ہے اس کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون مگر افسوس ہے کہ دو وجہین حاضری مین ہمارے مخل ہین، ایک تو یہ کہ ہمارے بائین ہاتھ کے انگوٹھے مین سخت چوٹ آئی ہے اور زخمی ہو رہا ہے اور دوسرے یہ کہ

۸ - ۹ - کو یہان سرکاری کامون کے متعلق ہم نے وقت دیدیا ہے اور اس کا تبادلہ ہونا اسوجہ سے ناممکن ہے کیونکہ ۱۱ - مارچ کے بعد پھر کونسل شروع ہوگی اور ہمین وقت نہین ملے گا،

ندوۃ العلماء کے جلسہ مین شرکت کی تمنا عرصہ سے میرے دل مین تھی اور ہے اور یہ ایک ایسا موقع تھا کہ اپنی تمنا کو ہم پوری کرسکتے تھے مگر افسوس ہے کہ بوجوہ بالا بڑی مجبوری معلوم ہوتی ہے با اینہمہ اگر کسی طرح کسی روز بھی حاضری کا موقع ہو سکا تو حاضر ہوجائین گے، بصورت عدم حاضری کے معافی کا خواستگار رہون،

آپ کا خادم

بندہ فخرالدین

نقل خط جناب نواب محمد یار جنگ بہادر - حیدرآباد دکن

نواب صاحب مکرم لازال دائما بالعزو النعم

اجلاس ندوۃ العلماء کا اطلاعنامہ اور تبدیلی تاریخ کی دوسری اطلاع موصول ہوئی یاد آوری کا شکریہ عرض ہے - حاضری کا بہت شوق تھا لیکن افسوس ہے کہ اجازت سرکار سے نہین ملتی - مجبوری ہے -   واللہ یحفظکم والسلام

محمد یار جنگ کان اللہ لہ

نقل خط جناب آنریبل نواب محمد مزمل اللہ خانصاحب بہادر علی گڈھ

مخدومی و مکرمی سلامت - السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ مورخہ ۲۸ - فروری ۱۹۲۵ء پہونچا - باعث کمال شکرگزاری ہوا جلسہ سالانہ ندوۃ العلماء کی تقریب مبارک ہو - خداوند تعالی آپ کے مساعی حسنہ کو کامیاب کرے مین شرکت جلسہ کی ضرور سعادت حاصل کرتا اگر والا نامہ سامی کچھ عرصہ قبل صادر ہوا ہوتا لیکن اب چونکہ دیگر اشد ضروری امور کے واسطے تاریخین مقرر کر چکا ہون - لہذا حاضری سے قاصر ہون - امید ہے کہ جناب بہمہ وجوہ مع الخیر ہون گے - والسلام

خاکسار

محمد مزمل اللہ

نقل خط جناب صاحبزادہ آفتاب احمد خانصاحب بیرسٹرایٹ لا وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

مکرمی - تسلیم - یقین کیجیئے کہ میری دلی خواہش تھی کہ آپ کے جلسہ مین شریک ہون لیکن متعدد کامون کی وجہ سے اس قدر کم فرصت ہون کہ بالکل مجبور ہون ۸ تاریخ کو فنانس کمیٹی کا سالانہ جلسہ ہے ۹ تاریخ کو اکڑیکل کونسل کا سالانہ جلسہ ہے یہ دونون جلسے نہایت اہم ہین اور ان مین میری شرکت ضروری ہے اس لیئے امید ہے کہ آپ معاف فرمائین گے - والسلام

آفتاب احمد

نقل خط جناب مولوی محمد ابوبکر خانصاحب آنریری مجسٹریٹ و رئیس ضلع علیگڈھ

مخدوم و مکرم بندہ جناب نواب صاحب - بعد سلام مسنون عرض ہے کہ دعوت نامہ بابتہ شرکت جلسۂ ندوۃ العلماء موصول ہوکر باعث مشکوری کا ہوا، مین دل سے انجمن ندوۃ العلماء کی کارگزاری کا مداح اور معترف ہون اور اس کی روز افزون کامیابیون کے لیئے دعا کرتا ہون، اس مرتبہ کے جلسہ کی شرکت سے بوجہ علالت معذور رہون، امید کہ میری عدم شرکت معاف فرمائی جائیگی۔

نیازمند

محمد ابوبکر خان

اقتباس خط جناب ضیاء العلوم مولوی مفتی محمد انوار الحق صاحب ایم۔ اے۔ ڈائرکٹر سررشتہ تعلیمات ریاست بھوپال

مکرم محترم جناب نواب صاحب بالقابہ زاد نوالہم، السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ عنایت نامہ شرف صدور لایا معافی چاہتا ہون کہ بوجوہ چند جواب مین دو تین دن کی تاخیر ہوئی، جناب نے جس لطف خاص سے مجھے ندوۃ العلماء کے سالانہ جلسے مین مدعو فرمایا ہے اس کا شکریہ ادا نہین ہوسکتا، لیکن مجھے دلی ندامت اور افسوس ہے کہ اسوقت میری حاضری محال ہے، اسوقت یہان میرے متعلق اتنے متفرق کام ہین کہ مین اگر چاہون تو غیر حاضری کی اجازت نہین مل سکتی، اس لیئے

مجبور ہون تاہم جناب کے اس بزرگانہ لطف وکرم کا تہِ دل سے ممنون اور شکرگزار ہون،
ندوہ کی امداد مین سعی وکوشش میرے لیئے کسی خاص تحریک کی محتاج نہین ہے، مین
ہروقت اس کے لیے دل وجان سے کوشش کرنے کے لیے تیار ہون۔ لیکن غالباً
آپ کو علم ہوگا کہ حضور سرکار عالیہ دام اقبالہا کچھ عرصہ سے باہر تشریف فرما ہین اور
گو ہروقت تشریف آوری کا انتظار ہے لیکن ابھی تک یہان رونق افروز نہین ہوئین
جلسۂ سالانہ کا زمانہ اب بالکل قریب آگیا ہے اس لیے اس موقع تک تو کامیابی کی امید
مشکل ہے۔ امید کہ آپ ہرطرح مع الخیر ہون گے۔ مین مکرر شکریہ ادا کرتے ہوئے
اس عریضہ کو ختم کرتا ہون۔ نیازمند مخلص

مفتی محمد انوار الحق

اقتباس خط جناب قاضی محمد خلیل صاحب رئیس ریلی

حضور نامہ میری طلبی مین پہونچا تھا لیکن۔

"گمان زیست بود منت زبیدہ دی"

"بدست مرگ وے بدتر از گمان تو نیست"

ندوہ سے مجھکو ہمیشہ سے دلچسپی رہی ہے، پھر بالخصوص جناب کا بلانا اور باصرار بلانا بسر وچشم
آتا مگر کیا کرون دائم المریض ہوگیا ہون، ضیق النفس نے ناک مین دم کردیا ہے بالخصوص
سرما مین تو ہرسانس پر آخری ہونے کا گمان ہوتا ہے، جس روز حضور نامہ آیا ہے
کچھ افاقہ ہوچلا تھا اور سمجھ لیا تھا کہ ذرا بھی سنبھل گیا تو کم از کم ایک روز کو ضرور حاضر

ہو جاؤن گا - مگر بدقسمتی سے یکایک طبیعت زیادہ بگڑ گئی اور اب تک نہین سنبھلی ہے اسوقت بھی بدقت یہ عریضہ لکھا ہے - والعذر عند کرام الناس مقبول - حاجز

محمد خلیل

اقتباس خط جناب مولوی شاہ نظام الدین صاحب جھجھری واعظ ممالک محروسہ دولت آصفیہ حیدرآباد دکن

عالیجناب ہمدرد قوم نواب صاحب ناظم ندوۃ العلمار دام مجدکم - وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، حقیر نہایت شوق وتمنا سے قصد شرکت جلسہ کا رکھتا تھا مگر عین وقت پر بخار، نزلہ، کھانسی، مین ایسا مبتلا ہوا کہ سفر کی ہمت پست ہوگئی، بیحد افسوس کے ساتھ معافی کا خواستگار ہون، اگر کچھ بھی طبیعت درست ہوتی تو ہمرکاب جناب صدر حاضر خدمت ہوتا - نظام الدین جھجھری

نقل خط جناب مولوی سید محمد قاسم صاحب صابری رحمانی معلم العربیہ مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ

مکرم ومحترم جناب ناظم صاحب ندوۃ العلمار زاد لطفہ - السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مجھے ندوۃ العلمار سے دلی ہمدردی ہے میری دلی خواہش تھی کہ اس مرتبہ جس طرح ممکن ہوگا اس سال کے اجلاس ندوۃ العلمار لکھنؤ مین انشاء اللہ ضرور شرکت کرون گا مگر نہایت

حسرت و افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ ملازمت سرکاری کی وجہ سے سخت مجبوری ہے
جن تاریخون مین اجلاس ندوہ قرار پایا ہے اُنھین تاریخون مین ہمارے یہان کا سالانہ
امتحان درپیش ہے جسکے سبب سے رخصت کسی طرح نہین مل سکتی، اللہ تعالیٰ
ہرطرح سے جلسہ کو کامیاب بنائے، جہان تک ممکن ہوگا معززین اہل شہر کو جلسہ کی
شرکت کی طرف توجہ دلاؤن گا۔ سید محمد قاسم صابری رحمانی

نقل خط جناب مولانا ابوالوفا محمد ثناء اللہ صاحب از دفتر اہلحدیث امرتسر

مکرمی و محترمی زاد عنایتکم۔ السلام علیکم۔
مین نہایت ندامت سے اظہار کرتا ہون کہ مین جلسہ ندوۃ العلماء مین شریک نہین ہوسکتا ہون
امیدوار معافی ہون آپ کا باوفا
ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری

نقل خط جناب مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل مرادآباد ممبر لیجسلیٹو اسمبلی از دہلی

جناب مکرم۔ السلام علیکم۔ ندوۃ العلماء کے جلسہ کی اطلاع پہونچی، مجھے نہایت
مسرت ہے کہ ایک عرصہ کے جمود اور سکون کے بعد تحریک ندوہ مین پھر زندگی کے
آثار ظاہر ہوتے ہین، ندوۃ العلماء سے میرا تعلق اُس کی ابتدائی زمانہ سے رہا ہے
اور مجھے اس بات کا کامل یقین ہے کہ علماء کرام کی جانب سے جسقدر تحریکین پچھلے

زمانہ مین قائم ہوئی ہین، ندوۃ العلماء کے مقاصد اور اُس کا نظام عمل اُن مین سب سے
زیادہ مسلمانون کے واسطے مفید ہے، خاصکر دار العلوم ندوۃ العلماء نے جس قسم کی
تعلیم کا بیڑا اُٹھایا ہے وہ قوم کے واسطے نہایت ہی مفید اور موصل الی المقصود ہے
اور دار العلوم کے طلبہ نے جن مین سے مولانا سید سلیمان صاحب کو دنیاے اسلام
مین اسوقت ایک خاص امتیاز حاصل ہے، ندوۃ العلماء کے نصاب تعلیم کی فضیلت
کو ثابت اور عیان کردیا ہے اور میری راے ناقص مین ندوۃ العلما کی قائم کی ہوئی صراط مستقیم
پر چلنے سے ہمارے علماے کرام دین متین کی خدمت بہتر طریقہ سے کرسکین گے،

میری دلی خواہش تھی کہ ندوۃ العلما کے اس جلسہ مین شرکت کی عزت حاصل کرون
لیکن افسوس ہے کہ بعض وجوہ سے اس مرتبہ شرکت سے معذور ہون - مین دل سے
جلسہ کی کامیابی کا متمنی ہون اور ندوہ کے مقاصد کے حصول کے واسطے دعا کرتا ہون
مجھے امید ہے کہ میرے محترم اُستاد علامہ شبلی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ یادگار دوبارہ میدان
عمل مین آکر اپنی کامیابی سے اُن کی آخری تمناؤن کو پورا کریگی، میرا پیام ہمدردی جلسہ
کو پہونچا دیجیئے۔ والسلام خاکسار

محمد یعقوب وکیل مراد آباد ممبر لیجیسلیٹو اسمبلی

نقل خط جناب ڈاکٹر سیف الدین صاحب کچلو از امرتسر

مکرمی و معظمی مولانا صاحب - السلام علیکم۔

میرا ارادہ تھا اور مین نے زبانی مولانا سلیمان صاحب ندوی کی خدمت مین عرض بھی

کیا تھا کہ امسال ندوۃ العلماء کے اجلاس مین شریک ہونگا لیکن حالات مین فوراً تغیر
پیدا ہونے کی وجہ سے مجھے اپنا ارادہ ملتوی کرنا پڑا، امید ہے کہ آپ معاف فرمائین گے
دست بدعا ہون کہ خدا آپ کے اس جلسہ کو کامیاب کرے اور مسلمانون کی بہتری کے
سامان پیدا ہو سکین۔ والسلام خاکسار

سیف الدین کچلو

نقل خط حضرت ریاض خیرآبادی

حضور اقدس تسلیم۔ ندوۃ العلما، کی خدمت، جسپر دل و جان فدا، پھر آپ کا گرامی نامہ
جس مین مجھسے نااہل کے لیئے وہ الفاظ جو ہمیشہ کے واسطے میرے لیئے طغرائے امتیاز،
میرا فرض تھا کہ سر کے بل آتا اور موزون ناموزون خیالات گو وہ میری سوائی کا ذریعہ
ہوتے پیش کرتا مگر افسوس میرے چھوٹے بھائی سید فیاض احمد رازؔ پنشنر سب انسپکٹر
کی موت نے مجھکو کہین کا نہ رکھا، غربت کی حسرتناک موت ہر وقت میرے کلیجے کو
مسل رہی ہے اللہ اُسے غریق رحمت کرے۔

کسی وقت حاضر ہو کر در دولت پہ جبہہ سائی کا شرف حاصل کرون گا،
ضعف پیری زیادہ، مشغلۂ شعر و سخن ترک، آنے والے وقت کا خوف، اللہ خاتمہ بخیر کرے

وقت آخر وقت نازک ہے ریاضؔ
لو لگی ہے شمع کی اللہ سے

ریاض از خیرآباد

ترجمۂ تار جناب مولانا حسین احمد صاحب مدنی (اسیر مالٹا)

افسوس ہے کہ مین حاضری سے معذور ہون ۔ حسین احمد ۔ از سلہٹ

ترجمہ تار جناب مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کلکتہ

افسوس ہے کہ مین شرکت جلسہ سے معذور ہون ۔ میری دلی خواہش ہے کہ خدا آپکو کامیاب کرے ۔

ابو الکلام ۔ کلکتہ

ترجمۂ تار جناب مولانا محمد علی صاحب اڈیٹر کامریڈ و ہمدرد دہلی

شریک اجلاس نہ ہونیکا سخت افسوس ہے ، آخر دم تک کوشش کی مگر بوجہ ناسازی کے مجبور رہا کامیابی کے لیئے دعا کرتا ہون ، کامریڈ اور ہمدرد ندوۃ العلماء کی خدمت کے واسطے حاضر ہین ،

محمد علی دہلی

ترجمہ تار جناب ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب پرو وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

دعوت کا شکریہ افسوس ہے کہ مین نہین آسکتا ۔ کامیابی کے لیئے دعا کرتا ہون

ضیاء الدین

ترجمۂ تار جناب مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی مدرسۂ عربیہ دیوبند

بوجہ دوسرے جلسہ کے شرکت سے مجبور ہون - شبیر احمد

ترجمۂ تار جناب مولوی ضیاء الحسن صاحب علوی ایم-اے- انسپکٹر عربک مدارس صوبہ متحدہ الہ آباد

حاضری سے معذور ہون - دار العلوم کی ترقی ضروری ہے - ضیاء الحسن

ترجمہ تار جناب مولانا عبد الودود صاحب بریلی

افسوس ہے کہ مین بوجہ علالت اپنی اہلیہ کے شریک نہین ہو سکتا- کامیابی کی دعا کرتا ہون

عبد الودود

ترجمۂ تار جناب آنریبل یعقوب حسن سیٹھ صاحب مدراس (از دہلی)

ایک ضرورت سے بمبئی جا رہا ہون، عدم شرکت پر افسوس ہے- کامیابی کے لیئے دعا کرتا ہون-

یعقوب حسن

مندرجۂ بالا خطوط و تار سنانے کے بعد حسب ذیل تعزیتی تجویزین صدارت کی طرف سے پیش ہو کر منظور ہوئین اور جناب مولانا قاری شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی، وقادری نے مرحومین کے لیئے دعاے مغفرت مانگی جس مین جملہ حاضرین نے کھڑے ہو کر شرکت کی-

تجویز نمبر(۱)

ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ مولوی ممتاز حسین صاحب بیرسٹر۔ مولانا غلام محمد صاحب فاضل ہوشیارپوری۔ شمس العلماء مولانا مفتی محمد عبداللہ صاحب ٹونکی، مولوی حکیم عبداللہ صاحب پشاوری، بابو نظام الدین صاحب امرتسر، خان بہادر شیخ غلام صادق صاحب رئیس امرتسر، خان بہادر مولوی عبدالاحد صاحب، شمس العلماء مولانا ناظر حسن صاحب دیوبندی آنریبل مولوی سید شرف الدین صاحب ممبر کونسل بہار و اڑیسہ، مولانا عبدالسبحان صاحب آنریری پریسیڈنسی مجسٹریٹ و ناظم معین الندوہ مدراس، مولوی عبداللہ صاحب محافظ حجاج بمبئی، شہزادہ مرزا محمد اشرف صاحب گورگانی بی۔ اے افسر تصریفات، حضرت مولانا سید شاہ بدرالدین صاحب سرپرست ندوۃ العلماء شفاء الملک مولوی حکیم عبدالرشید صاحب - مولانا حکیم سید ظہورالاسلام صاحب فتحپوری، مولوی نظام الدین حسن صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی منقح حسابات ندوۃ العلماء، مولانا سید امیر علی صاحب مہتمم دارالعلوم اور مولانا شاہ عین القضاۃ صاحب کے انتقال پر ملال پر اپنے دلی رنج و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اُنکے لیے دعاے مغفرت اور اُن کے پس ماندگان سے اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے ''

تجویز نمبر(۲)

ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ جناب مولانا حکیم سید عبدالحی صاحب سابق ناظم ندوۃ العلماء کے حادثۂ وفات روح فرسا پر اپنے دلی گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے، مولانا ے ممدوح کی رحلت سے ندوۃ العلماء کو ایک غیر معمولی

ناقابل برداشت صدمہ اُٹھانا پڑا ہے اور عالم اسلامی کے لیئے ایک دردناک واقعہ ہے، خدائے غفور الرحیم سے دعا ہے کہ اُن کو جنت الفردوس عطا فرمائے اور اُن کے سرمایۂ ناز اور قابل فرزند جناب مولوی حکیم سید عبد العلی صاحب۔ بی۔ ایس۔ سی، ابو الحسن علی صاحب اور تمام خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

تجویز نمبر (۳)

ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ علیا حضرت ہر ہائنس سرکار عالیہ بھوپال دام اقبالہا بالاقبال کی خدمت مین اپنی دلی ہمدردی اور رنج و قلق کا اظہار اُن صدمات مین کرتا ہے جو سرکار عالیہ کو نواب سر عالیجاہ محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر بالقابہ اور نواب محسن الملک جنرل حافظ محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر بالقابہ کی وفات حسرت آیات سے پہونچے ہین، خداوند تعالیٰ حضور ممدوحہ کو صبر و اجر عطا فرمائے اور نواب ولیعہد مرحوم و جنرل صاحب مرحوم کو نعمتہائے ابدی سے مالا مال فرمائے۔

اسکے بعد [illegible] ناظم ندوۃ العلماء نے تجویز نمبر ۴ جو حسب ذیل ہے

تجویز نمبر (۴)

ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ اعلیٰ حضرت مظفر الملک والممالک سلطان العلوم حضور نظام آصفجاہ سابع خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کی خدمت مین اپنا دلی سپاس اُس سرپرستی و فیاضی کی بابت پیش کرتا ہے جو دربار آصفیہ سے ملک کی درسگاہون کے ساتھ عموماً اور ندوۃ العلماء کے ساتھ خصوصاً مرعی فرمائی جاتی ہے، گزشتہ موقع پر جو شاہانہ عطیہ تین سو روپیہ ماہوار وظیفہ کا دار العلوم ندوۃ العلماء کے واسطے جاری فرمایا گیا وہ خصوصاً اس موقع پر قابل ذکر ہے کہ اُس نے دار العلوم

مذکور کو مالی حالت کے درست کرنے مین آبِ حیات کا کام کیا،
خداوند تعالیٰ ذات شاہانہ کو مع شاہزادگان بلند اقبال عرصۂ دراز
تک سلامت باکرامت رکھے "

پیش کرتے ہوئے اعلیٰ حضرت خسروِ دکن خلد اللہ ملکہ، کی روشنضمیری
شاہانہ فیاضی، تعلیمی و مذہبی ہمدردی و دلچسپی اور ندوۃ العلماء کے
قیام سے اسوقت تک دولت آصفیہ کی جو نظر التفات اسپر مبذول رہی
ہے ذکر کرکے بمضواے من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ واجبی شکرگزاری
کی دلی خلوص کے ساتھ تحریک کی۔ اس کے بعد جناب منشی محمد احتشام علی
صاحب رئیس کھڑے ہوئے اور یہ فرمایا کہ یہ ایسی تجویز ہے کہ جسکی
دلی مسرت کے ساتھ بالاتفاق تائید کی جائے گی۔ پھر آپ نے
دولتِ آصفیہ کی تعلیمی امداد اور عام مذہبی رواداری و سرپرستی
کا ذکر کرتے ہوئے اس تجویز کی پُرزور الفاظ مین تائید فرمائی اور
تمام حاضرین نے اس تجویز کو بنظر استحسان و شکرگزاری دیکھا اور
بالاتفاق منظور کیا۔

پھر خاکسار ناظم ندوۃ العلماء نے تجویز نمبر ۵ کے پیش ہونے کی تحریک کی جس کے
الفاظ یہ تھے۔

ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ ہز ہائنس حضور نواب صاحب بہادر
دام اقبالہ ریاست بہاولپور کی تخت نشینی اور ولی عہد مسعود کی ولادت پر

دلی مسرت اور انبساط کا اظہار کرتے ہوئے مبارکباد دیتا ہے اور دعا۔
کرتا ہے کہ ترقی عمر و اقبال کے ساتھ دین و ملت کی خدمت کی مزید برمزید
توفیق سعید عطا ہو۔

اس تجویز کو پیش کرتے وقت خاکسار نے اُن تعلقات کا اظہار کیا جو ریاست بہاولپور سے ندوۃ العلماء کو حاصل ہین اور خاکسار کی اخلاصمندانہ دلی تحریک کے بعد ندوۃ العلماء کے پُرجوش اور قابل و بہترین وکیل مولانا غلام محمد صاحب شملوی کھڑے ہوئے اور نہایت پرزور الفاظ مین آپنے اسکی تائید فرمائی اور وقتاً فوقتاً جو گرانقدر امداد ریاست بہاولپور سے ندوۃ العلماء کو حاصل ہوتی رہی ہے اُن سب کا اظہار فرمایا۔ اس کے بعد دلی جوش کے ساتھ نعرہاے مسرت مین یہ تجویز بالاتفاق منظور کی گئی۔

اس کے بعد نماز ظہر کے واسطے جلسہ برخاست ہوگیا۔

اجلاس دوم

۸ مارچ سنہ ۱۹۲۵ع روز یکشنبہ

وقت

۲ بجے سہ پہر سے ۴ بجے سہ پہر تک

نماز ظہر کے بعد اجلاس پھر شروع ہوا اور خاکسار نے بحیثیت ناظم ندوۃ العلماء

پنجسالہ کارروائی کی رپورٹ پیش کی جس کا ابتدائی حصہ خود خاکسار نے پڑھکر سنایا اور دیگر حصون کے انتخابات مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلماء نے پڑھے جو حسب ذیل ہے۔

رپورٹ پنجسالہ جناب صفی الدولہ حسام الملک نواب مولوی سید محمد علی حسن خان صاحب بہادر ناظم ندوۃ العلما

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جناب صدر انجمن واعیان جلسہ

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تقریباً چھ سال کے بعد ندوۃ العلماء کا اُنیسوان جلسہ دار العلوم ندوۃ العلماء کے رفیع الشان ہال مین منعقد ہو رہا ہے اس سے قبل لکھنؤ مین چند بار اور بھی اجلاس ہو چکے ہین گزشتہ جلسون مین دوسرا اجلاس جس عظمت وشان کے ساتھ قیصر باغ کی بارہ دری مین اودھ کے مشہور ومعروف بزرگ جناب خان بہادر منشی اطہر علی صاحب مرحوم مشیر قانونی انجمن تعلقدان اودھ کے زیر اہتمام منعقد ہوا تھا اور جسمین مختلف ممالک ہندوستان کے چیدہ اور برگزیدہ روشنخیال علماے کرام ومشائخ عظام جلوہ فرما تھے جن لوگون نے اس کا جانفزا منظر اپنی

آنکھون سے دیکھا ہُنکی آنکھین اُن بزرگ اورمہتم بالشان ہستیون کے دیکھنے کے واسطے ترستی ہون گی جو ہمیشہ کے واسطے ہم سے جدا ہو گئے۔

درحقیقت ندوۃ العلمار کی بقا و ہستی جو بلا کسی مستقل سرمایہ کے اسوقت تک قائم و برقرار ہے، اس مین انھین بزرگون کے خلوص اور مساعی جمیلہ کا زیادہ تر دخل ہے مشہور ہے کہ تاریخ اپنا اعادہ خود کرتی ہے حسن اتفاق سے آج کا جلسہ بھی زیادہ تر ایک لائق باپ کے سرمایۂ ناز فرزند جناب منشی اظہر علی صاحب وکیل صدر مجلس استقبالیہ کی سعی بلیغ کا مرہون منت ہے، خدائے بزرگ و برتر سے دعا ہے کہ جو خوشگوار نتائج گزشتہ جلسہ مذکور الصدر سے پیدا ہوئے تھے اس سے زیادہ عمدہ نتائج اس جلسہ کے بعد پیدا ہون۔

حضرات! جس عظیم تحریک اصلاح دینی و علمی کو ملحوظ رکھکر روشن خیال زمانہ شناس علمار کرام نے مجلس ندوۃ العلمار کی بنیاد ڈالی اور جو اہم اور بلند مقاصد و اغراض اُس کے قرار پائے وہ ندوۃ العلمار کی ابتدائی رودادون مین مفصل مندرج ہین اُن کے مطالعہ سے ندوہ کے مقاصد کی اہمیت پر کافی روشنی پڑ سکتی ہے۔

جلسہ ہائے مابعد کی رودادون اور مختلف تقریرون اور تحریرون کے ذریعہ سے وہ بار بار دہرائے جا چکے ہین. اس لیے اُن کے اعادہ کی ضرورت نہ تھی لیکن زمانہ کے انقلاب اور ملک کے تغیر حالات نیز گزشتہ سنین مین ہولناک عالمگیر جنگ کے بعد اُس کے تبعات و عقبات کا جو عام اثر دنیا پر پڑا ہے اور بالخصوص عالم اسلام اور سرزمین ہند مین جو جدید واقعات پے درپے رونما ہو رہے ہین اُنپر نظر کرتے ہوئے اس کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ پھر ایک بار اُن مقاصد و اغراض کا مختصر لفظون مین

اعادہ کیا جائے تاکہ عام طور پر اُن کی ضرورت واہمیت لوگون پر واضح ہوجائے اور ہم سب کو یہ سوچنے اور سمجھنے کا موقع ملے کہ ہم ندوۃ العلمار کے اغراض ومقاصد جلیلہ کے تحت مین کیونکر دار العلوم کو منتہاے کمال تک پہونچا سکتے ہین اور ہم کو تعلیمی اصلاح وترقی کی حیثیت سے کیا کچھ کرنا باقی ہے اور آیندہ دار العلوم کو حقیقی معنون مین مفید قوم وملت بنانے کے لیئے اس بیسوین صدی مین ہم کو اور کیا کیا اہم کام انجام دینا ہین۔

حامیانِ ملّت اور رؤسائے قوم کو کہانتک ہماری حوصلہ افزائی اور ندوہ کی اعانت کی ضرورت ہے،

حضرات! بدقسمتی سے ابتک مسلمانان ہند مین بعض طبقات ایسے ہین جو ندوہ کے عظیم الشان مقاصد واغراض اور اس کی اہمیت سے ناواقف اور بے خبر پائے جاتے ہین۔ اور وہ دار العلوم کو محض ایک معمولی دینی عربی مدرسہ خیال کرتے ہین اور اُس کے قیام یا بقا کو کچھ زیادہ ضروری نہین سمجھتے اس لیئے کہ ہندوستان مین متعدد ایسے عربی مدارس موجود ہین جو اُن کے خیال کے موافق اس فرض کو باحسن وجوہ انجام دے رہے ہین، طبقہ علمار مین بھی بعض افراد ایسے پائے جاتے ہین جو دار العلوم کی اصلاح شدہ تعلیم کو مروجہ تعلیم پر ترجیح نہین دیتے اور اس کی ضرورت کو محسوس نہین کرتے یہ خیالات اگر آج سے چالیس پچاس برس قبل ہوتے تو چندان حیرت انگیز نہ تھے جبکہ ہر نئی بات کانون کو گران معلوم ہوتی تھی لیکن زمانہ حاضرہ مین جبکہ قومی ادبار اور پستی کی کوئی حد نہین رہی اور مغرب کے علوم جدیدہ نے (جنکی بنیاد محسوسات اور مشاہدات پر رکھی گئی ہے) علوم قدیمہ یونان کو دفتر پارینہ بنا کر اور

پُرانے طرز استدلال اور طریقۂ بحث و نظر کو بدل کر اور جدید آلات سائنس سے مسلح ہوکر علمی دنیا مین قدم رکھا ہے اور اس مغربی تمدن کے بیسوین صدی کی روزافزون تغیرات نے غیر ملکی اور وطنی اور اقتصادی اور سیاسی نئے نئے مسائل پیدا کر کے عالم اسلامی مین ایسی پُرآشوب اضطرابی حالت پیدا کر دی ہے جو ایک مستقل شاہراہ علم و عمل اور صراط مستقیم کی متقاضی ہے اس حالت کو دیکھتے ہوئے ہمارے حسرت و افسوس کی کوئی حد نہین رہتی جب ہم عام جمود و سکون اور اپنی قومی غفلت اور عدم احساس پر نظر کرتے ہین نہ ہمکو اپنی قوم و ملت کی پستی و زوال کے صحیح اسباب و علل کا احساس اب تک ہوا ہے نہ ہم اُس کے رفع کرنے کی تدبیرون پر پورے طور پر متفق العمل ہوکر مائل نظر آتے ہین اگر کسی کو میرے اس اظہار واقعات پر مبالغہ آمیز یا بے سروپا ہونے کا خیال ہو تو مجھکو بتایا جائے کہ پھر آخر کیا سبب ہو کہ آج ندوۃ العلمار کے دارالعلوم کی ناکمل عمارت قومی غفلت و بے اعتنائی کی ماتمی تصویر بنی ہوئی ہے حالانکہ زمانہ پکار پکار کر اس کی ضرورت کا اعتراف کر رہا ہے۔

آپ کو یہ سنکر تعجب ہوگا کہ جو ضرورت آج درپیش ہے بتیس سال قبل اسی پیش آنیوالی ضرورت کو مشاہیر علمار کے ایک روشن ضمیر وسیع النظر طبقہ نے جو ندوۃ العلمار کے نام سے موسوم اور مشہور ہے محسوس کر لیا تھا، اور مین بلاخوف و تردید یہ عرض کرتا ہون کہ جو عظیم تحریک اصلاح دینی و علمی علامۂ سید جلال الدین اسد آبادی اور مفتی محمد عبدہ مصری مرحوم کے پیش نظر تھی سب سے پہلے مجلس ندوۃ العلمار نے اسکو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی اور حضرت علامۂ شبلی مرحوم نے اس مین تازہ روح پیدا کی اسی ضرورت کو ملحوظ رکھکر دارالعلوم ندوۃ العلمار قائم کیا گیا اور جو

مقاصد و اغراض اُس کے قرار دیے گئے وہ یہ ہین۔
(۱) علماے کرام کی جماعت مین باہم ربط و اتحاد اور رواداری پیدا کرکے پراگندہ قوتون کو یکجا کرنا۔
(۲) مسلمانون کی نزاع باہمی کے رفع کرنے مین کوشش کرنا۔
(۳) عربی تعلیم کے نصاب مروجہ مین موجودہ زمانہ کی ضرورتون کے موافق ترمیم و اصلاح کرنا تاکہ دارالعلوم سے ایسے روشن خیال علمار پیدا ہون جو اپنے علم و عمل و دماغ و قلم و حریت فکر و اجتہاد راے سے کام لیکر قوم و ملک کی صحیح معنون مین رہنمائی کا فرض ادا کرسکین۔
(۴) مسلمانون کی عام بہبودی
(۵) اخلاق حسنہ کی ترویج
(۶) تبلیغ و اشاعت اسلام

ظاہر ہے کہ یہ مقاصد جلیلہ قوم و ملت کی بقا اور ترقی کے لئے کسقدر اہم اور کسقدر ضروری ہین کاش اگر وہ تکمیل کو پہونچ گئے ہوتے تو آج مسلمانون کی حالت کچھ اور رہی ہوتی یہ بھی ظاہر ہے کہ آج سے بتیس برس پہلے ان اغراض و مقاصد کی اگر اہمیت مسلم تھی تو آج جبکہ دیگر غیر مسلم اقوام بیدار اور متفق ہو کر اپنی ترقی کیلیے ہاتھ پاؤن مار رہی ہین اور میدان علم و عمل مین تیزی سے گامزن ہین اور اپنی اجتماعی طاقت اور شوخ چشمی سے علم برداران اسلام کو علانیہ چیلنج دے رہی ہین، کیا اس کی سخت ضرورت نہین ہے کہ مسلمان باہم متفق ہو کر ندوہ کے ان اہم اور مفید ترین اغراض و مقاصد کو تکمیل کے درجہ تک پہونچانے کی فکر مین ہمہ تن مصروف ہو جائین کاش اب بھی علماے ملت اور ارباب کار متفق الخیال اور متفق العمل ہو کر تکمیل

مقاصد مین دل سے توجہ کرین اور ان کی اہمیت و ضرورت کو سمجھکر پورے زور و طاقت کے ساتھ کوشش کرین اور دور اندیش حامی قوم و ملت ارباب ثروت اور رؤسائے عالی وقار زر و مال سے اعانت فرماکر حوصلہ افزائی فرمائین تو یہ تمام کام بآسانی ایک قلیل مدت مین انجام کو پہونچ سکتے ہین ؎

مشکل بتوجہ تو آسان   آسان بہ تغافل تو مشکل

یہ یاد رہے کہ زمانہ جس برقی رفتار سے ترقی کررہا ہے اگر ہم بھی اُسی تیز رفتاری کے ساتھ ترقی مین کوشش نہین کرین گے تو ایک دن ایسا آنے والا ہے کہ غالبًا بلکہ یقینًا ہماری قوم کو صفحۂ ہستی سے خدانخواستہ فنا ہوجانا پڑے گا، کسقدر افسوس اور غور کی بات ہے کہ دار العلوم کے سرچشمۂ علم سے کاشغر، چین، مدراس، رنگون، پشاور، اور کوچین تک کے طلبہ آکر فیضیاب ہین اور خود لکھنؤ اور اودھ کے طلبہ جنکو ہر طرح کی آسانیان حاصل ہین وہ اس نعمت غیر مترقبہ سے محروم رہین اس سے زیادہ بے حسی کی دلیل اور کیا ہوسکتی ہے،

مین پھر مکرر درد بھرے دل سے آپ سب حضرات سے بصد ادب عرض کرتا ہون کہ اُن طوفان خیز عظیم خطرات کو جو عالم اسلامی پر ہر طرف سے محیط ہورہے ہین پیش نظر رکھکر اُن کے سدباب کی ہر ممکن طریقے سے جلد از جلد سعی و کوشش فرمایئے خود کام کیجیے اور دوسرون سے کام لیجیے ایسے مہتم بالشان علمی اور مذہبی خدمات کا اجر عظیم بارگاہ رب العزت سے دنیا اور آخرت مین آپ کو ملے گا اس سے رضائے الٰہی حاصل ہوسکتی ہے اور اس سے آپ کی دنیا بھی سنور سکتی ہے۔

یقین کیجیے کہ مسلمانون کی دنیوی اور مادی ترقی کا مدار بھی حقیقتًا اُن کی مذہبی اور

روحانی طاقت پر موقوف ہے، علامۂ شبلی مرحوم کا یہ مقولہ جو اُنھون نے اپنی تقریرین میرٹھ کے جلسۂ سالانہ ندوۃ العلما رمین فرمایا تھا لوح دل پر لکھنے کے قابل ہے کہ دوسری قومون کو اگر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے تو مسلمانون کو پیچھے ہٹنے کی ضرورت ہے۔

درد دین گر قدرے نیز بود بس باشد ⁂ زین سپس انچہ توان کرد کنون می باید
فرصت از دست بشد ہر چہ کنی زود بکن ⁂ این نہ کاریکہ در و صبر و سکون می باید
این چنین کار بہ تمکین و سکون بر ناید ⁂ اندکے نیز درین شیوہ جنون می باید
کار ملت نہ بافسانۂ و افسون باشد ⁂ سینۂ سوختہ و درد درون می باید

یاد رفتگان

گزشتہ پانچ چھ سال مین افسوس ہے کہ ایسی قیمتی بزرگ ہستیان اُٹھگئی ہین جنکا فرداً فرداً ماتم کرنا تو نہایت دشوار ہے لیکن ندوہ کے دائرہ کے اندر جو حادثات ہوئے ہین آج قومی حیثیت سے ہم سب کا فرض ہے کہ اُن کا ماتم کرین، اُن کے محاسن کو یاد کرین اُن کی خدمات کا اعتراف کرین اور سب سے بڑھکر یہ کہ اُن کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرین اور دل سے اُن کے واسطے دعاے مغفرت کرین، ان لوگون کے کارنامے ایسے ہین جو ندوۃ العلما کی تاریخ مین ہمیشہ یادگار رہین گے،

(۱) سب سے پہلے مین نہایت افسوس کے ساتھ عرض کرتا ہون کہ یکم فروری ۱۹۲۰ء کو جناب مولانا عبدالسبحان صاحب آنریری پریسیڈنسی مجسٹریٹ مدراس نے ہم لوگون کو ہمیشہ کے واسطے داغ جدائی دیا، مولانا ندوۃ العلما رکے دست و بازو اور معین الندوہ مدراس کے سکریٹری بھی تھے، انکی وفات سے ندوۃ العلما رکو ناقابل تلافی نقصان

پہونچا ہے، ندوہ کا صیغۂ وظائف خاص طور پر اُن کا مرہون منت ہے، اُنکی وفات کے بعد سے اس صیغہ کا چلانا اُسی قدر دشوار ہوگیا ہے جسقدر پہلے آسان تھا،

اس کے علاوہ مدراس سے وقتاً فوقتاً جو اور مالی امداد معقول طور پر حاصل ہوتی تھی وہ بھی مفقود ہوگئی حقیقت یہ ہے کہ صرف اُنھین کی ذات سے سارے مدراس پر ندوۃ العلمار کا اثر چھا یا ہوا تھا اب اُن کی جدائی سے ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ گویا مدراس سے ہمکو کوئی تعلق ہی نہین رہا۔

یہ واقعہ کبھی فراموش نہ ہوگا کہ دوسری مرتبہ مدراس کے جلسۂ سالانہ ندوۃ العلمأ مین جس اولوالعزمی اور سیرچشمی سے اُنھون نے مہمانون کی خاطر داری کی وہ اُنھین کا حصّہ تھی۔

(۲) جناب شفاء الملک مولوی حکیم عبد الرشید صاحب لکھنوٗ جیسے نوجوان اور قابل رکن کی وفات حسرت آیات بھی نہایت افسوسناک ہے، آپ ندوہ کے کامون سے جو گہری دلچسپی و ہمدردی رکھتے تھے اُسکے لحاظ سے وہ ہر طرح شکریہ کے مستحق ہین، آپ کی وفات اپریل ۱۹۲۰ء مین ہوئی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

(۳) ۲۷ ستمبر ۱۹۲۰ء کا دن بھی ندوۃ العلمار کے واسطے نہایت دردانگیز تھا، اسی دن لکھنوٗ کے نامور بیرسٹر مخلص کارکن اور ندوۃ العلمار کے رکن انتظامی جناب ممتاز حسین صاحب مرحوم نے داعی اجل کو لبیک کہا، یہ سانحہ ایسا سخت تھا کہ ہر وہ شخص جو اُن کے قومی کامون اور مذہبی درد سے واقفیت رکھتا تھا افسردہ خاطر نظر آرہا تھا، اصلاح المساجد اور قبرستان کا جو انتظام اُنھون نے فرمایا ہے اور اس کے علاوہ جو یتیم خانہ قائم فرماکر اُنھون نے یتیمون کی سرپرستی فرمائی ہے اور اس کو جس درجہ تک پہونچایا ہے یہ سب

ایسے امور خیر ہین جنکو فراموش نہین کیا جا سکتا ہ غفرہ اللہ لہ

(۴) ابھی ہمارے دلون سے ان صدمات کا بار کم نہین ہوا تھا کہ شمس العلماء مولوی مفتی محمد عبد اللہ صاحب ٹونکی مرحوم کے داغ مفارقت نے ہمارے دلون کو اور رنجور کر دیا، مولانا مرحوم علوم شرقیہ کے ایک ماہر اور مستند عالم تھے جن کے درس کی تمام ہندوستان مین دھوم تھی، ایسے متبحر عالم اور فاضل کا ہم سے جُدا ہونا غیر معمولی اہمیت رکھتا ہی، اور اس کا جسقدر بھی افسوس اور رنج کیا جائے کم ہے۔

(۵) اسی ۱۹۲۰ع مین بماہ دسمبر جناب خان بہادر مولوی عبد الاحد صاحب مالک مطبع مجتبائی دہلی نے وفات پائی، آپ کی وفات سے بھی قومی کامون کو جسقدر نقصان پہونچا ہے اُسکی تلافی بظاہر مشکل ہے،

مجھکو خوب یاد ہے کہ جب ندوۃ العلماء کا بارھوان سالانہ جلسہ دہلی مین زیر صدارت عالیجناب حاذق الملک مولوی حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب ہوا تھا تو جناب مرحوم نے بڑی تندہی سے ندوۃ العلماء کی خدمتین کی تھین اور بڑی معقول مالی امداد بھی دی تھی،

(۶) ۱۱- فروری ۱۹۲۱ع مین آنریبل مولوی سید شرف الدین صاحب بیرسٹرایٹ لا و ممبر کونسل بہار و اُڑیسہ و رئیس پٹنہ نے رحلت کی، آپ ابتدائے قیام ندوہ سے زندگی کے آخری لمحہ تک ندوۃ العلماء کے رکن انتظامی رہے اور بڑے بڑے آڑے وقتون مین ندوۃ العلما کی اعانت فرماتے رہے۔

ندوۃ العلماء کا اجلاس ہفتم عظیم آباد پٹنہ مین جس تزک و احتشام سے ہوا تھا اُس مین آپ نے وہ کام کیا ہے کہ دیکھنے والون کو محو حیرت بنا یا تھا، اور دا لنشیرن کے

بھی جو کام کرنے کا نہ تھا اُسکو بھی آپ انجام دینے کے لیئے اُٹھ کھڑے ہوئے تھے گو ایسا ہونے نہ پایا اور دوسرے لوگون نے ہاتھون ہاتھ اُسکو کیا تاہم آپ کی یہ اخلاقی صفت اور ایثار نہایت قابل قدر ہے، آپ کے اس جذبۂ قومی کا صلہ بجز اس کے اور کیا ہم سے ادا ہوسکتا ہے کہ ہم سب ملکر آپ کے واسطے دعاے مغفرت کرین،

(۷) سنہ ۱۹۲۱ء اس سال مولانا حکیم سید ظہور الاسلام صاحب فتحپوری نے ۲۳ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۴ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء روز جمعہ کو وفات پائی، جمعہ کا یہ دن ندوۃ العلماء کے واسطے ایک ایسا روح فرسا دن تھا جسکا غم کبھی فراموش نہوگا، آپ اُن لوگون میں سے تھے جنھون نے ندوۃ العلماء کی بنیاد رکھی تھی اور اپنے ذہنی اور دماغی قابلیت سے مسلمانون کی وہ ضرورتین جواب محسوس کی جارہی ہین بتیس برس پہلے محسوس فرمائی تھین، آپ عالم ہونے کے علاوہ بہت بڑے صوفی بھی تھے، آپ کی وفات پر شہر کے ہندو بھی زار و قطار روتے تھے ایسے نورانی لوگون کا ہمیشہ کے لیئے جدا ہونا کسقدر دردناک واقعہ ہے۔

(۸) اپریل سنہ ۱۹۲۱ء جناب خان بہادر شیخ غلام صادق صاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ امرتسر کی وفات بھی ندوۃ العلماء کے لیے کچھ کم اندوہناک نہین ہے جناب ممدوح کو سچی ہمدردی اور ایسا خلوص تھا کہ باوجود پیرانہ سالی کے آپ ندوۃ العلماء کے جلسون مین برابر شرکت فرماتے رہے آپ کی وفات سے جو نقصان ندوہ کو پہونچا ہے اُس کا ہمیشہ افسوس رہیگا۔

(۹) ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء کو جناب مولوی نظام الدین حسن صاحب بی۔اے۔ایل ایل بی۔ منتظم حسابات ندوۃ العلماء کی رحلت کا حادثہ بھی نہایت اندوہناک تھا۔ جناب

ممدوح جس محنت اور توجہ سے ندوۃ العلماء کے حسابات کی دیکھ بھال کرتے رہے ہین اُسکا مجھے اعتراف ہے اور مجھے اسکا دلی افسوس اور رنج ہے کہ جناب ممدوح کے انتقال سے ملکی اور قومی کامون کو جو نقصان پہونچا ہے اس کی تلافی مشکل ہے۔ خدا مغفرت فرمائے،

(۱۰) مولانا غلام محمد صاحب فاضل ہوشیارپوری کا انتقال پُر ملال بھی غم بالائے غم کا مصداق ہے جو ہمیشہ کسی نہ کسی طرح ندوۃ العلماء کی کوئی نہ کوئی خدمت نہایت خلوص اور سرگرمی کے ساتھ انجام دیتے رہے ہین جب کبھی ندوۃ العلماء کو مالی دقتین درپیش ہوجاتی تھین تو آپ عموماً پنجاب کا دورہ فرماتے تھے اور وہان سے بیش بہا مالی امداد ندوۃ العلماء کے لیئے حاصل فرماتے تھے، آپکو ندوۃ العلماء سے اس درجہ شغف تھا کہ باوجود پیرانہ سالی کے سفر کی تکالیف بڑی خندان پیشانی سے برداشت فرماتے تھے افسوس ہے کہ آپ ہم لوگون کو داغ مفارقت دے گئے۔

(۱۱) ۹ مارچ ۱۹۲۲ء کو جناب بابو نظام الدین صاحب آنریری مجسٹریٹ امرتسر کا رحلت فرمانا بھی ایک نہایت ہی دردناک سانحہ ہے، آپ بھی ندوۃ العلماء کے ایک زبردست دست و بازو تھے، اور آپ نے جس گرمجوشی اور استقلال سے ندوۃ العلماء کی خدمتین انجام دی ہین وہ ہماری شکرگزاریون سے بالاتر ہین، آپ ہی کی ذات گرامی سے پنجاب پر ندوۃ العلماء کا بڑا اثر تھا۔ اس کی مالی ضرورتین اکثر یہین سے پوری ہوجاتی تھین، آپ کی وفات کے بعد سے ندوۃ العلماء کا تعلق پنجاب سے ایسا منقطع ہوگیا ہے گویا کبھی تھا ہی نہین اور یہ اتنا بڑا ناقابل تلافی نقصان ندوہ کو پہونچا ہے جسکا اندازہ بہت دشوار ہے؛ ع خدا بخشے بہت سی خوبیان

تھین مرنے والے ہین۔

(۱۲) اس سال اگست ۱۹۲۲ء مین شہزادہ مرزا محمد اشرف صاحب گورگانی بی۔اے افسر تصریفات ریاست بھاولپور نے بھی وفات پائی، آپ بھی ندوۃ العلماء کے ایک ایسے ممد و معاون تھے کہ اگر دس پانچ آدمی بھی ندوۃ العلماء کو اس قسم کے میسر آجاتے تو آج اسکا رونا نہوتا کہ ایسے ایسے سچے ہواخواہ اور مخلص اُٹھ گئے اور میدان خالی نظر آرہا ہے، آپ کی وفات حسرت آیات قابل صد ہیہات وافسوس ہے،

(۱۳) شمس العلماء مولانا ناظر حسن صاحب دیوبندی کی وفات بھی نہایت افسوسناک ہے۔نہایت قابل اور متشرع عالم تھے، بڑا افسوس یہ ہے کہ اب ایسے لوگون سے دنیا خالی ہوتی جاتی ہے اور کوئی صحیح قائم مقام اُن کا نہین ہوتا۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء کے آپ پرنسپل بھی رہ چکے تھے اور اُن کے علم وفیض سے طلباے دارالعلوم بہت کچھ مستفید ہوئے تھے، اس کے بعد آپ مدرسۂ عالیہ کلکتہ تشریف لے گئے۔

(۱۴) مارچ ۱۹۲۴ء مین مولوی عبداللہ احمد صاحب محافظ حجاج بمبئی نے وفات پائی، ندوۃ العلماء کے ساتھ جو محبت آپ کو تھی اُس کی یاد کبھی نہ بھولے گی اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے،

(۱۵) اس سال ۱۹۲۴ء مین مولوی حکیم عبداللہ صاحب پشاوری نے انتقال فرمایا آپ مذہب کے سخت پابند تھے اور اسلاف کے نقش قدم پر چلنے والے بزرگ آپ کے کئی فرزندون نے دارالعلوم ندوہ مین تعلیم وتربیت پائی آپ ہمیشہ ندوۃ العلماء کے ساتھ اخلاص وہمدردی کا برتاؤ فرماتے رہے آپ کی وفات بھی نہایت قابل افسوس ہے۔

(۱۶) اس سال سنہ ۱۹۲۴ء مین حضرت مولانا سید شاہ بدرالدین صاحب سجادہ نشین
خانقاہ پھلواری شریف ضلع پٹنہ سرپرست ندوۃ العلماء و امیر الشریعۃ بہار و اُڑیسہ
کی وفات کا حادثۂ دلگداز پیش آیا آپ کی ذات گرامی ایسی تھی جس سے لاکھون اشخاص
فیضیاب ہوئے آپ زبردست عالم ہونے کے علاوہ بہت بڑے صوفی بھی تھے اور
ایک ایسی خانقاہ کے سجادہ نشین تھے جہان بڑے بڑے اکابر قوم کی گردنین جھک جاتی
ہین آپ بالکل خلوت نشین تھے شریعت کے سخت پابند تھے، ذکر و اذکار مین بسر
اوقات ہوتی تھی، ایسے نفوس قدسیہ کا اُٹھ جانا ایک حادثۂ عظیم ہے آپ کی
وفات سے سلمانان بہار و اُڑیسہ کو خصوصًا اور دیگر صوبہ کے مسلمانون کو عمومًا دلی
افسوس اور قلق ہے۔

اور ندوۃ العلماء کے سر سے تو ایک ایسے شخص کی سرپرستی کا سایہ اُٹھ گیا ہے جسکو
آنکھین مدتون ڈھونڈھین گی۔

(۱۷) اپریل سنہ ۱۹۱۹ء مین جبکہ ندوۃ العلماء کا اٹھارھوان سالانہ اجلاس بلگام (بمبئی)
مین ہو رہا تھا، انھین ایام مین دار العلوم ندوۃ العلماء کے قابل ترین مہتمم اور مدرس اعلی
جناب مولانا سید امیر علی صاحب (مؤلف تفسیر مواہب الرحمان وغیرہ) سخت علیل
ہوئے اور دو چار روز کی معمولی علالت کے بعد ۲۶-اپریل سنہ ۱۹۱۹ء کو جنت الفردوس
کی راہ لی۔ دار العلوم کے واسطے یہ حادثہ اتنا سخت تھا کہ جسوقت مولانا سید عبدالحی
صاحب ناظم ندوۃ العلماء (مرحوم) بلگام کے جلسہ سے واپس آئے اور یہ خبر سنی
تو اُن کو نہایت رنج و قلق ہوا، اور عرصۂ دراز تک بار بار مولانا مرحوم کے علم و
فضل کا تذکرہ کرتے ہوئے افسوس کرتے رہے، علامہ شبلی مرحوم ان کے علم و فضل کے

خاص قدر شناس تھے،

اس مین شک نہین کہ مولانا کا علم وفضل اور تبحر علمی غیر معمولی تھا خصوصًا علم حدیث اور اسماء الرجال مین ید طولی رکھتے تھے، اس قحط الرجال کے زمانہ مین اتنے بڑے عالم اور محدث کی موت حقیقت مین موت العالم کا صحیح مصداق ہی

ہم سب کو سب سے زیادہ اسکا قلق ہے کہ اُن کی بہترین زندگی منشی نولکشور آنجہانی کے پریس مین ختم ہوئی اور دار العلوم کے طلبہ زیادہ عرصہ تک ان کے علم وفضل سے مستفید نہ ہوسکے بہرحال دار العلوم کے جن جن طالبعلمون نے مولانا سے علمی فیض حاصل کیا ہے مجھکو معلوم ہے کہ وہ اپنے دلون مین مولانا مرحوم کے علمی تبحر کا گہرا نقش رکھتے ہین اور میرا خیال ہے کہ وہ انکو کبھی فراموش نہ کرین گے اور ہمیشہ دعاے خیر سے یاد کرتے رہین گے۔

حضرات ! - ابھی ان افسوسناک حادثات کی طویل فہرست تمام نہین ہوئی اب ایک ایسے حادثہ کا آخری ذکر باقی ہے جو اپنی نوعیت اور عظمت کے لحاظ سے ان سب سے مختلف ہے اور مین نہین خیال کرسکتا ہون کہ بلاواسطہ ندوۃ العلما ر پر اس حادثہ کا کتنا بڑا اثر پڑا ہے اور اس وجہ سے اُسکی زندگی کس قدر پُر آشوب نظر آرہی ہے، گو یہ واقعہ سنہ ۱۹۲۳ء کا ہے لیکن سنہ ۱۹۲۴ء کے حادثات کے بعد سب سے علیحدہ اس کا ذکر اسوجہ سے کر رہا ہون تاکہ تفصیل کے ساتھ مین کچھ بیان کرسکون علاوہ ازین اس کی اہمیت بھی اسی کی مقتضی ہے -

۱۵- جمادی الاخری سنہ ۱۳۴۱ ہجری مطابق ۲- فروری سنہ ۱۹۲۳ء جمعہ کا دن ایسا ہے جو ہمیشہ ندوۃ العلمار کی تاریخ مین نہایت افسوس اور رنج وقلق کے ساتھ یادگار رہیگا- کیونکہ ندوۃ العلمار کے لیئے یہی وہ قیامت خیز دن تھا جس کی آخر گھڑیون مین جناب مولانا حکیم سید عبدالحئی صاحب ناظم ندوۃ العلمار کا پیمانۂ عمر لبریز ہو رہا تھا گو آپ کی طبیعت دو ایک دن پہلے سے خراب تھی لیکن اس کا کسی کو وہم وگمان بھی نہ تھا کہ آج ہی کے دن وہ ہم سب لوگون سے جدا ہوجائینگے اور جس قابلیت واہلیت کے ساتھ رہبری فرما رہے تھے اُس سے ندوۃ العلمار ہمیشہ کے واسطے محروم ہوجائیگا ذلک تقدیر العزیز العلیم ؂

"لائی حیات آئے، قضا لے چلی، چلے"
"اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی سے چلے"

آخر اس حیات اور موت کی کشمکش مین یہ آفتاب علم وفضل مغرب وعشار کے درمیان

ہمیشہ کے واسطے غروب ہوگیا - انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا مرحوم جسقدر ضابط اور شاکر تھے اس کی نظیر مشکل سے ملے گی اور اسکا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اُس دن چار بجے کے قریب باوجود اضمحلال طبیعت اور درد کی بیچینی کے ندوۃ العلماء کے ضروری ضروری کام اپنی خوشی سے انجام دیتے رہے اور اُس مراسلہ کو بھی خوب غور سے ملاحظہ فرمایا جو ندوۃ العلماء کے صیغۂ وظائف کے واسطے عالیجناب نواب محسن الملک جنرل حافظ عبید اللہ خان صاحب بالقابہ مرحوم و مغفور کی خدمت مین بھوپال بھیجنے کے واسطے (منجانب ارکان انتظامیہ) میرے قلم سے لکھواکر خوشنویس سے صاف کرایا گیا تھا اس مراسلہ مین ایک دو جگہ جو خوشنویس نے لکھنے مین غلطی کی تھی اس کی صحت اپنے قلم سے فرمائی اور اس کے بعد اپنے دستخط کیے اور مددگار ناظم صاحب کو ہدایت فرمائی کہ دیگر ارکان انتظامیہ سے بلا تاخیر دستخط کرانے کے بعد جلد از جلد اس کو بھوپال روانہ کر دین۔

اس حکم کی تعمیل کے واسطے مددگار ناظم صاحب اجازت لیکر ندوۃ العلماء کے کتب خانہ مین (جہان اُسوقت ندوۃ العلماء کا دفتر بھی تھا) پہونچے، بعد نماز مغرب مولانا کا پیغام پہونچا کہ "آپ کو بلاتے ہین" اس فوری طلبی پر مددگار ناظم صاحب کو کچھ اندیشہ ضرور ہوا کہ کوئی نئی بات تو پیش نہین آئی لیکن اُسوقت اُس کا کوئی علم نہین ہو سکا جسوقت یہ مولانا مرحوم کی خدمت مین پہونچے تو مولانا حبیب الرحمن خان صاحب محدث دار العلوم مولانا کے پاس کرسی پر بیٹھے دار العلوم کی حالت بیان کر رہے تھے، مددگار ناظم صاحب نے پہونچتے ہی دریافت کیا

کہ خیریت ہے اس کے جواب مین فرمایا کہ "بیٹھ جائیے" اس کے بعد اپنی حالت بیان کی کہ درد کی کچھ تکلیف ہے اور انکو ڈاکٹر محمد نعیم انصاری صاحب کے پاس بلانے کو بھیجا چنانچہ وہ اُسی وقت اُن کی خدمت مین حاضر ہوئے مگر افسوس ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف اسوقت اپنے گھر پر موجود نہ تھے وہان سے واپسی کے بعد مولانا مرحوم بالکل غافل پائے گئے اسی پریشانی وسراسیمگی کی حالت مین مولانا مرحوم کے دیگر احباب کو اس کی خبر دیتے ہوئے مددگار ناظم صاحب ڈاکٹر ٹنڈن صاحب کو بلانے گئے سوٗ اتفاق سے ڈاکٹر صاحب ممدوح بھی نہین ملے۔ بعجلت تمام پھر وہان سے واپس ہوئے تو پھر اُسوقت یہ غل تھا کہ مولانا کی روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی ہے اور اب کچھ بھی آس باقی نہین ہے، اُسوقت کئی دوسرے ڈاکٹر اور طبیب موجود تھے جنھون نے نبض وغیرہ دیکھکر بالاتفاق اسکی تصدیق کی۔

اس خبر نے تمام لوگون کو شکستہ خاطر کردیا اور بجلی کی طرح یہ خبر سارے شہر مین دوڑ گئی اور نو دس بجے شب تک کثیر آدمیون کا مجمع ہوگیا اور بعد بحث یہ طے پایا کہ مولانا کے وطن مالوف مین تجہیز وتکفین مناسب اور ضروری ہے چنانچہ اسی وقت سے اسکا انتظام کیا گیا تین بجے شب کے قریب موٹر کے ذریعہ جنازہ رائے بریلی گیا اور ۱۳۔ فروری ۱۹۲۳ء روز شنبہ کی صبحکو وہان پہونچا اور بعد نماز ظہر کے حضرت شاہ علم اللہ رحمۃ اللہ علیہ وحضرت لال شاہ صاحب کے پائین مزار مدفون ہوئے جو مولانا ممدوح کے مورث اعلیٰ اور اپنے وقت کے بڑے نامور بزرگ تھے شہر لکھنؤ کے بھی خاص خاص لوگ اس رسم مین شریک تھے اور راقم الحروف بھی موجود تھا، بعد تجہیز وتکفین سب لوگ بصد حسرت وآہ

ایک ایک کرکے لکھنؤ واپس آ ئے۔

بہرحال مولانا کی وفات کوئی معمولی حادثہ نہ تھا اسوجہ سے خصوصیت کے ساتھ تین روز تک اس رنج وغم مین دارالعلوم، کتب خانہ اور دفتر ندوۃ العلما بند رہا۔

اس کے بعد آیندہ انتظام کی نسبت ۵ فروری ۱۹۲۳ء کو مجلس نظامت کا غیر معمولی جلسہ طلب کیا گیا اور اُس مین نظامت کا کام خاکسار کے سپرد کیا گیا۔

جسوقت مین نے اپنے ہاتھ مین اس کام کو لیا سب سے پہلے نہایت رنج و افسوس کے ساتھ تمام ارکان ندوۃ العلماء، بہی خواہان ندوۃ العلماء، ایڈیٹران اخبار اور مختلف انجمنون کو اس حادثہ فاجعہ کی اطلاع دی اور جون جون یہ خبر مشتہر ہوتی گئی سب نے بالاتفاق اظہار افسوس کیا اور کثرت سے خطوط تعزیت بھیجے، اس کے علاوہ مختلف انجمنون نے بھی جلسہ کرکے اظہار تعزیت کے رزولیوشن بھیجے۔

اور ایک بہت بڑا جلسہ اظہار افسوس کے واسطے امریکہ مین بھی ہوا جو مولانا مرحوم کی ہر دلعزیزی کی بین دلیل ہے

جن لوگون نے تعزیت کے خطوط اور قطعات تاریخ وفات بھیجکر اپنی پوری ہمدردی کا اظہار فرمایا اُن سب کے اسمائے گرامی اور تمام اخبارون کی تحریرین بوجہ طوالت کے درج کرنے سے تو معذوری ہے۔

تاہم اُن مین سے بعض قابل لحاظ خطوط کا ذکر نہ کرنا بڑی ناشکرگزاری کا باعث ہوگا۔ اسواسطے سب سے پہلے مین حضرت مولانا سید شاہ بدرالدین صاحب سجادہ نشین خانقاہ پھلواری شریف ضلع پٹنہ و امیر الشریعۃ صوبۂ بہار و اڑیسہ و سرپرست ندوۃ العلماء کا نامۂ گرامی بجنسہ درج ذیل کرتا ہون۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم

جناب مکرم محتشم دامت احتشامکم۔

بعد سلام مسنون الاسلام، آپ کا عنایت نامہ چھپا ہوا موصول ہوا جس مین خبر وحشت اثر وفات کی میرے محب مرحوم حکیم سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلماء کی درج ہے۔ اللھم اغفرلہ وارحمہ ولاتضلنا بعدہٗ۔

اُن کے انتقال سے دل پر رنج وغم کا بار آپڑا۔ ندوۃ العلماء کی مجلس ان کی جسقدر محتاج تھی اس سے ظاہر ہے کہ اُن کے مکرر استعفاء کو بالاتفاق نامنظور کیا گیا اُنکے جد وجہد موفور اور سعی مشکور اور حسن انتظام سے اراکین ندوہ اور اس سے تعلق رکھنے والے شکرگزار رہے اور آیندہ کے لیئے بہت کچھ امیدوار تھے آج وہ سب اُمیدین جاتی رہین ؎

برلوح دل چو تختۂ تعلیم کودکان ہر حرفِ آرزو کہ نوشتم خراب شد

ندوہ پر یہ مصیبت بہت سخت ہے لیکن اللہ تعالیٰ ان کی جگہ پر ندوۃ العلماء کو نعم البدل عطا فرمائے تو عقل سے بعید نہین ان ذلک علی اللہ یسیر وانہ علیٰ کل شئی قدیر مرحوم کو اللہ تعالیٰ ہم لوگون کی طرف سے جزائے خیر دے انکی تربت کو روضۃ من ریاض الجنۃ بنائے۔ اُن کی قبر مین وسعت اور نور عطا فرمائے اور اپنی رحمت و رضا سے اُنکی روح کو خوشنود کرے انکی اہل اور اولاد کو صبر وسکون عطا فرمائے۔

یہان ایصال ثواب کی غرض سے ختم قرآن مجید کا انتظام کر دیا گیا ہے۔ والسلام
حزین و غمگین محمد بدر الدین - سلخ جمادی الاخری شنبہ ۱۳۴۱ھ

مدرسہ عربیہ دیوبند کی طرف سے تعزیت کا خط

بگرامی خدمت مکرمی و محترمی جناب صفی الدولہ حسام الملک نواب سید محمد علی حسن خانصاحب دام مجدکم
بعد سلام مسنون کے گزارش ہے گرامی نامہ مورخہ ۶۔ فروری ۱۹۲۳ء نمبری ۹۸ مطبوعہ
مع کارروائی جلسۂ غیر معمولی شرف صدور لایا، ممنون فرمایا مولانا حکیم عبدالحی صاحب
کی وفات کا حال اخبارات سے معلوم ہوا تھا، درحقیقت مولانا کی وفات سے
عالم اسلامی کو صدمہ پہونچا ہے، اور علما کی جماعت سے ایک گوہر بے بہا کے کم ہوجانے
سے جسقدر بھی جماعت علماء کو ملال اور افسوس ہو کم ہے، مولانا کی ذات گرامی
ندوۃ العلماء کے لیئے روح روان تھی اور مولانا اُس کے فدائی تھے۔ مین اور
یہان کی تمام جماعت مولانا مرحوم کے لیے دعاے مغفرت کرتی ہے حق تعالےٰ
مرحوم کی مغفرت فرماکر جوار رحمت مین جگہ عطا فرمائے اور پس ماندگان کو صبر
جمیل عطا فرمائے۔

عزیز الرحمن قائم مقام مہتمم مدرسہ دیوبند۔ ۹ رجب ۱۳۴۱ھ

قطعات تاریخ مین بعض قطعات حسب ذیل ہین۔

از شمس العلما مولانا حاجی حافظ ابو الحامد محمد عبد الحمید صاحب فرنگی محلی لکھنوی

مولوی و حکیم عبد الحی — بود از ونظم ندوۃ العلماء
عالمِ باعمل طبیب و ادیب — ہادی دین پاک و شرع ہدیٰ
ناگہان حکم ارجعی چو شنید — شد روان سوے جنت الماوی
از صفات کمال او حامد — گفت تاریخ فاضلِ یکتا
۱۳۴۱ھ

از نتائج افکار جناب مولوی حاجی حافظ شاہ نذر الرحمن صاحب حفیظ عظیم آبادی

میرے سچے دوست عالم باعمل صوفی حکیم — سید عبد الحیٔ لقب معروف اور مشہور ہی
چل بسے اس دار فانی سے سوِ دار البقا — اے حفیظ اس صدمۂ جانکاہ سے دل چور ہی
مغفرت کی مین نے جب اللہ سے کی التجا — دی یہ ہاتف نے صدا تاریخ ہی مغفور ہی
۱۳۴۱ھ

ولہ

حفیظ افسوس عبد الحی جسیم — مقدس پاک طینت جنت آراے
ز سال رحلتش ہاتف ندا کرد — بہ ہجری گو دریغا حیف اے واے
۱۳۴۱ھ

مولانا مرحوم اور ندوۃ العلماء کی خدمات

مولانا ے ممدوح عنفوان شباب سے زندگی کے آخری لمحہ تک کسی نہ کسی حیثیت کے ساتھ ندوۃ العلماء کی بہترین خدمت کرتے رہے - خاص خاص ارکان انتظامیہ کو اسکا علم ہے کہ ندوۃ العلماء کی ابتدائی زندگی بڑے خطرہ مین تھی اُسوقت اُنھین کی ذات گرامی تھی جس نے اسکا مقابلہ کیا اور اسکو تباہ ہوجانے سے بچایا ورنہ ندوۃ العلماء اور اُس کی عظیم الشان مذہبی درسگاہ کا نام ونشان بھی باقی نہ رہتا اور اس سے جو فوائد مسلمانون کو پہونچے اور پہونچ رہے ہین نہ پہونچتے،

علاوہ اس کے بسا اوقات ندوۃ العلماء کے کامون کی وجہ سے اُنکے پیشہ طبابت مین بڑا خلل ہوتا تھا اور اس کی وجہ سے انکو بارہا کثیر مالی نقصان پہونچا مگر کبھی ان کی پیشانی پر بل نہ آیا مولانا مرحوم کو شہرت اور نمود کی مطلق پرواہ نہ تھی اسی وجہ سے وہ خاموشی کے ساتھ کام کرنے کو زیادہ پسند کرتے تھے گو معاش کا ذریعہ صرف پیشۂ طبابت تھا جسمین عموماً قوت گویائی کو قابلیت سے زیادہ دخل ہے مگر اس مین بھی وہ اپنی وضع کے پابند رہے -

انھین وجوہ کی بناء پر ان کی علمی قابلیت اور خاندانی عظمت و بزرگی کے حالات سے اکثر اصحاب بیخبر ہین -

مولانا مرحوم کی علمی خدمات

مولانا مرحوم نے اپنی تمام زندگی علم و مذہب کی خدمت مین وقف کردی تھی

زندگی بھر مذہبی خدمت جو کرتے رہے اس کا ذکر تو ندوۃ العلمار کی خدمات کے سلسلہ مین اوپر آچکا ہے لیکن آپ کی علمی کاوش کا نتیجہ وہ نادر تصنیفات ہین جو آپ نے مختلف علوم وفنون مین عربی، فارسی، اور اُردو زبانون مین لکھی ہین۔ خصوصاً عربی زبان مین ہندوستان کی علمی، تمدنی، سیاسی تاریخ اور مسلمان مشاہیر ہند کا جو تذکرہ دس بارہ جلدون مین لکھا ہے وہ اپنی نوعیت اور موضوع کے لحاظ سے بے نظیر تصنیف کہی جاسکتی ہے۔

مندرجۂ بالا بیان اور احوال سے آپ نے اسکا اندازہ فرمایا ہوگا کہ مولانا سید عبدالحئی صاحب مرحوم کی وفات سے ندوۃ العلمار اور عالم اسلامی کو کسقدر مصیبت کا سامنا ہوا۔

اجلاس سالانہ ندوۃ العلمار کے انعقاد کی کوشش اور اُسکا پے در پے التوا

اجلاس ہیزدہم ندوۃ العلمار (منعقدۂ بلگام) کے ختم ہوجانے کے بعد جو اپریل ۱۹۱۹ء مین ہوا تھا یہ فکر لاحق ہوئی کہ اپریل ۱۹۲۰ء مین ندوۃ العلما کا اجلاس کہان کیا جائے یہ مسئلہ زیر غور ہی تھا کہ آنریبل مولوی شرف الدین صاحب کا گیا سے ایک تار مولوی غلام محمد صاحب شملوی کی طلبی مین آیا۔

چونکہ آنریبل موصوف مقتدر ارکان انتظامیہ مین سے تھے اس لیے آپ کی تحریک پر بلا پس وپیش سب کامون کو ملتوی کرکے مولوی غلام محمد صاحب شملوی کو گیا تشریف لیجانیکی بخوشی اجازت دیگئی اور مخصوص ہدایتین ندوۃ العلما، کے مفاد کے متعلق ناظم صاحب ندوۃ العلمار (مرحوم) نے کردین جسمین آیندہ اجلاس ندوۃ العلما، کی تحریک خاص طور پر قابل ذکر ہے، مولانا غلام محمد صاحب شملوی

ندوۃ العلماء کے جیسے ہر دلعزیز اور قابل سفیر ہین - اس کے اعادہ کی ضرورت نہین،
مولانا نے نہایت موثر طریقے سے ندوۃ العلماء کے آیندہ اجلاس کے واسطے تحریک
کی اور خاص خاص لوگون سے گفتگو کی اس مین مولانا کو بہت بڑی کامیابی ہوئی
اور تقریبًا یہ طے ہو گیا تھا کہ ندوۃ العلماء کا آیندہ اجلاس سنہ ۱۹۲۰ء گیا مین منعقد ہو۔

مولانا نے واپس آکر باضابطہ طور پر یہ مسرت بخش خبر سنائی - اس کے
چند ہی روز بعد گیا کے مقتدر اور بااثر اصحاب کا جلسہ ہوا اور اس مین باضابطہ
قرار پایا کہ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء کے واسطے ندوۃ العلماء کو سالانہ جلسہ کی یہان دعوت
دیجائے اور اسکا اعلان بھی کر دیا گیا اور مجلس استقبالیہ نے اشتہارات وغیرہ بھی
چھپوائے اور ندوۃ العلماء کی جانب سے خطوط اور اعلان چھپوائے گئے اور مختلف
اطراف او جوانب مین سفراء روانہ کیے گئے، کام نہایت سرگرمی اور بلند آہنگی
سے ہو رہا تھا کہ دفعتًہ طاعون اور امراض وبائیہ کے نمودار ہو جانے سے مجلس
استقبالیہ نے مجبورًا اپریل سنہ ۱۹۲۰ء مین جلسہ کو ملتوی کر کے اکتوبر مین جلسہ کرنے کا
فیصلہ کیا -

چونکہ مجلس مذکور نے یہ فیصلہ کر دیا تھا اس لیے ارکان انتظامیہ ندوۃ العلماء نے
وہان کے حالات موجودہ کو پیش نظر رکھکر اس فیصلہ کو منظور کیا اور اخبارات وغیرہ
مین اسکی عام اطلاع شائع کرا دی -

مجلس استقبالیہ کی سرگرمی اور وہان کے عام حالات کے لحاظ سے اسکی
پوری امید تھی کہ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء مین نہایت شاندار طریقہ سے جلسہ کا انتظام ہوگا
مگر جب جلسہ کو دو تین مہینے باقی رہ گئے اور باوجود خط و کتابت کے کوئی اطمینان بخش

اطلاع نہین ملی تو مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلماء کو گیا تشریف لیجانے کی تکلیف دیگئی، اور وہ عرصہ تک وہان رہے مولانا ممدوح کی موجودگی سے مجلس استقبالیہ مین جلسہ کرنے کی آمادگی پیدا ہوگئی مگر اکتوبر مین پھر بعض ناگزیر وجوہ کی بنا پر مجلس استقبالیہ جلسہ کرنے پر آمادہ نہیں ہوئی اور بجائے اکتوبر کے آخر (تعطیل) دسمبر مین جلسہ کرنے کا فیصلہ کردیا۔

مولانا نے ارکان ندوۃ العلماء کو مجلس استقبالیہ کے اس فیصلہ کی فوراً اطلاع دی مگر ارکان انتظامیہ ندوۃ العلماء نے اس خیال سے کہ مسلم لیگ، کانفرنس اور دوسری بڑی بڑی انجمنون کے جلسے خصوصیت کے ساتھ اسی زمانہ مین ہوتے ہین بالاتفاق اس تجویز کو نامنظور کیا اور آیندہ اپریل مین کسی اور مناسب و موزون جگہ پر جلسہ کرنے کی راے دی، اس طرح جلسۂ ملتوی ہوگیا اور اسکا اعلان کردیا گیا اور جو خط جناب خان بہادر آنریبل خواجہ محمد نور صاحب سکریٹری مجلس استقبالیہ کی خدمت مین گیا بھیجا گیا تھا اسکا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

ارکان ندوۃ العلماء نے مجھکو ہدایت کی ہے کہ مین رؤساے گیا کی توجہ اور عنایت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس بات کو ظاہر کردون کہ وہ دسمبر مین ندوۃ العلماء کا جلسۂ سالانہ کیا جانا پسند نہین کرتے وہ زمانہ مسلمانون کی مشغولی کا ہوتا ہے، کانفرنس، لیگ اور دیگر جلسون کی شرکت سے ندوۃ العلماء کے جلسہ کی اہمیت باقی نہین رہ سکتی۔

ارکان ندوۃ العلماء نے نہایت افسوس اور مجبوری کے ساتھ اس سال ندوۃ العلماء کے سالانہ جلسہ نہ ہونے کا فیصلہ کردیا ہے مگر رؤساے گیا کی فیاضی اور سیرچشمی پر نظر کرتے ہوئے اس بات کی توقع رکھتے ہین کہ جو مالی نقصان اس سال ندوۃ العلماء کو پہونچا ہے

اس کی تلافی چندۂ میزبانی سے فرمائیں گے۔ آخر میں پھر وہ تمام عہدہ داران و ارکان مجلس استقبالیہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اُنھوں نے اس سال اپنے بیش بہا اوقات کا بہت بڑا حصہ ندوۃ العلماء کے سود و بہبود کے خیال میں صرف فرمایا ہے اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جزاے خیر عطا فرمائے۔ ۲۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء نمبر ۴۷

اس کارروائی کے بعد پھر مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلماء کو روانہ کیا گیا وہ کچھ دنوں وہاں رہے۔ اس خط و کتابت اور مولانا کے قیام کا یہ نتیجہ نکلا کہ نہایت فراخ دلی سے مجلس استقبالیہ نے یہ فیصلہ کر دیا کہ جو کچھ چندۂ میزبانی وغیرہ جمع ہوا ہے وہ سب ندوۃ العلماء کو ملنا چاہیئے چنانچہ ۲۱۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء کو ال‍ صہ عہ نقد بذریعۂ بیمہ کے وصول ہوا جو نہایت شکر گزاری کے ساتھ ندوۃ العلماء کے خزانہ میں جمع کر دیا گیا۔ اسکے بعد مولانا غلام محمد صاحب شملوی حسب مندرجۂ ذیل خط اور گوشوارہ ۲۳۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء کو اپنے ساتھ لائے۔ گیا

۱۶۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

مخدومی و مکرمی جناب ناظم صاحب

تسلیم عرض ہے، جناب کا گرامی نامہ نمبر ۴۷ مورخہ ۲۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء موصول ہوا اور ایگزیکٹیو کمیٹی انجمن استقبالیہ میں پیش کیا گیا، ارکان انجمن نے ارکان ندوۃ العلما سے اختلاف مناسب نہ سمجھکر آیندہ اجلاس کا گیا میں منعقد نہیں کرنا نہایت افسوس و حسرت کے ساتھ قبول کیا اور یہ تجویز منظور ہوئی کہ تحصیل شدہ چندہ کی باقی تحویل مبلغ ایکہزار ساٹھ روپیہ کے ساتھ کچھ اور روپیہ تحصیل کرکے فی الحال مبلغ پندرہ سو روپیہ

دفتر ندوہ کو بھیجدیا جائے اور کچھ عرصہ مین مبلغ پانچسو روپیہ اور بھی تحصیل کر کے
بھیجا جائے غرضکہ جملہ مبلغ دو ہزار روپیہ ندوہ کو دیا جانا منظور کیا گیا۔ گوشوارہ
آمد و صرف و چندہ دہندگان کی فہرست بھی ارسال خدمت ہے امید کہ براہ کرم اسکو
اپنی رپورٹ کے شامل شائع فرمادیجیے اور اخبارات مین اعلان کر دیا جائے

(دستخط آنریبل خان بہادر) خواجہ محمد نور صاحب)
سکریٹری مجلس استقبالیہ

نقل گوشوارہ آمد و صرف انجمن استقبالیہ ندوۃ العلماء

مقام گیا - واقع رجب ۱۳۳۸ھ مطابق اپریل ۱۹۲۰ء

آمدنی		صرف	
عطیہ جناب سید ظفر نواب صاحب رئیس گیا	[illegible]	خرچ ڈاک و تار	[illegible]
تحصیل چندہ از شہر گیا و متعلقات	[illegible]	کاغذ و لفافہ	[illegible]
چندہ بیرونجات	[illegible]	سفر خرچ سفراے ندوۃ العلماء	[illegible]
تفصیل [illegible]		متفرقات	[illegible]
بذریعہ مولانا غلام محمد صاحب شملوی [illegible]		خرچ طبع اشتہارات	[illegible]
بذریعہ مولوی احمد حسن صاحب سفیر ندوہ [illegible]		تنخواہ ملازمین	[illegible]
بذریعہ مولوی محمد حسن صاحب سفیر ندوہ [illegible]		جملہ	[illegible]
بذریعہ مولوی سید حسن شاہ صاحب سفیر ندوہ [illegible]			

عطیہ جناب خان بہادر قاضی فرزند احمد صاحب رئیس گیا	ما صہ	ارسال نقد دفتر ندوۃ العلماء	الصما صہ
از مولوی نور محمد صاحب انجم مالک انجم کمپنی گیا	ما ر	میزان کل الصما صہ ۱۱ر۹	
میزان کل آمدنی السالعہ ۲ر۶		باقی در تحویل نائب سکریٹری مجلس استقبالیہ عہ ۹	
		میزان کل السالعہ ۲ر۶ دستخط عبد العزیز نائب سکریٹری انجمن استقبالیہ گیا	

اب مین اس سلسلہ کو بیان کر کے ختم کرتے ہوئے جناب قاضی فرزند احمد صاحب رئیس وصدر مجلس استقبالیہ گیا جنھون نے مہمانون کے تمام مصارف کی ذمہ داری اپنے سر لی تھی اور جناب آنریبل خواجہ محمد نور صاحب سکریٹری مجلس استقبالیہ کا جنھون نے اپنا قیمتی وقت اجلاس کے کامیاب بنانے مین صرف فرمایا تھا نیز جناب سید ظفر نواب صاحب رئیس گیا اور دیگر رؤسا وعہدہ داران وارکان مجلس استقبالیہ کا خصوصیت کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہون۔

اس کے بعد ترک موالات اور خلافت کے جلسون نے دوسرے قومی انجمنون کے جلسون کو ناممکن بنا دیا اور اس کی اہمیت اور ضرورت کے سامنے مسلمانون کی توجہ دوسری جانب مبذول کرنا قرین مصلحت بھی نہ تھا اسواسطے خاموشی کے ساتھ پوری توجہ ندوۃ العلماء کے بقاء اور استحکام کی طرف مبذول رکھی گئی اور خدا کا شکر ہے کہ باوجود مالی دشواریون اور دقتون کے اُسکے موجودہ نظام مین کسی طرح کا خلل واقع نہین ہونے پایا اور اس حالت کو ارکان ندوۃ العلماء نے بہت ہی غنیمت خیال کیا،

لیکن باوجود ان سب باتون کے اُن کو ہمیشہ یہ خیال رہا کہ اگر ذرا بھی موقع اور وقت اس کی اجازت دے، تو جسطرح بھی ممکن ہو کہین نہ کہین ندوۃ العلمار کا اجلاس منعقد کیا جائے۔ اس خیال کو عملی صورت مین لانے کے واسطے مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلمار کو ممالک متوسط اور برار کے دورہ کے واسطے بھیجا گیا، وہان کچھ دنون کام کرنے کے بعد مولانا نے اجلاس ندوۃ العلماء کے انعقاد کی تحریک صوبہ برار کے مشہور مقام امراؤتی مین کی یہ زمانہ بھی وہی خلافت کی تحریک کے شباب کا تھا لیکن کسی نہ کسی طرح ندوۃ العلما کے اجلاس کی تحریک مین روح پھونکی گئی اور قریب قریب یہ قرار پا گیا تھا کہ ندوۃ العلمار کا اجلاس امراؤتی مین ہو کہ دفعتہً اس جلسہ کی تحریک کے روح روان مولانا غلام محمد صاحب شملوی ایسے سخت بیمار ہوئے کہ جان کے لالے پڑ گئے مجبورًا وہان سے واپس آئے۔

مولانا ممدوح کی اس طویل علالت کے باعث وہ سب کارروائی کالعدم ہونیکے علاوہ ملک کی عام حالت اور بھی کچھ ایسی ناخوشگوار ہو گئی کہ کچھ بنائے نہ بنی یہانتک کہ سنہ ۱۹۲۲ء بھی قریب قریب ختم ہو گیا، سنہ ۱۹۲۳ء کے واسطے یہ خیال تھا کہ اس سال ندوۃ العلمار کا سالانہ جلسہ کہین نہ کہین ضرور ہو اور اس غرض سے مختلف اطراف مین سفرا بھی روانہ کیے گئے لیکن افسوس ہے کہ ابھی سال شروع ہی ہوا تھا کہ (۲ فروری سنہ ۱۹۲۳ء کو) بلا کسی وہم وگمان کے مولانا سید عبدالحی صاحب (ناظم ندوالعلمار) نے وفات پائی ع

آن قدح بشکست وآن ساقی نماند ؎

اب بجائے اس کے کہ اجلاس ندوۃ العلمار کی فکر کیجاتی سب کامون کو سنبھالنے اور قابو مین رکھنے کی فکرین لاحق ہوئین ۔ خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ ندوۃ العلمار کا

نظام قائم رہا اور کسی قسم کی ابتری وخرابی پیدا نہین ہونے پائی اور باوجود شکستہ خاطری اور اُن حوادثات اور سانحات کے دیگر ضروری ضروری کامون کے ساتھ ہی ساتھ برابر اجلاس سالانہ کی بھی کوشش کیجاتی رہی۔ ہنوز کوشش جاری تھی کہ ارکان انتظامیہ نے بعض مصالح اور مفاد ندوۃ العلما کے لحاظ سے یہ ہی مناسب خیال کیا کہ امسال ندوۃ العلما کا سالانہ جلسہ لکھنؤ مین منعقد کیا جائے جب جلسہ انتظامیہ منعقدہ ۲۹ ستمبر ۱۹۲۲ء مین اسکا فیصلہ ہوگیا تو اُس کی خاص طور پر کوشش شروع کی گئی اور وہ خدا کے فضل سے بار آور ہوئی چنانچہ آج اُس کا اجلاس یہان ہو رہا ہے فالحمد للّٰہ علی ذلک ۔

جلسہ ہاے انتظامیہ ومجلس نظامت

جلسہ انتظامیہ

منعقدہ سنہ ۱۹۱۹ء

اجلاس ہیزدہم ندوۃ العلما منعقدہ بلگام اپریل سنہ ۱۹۱۹ء کے بعد صرف ایک ہی مرتبہ مجلس انتظامی کا جلسہ ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء کو منعقد ہو سکا جس مین پچھلے جلسہ منعقدہ ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء کی کارروائی کی تصدیق اور دیگر حسابات اور الٰہ جات بابتہ مصارف مقدمہ وقف کرنال وتقرر مہتمم کتب خانہ کی منظوری حاصل کی گئی نیز گیا سے جلسہ سالانہ کے واسطے جو دعوت نامہ آیا تھا وہ پیش ہوکر منظور ہوا اسکے علاوہ ناظم صاحب ندوۃ العلما نے کمشنر قسمت لکھنؤ کی وہ چٹھی پیش کی جو عمارت دار العلوم کے

تبادلہ کے متعلق آئی تھی، اس کے بعد اس کے متعلق ارکان انتظامیہ کی موصولہ رائین پڑھی گئین اور اُن مطالبون اور شرطون کے ساتھ جو ناظم ندوۃ العلماء نے اپنی چٹھی موسومہ کمشنر صاحب مین لکھی ہین تبادلہ کی راے دی بشرطیکہ جلسۂ عام سالانہ ندوۃ العلما بھی تائید کرے (جس کا مفصل ذکر آگے آئے گا)

جلسۂ انتظامیہ ۱۹۲۰ء

۱۹۲۰ء مین صرف دو مرتبہ مجلس انتظامی کے جلسے ہوے جن مین ضابطہ کی کارروائی کے علاوہ مختلف صوبون سے ارکان اور عہدہ دارون کے قابل اطمینان انتخاب کی کارروائی حسابات اور بجٹ کی منظوری اور اندرونی نظم ونسق سے متعلق قرار دین طے ہوئین نیز وقف کرنال کا مسودہ دستور العمل ایک سب کمیٹی کے سپرد کیا گیا جس نے بعد غور وبحث کے اسکو منظور کر کے دفتر وقف کرنال مین بھیجدیا اور بوجہ علالت مولانا سید عبدالحئی صاحب ناظم ندوۃ العلماء کے جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری انچارج ناظم منتخب ہوئے۔

لیکن سب سے بڑا اہتم بالشان مسئلہ ۱۵ - نومبر ۱۹۲۰ء کے دوسرے جلسہ مین ترک امداد سرکاری کا پیش ہوا اور زائد از دو ثلث کثرت آرا سے یہ طے ہوا کہ (گرانٹ ان ایڈ) امداد سرکاری (پانچسو روپیہ ماہوار کی) جو دار العلوم ندوۃ العلماء کو گورنمنٹ سے ملتی ہے اسکا لینا بند کر دیا جائے۔ اسکے ساتھ ہی یہ تجویز بھی منظور کی گئی کہ اس طرح پر جو کمی آمدنی مین ہوگی اسکو عامۂ مسلمین کی امداد سے پورا کرنے کی استدعا کی جائے۔ مگر کسی حالت مین معیار تعلیم کو

کم نہونے دیا جائے بلکہ اور بلند کرنے کے اسباب مہیا کیے جائین، مولانا سید سلیمان صاحب ندوی، اور مولانا حمید الدین صاحب بی - اے سابق پرنسپل دار العلوم حیدرآباد دکن نے ہر دوسرے مہینے دس دن کے واسطے دار العلوم مین قیام فرما کر معیار تعلیم کو بہتر بنانے کی ذمہ داری بھی قبول فرمائی - بہرحال اس تجویز کے موافق عامۂ مسلمین سے پُر زور استدعا کی گئی، پمفلٹ چھپوائے اور تقسیم کیے گئے اس کے علاوہ تمام اخبارات کو اسطرف توجہ دلائی گئی، اُنھون نے بھی اپنی پُرزور آواز تمام ملک مین پھیلائی اور کچھ چندے بھی حاصل ہوئے اس کے بعد مرکزی خلافت کمیٹی بھی پانچسو روپیہ ماہوار کی امداد کئی سال تک دیتی رہی مگر افسوس ہے کہ اُس مستقل چھ ہزار روپیہ سالانہ کی امداد کی ہنوز تلافی نہین ہوسکی -

جلسہ انتظامیہ سنہ ۲۲و۱۹۲۲ء

ان دونون سنون مین ایک ایک بار صرف دو ہی جلسے ہوئے جن مین علاوہ پچھلی کارروائیون کی تصدیق کے ارکان انتظامیہ، ارکان نظامت، معتمد مال، اور منتقح حسابات کے انتخاب کی باقاعدہ کارروائی کی گئی - اور ان تمام عہدون اور جگہون کیلیئے بہترین اشخاص منتخب ہوئے نیز گوشوارہ مصارف سالانہ اور تخمینہ آمد وصرف ندوۃ العلمار مختلف عہدون کی ترمیم واضافہ کے ساتھ منظور ہوا -

جلسہ انتظامیہ سنہ ۱۹۲۳ء

اس سال دو مرتبہ جلسہ انتظامیہ ہوسکا - ان مین بھی حسب معمول پچھلے جلسہ انتظامیہ کی

کارروائیون کی تصدیق کے بعد مولانا سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلما کی ناگہانی وفات پر مجلس نظامت کے جلسۂ غیر معمولی منعقدہ ۵ فروری سنہ ۱۹۲۳ع مین جو کارروائی ہوئی تھی وہ تمام تعزیت نامون کے ساتھ پیش ہوئی اور متفقہ طور پر دلی افسوس اور رنج کے ساتھ دعائے مغفرت کرتے ہوئے منجانب ندوۃ العلما اُن کے حسن خدمات اور بے لوث قومی احسانات کے اعتراف مین یہ تجویز پیش کی گئی کہ دارالاقامہ جس کا سنگ بنیاد مولانا کے ہاتھون رکھا گیا تھا وہ ان کی بہترین یادگار ہو سکتی ہے لہذا وہ عمارت اُن کے نام سے موسوم کی جائے۔

اس اظہار افسوس کے بعد گوشوارہ سالانہ سنہ ۲۲-۱۹۲۳ع وغیرہ پیش ہو کر منظور ہوا مختلف صوبون سے ارکان انتظامیہ و ارکان مجلس نظامت کا قابل اطمینان طریقہ پر انتخاب ہوا اور جناب مولانا مولوی سید سلیمان صاحب ندوی معتمد دارالعلوم منتخب کیے گئے۔

اس کے علاوہ فتنۂ ارتداد کے انسداد کی طرف پوری توجہ مبذول کی گئی اور جناب مولوی مسعود علی صاحب ندوی کو منجانب ندوۃ العلما پوری سرگرمی کے ساتھ کام کرنے کی ذمہ داری سپرد کی گئی، اور خاکسار "ناظم ندوۃ العلما" خان بہادر جناب میر سید حسین صاحب معتمد مال، جناب میان عبد الغفور صاحب بی۔ اے منقح حسابات جناب مولوی مسعود علی صاحب معتمد تعمیرات منتخب ہوئے۔ اور ساتھ ہی اس کے فراہمی سرمایہ تعمیر دارالاقامہ کی خدمت بھی تفویض ہوئی۔

اس کے علاوہ اندرونی اور روزمرہ کی ضرورتون کی طرف خاکسار ناظم ندوۃ العلما نے ارکان انتظامیہ کو توجہ دلائی اور سب سے بڑا اہم مسئلہ یہ طے کر دیا گیا کہ گورنمنٹ بجائے کل

عمارت دارالعلوم معہ اراضی متعلقہ لینے کے جس جزو اراضی سے جس جزو اراضی کا تبادلہ کرنا چاہتی ہے وہ مجلس انتظامیہ کو اسوجہ سے منظور نہین ہے کہ جو جزء الاراضی ہم کو بدلے مین دی جاتی ہے وہ سیلاب زدہ رقبہ مین ہے۔

جلسۂ انتظامیہ سنہ ۱۹۲۴ء

مجھکو نہایت افسوس اور قلق ہے کہ اس سال صرف ایک ہی مرتبہ جلسۂ انتظامیہ ہو سکا۔ شروع سال ہی مین مین نے ہرچند چاہا کہ جلسۂ انتظامیہ ہو مگر ایسے ایسے ناگزیر واقعات پیش آئے کہ جلسہ کی تاریخ مقرر ہو ہو کر ملتوی ہوتی رہی یہانتک کہ ستمبر کا مہینہ شروع ہوا، اس مہینہ مین بھی جلسہ کا ہونا بعض وجوہ سے ناگزیر ہو گیا تھا مگر خدا نے فضل کیا اور آخر کار ۲۸-۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۴ء کے جلسۂ انتظامیہ کا نوٹس شائع کیا گیا اور خدا خدا کر کے ان دونون دنون مین جلسہ انتظامیہ ہوا اور ارکان ندوۃ العلماء دور دراز مقامات سے غیر معمولی طریقہ پر شرکت کے واسطے تشریف لائے اور جلسہ کی کارروائیون مین پوری توجہ فرمائی۔

اس جلسہ مین حسب معمول پچھلی کارروائیون کی تصدیق کے بعد تخمینۂ آمد و صرف ندوۃ العلماء، بعد غور و بحث کے منظور ہوا۔

جلسۂ سالانہ کے لکھنؤ مین انعقاد کی تجویز منظور ہوئی، اس کے علاوہ عہدہ دارون کے استعفے، اندرونی نظم و نسق اور حسابات کے باقاعدہ آڈٹ کرانے کی تجویزین اور حضرت مولانا سید شاہ بدرالدین صاحب سرپرست ندوۃ العلماء امیر الشریعۃ صوبۂ بہار و اڑیسہ اور عالیجناب نواب سر عالیجاہ محمد نصراللہ خان صاحب بہادر مرحوم و مغفور کے انتقال

پُر ملال کے متعلق تعزیتی تجویزین نہایت افسوس و رنج کے ساتھ منظور ہوئین۔

مجلس نظامت

سنہ ۱۹۱۹ء

سنہ ۱۹۱۹ء مین مجلس نظامت کے تین جلسے ہوئے۔ جن مین بعض مدرسین دار العلوم کے تقرر و تبدل و استقلال و ترقی و قواعد رخصت سے متعلق امور طے ہوئے، نیز اجلاس جلسہ بلگام ندوہ کی صدارت کے واسطے جو رائین آئی تھین وہ پیش ہوکر کثرت آرا سے طے کیا گیا کہ مولوی سر رحیم بخش صاحب بالقابہ صدر منتخب ہون۔ اور تین مہینے کیواسطے جدید سفیر کے تقرر کی منظوری حاصل کی گئی، صاحب کمشنر قسمت لکھنؤ کی چٹھی مورخہ ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء متعلق تبدیل عمارت دار العلوم پیش ہوکر بعد غور و بحث کے جو جواب تجویز کیا گیا اُس کے متعلق یہ طے ہوا کہ یہ جواب بھیجا جائے اور جلسۂ انتظامیہ ۲۱-۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء کی فرد کارروائی مین یہ تجویز شامل کی جائے،

اس کے علاوہ دسترکٹ انجنیر کی وہ چٹھی پیش ہوئی جو بنام ہیڈ ماسٹر دار العلوم آئی تھی اور جس مین اُنھون نے اس بات کی خواہش کی تھی کہ آرٹ اسکول کے پھاٹک سے زمین دار العلوم کے متصل گزرتی ہوئی ایک پختہ نالی بنوانے کی میری تجویز ہے امید ہے کہ اس مین آپ کو کوئی اعتراض نہ ہوگا کیونکہ اس مین آپ کے بھی فوائد متصور ہین۔ اور یہ طے ہوا کہ اگر درحقیقت اس مین دار العلوم کا کوئی نقصان نہو تو اس کی اجازت دیجائے۔

سنہ ۱۹۲۰ء

سنہ ۱۹۲۰ء مین بھی تین جلسے ہوئے، جس مین مہتمم دار العلوم کے تقرر کی تجویز اور اساتذہ دار العلوم کو انسپکٹر صاحب مدارس عربیہ کے خلاف جو شکایتین پیدا ہوئی تھین اُن کی تحقیقات کے واسطے مقتدر ارکان انتظامیہ کی سب کمیٹی قائم کی گئی اور اس کے بعد سب کمیٹی کی رپورٹ پیش ہو کر اُس کے انسداد کی قابل اطمینان طریقہ پر کارروائی کی گئی۔

اس کے علاوہ ندوۃ العلماء کیواسطے فراہمی امداد کے متعلق باہمی مشورہ کا جلسہ ہوا جس مین یہ طے ہوا کہ طبقۂ وکلاء سے مولوی محمد نسیم صاحب ، تاجر اور عام مسلمانون سے مولوی سید ظہور احمد صاحب وکیل ہائی کورٹ چندۂ اعانت کے واسطے تحریک کرین گے۔

سنہ ۱۹۲۱ء

سنہ ۱۹۲۱ء مین دو جلسے ہوئے پہلا جلسہ ۸ ا-جولائی سنہ ۱۹۲۱ء کو ہوا جسمین عمارت دار العلوم کے تبادلہ کے متعلق جو چٹھی امپرومنٹ ٹرسٹ کی آئی تھی وہ پیش ہوئی اور یہ طے کیا گیا کہ زمین دئیے جانے سے پہلے اس کو ارکان انتظامیہ دیکھ لین اُسکے بعد رائے قائم کرین اس کے علاوہ مہتمم کتبخانہ اور ہیڈ ماسٹر کے انتظام و تقرر کے متعلق منظوری حاصل کی گئی،

دوسرا جلسہ ۲۷-جنوری سنہ ۱۹۲۱ء کو ہوا جس مین چیرمین صاحب امپرومنٹ ٹرسٹ کی چٹھی معہ نقشہ جدید بنام ناظم ندوۃ العلماء پیش ہوئی جس کا مضمون یہ تھا کہ عمارت دار العلوم واقع منٹگمری روڈ کی قیمت ایک لاکھ پینسٹھ ہزار روپیہ تجویز کیگئی ہے

اور ارکان چھتری کالج نے اسکو دینا منظور کرلیا ہے دوم یہ کہ نقشہ مین جو زمین دکھائی گئی ہے وہ اُسی لگان اور اُنہین شرائط پر جو زمین سابق کے داسطے کیے گئے تھے ندوہ کو دی جاسکے گی نقشہ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ یہ زمین ہارڈنگ برج کے قریب مابین چوکی چنگی اور چوکی پولیس کے ہے یہ طے ہوا کہ اس زمین کو دیکھ لینے کے بعد جواب دیا جائے اگر یہ وہی زمین ہے جسکو ہم پہلے دیکھ کر طے کرچکے ہین تو لے لینا چاہیئے اور بابت قیمت مکان کے لکھا جائے کہ اسوقت بوجہ گرانی سامان کے موجودہ عمارت کے مثل ہم دوسری عمارت نہین تیار کرسکتے اس مین اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔

اس کے علاوہ بعض مدرسین کی رخصت اور تقرر کی منظوریان حاصل کیگئین اور بعض عہدہ داران ندوہ وغیرہ کے اضافہ تنخواہ کی منظوری کے علاوہ ندوہ کے واسطے کسی کوٹھی یا عمارت کی خریداری کی تجویز منظور ہوئی۔

سنہ ۱۹۲۲ء

سنہ ۱۹۲۲ء مین دو جلسے ہوئے پہلا جلسہ ۴ - ۲ - اگست سنہ ۱۹۲۲ء کو ہوا اس جلسہ مین دارالعلوم کے اندرونی نظم و نسق کے متعلق مناسب حال تجویزین منظور ہوئین۔

دوسرا جلسہ ۷ - ۲ - نومبر سنہ ۱۹۲۲ء کو ہوا جسمین آئندہ جلسہ سالانہ ندوۃ العلماء کے متعلق تحریکین اور تجویزین پیش ہوئین اور بعض اندرونی نظم و نسق کے امور طے ہوئے سنہ ۱۹۲۳ء مین اس مجلس کے دو غیر معمولی جلسے ہوئے۔

سنہ ۱۹۲۳

پہلا جلسہ غیر معمولی ۵ - فروری سنہ ۱۹۲۳ء کو ہوا جس مین مولانا سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلماء کی ناگہانی وفات پر بڑی افسوس و رنج کا اظہار کرتے ہوئے اُن کے بے لوث

اور حسن خدمات کا اعتراف کرنے کے بعد دعاے مغفرت چاہی گئی اور اس کے بعد انتظامی امور کو برقرار رکھنے کی کارروائی کی گئی اور خاکسار سے نظامت کے فرائض انجام دینے کی خواہش کی گئی جسکو محترم ارکان کے اصرار اور خواہش سے مجبور ہوکر منظور کرنا پڑا۔

دوسرا جلسہ غیر معمولی ۹۔ مئی سنہ ۱۹۲۳ء کو ہوا جس مین اعلیٰ حضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہٗ کے تین سو روپیہ ماہوار کے گرانقدر امداد کا شکریہ ادا کرنے کے واسطے طلب کیا گیا تھا اور بالاتفاق مخلصانہ دعاؤن کے ساتھ پُرزور طریقہ پر شکریہ ادا کیا گیا۔

سنہ ۱۹۲۴ء

سنہ ۱۹۲۴ء مین صرف ایک جلسہ ہوا جس مین اندرونی انتظامات اور صیغۂ تعمیر کے سلسلہ مین بعض منظوریان حاصل کی گئین

معین الندوہ ناگپور کا مدرسہ قائم کرنا

اور

اُس کی امداد

سنہ ۱۹۱۵ء کے اجلاس ندوۃ العلماء ناگپور مین تجویز نمبر ۶ یہ منظور ہوئی تھی کہ "یہ جلسہ اس بات کی ضرورت سمجھتا ہے کہ ناگپور مین مجلس معین الندوہ قائم کیجائے۔ "جسکے متعلق علاوہ اُن اُمور کے جو ہوا کرتے ہین مکاتب ناگپور کی نگرانی بھی"

" ہوگی، وہ ان مکاتب کے واسطے ایسا نصاب مقرر کرے گی جو وہان کے "
" فارغ شدہ طلبہ کو اس قابل بنائیگا کہ وہ چاہین تو دارالعلوم ندوۃ العلماء "
" مین تعلیم حاصل کرسکین اور چاہین تو انگریزی مدارس مین داخل ہون "

اس تجویز کے موافق تو مجلس معین الندوہ اسی زمانہ مین قائم ہوگئی تھی جسکے سکریٹری ناظم ہمارے دارالعلوم کے فارغ التحصیل اور باا ثر قابل فرزند مولوی محمود علی خان صاحب ندوی قرار پائے لیکن مدرسہ بہت زمانہ کے بعد قائم ہوا اور یہ ابتدائی حالت مین بہت کچھ بتدریج ترقی کر چکا تھا کہ اس کی مالی حالت ایسی خراب ہوگئی کہ اگر کچھ دنون یہی حالت باقی رہتی تو برسون کی ساری محنت رائگان ہوجاتی اسواسطے ندوۃ العلماء کی جانب سے ایک باا ثر واعظ کو بھیجکر اسکو مدد پہونچائی گئی جنھون نے اپنے مواعظ اور اثر سے مختلف اطراف واکناف مین دورہ کرکے ایک معقول سرمایہ چند مہینون مین اس کے واسطے جمع کر دیا فالحمد للہ علی ذلک ۔

اب یہ مدرسہ نہایت اچھی حالت مین ہے اور مجھے امید ہے کہ اس سے مسلمانان صوبہ متوسط اور برار کو بیش بہا فوائد حاصل ہونگے۔

معین الندوہ شملہ

کی

کارگزاری

ندوۃ العلماء کے اغراض و مقاصد کی اشاعت اور اُسکو مالی امداد دینے کی غرض سے

ہندوستان کے بڑے بڑے شہرون مین جو "مجلس" معین الندوہ کے نام سے قائم ہوئی تھی اُن مین سے اب صرف معین الندوہ ناگپور (جس کا ذکر اوپر آچکا ہے) اور معین الندوہ شملہ کا وجود باقی رہ گیا ہے،

معین الندوہ ناگپور تو حال کی قائم شدہ مجلس ہے البتہ معین الندوہ شملہ عرصۂ دراز سے قائم ہے اور ہر سال اسکے ذریعہ سے معقول مالی امداد حاصل ہوتی رہتی ہے اور کیون نہ ہو؟ اس کے ناظم جناب مولوی منعم الدین صاحب اور انکے معین و مددگار مولانا حاجی غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلماء ہین جن کو ندوۃ العلماء کے ساتھ سچی ہمدردی اور دلآویزی ہے،

بہرحال ارکان ندوۃ العلماء، مسلمانان شملہ، معین الندوہ شملہ کے عہدہ دارون اور کارکنون کے مساعی جمیلہ کے دل سے شکرگزار ہین،

خداوند تعالیٰ ایسے مخلص مسلمانون اور کارکنون کی عمر مین برکت اور ارادہ مین قوت وہمت عنایت فرمائے۔

اعلیحضرت اقدس حضور نظام خلد اللہ ملکہ
کی
گرانقدر امداد اور شکریے کے جلسے

عرصۂ دراز سے اس بات کی جو کوشش ہو رہی تھی کہ اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ

کی نظر فیض گستر ندوۃ العلما کی جانب مبذول ہوا اُسکا سلسلہ بوجوہ ناگزیر منقطع ہوگیا تھا لیکن جب مجکو عہدۂ نظامت کا بارگران تفویض ہوا تو سب سے پہلے اسکی دوبارہ کوشش کی اور جناب مولانا غلام محمد صاحب شملوی سفیر ندوۃ العلما کو حیدرآباد روانہ کیا اور متعدد حضرات عمائد حیدرآباد کی خدمت مین مکاتیب ارسال کرکے انکو اسطرف خاص طور پر توجہ دلائی الحمدللہ کہ وہ بارآور ہوئی اور مبلغ تین سو روپیہ ماہوار کلدار کے عطا ہوئے جکا فرمان یکم رمضان المبارک ۱۳۴۱ھ سے جاری ہوا جسکی اطلاع حسب ضابطہ ۳۰ مئی ۱۹۲۳ء کو ہوئی اور ۱۶ اگست ۱۹۲۳ء کو مبلغ ایکہزار تراسی روپیہ تیرہ آنے داخل خزانہ ندوۃ العلما ہوئے۔

ہم لوگون کو متفقہ طور پر اسکا دلی اعتراف ہے کہ اس عطیہ کے اجرا مین عالیجناب نواب صدریار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمن خان صاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی ممالک محروسہ سرکار عالی کے سالہا سال کے مساعی جمیلہ کو بہت کچھ دخل ہے۔

جناب نواب صاحب ممدوح کو ندوۃ العلما کے ساتھ دلی شغف ہے اور ابتدائے قیام ندوۃ العلما سے اسوقت تک جس انہماک اور توجہ سے اسکی معاونت اور سرپرستی فرمارہے ہین اسکا اظہار ناممکن ہے اور حقیقت یہ ہے کہ آپ کی ذات گرامی میری اس ناچیز شکرگزاری سے کہین بالاتر ہے۔

اور مین جناب نواب اختر یار جنگ بہادر معتمد امور مذہبی و جناب نواب محمد یار جنگ، اور جناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر کا بھی شکرگزار ہون، اسی کے ساتھ مجھکو اسکا بھی اعتراف ہے کہ مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلما باوجود علالت کے چند ماہ مستقل حیدرآباد دکن مین مقیم رہکر اس عطیہ کے تقرر مین سرگرم کار رہے، بہرحال اس مراسلہ کے موصول ہوتے ہی مجلس نظامت کا غیر معمولی جلسہ طلب کیا گیا جس مین مخلصانہ

دعاؤن کے ساتھ پر زور شکریہ کا رزولیوشن منظور ہوا۔

جسکا اعلان ہوتے ہی ہندوستان کے مختلف گوشون اور بڑے بڑے شہرون مین بھی اسی قسم کے جلسے ہوئے جنمین سے چند شہرون کے نام یہ ہین۔

(۱) جلسۂ عام لکھنؤ بروز عید بمقام عیدگاہ، خانقاہ پھلواری شریف، جونپور، شملہ، سرہند شریف، ناگپور، بنگلور، امرتسر، رنگون، بنارس، اجمیر، پٹنہ، امروہہ، بمبئی، اس سے اندازہ ہوگا کہ اعلیٰ حضرت کی اس گرانقدر اور بامحل امداد کو کسقدر احترام کی نظر سے دیکھا گیا ہے اور کیسی کیسی با اثر جماعت نے اعلیٰ حضرت کے واسطے مخلصانہ دعاؤن کے ساتھ تشکر و امتنان کا اظہار کیا، اب پھر جی چاہتا ہے کہ اعلیٰ حضرت کی ترقی عمر و جاہ و جلال اور سلامتی کیواسطے اس مقدس مجلس مین دعا کے واسطے ہاتھ اُٹھاؤن اور مین امید کرتا ہون کہ آپ سب لوگ میری اس مین ہمنوائی فرمائین گے،

ہز ہائنس حضور نواب صاحب بہادر بہاولپور دام اقبالہ

کی

تخت نشینی اور ندوۃ العلماء

ریاست بہاولپور سے جو تعلق ندوۃ العلماء کو عرصۂ دراز سے حاصل ہے اسکو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ مژدہ کسقدر جانفزا تھا کہ ۸۔ مارچ سنہ ۱۹۲۴ع کو ہز ہائنس

حضور پُر نور دام اقبالہٗ کی تخت نشینی ہے اِس موقعہ پر ندوۃ العلماء کی جانب سے جو کچھ کرنا چاہیے تھا وہ اُسکی بساط کے موافق کیا گیا اور مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلماء دعانامہ ایک پُر تکلف خریطہ مین لیکر بھاولپور روانہ کیے گئے اور وہان پہونچکر وقت و موقع کے لحاظ سے جو کارروائی مناسب خیال کی گئی وہ مولانا ممدوح نے حسن و خوبی کے ساتھ انجام دی،

ترتیب و تہذیب کتبخانہ ندوۃ العلماء

گزشتہ سالون مین کتبخانہ کے جائزہ کے بعد حسن ترتیب کی ضرورت محسوس کرکے جناب ناظم صاحب مرحوم نے متعدد ذی علمون کے ذریعہ سے نئے اصول پر فہرست عام تیار کرائی ۱۹۲۳ء مین جب انتظام میرے سپرد ہوا تو فن وار فہرست کو نامکمل اور کتابون کو مخلوط و بے ترتیب دیکھکر مین نے بمشورہ جناب مولانا مولوی سید سلیمان صاحب ندوی معتمد دارالعلوم، مولوی کلیم احمد صاحب ندوی معلم دارالعلوم ندوۃ العلماء کو ناظر کتبخانہ مقرر کیا، مولوی صاحب موصوف دارالعلوم کے فارغ التحصیل ہین اور بقدر ضرورت انگریزی کے بھی حرف شناس ہین اُنھون نے کتبخانہ کا جائزہ لیکر ایک مفصل رپورٹ لکھکر پیش کی جس مین کتبخانہ کی ضرورتونکا اظہار تھا، اور ترتیب کا کام ستمبر ۱۹۲۳ء سے شروع کیا انھون نے دیانت، مستعدی اور غیر معمولی سرگرمی سے کتابون کی فہرست اور رجسٹرون کو مکمل کر دیا، ۲۴-۱۹۲۳ء مین ۹۸ کتابین بطور عطیہ اور ۴۵ جلدین خرید کر داخل کتبخانہ کی گئین اور ۷۳ کتابین

جو غیر مجلد تھین اُن کی جلد بندی اور دریدہ اور کرم خوردہ کتابون کی مرمت کرائی گئی، کبتخانہ کی ترتیب وتہذیب کے متعلق معزز ارکان کی تحریری شہادتین موجود ہین جو بروقت معائنہ اُنھون نے تحریر فرمائی ہین۔

اسوقت کبتخانہ ندوۃ العلماء مین ۷۵۰۵ اکتابین ہین، ان مین جو نوادر کتب کا ذخیرہ ہے انکی حفاظت ونگہداشت خاص طور پر کیجارہی ہے اور جدید قواعد کتبخانہ کا مسودہ بمشورۂ جناب مولانا سید سلیمان صاحب ندوی معتمد دار العلوم جلسۂ انتظامیہ کی منظوری سے مرتب ہوا ہے جو عام طور پر پسند کیا گیا ہے، اس کے علاوہ ایک ہوشیار دفتری بھی ایسا مل گیا ہے جو اپنا کام محنت سے انجام دے رہا ہے اگر کام کی یہی رفتار رہی تو انشاء اللہ تعالی کچھ دنون کے بعد کوئی بے مرمت کتاب کبتخانہ مین باقی نہ رہے گی بعض جلد بندی کے قابل کتابون کی جلد بندی بتدریج اجرت پر بھی کرائی جارہی ہے بہرحال سرمایہ کی قلت کو مدنظر رکھتے ہوئے جو کچھ بہتر سے بہتر انتظام ہو سکتا ہے وہ کیا گیا ہے،

کبتخانون کی بہم رسی

مین نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتا ہون کہ ندوۃ العلماء کے کبتخانہ مین برابر ترقی ہورہی ہے اور ہمیشہ کچھ نہ کچھ کتابون کا ذخیرہ حاصل ہوتا رہتا ہے، دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن کی سالانہ مطبوعات جو ندوۃ العلماء کو سرکار عالی کی جانب سے مرحمت ہوتی رہتی ہین انکو چھوڑ کر جناب مولوی صبغۃ اللہ صاحب۔ بی۔ اے۔ امروہوی نے اپنا ذاتی کبتخانہ جسمین بہت سی نادر اور نایاب کتابین جو مصر اور جرمنی وغیرہ کی چھپی ہوئی

ہین ندوہ کو عنایت فرمایا ہے اور انکی اوالعزمی اور سیرچشمی کا سلسلہ اسی پر ختم نہین ہوتا بلکہ اُنھون نے نواب وقار الملک مرحوم کا ذاتی کتب خانہ بھی حسب صوابدید مسٹر مشتاق احمد صاحب بیرسٹرایٹ لا فرزند ارجمند نواب صاحب مرحوم ندوۃ العلماء کو عنایت فرمایا، اور جناب منشی محمد اطہر علی صاحب وکیل نے اپنے والد ماجد مرحوم جناب خان بہادر منشی محمد اطہر علی صاحب مرحوم و مغفور مشیر قانونی انجمن تعلقہ داران اودھ کی جمع کردہ کتابون سے بہت سی عربی، فارسی، وغیرہ کی کتابین ندوۃ العلماء کے کتب خانہ کو عنایت فرمائین۔ اگر اسی طرح سے مختلف جواہر ریزے ندوۃ العلماء کے کتبخانہ کو میسر آتے رہے تو انشاء اللہ تعالی ایک دن یہی کتبخانہ ایک مہتم بالشان قومی کتبخانہ بن جائیگا۔

اسی سلسلہ مین مین یہ بھی ظاہر کردینا چاہتا ہون کہ ہمارے معتدد ارکان انتظامیہ مین مولوی احمد زمان خان صاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ شاہجہان پور اور مولوی حبیب الزمان خانصاحب منصبدار سرکار عالی حیدر آباد دکن اور اُن کے دوسرے محترم بھائیون نے بھی اپنے والد ماجد مولانا مسیح الزمان خانصاحب مرحوم اُستاد حضور نظام سابق مرحوم کے ذاتی کتب خانہ کی کتابین ندوۃ العلماء کو عنایت فرما چکے ہین، جس کے جلد حاصل ہوجانے کی توقع ہے۔

جس طرح کتابون کے ذخیرہ کی حاجت اور ضرورت ہے اسی طرح ان کی حفاظت کے واسطے الماریون کی بھی ضرورت ہے، مجھے مسرت ہے کہ شاہ محمد خانصاحب تاجر و کمیشن ایجنٹ لکھنؤ نے ایک الماری کتبخانہ ندوۃ العلماء کو عنایت فرمائی جو بہرحال شکرگزاری کے قابل ہے۔

تعمیر

مجھکو اس کا دلی افسوس اور رنج ہے کہ باوجودیکہ دارالاقامہ (بورڈنگ ہوس) مسجد اور کتبخانہ کے نقشے بڑی محنت اور عرق ریزی سے بنوائے گئے اور مسجد کا نقشہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے نمونہ کے موافق تیار کرایا گیا لیکن مالی مشکلات اور سرمایہ کی قلت نے ان ذہنی تجویزون کو عملی شکل اختیار کرنے نہین دیا۔

آپ کو گزشتہ رودادون کے ملاحظہ سے معلوم ہو گا کہ بار بار ان ضرورتون کی تکمیل کے واسطے ملک و قوم سے استدعا کی گئی، تجویزین منظور ہوتی رہین اور وقتاً فوقتاً پُر درد و مؤثر اپیلین بھی شائع کی گئین لیکن ان سب باتون کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہین نکلا، مین نے بھی حتی الوسع اکابر قوم و ارباب دولت و ثمکنت اور تاجران ذیوقار کو آگاہ کرنے کے لیئے اُردو انگریزی اور گجراتی زبانون تک مین اپیلین شائع کین، اور پرزور طریقہ پر اُن کی اہمیت کو ظاہر کیا مگر بدقسمتی سے تمام کوششین صدا بصحرا ثابت ہوئین۔

حضرات۔ اگر حقیقت مین ان چیزون کی حاجت ہے اور آپ بھی ان کی اہمیت اور ضرورت کو محسوس فرماتے ہین تو اپنی تھوڑی سی توجہ خدارا مبذول فرما کر آئے دن کی اُن مشکلات کا خاتمہ کر دیجیئے جو خاطر خواہ انتظام کے درمیان حائل ہین ورنہ وہ راستہ بتایئے کہ جسمین بغیر ان سب چیزون کی موجودگی اور عدم تعمیر کے ہماری سب ضرورتین قابل اطمینان طریقہ پر پوری ہو سکین،

عمارت دارالعلوم کی عام مرمت اور اُسکے بعض حصہ کی ضروری تعمیر

آپ کو معلوم ہے کہ دارالعلوم کی اس عظیم الشان عمارت کا سنگ بنیاد ۱۹۰۸ء مین رکھا گیا تھا جس کے بعد سے اُس کی تعمیر کا سلسلہ شروع ہوا اور ایک بڑی حد تک اُسکی تعمیر بھی ہوئی لیکن بہت سے جو ضروری حصے تکمیل سے باقی رہ گئے تھے وہ ہنوز اُسی حالت مین تھے،

۱۹۰۸ء سے اسوقت تک اسکی تعمیر کو سولہ برس ہو چکے ہین، اس سولہ سال کے عرصہ مین کتنی مرتبہ سیلاب آچکا کتنی برساتین ختم ہوئین، اتنے زمانہ تک ان سب طوفانی جھونکو کو یہ عمارت برداشت کرتی رہی خصوصًا ایسی حالت مین کہ اُس کے گنبد کی چھت بالکل کھلی ہوئی تھی اور بارش کا تمام تر پانی ہر سال اُس کے اندرونی حصہ اور بنیادون مین پیوست ہوتا رہا، خدانخواستہ اگر اس کی بنیاد مستحکم اور اسکی عام ساخت مضبوط نہوتی تو اسکا خاتمہ یقینی تھا، بہرحال باوجود اس کے پھر بھی اسکا اندیشہ تھا کہ اگر ایک دو سال اسی حالت مین اور چھوڑ دی گئی تو اسکو ناقابل تلافی نقصان پہونچ جائیگا اسواسطے بعد استصواب و منظوری ارکان انتظامیہ ندوۃ العلماء اسکی عام مرمت کرائی گئی اور گنبد کا اندرونی حصہ تعمیر کرادیا گیا تاکہ بارش کے پانی سے محفوظ رہے اس کے علاوہ جن جن دروازون مین جوڑیان اور شیشے لگانا ضروری معلوم ہوئے ان سب کا انتظام کیا گیا، اس کے علاوہ مختلف حصون مین پلاستر کرایا گیا۔ اور بعض بعض دوسرے ناکمل حصون کو بھی مکمل کرادیا گیا مگر پھر بھی ابھی تک اُسکی تکمیل نہین ہوسکی جسکو آپ بچشم خود ملاحظہ فرمارہے ہین،

ان سب میں کورالصدر کا مون کی تکمیل مین بھی سب سے بڑھکر جو دِقّت لاحق ہوئی وہ یہ تھی کہ اُس مدکی کچھ بھی توفیر نہ تھی بالآخر دوسری مد سے قرض لیکر اس عظیم الشان عمارت کو تلف ہونے سے بچا یا گیا اور جہان تک امکان تھا بطور خود بھی ذاتی کوشش سے ارباب ثروت وکرم کو توجہ دلاکر اس کی تعمیر اور مرمت کے لیئے ایک مناسب حدتک رقم حاصل کی گئی، مین عالیجناب خان بہادر نواب سر محمد مزمل اللہ خان صاحب بہادر بالقابہ اور جناب مولوی احمد زمان خان صاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ شاہجہان پور اور جناب قاضی محمد خلیل صاحب رئیس بریلی کا خاصکر بدل شکر گزار ہون جنھون نے میری ناچیز حقیر آواز کو سمع قبول کے ساتھ سُنا اور مزید بار قرضہ سے سبکدوش فرمایا، آپ خیال فرمائین کہ اگر ایسے ضروری کامون کی تکمیل کیواسطے بھی وہی صورت قرض لینے کی اختیار کرنا پڑے تو آپ ہی فیصلہ کیجیے کہ کام کیونکر چلیگا، اسوقت اسپر پانچہزار سات سو اُنسٹھ روپیہ پانچ آنہ سات پائی صرف ہوچکی ہے جسکی ادائگی کی بیش از بیش ضرورت ہے،

اسی سلسلہ مین جناب خواجہ سید رشید الدین صاحب مودودی کا نہایت شکرگزار ہون کہ عام تعمیر اور مرمت کا کام بڑی خوش اسلوبی اور صلاحیت کے ساتھ اُن کی نگرانی مین ہوتا رہا اور مین جناب محمود الزمان صاحب کا بھی شکر گزار ہون جنھون نے کئی مہینے تعمیرات کی نگرانی فرمائی اس کے علاوہ جناب خان بہادر میر آغا صاحب انجنیئر کا بھی احسانمند اور شکرگزار ہون کہ اُنھون نے فن انجنیئرنگ کے مطابق محض خلوص اسلامی سے تعمیر کی نگرانی فرمائی اور حسب ضرورت بار بار تکلیف فرماکر دارالعلوم تشریف لیجاتے رہے جزاہم اللہ خیر الجزا۔

مطبخ دار الاقامہ کا سیلاب سے انہدام

اور

اُس کی مرمت و توسیع

۱۳۴۲ھ ۱۹۲۳ء مین جو عظیم الشان سیلاب اطراف لکھنؤ اور لکھنؤ مین آیا تھا اُسکا اثر دار العلوم پر بھی پڑا گو خاص عمارت دار العلوم کے اندر پانی نہین پہونچ سکا لیکن یہ عمارت ایک جزیرہ بنگئی تھی اور مطبخ کا مکان تو بالکل ہی غرقاب ہو گیا تھا، دار العلوم کے صحن مین ۱۶ فٹ پانی تھا، ایسی مخدوش حالت مین طلبہ کا وہان رکھنا کسی طرح مناسب نہ تھا اسواسطے بڑی جد وجہد سے انکو وہان سے شہر مین منتقل کرایا گیا! ہم سب جناب محترم منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری کے شکر گزار ہین کہ جناب ممدوح نے اس مین ہماری بڑی مدد کی اور طلبہ کے قیام کے واسطے اپنی کوٹھی کا ایک حصہ خالی کر دیا جب اس سے اطمینان ہوا تو بڑی کاوشون کے بعد شہر مین ایک کرایہ کا مکان حاصل کیا گیا جس مین کئی ماہ تک درس و تدریس کا انتظام قائم کیا گیا۔ اور جب سیلاب کا اثر کم ہو گیا تو اسکی اطلاع ملی کہ مطبخ کا مکان بالکل متزلزل ہو گیا ہے ایسی حالت مین اسکی درستی ناگزیر تھی لہذا سیلاب ختم ہونے پر اُس کی مرمت کا کام فوراً شروع کرایا گیا اور اسی سلسلہ مین طلبہ کے روز افزون اضافہ کی وجہ سے کھانے کا کمرہ جو کسی قدر تنگ تھا اُس کو کشادہ کیا گیا، اور کئی غسلخانے اور شاگرد پیشہ کی کوٹھریان بنوائی گئین۔

جسمین چار سو اسی روپیہ تیرہ آنے نو پائی خرچ ہوئے۔

جدید پاخانون کی تعمیر

قدیم پاخانے جو بنے ہوئے تھے وہ مینو سپلٹی کے نزدیک زمانۂ حال کے مطابق قابل اعتراض تھے اس لیئے اُن کے مطالبہ کی بنا پر اُس کے قواعد اور تجویز کے موافق جدید پاخانون کی تعمیر کرائی گئی۔ جسمین چار سو ساٹھ روپیہ خرچ ہوا۔

کاش اگر مجوزہ اسکیم کے موافق تمام چیزون کی پختہ تعمیر ہو جاتی تو ان سب آفتون کا نہ سامنا ہوتا اور نہ اس قسم کے اعتراضات ہوتے۔

سنہ ۱۹۱۹ء کی تجویزین

سنہ ۱۹۱۹ء کے سالانہ اجلاس ہیز دہم ندوۃ العلماء بالگام مین ۱۲ تجویزین پیش ہو کر منظور ہوئی تھین ان مین سے پانچ تجویزین تعزیت و تہنیت وغیرہ سے متعلق تھین اسواسطے صرف سات تجویزین قابل تذکرہ ہین۔

تجویز نمبر ۴ حسب ذیل تھی۔

ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ اُن تجاویز کی تجدید کرتا ہے جو تکمیل دار العلوم کے متعلق سالہائے گزشتہ مین منظور ہو چکی ہین۔

(۱) اس تجویز کی تجدید کا مقصد یہ تھا کہ دار العلوم کی موجودہ اور روز افزون ضرورتون کی طرف ملک کی توجہ مبذول کرائی جائے اسی واسطے بار بار اسکا اعادہ کیا جا رہا ہے اور غالباً اسوقت تک اسکا سلسلہ منقطع نہ ہوگا جب تک کہ یہ تجویز عملی شکل نہ اختیار کرے

(۲) تجویز نمبر ۵ حسب ذیل الفاظ مین منظور کی گئی تھی۔

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ مسلمانان ہند کے درمیان باہم اتحاد پیدا کرانے اور انکے مذہبی و تعلیمی نظام کو مضبوط و مستحکم کرنے کے لیئے یہ ضروری خیال کرتا ہے کہ مختلف صوبہ ہاے ہند مین اُردو کی ترویج و اشاعت اور توسیع و ترقی کے وسائل اختیار کیئے جائین اور دینیات کی ابتدائی تعلیم اُردو زبان کے ذریعہ سے دیجائے"

یہ تجویز کوئی ایسی معمولی تجویز نہین ہے کہ جو ایک جنبش قلم مین عملی شکل اختیار کرلے اسکے واسطے ضرورت اسکی ہے کہ پہلے اُن ذرائع و وسائل پر قابو حاصل کیا جائے جو اس کو عملی شکل مین لانے کے مدد و معاون ہون اور بغیر کسی معقول سرمایہ اور خاص اسٹاف کے جو اسی کام کی تکمیل اور ترویج کے واسطے ہونا ممکن ہے، اگر آپ اس تجویز کو مفید خیال کرتے ہین تو اُس کے واسطے سب سے پہلے سرمایہ کی فکر کیجیئے اور اُس کے بعد دیکھیئے کہ کام ہوتا ہے یا نہین،

(۳) تجویز نمبر ۷ حسب ذیل تھی

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ اس تجویز کی تجدید کرتا ہے جو رسوم قبیحہ کے استیصال کے متعلق اجلاس نہم مین منظور ہوئی تھی اور اس بات پر افسوس ظاہر کرتا ہے کہ ایسی مفید تجویز کی جانب مسلمانون نے توجہ نہین کی"

ندوۃ العلماء کا اجلاس نہم سنہ ۱۹۰۲ء مین بمقام امرتسر ہوا تھا، اُس اجلاس مین یہ تجویز پرزور تحریک و تائید کے ساتھ منظور ہوئی تھی اور خاص خاص سفراء کا اس مقصد کی تکمیل کے واسطے تقرر ہوا تھا جنھون نے دورے کیئے ہر جگہ کی حالتین معلوم کین اور پھر رپورٹین پیش کین جنپر برابر غور ہوتا رہا اور ہر ممکن طریقہ سے اس تجویز کو کامیاب بنانیکی

کوشش کی گئی، اور مجھے مسرت ہے کہ اسمین ایک حدتک کامیابی ہوئی اورجس کا نتیجہ قدیم اثرات کا کچھ کچھ کم ہونا ہے۔ بہرحال اب بھی ہمارے سفرا جہان جاتے ہین خاص طور کر لوگون کو توجہ دلاتے ہین اوران قبائح کے ترک کرنیکے فوائد کو ذہن نشین کرتے ہین۔

اورمین دیکھتا ہون کہ ہرطرف اس تجویز کی تائید مین صدائین بلند ہوتی رہتی ہین۔ اگرجدوجہد کی یہی حالت رہی توعنقریب وہ دن بھی آئیگا جسمین اسکی جھلک بھی نظرنہ آئیگی۔

(۴) تجویز نمبر ۹ حسب ذیل الفاظ مین منظور کی گئی،

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ جو علماء ومشائخ ہند کا قائم مقام جلسہ ہے اپنا مذہبی فرض خیال کرتا ہے کہ یہ ظاہر کردے کہ ازروے احکام اسلام یہ ضروری ہے کہ جملہ مقامات مقدسہ حجاز وبیت المقدس کربلا ونجف اشرف وغیرہ کہ جس سے تمام مسلمان عالم کے تعلقات وابستہ ہین براہ راست خودمختار اسلامی حکومت کے قبضہ واقتدار مین رہین اس مجلس کا یہ بھی خیال ہے کہ مقامات کی تعیین وتشخیص کا حق صرف مسلمانون اورعلماے کرام کو حاصل ہے"

(۵) اسی سلسلہ مین تجویز نمبر ۱ مندرجۂ ذیل الفاظ کے ساتھ پیش ہوکر منظور ہوئی،

ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ جنگ کے ختم ہونے اور دنیا کو ازسرنو امن وامان کی نعمت حاصل ہونے پر تہ دل سے اظہار مسرت کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ گورمنٹ برطانیہ جس کے زیرسایہ دس کروڑ مسلمان آباد ہین خاص طور پر ایسے اسباب ووسائل اختیار کریگی کہ مسلمانون کے جذبات صحیح وصاف طور پر صلح کانفرنس مین ظاہر ہوجائین اور مسلمانون کے مصالح کا پورا پورا لحاظ رکھا جائے تاکہ آیندہ زمانہ مین بھی دنیا کو امن وامان نصیب ہوسکے"

یہ دونون تجویزین مسلمانون کے مذہبی نقطۂ نظر سے جسقدر اہم اور ضروری ہین وہ کسی مزید تشریح کی محتاج نہین ہین، بہرحال اس تجویز کے موافق جو مناسب کارروائی ہوسکتی تھی وہ کی گئی،

تجویز نمبر ۱۱ و ۱۲ اس مضمون کی منظور کی گئی تھی کہ بلگام مین مجلس معین الندوہ قائم کی جائے اور قبل اجلاس ختم ہونے کے اُس کے ارکان اور عہدہ داران کا انتخاب بھی ہو جائے اور یہ کہ بلگام چھاؤنی مین جو مدرسہ قائم ہے اُس کی توسیع کیجائے اور عام مسلمانون سے اسکی امداد کیواسطے درخواست کیجائے۔

اس تجویز کے موافق وہان کے مقامی لوگون نے مدرسہ کی توسیع کیواسطے مالی امداد کی فہرست کھولی بہت سے لوگون نے اُسی وقت اپنے نام لکھوائے اور چندے دیئے اور آیندہ کیواسطے وعدے بھی ہوئے لیکن افسوس ہے کہ مجلس معین الندوہ مستقل طور سے قائم نہین ہوسکی اور اسکا کوئی سلسلہ یہان سے مربوط نہین ہے اور جہانتک مین سمجھتا ہون گزشتہ زمانہ کی غیر معمولی تحریکون کے سامنے ایسی تجویزون کو کیا فروغ ہوسکتا تھا۔

وظائف

کوئی قوم اُسوقت تک کبھی ترقی نہین کرسکتی جب تک کہ اُس کے افراد اعلیٰ تعلیم و تربیت سے آراستہ نہون لیکن سوال یہ ہے کہ اس مشکل مسئلہ کو کیونکر حل کیا جائے۔
مسلمانون مین نسبتہً ایسے بہت کم لوگ ہین جو جدید تعلیم کے مصارف کثیر کو برداشت کرسکین، اس لیے سوال کا تعلق اُن غیر مستطیع بچون سے ہے جو شریف گھرانے سے تعلق رکھتے ہین اور گردش روزگار کے مارے ہین۔

مجھکواس کا افسوس ہے کہ ہر سال ایسے پچاسون اُمیدوارون کی درخواستین نہایت حسرت وقلق کے ساتھ مجبوراً مسترد کرنا پڑتی ہین، علاوہ اس کے جن پچیس طالب علمونکو ندوۃ العلماء اپنی بساط کے موافق وظائف دے رہا ہے اُن کا وظیفہ بھی قائم رکھنا اب دشوار سے دشوار تر معلوم ہو رہا ہے واقعہ یہ ہے کہ اس صیغہ کی جو خاص اور معقول آمدنی تاجران ورؤساے مدراس کی سیرچشمی اور فیاضی سے ہر سال حاصل ہوتی تھی وہ ہمارے مقتدر رکن انتظامی مولانا عبدالسبحان صاحب آنریری پریسیڈنسی مجسٹریٹ کے انتقال پُرملال سے (جن کاہم ابھی اوپر ماتم کرچکے ہین) بند ہوگئی ہے۔ ایسی حالت مین اگر ندوۃ العلماء کے بانی اور سچے ہمدرد جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمن خانصاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی ممالک محروسہ اعلیحضرت حضور نظام کی گرانقدر امداد سو روپیہ ماہوار مستقل کی علاوہ قدیم سالانہ امداد کے حاصل نہوتی تو یہ پچیس وظائف بھی قائم نہین رہ سکتے تھے۔

جناب نواب صاحب ممدوح کی عنایت اور مہربانیون سے ندوۃ العلماء کی رودادین بھری پڑی ہین اور حقیقت یہ ہے کہ اُس کی ترقی اور نشوونما مین جو کاوش اور جو گران بہا مصارف علاوہ دماغی اور قلمی محنتون کے برداشت کی ہین اُن سب کا شکریہ ندوۃ العلماء اور ہمارے حوصلہ سے بالاتر ہے،

اسی سلسلہ مین مین اپنے مکرم ومحترم کرمفرما جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری رکن انتظامی ندوۃ العلماء کا تہ دل سے شکرگزار ہون جنکی کوشش سے یہ بیش بہا امداد ندوۃ العلماء کو حاصل ہوئی اسکے اجراء کے لیئے آپ نے بنفس نفیس علیگڈھ تک سفر کی تکلیف بھی گوارا فرمائی۔ فجزاہم اللہ خیر الجزا۔ ساتھ ہی اسکے مجھکو اپنے محترم وعنایت فرما

مولوی محمد نسیم صاحب ایڈوکیٹ و رکن انتظامی ندوۃ العلمار کا بھی دلی شکریہ ادا کرنا ہے جنھون نے میری ناچیز درخواست پر مستعد ہو کر سخت گرمی اور لون مین بذات خود تمام شہر لکھنؤ کا گشت لگایا جو اثر آپ کا تمام ارباب اودھ کے دلون مین جاگزین ہے اور جو عظمت آپکی طبقۂ وکلا وغیرہ کے دلون پر نقش ہے وہ کسی سے مخفی نہین، جناب ممدوح نے ایک دو روز ہی مین ہمکو ایک سال کے لیئے وظائف کی جانب سے مطمئن فرمادیا۔

بہرحال آپ لوگون کی اس صیغہ کیطرف پوری توجہ خاص طور پر مبذول ہونا چاہیئے ورنہ ایک طرف تو آیندہ علمار کی جماعت پیدا نہوگی، اور دوسری طرف قوم کے ہونہار بچے علم دین سے محروم رہکر تباہ و برباد ہوجائینگے۔

مسئلہ تبادلۂ عمارت دار العلوم

اور

ہجوم افکار و حوادث

صاحب کمشنر بہادر قسمت لکھنؤ نے جو چٹھی مورخہ ۲۴ - جولائی سنہ ۱۹۱۹ء بنام مولوی سید ظہور احمد صاحب بی - اے - ایل ایل - بی وکیل ہائیکورٹ و چیرمین مینونسپل بورڈ لکھنؤ و رکن انتظامی ندوۃ العلمار کے نام بھیجی تھی۔

وہ مجلس نظامت کے جلسۂ منعقدہ ۱۹ - اگست سنہ ۱۹۱۹ء مین پیش ہوئی (جسکا اوپر ذکر آچکا ہے) اور غور و بحث کے بعد اسکا جو جواب تجویز کیا گیا اُس کے متعلق یہ طے

ہوا کہ یہ جواب بھیجا جائے اور جلسۂ انتظامیہ کی فرد کارروائی مین یہ تجویز بھی شامل کیجائے
اُس چیٹھی اور اُس کے جواب کا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

ترجمہ چیٹھی صاحب کمشنر بہادر قسمت لکھنؤ متعلق تبادلۂ عمارت دارالعلوم

مشفقی سید ظہور احمد چیرمین میونسپل بورڈ

جیسا کہ غالباً آپ واقف ہین مسئلہ انتقال عمارت ندوہ موجودہ بحق چھتری کالج کمیٹی زیرغور تھا کمیٹی مذکور کی تجویز ہے کہ اپنے کالج کی عمارتون کے لیئے وہ قطعہ اراضی کا حاصل کرے جو آپ کے قطعہ سے پچھم اور اُتر واقع ہے ایسی حالت مین آپ کی موجودہ عمارت اُنکے اُن تجاویز مین جو دریا کے روکا رسے متعلق ہین ایک حدتک بارج ہے اُنھون نے طے کیا ہے اور مجھکو مجاز کیا ہے کہ مین آپ سے یہ تجویز پیش کرون کہ موجودہ عمارت و اراضی ندوہ چھتری کالج کو دیدی جائے اور اُس کے معاوضہ مین دوسری زمین اور ایک تیار شدہ عمارت اُسی قسم کی جیسی کہ آپ کی عمارت موجود ہے آپ کو دیدی جائے اور جبتک یہ نئی عمارت تیار ہوکر اس قابل نہو کہ اُس مین آپ اپنا کام کرسکین تب تک عمارت موجودہ پر آپ کا قبضہ رہے ایک قطعہ اراضی جو میری راے مین نہایت اعلیٰ درجہ کا ہے پُل جدید موسومہ ہارڈنگ برج کے اُتر تجویز ہے اُس پر پل مذکور کے عین محاذ مین ندوہ کی عمارت تیار ہوسکتی ہے اور وہان سے مڈیکل کالج اور مسجد اورنگ زیب کا اچھا منظر ہے۔ لکھنؤ امپروومنٹ ٹرسٹ (لاونٹ اصلاح لکھنؤ) ضروری سڑکین بنادے گی اور آپ کی نئی عمارت اُس تیراہے پر ہوگی جہان سے نئی سڑک پچھم کی طرف مجوزہ شیعہ کالج کو جائیگی۔

مین جانتا ہون کہ آپ کی کمیٹی کو فطرتاً اسمین تامل ہوگا کہ اپنی عمارت موجودہ کے متعلق

اسقدر زحمت اُٹھانے کے بعد اُسکو چھوڑین لیکن یہ امر قابل لحاظ ہے کہ اُس کے چھوڑنے سے اُنکو مفصلہ ذیل فوائد حاصل ہون گے ۔

(الف) جو عمارت کہ عمارات موجودہ کے عوض مین اُنکے لیئے تیار کیجائیگی وہ ہر طرح پر مکمل ہوگی۔

(ب) اگر وہ اس تبادلہ کو منظور کرین گے تو مین گورنمنٹ (حکومت) سے سفارش کرون گا کہ ایک عطیہ تیس ہزار روپیہ کا اُن کو واسطے تعمیر دار الاقامہ و آراستگی زمین کے دیا جائے مین اس سفارش کے منظور ہونے کی کوئی ضمانت تو بیشک نہین کر سکتا مگر مجھکو اُسکے منظور ہونے کی بڑی امید ہے ۔ بہر حال اگر آپ ان شرائط کو منظور کرین تو مین گورنمنٹ سے فوراً تحریک کرون اور اس معاملہ کو طے کر لون جس طرح سے کہ آپ نے برابر امپرو ومنٹ کمیٹی (مجلس اصلاح) کے مدد کرنے کی کوشش کی ہے اسکا مین ذاتی طور پر آپ کا ممنون ہون

آپ کا مخلص

ایل ۔ پورٹر

۲۴ ۔ جولائی ۱۹۱۹ء

ترجمہ جواب چٹھی صاحب کمشنر بہادر قسمت لکھنؤ

(جو منجانب ناظم ندوۃ العلماء صاحب ممدوح کی خدمت مین بھیجی گیئی)

جناب من !

آپ کے اُس خط کے متعلق جو آپ نے ۲۴ ماہ گزشتہ کو سید ظہور احمد صاحب چیرمین میونسپل بورڈ کے نام بھیجا ہے اور جس کی نقل اُنھون نے مجھے بھیجی ہے ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ تبادلہ زمین و عمارت قوانین ندوۃ العلماء کے بموجب ممبران انتظامی کی منظوری اور سالانہ جلسہ عام کی

تائید پر موقوف ہے۔ نواب صاحب بھاولپور کی منظوری کی بھی ضرورت ہوگی کیونکہ اُن کی جدہ ماجدہ نے عمارت کے پہلے تخمینہ کے موافق پچاس ہزار روپیہ تعمیر کے لیئے دیا تھا جلسہ انتظامیہ ۲۱ ماہ ستمبر کو ہوگا اور جو تجویزین آپ کے خط مین ہین وہ اُن کے سامنے پیش کیجائینگی۔

براہ مہربانی حسب ذیل دفعات کے متعلق مجھے اطلاع دیجیئے کہ آپ اُن کے لیئے کہانتک سفارش کرنے کے لیئے تیار ہین تاکہ آپ کے خط کے ساتھ وہ بھی جلسہ مین پیش کی جاسکین۔

(۱) ندوہ نے ابتدا مین ۵۰ بیگہ زمین مانگی تھی اور جب اُسے موجودہ زمین دیگئی ہے اُسوقت وعدہ کیا گیا تھا کہ باقی زمین بوقت ضرورت دیجائیگی اب چونکہ ہم منتقل ہو رہے ہین ہم پچاس بیگہ زمین حاصل کرنا چاہتے ہین۔

(۲) زمین کا جو لگان ندوہ سے لیا جاتا ہے وہ زیادہ نہین ہے لیکن ندوہ ایسے انسٹیٹیوشن کو دیکھتے ہوئے بہت گران ہے اس لیئے اب جو زمین دیجائیگی وہ بے لگان ملنی چاہیئے۔ اسکے علاوہ مسجد کے لیئے ہبہ کے طور پر اُسی طرح ہمکو زمین ملے جس طرح اب موجودہ زمین پر ہمین حاصل ہے،

(۳) یہان ہماری زمین لب دریا ہے ہم چاہتے ہین کہ وہان بھی زمین لب دریا ملے۔

(۴) مسجد اور رنگ زیب ہمین انتظام کے لیے دیدیجائے تاکہ عید وجمعہ کی نماز بآسانی پڑھ سکین

(۵) تیس ہزار روپیہ دارالاقامہ کے لیئے کافی نہین ہے کیونکہ تخمینہ یہ ہے کہ ایک لاکھ اسی ہزار آٹھ سو انتالیس (۱۸۰۸۳۹) صرف ہوگا) ہمین امید ہے کہ اس مقصد کے لیے گورنمنٹ مناسب عطیہ دیگی۔

(۶) نئی زمین امین آباد سے جہان اکثر مدرسین رہتے ہین بہت دور ہے اس لیئے مدرسین و مہتمم کے لیے عمارتین بنانی پڑینگی اور ندوہ اور دوسرے مدارس کی ضروریات کے لیئے بازار لگانا ہوگا۔

(۷) ہم نے اپنی عمارت کی مضبوطی کا بہت بڑا خیال رکھا تھا اور اب بھی ہم چاہتے ہین کہ نئی عمارت مضبوطی مین اور خوبصورتی مین اس سے کم نہو اس لیئے ہم چاہتے ہین کہ ہمارا انجنییر جسکی تنخواہ ہمارے ذریعہ سے گورمنٹ ادا کرے اُس کی نگرانی کرتا رہے۔

(۸) ہم نے اپنی عمارت مین پختہ کنوان بنوایا تھا اور دار الاقامہ کی بنیاد ڈالنے کے علاوہ کچھ تعمیرات بھی کی تھین مثلاً باورچی خانہ وغیرہ۔ اور زمین پر قبضہ کرتے وقت کاشتکارون کو فصل کا معقول معاوضہ دیا تھا۔ ہم چاہتے ہین کہ اُس کا معاوضہ اور نئی زمین کے مسطح کرنے کا معاوضہ بھی ہمین دیا جائے۔

جب مین نے ظہور احمد صاحب، بائنگ اور لٹکاسٹر صاحبان کے ساتھ زمین کا معائنہ کیا تھا تو اُس سے معلوم ہوا تھا کہ دفعات (۱) و (۳) و (۶) و (۷) کے پورا کرنے مین کوئی دقت نہ ہوگی۔

اس سوال وجواب کے بعد ارکان انتظامیہ کے سامنے اس مسئلہ کو لایا گیا اور جلسہ انتظامیہ منعقدۂ ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء مین چٹھی دیگر کاغذات کے ساتھ مع اسکے جواب کے پیش کی گئی۔ غور وبحث کے بعد یہ طے ہوا کہ تبادلۂ مقام مع عمارت دار العلوم واقع ریتی مکارم نگر اُن شرائط کے ساتھ منظور ہے جو ناظم صاحب ندوة العلماء نے اپنی تحریر مین کمشنر صاحب قسمت لکھنؤ کو لکھے ہین بشرطیکہ جلسۂ عام سالانہ ندوة العلماء بھی تائید کرے

چنانچہ اسکی اطلاع مقامی گورمنٹ کو دی گئی اور یہ خیال تھا کہ جلد سے جلد اس معاملہ کے تصفیہ سے یکسوئی حاصل ہوجائیگی مگر افسوس ہے کہ یہ معاملہ ہر مرتبہ دوسری صورت اختیار کرتا رہا کبھی تبادلہ کی زمین کا نقشہ بدلنا، کبھی معاوضۂ عمارت کا کم کرنا بہرحال

اسی کشمکش مین سالہا سال گذر گئے اور نتیجہ کچھ بھی معلوم نہین ہو سکا۔

بڑی جد و جہد اور کاوش سے برسون کے بعد بے ضابطہ طور پر مگر معتبر ذریعہ سے اس کی اطلاع ملی کہ اب گورنمنٹ کو ضرورت نہین ہے اور وہ عمارت نہ لیگی،

اس کے چند دنون کے بعد گورنمنٹ کی طرف سے دوبارہ اس مسئلہ کو اُٹھایا گیا اسی سلسلہ مین معاوضہ کی بحث بھی شروع ہوئی اور ایک لاکھ پینسٹھ ہزار کا جو معاوضہ گورنمنٹ نے تجویز کیا تھا وہ ندوۃ العلماء کے نقطۂ نظر سے بہت ہی کم تھا اس لیئے جناب مولوی سید ظہور احمد صاحب بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی وکیل ہائیکورٹ و رکن انتظامی ندوۃ العلماء کی نگرانی مین خود اپنے انجینیر سے گورنمنٹ کے تخمینۂ معاوضہ کو جچوانا پڑا اور اُسکے مقابلہ مین خود ہمارے انجینیر نے جو تخمینہ پیمائش کے بعد موجودہ نرخ پر بنایا اُس کے لحاظ سے تین لاکھ کے قریب اصل عمارت کا معاوضہ قائم کر کے مطالبہ کیا گیا اور وہ گورنمنٹ مین بھیجا گیا اُس کے بعد سرکاری انجینیر نے پھر بنیادون کو کئی جگہون سے کھدوا کر ہمارے تخمینہ کی جانچ کی، اس آخری کارروائی کے بعد بھی کوئی ضابطہ کا جواب نہین ملا۔

الغرض آخر مین گورنمنٹ کی طرف سے اسکا مطالبہ ہوا کہ شمالی سمت کی اراضی (جہان دارالاقامہ کی بنیاد رکھی گئی ہے اور جو سب سے بلند تر قطعہ اور عمدہ ہے) ہم کو دیجائے اور اُس کے معاوضہ مین نشیب مین ہمکو زمین دینا تجویز کیا، جو معمولی سیلاب مین بھی غرقاب ہوجاتی ہے ، اسواسطے جلسۂ انتظامیہ منعقدہ ۲۱۔دسمبر ۱۹۲۳ء نے یہ طے کردیا کہ ہمکو یہ تبادلہ منظور نہین ہے جسکی اطلاع گورنمنٹ کو دیدی گئی۔ مگر افسوس ہے کہ ۱۹۱۹ء سے اسوقت تک جسکو سات سال کا زمانہ ہوتا ہے ہمکو اس مرحلہ سے اطمینان کامل نہین ہوا اور صیغۂ تعمیر و مرمت مین اس کشمکش کی وجہ سے ہمکو بہت کچھ

نقصان پہونچا اور تعمیر کا تھوڑا بہت کام جو بہت پہلے ہم کرنا چاہتے تھے نہین کر سکے،

آخر مین ہم جناب مولوی سید ظہور احمد صاحب بی اے ایل۔ ایل۔ بی وکیل ہائیکورٹ رکن انتظامی ندوۃ العلماء کے نہایت شاکر گزار ہین کہ جناب ممدوح نے اس گفت وشنید مین ندوۃ العلماء کی طرف سے پوری ترجمانی فرمائی اور باوجود اپنی کم فرصتی کے سالہا سال تک اپنا بیش بہا وقت اس مین صرف فرمایا۔

دار العلوم

خدا کے فضل سے دار العلوم، تعلیمی اور انتظامی حیثیت سے اپنی حالت پر قائم ہے، گو اُسکی ترقی کی رفتار تیز نہین ہوئی تاہم اُسکا اپنی اصلی حالت پر قائم رہنا ہی ایسی حالت مین کہ جنگ اور ملک کی دیگر تحریکون کی بنا پر بہت سے مدارس درہم وبرہم ہوگئے بہت بڑی کامیابی ہے۔

دار العلوم کا نصاب تعلیم

دار العلوم کے نصاب تعلیم کے خصوصیات پر بہت کچھ بحث ہو چکی ہے اور ندوۃ العلماء کے سالانہ جلسون مین اسپر برابر تقریرین بھی ہوتی رہین ما اسواسطے قطع نظر اس کے اسوقت صرف اسی قدر ظاہر کردینا ضروری سمجھتا ہون کہ جو نصاب زیر درس تھا اس مین جناب مولانا سید سلیمان صاحب ندوی معتمد دار العلوم نے حسب صوابدید ممبران مجلس نصاب موجودہ ضرورتِ وقت کے لحاظ سے کچھ تغیر وتبدل فرمایا ہے تاہم ندوۃ العلماء کی شان

وعظمت اس سے بہتر نصاب کی آرزومند ہے امید ہے کہ آیندہ اُسپر کافی لحاظ کیا جائیگا نیز فارسی درجہ کا جو نصاب غیر متعین تھا اسکو متعین کردیا۔

اس نصاب[1] کے موافق ۱۹۲۲ء سے تعلیم ہورہی ہے اور جو اس رپورٹ کے آخر مین منسلک ہے۔

تعلیمی حالت

مولانا سید سلیمان صاحب معتمد دارالعلوم نے، تعلیم کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش فرمائی ہے اور وقتاً فوقتاً اسکی نگرانی اور دیکھ بھال فرماتے رہتے ہین۔ مدرسین کی ماہانہ کارگزاری کا نقشہ ماہ بماہ مرتب ہوکر آتا ہے جسکو جانچنے اور غور کرنے کے بعد مناسب کارروائی کرنے کا پورا پورا موقع حاصل ہوتا ہے۔

امتحانات اپنے وقت پر لیئے جاتے ہین، ناکامیاب طلبہ کو واجبی سرزنش کیجاتی ہے اور اُن کے اساتذہ کو بھی کافی طور پر فہمایئش کی جاتی ہے، اور جو غیر مستطیع طلبہ محنت سے کام نہین لیتے اور امتحان مین ناکامیاب ہوتے ہین اُنکا وظیفہ کسی دوسرے مستحق اور محنتی طالب العلم کو دیا جاتا ہے تاکہ ایسے طلبہ کے لیئے عبرت اور اور دوسرون کے واسطے تشویق کا باعث ہو۔

رات کی تعلیم اور مطالبہ کا انتظام اساتذہ کی زیر نگرانی بدستور قائم ہے۔

تقسیم اسناد کا جلسہ

۱۷ اگست ۱۹۲۳ء روز جمعہ کو تین بجے سہ پہر کے وقت حسب اعلان عام

[1] ملاحظہ صفحہ

زیر صدارت جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمن خانصاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی ممالک محروسہ اعلیٰحضرت حضور نظام، عمارت دار العلوم مین تقسیم اسناد کا جلسہ ہوا جسمین شہر کے ممتاز علماء اور دوسرے باا عزا صحاب معقول تعداد مین تشریف فرما تھے، فارغ التحصیل کامیاب طلبہ کو مولانا ممدوح نے اپنے دست مبارک سے سند اور انعامات تقسیم فرمائے، اس سلسلہ مین طلبہ نے تقریرین کین اور آخر مین جناب نواب صاحب ممدوح نے نہایت فاضلانہ اور پر مغز تقریر فرمائی جو نہایت مؤثر ثابت ہوئی اِسکے بعد صاحب صدر کے شکریہ پر جلسہ ختم ہوا۔ اسکے بعد جناب ممدوح کے اعزاز مین ایک پارٹی دی گئی تھی جس سے تمام حاضرین لطف اندوز ہوئے

جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا حبیب الرحمن خانصاحب شروانی

اور

دار العلوم کا معائنہ

جناب مولانا ممدوح نے اپنے اسی قیام لکھنؤ کے سلسلہ مین ۵ محرم الحرام ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۰ - اگست ۱۹۲۳ء کو دار العلوم کا معائنہ فرمایا۔

اس معائنہ سے دار العلوم کی تعلیمی حالت کا جو اندازہ ہو سکتا ہے اسپر مین اپنی طرف سے کچھ لکھنا نہین چاہتا اُس سے آپکو خود معلوم ہوگا کہ یہان کی تعلیم کیسی ہے

اور یہ دار العلوم قوم کی توجہ کا کسقدر محتاج ہے بہرحال اس معائنہ کی نقل حسب ذیل ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقل معائنہ جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا حبیب الرحمن خانصاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی دولت آصفیہ

۵ محرم الحرام ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۰ - اگست ۱۹۲۳ء

الحمد للہ کہ ایک عرصہ کے بعد مجھکو دار العلوم ندوۃ العلماء مین حاضر ہونے کا اتفاق ہوا اور مختلف پہلوؤن پر غور کرنے کا موقع ملا۔

ایک درسگاہ کی ترقی مین اول مرتبہ اساتذہ کے وجود و فضیلت کا ہے، اسوقت دار العلوم مین جو اساتذہ درس دے رہے ہین اُن پر دار العلوم بجا طور سے فخر کرسکتا ہی مولانا حفیظ اللہ صاحب کا علم تعلیم کا وسیع کا تجربہ، تحریک ندوۃ العلماء اور اُس کے مقاصد کے ساتھ ہمدردی یہ تمام ایسے اوصاف ہین جنکی وجہ سے مدرسہ کو مبارکباد دی جاسکتی ہے کہ ایسے مہتمم اُس کے اوپر سایہ گستر ہین، مولانا حیدر حسن خانصاحب ٹونکی کو مولوی سید عبد الحی صاحب مرحوم سابق ناظم ندوۃ العلماء کی مردم شناس نظر نے گوشۂ عافیت سے مولوی صاحب ممدوح کو یہانتک پہونچایا تھا اُن کا وسیع تجربۂ درس اور کتابی مناسبت خوبی تعلیم کی ضامن ہے۔ مولانا شبلی صاحب جس یکسوئی اور حسن وفا کے ساتھ مدرسہ کی خدمت فرما رہے ہین اور جو فیض انکی ذات سے

طلبہ کو پہونچا ہی وہ لائق صد تحسین ہے۔ یہ دیکھکر دل جذبہ مسرت سے معمور ہو جاتا ہے کہ اس دارالعلوم کے نو بادے اسپر سایہ گستر ہین، اصلہا ثابت و فرعہا فی السماء۔ انکا تعلیمی ولولہ اور ذوق تربیت دارالعلوم کا بہت بڑا سرمایہ ہے، خداوند تعالیٰ اس تجارت مین برکت بخشے۔

دوسرا عنصر ایک درسگاہ کا اُس کے طلبہ ہین، مجھکو دلی فرحت اس سمان کو دیکھکر ہوئی کہ ہمارے دارالعلوم مین ان حصص ملک کے اُن خاندانون کے طلبا جمع ہین جو صدیون سے سرچشمۂ علوم رہے ہین اور جو بدقسمتی سے اثرات زمانہ سے بددل ہوکر عربی مدارس کو خیرباد کہہ چکے تھے۔ یہ بچے دلی شوق سے تحصیل علم مین کوشان ہین۔ بارک اللہ فیہم۔ مین نے درس کے اوقات مین ابتدائی جماعتون سے لیکر انتہائی تک حاضر ہوکر درس کو بغور دیکھا الحمدللہ مین نے پایا کہ درس مین وہ تحقیق اور کتابی مناسبت قائم ہے جو اگلے اساتذہ کا شعار تھا، اسکے طلبا مین وہ جودت پائی جاتی ہے جو انکو جدید تخیل سے بے بہرہ نہین رہنے دیگی، علوم جدیدہ کے امتزاج اس دارالعلوم کی خصوصیت ہے اور اُسکے ثمرات ملک کے سامنے ہویدا ہو چکے ہین۔

ان دل افزا حالات کے ساتھ ساتھ ایک دلخراش منظر بھی ہے، دارالعلوم کی اصلی عمارت ناتمام ہے، مسجد کی بنیاد تکمیل کے انتظار مین ہے چون گوش روزہ دار بر اللہ اکبر است دارالاقامہ کا آغاز بھی نہین ہوا، کتبخانہ شہر مین فاصلۂ دراز پر رکھا ہوا ہے اس لئے اسکا فیض محدود بلکہ معدوم ہے، وہی تمام عمارت درسگاہ دارالاقامہ وغیرہ سب کچھ ہے ظاہر ہے کہ یہ کسقدر زحمت دہ اور مخل تعلیم حالت ہے۔

اب کہ ملک مین سکون ہے موقع ہے کہ اسکی تکمیل کی طرف اہل سرمایہ توجہ فرمائین

اور اجر و نیکنامی کا یہ زرین موقع ہاتھ سے نہ جانے دین۔

اول باخر نسبتے دارد۔ خوش قسمتی ہے کہ مولوی سید سلیمان صاحب ندوی نے دارالعلوم کی نگرانی قبول فرمائی ہے، اُن سے زیادہ ہمدرد اور دارالعلوم کا نبض شناس اور کون ہو سکتا ہے کہ انکی کوششین اساتذۂ کرام کی کوششون کے ساتھ ملکروہ نتائج بفضلہ تعالی بروے کار لائین گی جسکی تمنا ندوۃ العلماء کے بانیون کے دلون مین تھین اور ہین۔

یارب این آرزوے من چہ خوش ست
تو بدین آرزو مرا برسان

لکھنو
۵ محرم الحرام ۱۳۴۲ھ

دستخط
صدر یار جنگ

انتظامی تغیرات

مولانا شیخ محمد عرب صاحب محدث دارالعلوم کے بھوپال چلے جانیکی وجہ سے محدث کا عہدہ خالی ہو گیا تھا۔ اس وجہ سے اس کی فکر تھی کہ انکا کوئی صحیح قائم مقام دارالعلوم کو میسر آجائے۔ حسن اتفاق سے اس مین کامیابی ہوئی اور مولانا حیدر حسن خان صاحب ٹونکی کی خدمات حاصل کی گئین جو نہایت کہنہ مشق اور بڑے قابل استاد ہین

اسی طرح مدرس اعلی اور مہتممی کا جو عہدہ مولانا سید امیر علی صاحب کے انتقال کی وجہ سے خالی ہو گیا تھا وہ بھی شمس العلماء مولانا حاجی محمد حفیظ اللہ صاحب کی خدمات سے پُر کیا گیا۔ آپ ہندوستان کے اُن مشاہیر علماء مین سے ہین جنکو استاذ الاساتذہ ہونے کا فخر

حاصل ہے۔ اسکے علاوہ مولوی عبدالرحمن صاحب ندوی نگرامی کا ادیب کے عہدہ پر جدید تقرر ہوا ہے تاکہ طلبہ مین وہ ادبی قابلیت پیدا کرائین جو زمانۂ حال کے مناسب اور دارالعلوم کی شان کے مطابق ہو۔ اور مولانا سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلماء مرحوم کے انتقال کے بعد مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کو معتمد دارالعلوم بنا یا گیا تاکہ مولانا ممدوح ندوۃ العلماء کے نقطۂ خیال سے تعلیم و تربیت کی نگرانی اور رہبری فرماتے رہین۔

ان سب حالات کو دیکھتے ہوئے اسکی توقع ہے کہ آیندہ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے مفید نتائج نکلین گے۔

دارالاقامہ

گزشتہ زمانون کی طرح طلبہ اب بھی عمارت دارالعلوم کے ایک حصہ مین رہتے ہین کیونکہ دارالاقامہ کی تعمیر متعدد وجوہ سے ہنوز نہین ہو سکی، سب سے بڑی وجہ تو سرمایہ کی قلت تھی، جس کی طرف خصوصیت کے ساتھ اجلاس شانزدہم ندوۃ العلماء منعقدہ مدراس ۱۹۱۶ء مین مدراس کے سیر چشم حضرات نے توجہ فرمائی اور ہمکو اس قابل بنا یا تھا کہ دارالاقامہ کے کچھ کمرے تعمیر کرین، چنانچہ کام بھی شروع کیا گیا اور اس کی توقع تھی کہ جب کچھ کمرے تعمیر ہو جائین گے تو اور بھی اہل مدراس کی جانب سے حوصلہ افزائی ہوگی مگر افسوس ہے کہ ایک طرف تو مولانا عبدالسبحان صاحب آنریری پریسیڈنسی مجسٹریٹ مدراس و رکن انتظامی ندوۃ العلماء (مرحوم) کا انتقال ہو گیا جس سے ندوۃ العلماء کو ناقابل تلافی نقصان پہونچا، دوسری طرف گورنمنٹ سے تبادلۂ عمارت دارالعلوم کے متعلق جو گفتگو ہو رہی تھی اُس کی وجہ سے تعمیر کی اس

بڑھتی ہوئی رَو کو روکدینا پڑا اور جو کچھ اس تعمیر مین صرف ہوا تھا وہ سب خاک مین ملگیا جگہ کی قلت کی وجہ سے ہر سال سیکڑون طلبہ کی درخواستین نامنظور کرنا پڑتی ہین جسکو کبھی طبیعت گوارا نہین کرتی اور خاص خاص حالتون مین باوجود اس تنگی اور دقت کے بہت سے طلبہ کو داخل کرنا پڑتا ہے اور اسکا سلسلہ بھی یہانتک پہونچتا ہے کہ دوسرے مکان لینے کی حاجت اور شدید حاجت ہوتی ہے - لیکن دارالعلوم کے اردگرد کی حالت ایسی ہے کہ وہان اس کام کے واسطے کسی موزون مکان کا کرایہ پر ملنا بھی ایک امر مشکل ہے طلبہ کی کثرت اور جگہ کی تنگی سے دِزرات جو تکلیفین انکو پہونچتی ہین اُن سے فطرتاً ہم سب لوگون کی طبیعتین بھی پریشان ہوتی ہین ، اس مرتبہ حسن اتفاق سے فلاور مل کی کوٹھی کرایۂ بدقت تمام میسر آئی ہے جسمین چھوٹے بچون کو منتقل کردیا گیا ہے -

لیکن سوال یہ ہے کہ اسطرح ہمیشہ کس طرح کام چلے گا اور جو انتظامی دشواریان پیش آتی ہین اُن کا سلسلہ نامتناہی کب تک قائم رہے گا ، اس سے نہ صرف طلبہ کو جسمانی تکلیف ہوتی ہے بلکہ اس کا اثر انکی تعلیم و تربیت پر بھی پڑتا ہے اس کے علاوہ مصارف بھی زیادہ ہوتے ہین - لہذا مین آپ سب لوگون سے اسکی استدعا کرتا ہون کہ اس طرف خاص توجہ مبذول فرمایئے -

گزشتہ رپورٹ سنہ ۱۹۱۹ع مین کل طلبہ کی تعداد ۱۰۴ بتلائی گئی تھی - سنہ ۱۹۲۰ع مین ۱۰۷ - سنہ ۱۹۲۱ع اور سنہ ۱۹۲۲ع مین ۱۱۵ سنہ ۱۹۲۳ع مین ۱۱۶ سنہ ۱۹۲۴ع مین ۱۴۲ تھی - اب آپ اس سے اندازہ فرما سکتے ہین کہ گزشتہ زمانے مین جب لڑکون کی تعداد ۱۰۴ تھی اُسوقت جب اتنی دقت تھی تو اب جبکہ ۱۴۲ لڑکے ہین تو اُس کے انتظام مین کسقدر دقتون کا سامنا ہوا ہوگا -

نتائج امتحانہائے سالانہ اور طلبائے فارغ التحصیل

سنہ ۱۹۲۰ء میں

حسب مندرجۂ ذیل طالب العلم فارغ التحصیل ہوکر نکلے۔

(۱) مولوی فضل قدیر صاحب ولد مولوی شمس الاسلام صاحب کیتھل ضلع کرنال

(۲) مولوی سعد الدین صاحب ولد حکیم عبد الخالق صاحب گدیہ ضلع بارہ بنکی۔

(۳) مولوی سید احمد صاحب ولد مولوی سید رحیم الدین صاحب مرحوم استھانوان ضلع پٹنہ۔

(۴) مولوی مشتاق علی صاحب ولد معشوق علی صاحب سرسوندی ضلع بارہ بنکی۔

سنہ ۱۹۲۱ء میں

بھی حسب مندرجۂ ذیل چار طالب العلم فارغ التحصیل ہوکر نکلے۔

(۱) حافظ محمد خلیل صاحب ولد محمد قادر بخش صاحب ساکن مہو ضلع اعظم گڈھ۔

(۲) مولوی سید محمد ہاشم صاحب خلف مولوی حکیم سید محمد احسن صاحب مرحوم استھانوان ضلع پٹنہ۔

(۳) مولوی محمد طٰہٰ صاحب ولد عبد الشکور صاحب موضع ڈھولنا ضلع اعظم گڈھ

(۴) مولوی فتح علی صاحب ولد مراد علی صاحب۔ ساکن گنگاپور۔ اورنگ آباد دکن۔

سنہ ۱۹۲۲ء میں

حسب مندرجۂ ذیل چھ طالب العلم فارغ التحصیل ہوکر نکلے۔

(۱) مولوی محمد سلیم صاحب ولد غلام حضرت ساکن قصبہ کنتور ڈاکخانہ بدوسرائے ضلع بارہ بنکی
(۲) مولوی محمد عبد اللہ صاحب ولد داروغہ سید محمد اسماعیل صاحب دسنہ ضلع پٹنہ
(۳) مولوی عبد القیوم صاحب ولد میر جعفر علی صاحب ۔ ملیح آباد ۔ ضلع لکھنؤ ۔
(۴) مولوی حسن اظہر صاحب ولد محمد نصیر الدین صاحب ۔ محی الدین پور ضلع اعظم گڈھ
(۵) مولوی محمد یوسف صاحب ولد کفایت اللہ صاحب بندول ضلع اعظم گڈھ
(۶) مولوی سید حسن صاحب ولد سید ابو الحسن صاحب مرحوم ۔ استھانواں ضلع پٹنہ

سنہ ۱۹۲۳ء میں

حسب مندرجۂ ذیل تین طالب العلم کامیاب ہوکر نکلے ۔
(۱) مولوی سید حمید شاہ صاحب ولد مولوی حیدر شاہ صاحب سہولی ضلع پشاور
(۲) مولوی حبیب اللہ صاحب ولد غلام محی الدین صاحب ویلور (مدراس)
(۳) حافظ متین احمد صاحب ولد طفیل احمد موضع تیری ڈاکخانہ سیف اللہ گنج ضلع سلطانپور

سنہ ۱۹۲۴ء میں

حسب مندرجۂ ذیل سات طالب العلم کامیاب ہوکر نکلے ۔
(۱) مولوی محمد خالد صاحب ولد حیات صاحب سکھر (سندھ)
(۲) مولوی شبیر حسن صاحب ولد محمد احسن خاں صاحب رئیس بہادر منزل باڑہ ضلع پٹنہ ۔
(۳) مولوی ریاست علی صاحب ولد بشارت علی صاحب ۔ آبگلہ ضلع گیا ۔
(۴) مولوی احمد حسان صاحب ولد حافظ تصدق حسین صاحب سنجرپور ضلع اعظم گڈھ

(۵) مولوی معین الدین احمد صاحب ولد شاہ حیات احمد صاحب سجادہ نشین خانقاہ ردولی ضلع بارہ بنکی
(۶) مولوی عبد الحمید خانصاحب ولد خدا بخش خانصاحب موضع اسحاق پور ضلع اعظم گڈھ
(۷) مولوی نہال احمد صاحب ولد شاہ مرتضیٰ اشرف صاحب۔ بسکھاری ضلع فیض آباد۔

ان پنجسالہ امتحانات کے نتائج آپ کے سامنے ہین جن سے آپ کو یہ معلوم ہوگیا ہوگا کہ اس پانچ سال کی مدت مین کل چوبیس طلبہ فارغ التحصیل ہوکر کامیاب ہوئے ہین جو اپنے اپنے مذاق کے موافق مختلف لائنون مین نہایت قابلیت کے ساتھ کام کر رہے ہین مثلاً سنہ ۱۹۲۰ء کے کامیاب طلبہ مین مولوی سعد الدین صاحب جامع ملیہ مین انگریزی کی تعلیم حاصل کر رہے ہین اور مولوی سید احمد صاحب اطراف ناگپور مین درس و تدریس کی خدمت بڑی ہوشیاری سے انجام دے رہے ہین۔

سنہ ۱۹۲۱ء کے کامیاب طلبہ مین سے مولوی سید محمد ہاشم صاحب اور مولوی محمد طٰہٰ صاحب دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن مین کام کر رہے ہین اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ مولوی سید محمد ہاشم صاحب نے اپنی قابلیت کا بہترین نمونہ پیش کیا ہے اور نواب عماد الملک بہادر جیسے صاحب فضل و کمال جو اس صیغہ کے افسر اعلیٰ ہین نہایت مداح ہین جو بجائے خود دار العلوم کی تعلیم و تربیت کی بہترین سند ہے۔ جرمنی کے پروفیسر دن نے بھی مولوی سید محمد ہاشم صاحب کی تصحیح شدہ کتابون کی جو دائرۃ المعارف مین چھپی ہین بڑی تعریفین کی ہین۔ یہ سب باتین ایسی ہین جس کے متعلق مجھکو اپنی طرف سے کچھ حاشیہ چڑھانے کی حاجت نہین ہے۔

سنہ ۱۹۲۲ء کے کامیاب طلبہ مین سے مولوی محمد سلیم و مولوی سید حسن صاحب دار العلوم ندوۃ العلماء کے مدرس صرف و نحو اور مولوی محمد یوسف صاحب قائم مقام مدرس

فارسی ہین جو اپنے اپنے فرائض کو نہایت مستعدی اور شغف کے ساتھ انجام دے رہے ہین - اور مولوی محمد عبداللہ صاحب جناب مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب کے ہندوستانی دواخانہ دہلی مین نہایت خوش اسلوبی سے کام کر رہے ہین -

سنہ ۱۹۲۳ء کے کامیاب طلبہ مین سے مولوی سید حمید شاہ صاحب اکید و ضلع کشنا (احاطہ مدراس) مین درس و تدریس کا کام بہترین طریقہ پر انجام دے رہے ہین اور اپنا ایک خاص اثر قائم کر رکھا ہے اور مولوی حبیب اللہ صاحب مدراسی جناب شمس العلماء مولوی حاجی عبدالحمید صاحب فرنگی محلی کے مدرسۂ ٹکسال چوک مین درس و تدریس کے کام مین مشغول ہین -

سنہ ۱۹۲۴ء کے فارغ التحصیل طلبہ مین سے مولوی ریاست علی صاحب اور مولوی معین الدین صاحب دارالمصنفین اعظم گڈھ مین تالیف و تصنیف کے کام مین مشق بہم پہونچا رہے ہین اور مجھے امید ہے کہ کچھ زمانہ کے بعد یہ دونون ملک کے سامنے اپنا بہترین نمونہ پیش کرین گے -

---

دارالعلوم کے عام نتائج

اور

اُسکے فرزندان معنوی

دارالعلوم سنہ ۱۹۱۶ء مین قائم ہوا تھا جسکو اسوقت تک کُل ستائیس سال ہوئے اس درمیان مین کئی دور اسپر گزرے اور جن حوادث اور افکار سے دوچار ہونا پڑا

وہ آپ لوگون سے مخفی نہین باوجود اس کشمکش اور پریشان حالی کے اُس نے ابتدائی درجہ سے یہانتک ترقی کی ہے کہ اب مکمل تعلیم کا انتظام قائم ہے اُس زمانہ سے اسوقت تک جو طلبہ فارغ التحصیل یا ایک معتدبہ زمانہ تک تعلیم حاصل کرکے نکل چکے ہین اُنکا ذکر مولانا سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلماء مرحوم اپنی رپورٹ سنہ ۱۹۱۷ء مین کرچکے ہین جو روداد اجلاس پانزدہم ندوۃ العلماء کے ساتھ چھپکر شائع ہوچکی ہے لیکن بہت سے ایسے نام اور بھی ہین جو اب اضافہ کے قابل ہین یا اُن مین لکھنے سے رہگئے اسواسطے مندرجہ بالا نتائج پنجسالہ کے علاوہ اُن نامون کی فہرست آپ کے پیش کرنا چاہتا ہون جو اس ستائیس سالہ دارالعلوم کی تعلیم وتربیت کا نتیجہ ہین۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میرا یہ دعویٰ نہین ہے کہ یہ فہرست بھی بالکل مکمل ہوگی کیونکہ بہت سے فرزندان ندوہ ایسے بھی ہین جنکی صحیح اطلاع مجھکو اسوقت تک باوجود کوشش کے نہین مل سکی ہے کہ وہ کیا کررہے ہین اور کس حال مین ہین۔

بہرحال جہانتک مجھے اسوقت اسکا علم ہوا اسکا ذکر کیا جاتا ہی مجھے امید ہی کہ اسکو آپ بڑی دلچسپی سے سنین گے اور اپنی اس مفید درسگاہ کو مفید تر بنانے کی کوشش فرمائین گے۔

مین مولانا سید سلیمان صاحب ندوی، مولنا عبدالسلام صاحب ندوی اور مولوی مسعود علی صاحب ندوی کے اسماے گرامی سے اسوقت بحث کرنا نہین چاہتا جو خود ملک مین اچھی طرح روشناس ہوچکے ہین اور آپ لوگ بھی اُن سے اچھی طرح واقف ہین، اگر ان لوگون کے نام آپ کے سامنے لیئے جائین گے تو آپ یہ فرمائینگے کہ بار بار انھین لوگون کے نام لیئے جاتے ہین اسواسطے مین اُن کا نام گنوانا چاہتا ہون جو خاموشی کے ساتھ اپنے فرائض کو مختلف صیغون مین بڑی قابلیت کے ساتھ

انجام دے رہے ہین اور ملک اُن سے نا آشنا ہے اگر وہ لوگ بھی قومی پلیٹ فارم پر برابر نمودار ہوتے رہتے تو بلا شبہ ہر طرف ندوہ ہی ندوہ نظر آتا ۔

مولوی حاجی معین الدین صاحب بہاری ۱ یہ ندوہ کے فارغ التحصیل ہین ۔ ابتدا مین تالیف و تصنیف کا کام دار المصنفین مین کر رہے تھے کہ اُنکی خدمات کتبخانہ ندوۃ العلما کی جدید ترتیب کے واسطے حاصل کی گئین یہان سے وہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ کی لائبریری مین گئے اور نواب سید شمس الہدیٰ صاحب اُنکی قابلیت اور اہلیت سے بہت متاثر ہوئے وہان اُنھون نے کئی برس تک بہترین قابلیت کے ساتھ کام کیے اُس کے بعد وہان سے نواب حاجی خدابخش خانصاحب مرحوم کی مشہور لائبریری عظیم آباد پٹنہ بلائے گئے جہان اسوقت وہ کام کر رہے ہین ۔

مولوی عبد الرحمٰن صاحب نگرامی جو تحریر و تقریر اور ادبی قابلیت مین تعلیم ندوہ کے بہترین نمونہ ہین فی الحال دار العلوم ندوہ مین تعلیمی خدمت انجام دے رہے ہین ۔

مولوی ضیاء الحسن صاحب علوی دار العلوم کے فارغ التحصیل اور انگریزی مین ایم ۔ اے اور صوبہ متحدہ کے انسپکٹر عربک مدارس ہین ۔

مولوی سید ابو ظفر صاحب بہاری ، گجرات مہا ودیالے احمد آباد مین مشرقی زبانون کے پروفیسر ہین اور مختلف رسائل کے مؤلف ہین ۔

مولوی محمد اکرام اللہ خان صاحب ندوہ کے فارغ التحصیل اور سابق مین الندوہ کے ایڈیٹر تھے ۔ پھر یہین مددگار مہتمم کے عہدہ پر فائز رہے اور نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا حبیب الرحمٰن خانصاحب شروانی کی طلبی پر علیگڈھ گئے وہان نواب وقار الملک مرحوم کی سوانحعمری کی ترتیب و تہذیب کا کام اُنکے سپرد ہوا

یہ کام بانجام ہو گیا ہو اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ نواب صدیار جنگ بہادر انکے اس کام سے بہت خوش ہین علاوہ اسکے جب یہ سوانحعمری چھپکر شائع ہو گی تو خود ملک اسکا فیصلہ کر لیگا کہ کس قابلیت کے ساتھ لکھی گئی ہو

مولوی خواجہ عبدالواجد صاحب ندوی بی۔ یہ بھی ندوہ کے فارغ التحصیل ہین عربی اور انگریزی علم ادب مین خاص قابلیت رکھتے ہین اور نہایت ہوشمند اور روشنضمیر علما مین ہین اسوقت کرائسٹ کالج کانپور کے پرفیسر ہین۔

مولوی حکیم سید نجم الہدی احسنا ڈسکا نستالی پرگنہ مین ہڈ مولوی ہین اور بڑی قابلیت کے ساتھ اپنا کام کر رہے ہین اور فن طب مین بھی خاص قابلیت رکھتے ہین اور کئی تدریسی کتابون کے مؤلف ہین

مولوی سید عبدالحفیظ صاحب کھرگ پور ریلوے اسکول مین ہڈ مولوی ہین وہان بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہین۔

مولوی عبدالباری صاحب عثمانیہ یونیورسٹی ہین فلسفہ جدیدہ کے ممتاز پروفیسر ہین اور انکی کئی تصنیفین نہایت مقبولیت کی نگاہ سے دیکھی گئی ہین اور کئی انگریزی کتابونکا بڑی قابلیت سے ترجمہ کیا ہے۔

مولوی محمد سعید رضا صاحب نے بی۔ اے تک تعلیم حاصل کی ہے اور بمبئی سینٹ زیویر کالج مین پروفیسر ہین اور بمبئی یونیورسٹی کے ممتحن ہین۔

مولوی محمد ایوب صاحب یہ بھی ندوہ کے فارغ التحصیل ہین اور حالنا علاقہ حیدرآباد دکن مین وکالت کر رہے ہین اور کامیاب وکیلون مین ہین۔

مولوی حکیم محمد سید یعسوب صاحب ، اور **مولوی حکیم عبدالباری** صاحب **مولوی حکیم سید مظہر قدیم** صاحب ، اور **مولوی حکیم سید تمیزالدین** صاحب مونگیر پورینہ ، رائے بریلی ، اور سلطان پور مین مطب کر رہے ہین اور اپنے پیشہ مین کامیاب ہین ،

مولوی سید ظہیر اللہ اور **مولوی سید مظفرالدین** نے یہان سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد بی۔ اے تک تعلیم حاصل کی اور اس وقت مولوی سید مظفرالدین کی

نسبت معلوم ہوا ہے کہ وہ ڈھاکہ یونیورسٹی کے لکچرار مقرر ہوئے ہین اور بڑی قابلیت کے ساتھ اپنی خدمات کو انجام دے رہے ہین اور نیٹشے کے فلسفہ کا اُردو مین ترجمہ کر رہے ہین

مولوی عقیل الرحمن صاحب سہارنپوری یہ ندوہ کے فارغ التحصیل ہین مولانا احمد علی صاحب مغفور و مرحوم مشہور محدث کے پوتے اور مولانا محمد خلیل الرحمان صاحب سابق ناظم ندوۃ العلماء کے صاحبزادے ہین۔

آپ نے تحریک خلافت کے زمانہ مین جو خدمتین فراہمی چندہ کی انجام دی ہین وہ آپ اپنا نظیر ہین۔ آپ نے مختلف امتحانات دیئے ہین اور انگریزی زبان کی بھی معقول تعلیم حاصل کی ہے اور اسوقت بھی کسی اسی قسم کے امتحان مین مشغول ہین

مولوی عبدالودود صاحب اعظمگڈھی دار العلوم کے نقیہ دوم ہین اور اپنے فرائض کو نہایت خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہین۔

مولوی کلیم احمد صاحب بہرائچی، یہ ندوۃ العلماء کے کتب خانہ کے مہتمم ہین اور اپنے خدمات کو ہوشیاری کے ساتھ پورا کر رہے ہین۔

مولوی حکیم رکن الدین صاحب دانا مطب کر رہے اور اپنے شعر و سخن اور مضامین سے ملک کی خدمت انجام دے رہے ہین۔

مولوی سید محمد قاسم صاحب بہاری مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ مین معلم العربیہ ہین اور دیگر قابل لوگون کے بالمقابل درس و تدریس کی خدمت مین مشغول ہین انکے ذمہ ہوسٹل اور مدرسہ کی لائبریری کا نظم بھی متعلق ہے اور تنخواہ بھی معقول ہے۔

مولوی محمد قاسم بہاری ناگپور مین ہین اور معین الندوہ ناگپور نے جو مدرسہ

کھولا ہے اُسمین کام کر رہے ہین - اور رسالہ ادیب ناگپور کے مدیر ہین -
مولوی محمود علی خان صاحب لکھنوی یہ بھی ندوہ کے فارغ التحصیل ہین اور
ہائی اسکول ناگپور کے مدرس ہین - ناگپور مین ندوہ کا سالانہ جلسہ آپ ہی کی ساعی جمیلہ
سے ہوا تھا اُن کا وہان بہت اثر ہے اور یہ معین الندوہ ناگپور کے ناظم بھی ہین -
مولوی محمد ابراہیم صاحب دار الترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی مین عربی کے مترجم ہین
انھون نے بی - اے تک ڈگری حاصل کی ہے ترجمہ بہت پسندیدہ ہے -
مولوی سید عبد الغفور صاحب یہ بھی ندوہ کے فارغ التحصیل اور مددگار
ناظم ندوۃ العلمار ہین ، مولوی صاحب ممدوح نہایت محنت و مستعدی سے اپنے کام کو
انجام دے رہے ہین - اور جو وسیع معلومات ان کو ندوہ کے انتظامات کے متعلق ہین
مجھکو اُن سے بڑی مدد ملتی ہے مین مولوی صاحب موصوف کی مدد فرمائی کا شکر گزار ہون
مولوی محمد خلیل عرب صاحب نے بھی دار العلوم ندوۃ العلمار مین تعلیم و تربیت
پائی ہے اور اسوقت لکھنؤ یونیورسٹی کے لکچرار ہین -
مولوی سید زین العابدین صاحب عثمانی بہاری یہ بھی ندوہ کے فارغ التحصیل
ہین اور یہان سے فارغ ہونے کے بعد امریکہ کو روانہ ہوئے مگر بعض ناگزیر وجوہ سے
اپنے منزل مقصود تک نہین پہونچ سکے اور انکو وہان سے واپس آنا پڑا لیکن یہ
اپنے ارادہ کے اسقدر مضبوط تھے کہ ہمت نہین ہاری اور دوبارہ پھر روانہ ہوئے
اور امریکہ تک پہونچ گئے - ہمت و استقلال کا اس سے پتہ چلتا ہے کہ انھون نے
راستہ کا خرچ بھی گھر سے نہین لیا اور اُسکو خود اپنی محنت سے پیدا کرتے ہوئے امریکہ تک
پہونچے اور وہان بہت مفید کام کر رہے ہین ع این کار از تو آید و مردان چنین کنند

مجھے امید ہے کہ جب امریکہ سے یہ واپس آئینگے تو ملک و قوم کی بہترین خدمت انجام دین گے۔

مولوی سید علی محسن صاحب بہاری گرونگ سنری ہائی اسکول بہار مین مدرس ہین اور کئی امتحان مختلف شعبون کے پاس کرکے ڈگریان حاصل کی ہین اور بڑی قابلیت کے ساتھ اپنی خدمتین انجام دے رہے ہین۔

مولوی سید محمد صاحب رائے بریلوی یہ بھی ندوۃ العلماء کے فارغ التحصیل ہین اور انگریزی بی اے تک پڑھی ہے اور اسوقت بھوپال مین ہین۔

مولوی محمد ضیاء اللہ صاحب شملوی، یہ شملہ کی مشہور مسجد مارکٹ کے امام ہین اور اس خدمت کو باحسن وجوہ انجام دے رہے ہین۔

مولوی حکیم سید عبد العلی صاحب بی۔ ایس۔ سی۔ (خلف مولانا حکیم سید عبد الحی صاحب ناظم ندوۃ العلماء مرحوم) نے بھی دار العلوم کے قابل ترین اساتذہ سے تعلیم و تربیت پائی ہو اور اُس کے بعد بی۔ ایس۔ سی کی ڈگری حاصل کی، طب پڑھی اور اب ڈاکٹری کی تکمیل بھی تھوڑے ہی دنون مین انشاء اللہ تعالی ہوجائیگی آپ کی ذات ندوہ کے لیئے سرمایۂ ناز و افتخار ہے۔

ان کا علم و فضل اور انکی قابلیت کسی مزید توضیح کی محتاج نہین ہے۔ آپ مولانا سید عبد الحی صاحب مرحوم ناظم ندوۃ العلماء جیسے فاضل اجل کے فرزند رشید ہین، مین اُن لوگون کے سامنے جو اس کے مدعی ہین کہ عربی تعلیم کے ساتھ ساتھ انگریزی تعلیم اسقدر کم مدت مین حاصل نہین ہوسکتی یہ نمونہ دعوے کے ساتھ پیش کرتا ہون اور مین سمجھتا ہون کہ یہ نمونہ ندوۃ العلماء کا حاصل زندگی اور بہترین ثمرہ ہے۔

مولوی صدیق احمد صاحب آثر مانکپوری یہ دار العلوم ندوہ کے سابق نصاب کے تعلیم و تربیت یافتہ ہین علاوہ اس کے دیگر علوم و فنون سے واقف اور بڑے انشا پرداز بھی ہین - اور اسوقت اورنگ آباد دکن مین دسٹرکٹ جج ہین -

مولوی حاجی عطاء اللہ صاحب بمبی مین مطبع حجازیہ کے مالک ہین اور عربی زبان مین کتابون کی نشر و اشاعت مین مشغول ہین -

مولوی محمد مبین صاحب مشہور بہ مولانا کیفی ، علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ اور اعلم و انقلاب وغیرہ مختلف اخبار و رسائل کے ایڈیٹر رہ چکے ہین اور ابتک اپنی نظم و نثر سے قوم کو فائدہ پہونچا رہے ہین -

مولوی محمد حبیب الزمان خانصاحب صیغہ امور مذہبی ممالک محروسہ حضور نظام کے دفتر کے منتظم ہین اور نواب اختر یار جنگ بہادر معتمد امور مذہبی جنکی پیشکاری مین یہ کام کرتے ہین بڑی قدر اور وقعت کی نگاہ سے دیکھتے ہین اور کیون نہو آپ ایک ایسے معزز خاندان کے ممبر ہین جو دولت آصفیہ کی نگاہون مین بھی خاص وقعت رکھتے ہین اور باعتبار علم و فضل کے بھی بڑا مرتبہ ہے -

مولوی عبد الرزاق خانصاحب ملیح آبادی آپ بھی ندوہ مین چند سال تعلیم پاکر مصر گئے اور وہان چند سال قیام کرکے عربی علم ادب اور فن تفسیر حاصل کیا اسکے بعد دار العلوم ندوہ مین آکر فن حدیث کی تکمیل کی آپکو عربی زبان کی تحریر و تقریر مین خاص مہارت ہے اور کلکتہ سے عربی کا ایک اخبار الجامعہ آپ شائع کرتے تھے - آپ نے مفید کتابین تالیف و ترجمہ کی ہین ،

اسی طرح اور بہت سے فرزندان ندوہ ہین جو اطراف و اکناف عالم مین پھیلے ہوئے ہین -

ندوۃ العلماء اور دار العلوم

کی

مالی حالت اور اُسپر تبصرہ

اس سے پیوستہ اجلاس سالانہ بلگام منعقدہ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء مین گوشوارہ آمد و صرف ندوۃ العلماء بابتہ سالتمام اپریل سنہ ۱۹۱۸ء لغایتہ ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء پیش کرتے ہوئے مبلغ ([illegible]) چودہ ہزار سات سو چونتیس روپیہ چار پائی کی توفیر دکھلائی گئی تھی اُس کے بعد اپریل سنہ ۱۹۱۹ء سے ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء تک واقعی آمدنی ([illegible]) چھتیس ہزار دس روپیہ دس آنہ پانچ پائی ہوئی اور بمقابلہ اسکے مبلغ ([illegible]) اُنتیس ہزار آٹھ سو ستاسی روپیہ چودہ آنہ واقعی صرف ہوا یعنی بمقابلہ اصل آمدنی کے مبلغ ([illegible]) چھ ہزار ایکسو بائیس روپیہ بارہ آنہ پانچ پائی بعد واقعی مصارف کے بچت مین رہے۔ یہ بچت اور اس سے پیوستہ سال کی بچت ملاکر ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء کو مبلغ ([illegible]) بیس ہزار آٹھ سو پچپن روپیہ بارہ آنہ نو پائی کی توفیر دکھلانی چاہیئے تھی لیکن چونکہ اس مین سے مبلغ ([illegible]) چھ سو ترسٹھ روپیہ نو آنہ دس پائی حسب الخرچ کے کھاتہ مین درج ہین لہذا اسکو منہا کرنیکے بعد مبلغ ([illegible]) بیس ہزار ایک سو بانوے روپیہ دو آنہ گیارہ پائی خزانہ مین باقی رہ گئی تھے۔

اور اس سے مابعد والے سال یکم اپریل سنہ ۱۹۲۰ء لغایتہ ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء تک واقعی آمدنی ([illegible]) اُنتیس ہزار سات سو اکانوے روپیہ چھ آنہ ایک پائی ہوئی اور بمقابلہ اس کے واقعی خرچ ([illegible]) ستائیس ہزار دو سو چون روپیہ

تین آنہ چار پائی ہوا یعنی بمقابلہ اصل آمدنی کے بقدر مبلغ (ا عـــہ ۹/۲) دو ہزار پانچ سو سینتیس روپیہ دو آنہ نو پائی کے کم خرچ ہوا، یہ بقایا اور پچھلی توفیر مبلغ (عـــہ ۲/۱۱) بیس ہزار ایکسو بانوے روپیہ دو آنہ گیارہ پائی اور مبلغ (عـــہ ۱۲/۳) ایک ہزار ایکسو اڑسٹھ روپیہ بارہ آنہ تین پائی جو حسب الخرچ سالگزشتہ وسال ماسبق مین درج ستھے واپس ملے ان سب کو ملاکر مبلغ (عـــہ ۱/۱۱) تیئس ہزار آٹھ سو اٹھانوے روپیہ ایک آنہ گیارہ پائی ۱۳ مارچ ۱۹۲۱ء کو جمع تھے، یہ یاد رہنا چاہیئے کہ اسی سال مین یکم نومبر ۱۹۲۰ء سے گورنمنٹ ایڈ کی آمدنی مسدود ہو گئی۔ اپریل ۱۹۲۱ء سے ۳۱ مارچ ۱۹۲۲ء تک واقعی آمدنی مبلغ (عـــہ ۷) پچاس ہزار چھ سو بائیس روپیہ سات آنہ ہوئی اور بمقابلہ اسکے واقعی صرف مبلغ (عـــہ ۷/۱۰) چھتیس ہزار ایک سو تینتیس روپیہ سات آنہ دس پائی ہوا۔

یہان پر یہ ظاہر کردینا ضروری ہے کہ آمد و صرف کی زیادتی بہ نسبت سالہائے گزشتہ کے بہت زیادہ معلوم ہوتی ہے لیکن ایسا نہین ہے نہ اتنی آمدنی ہوئی نہ اتنا صرف ہوا، اصل واقعہ یہ ہے کہ مقدمہ وقف کرنال مین وقتاً فوقتاً ندوۃ العلماء نے مبلغ (عـــہ ۱۴/۱) دس ہزار تین سو اڑتالیس روپیہ چودہ آنہ صرف کیے تھے وہ مقدمہ مذکور کی کامیابی کے بعد واپس ملے اور جن جن مدات سے وہ رقوم صرف کی گئی تھین اُنہین اُسکا جمع خرچ کردیا گیا۔ یہ رقم ایسی ہے جو گزشتہ زمانہ مین واقعی صرف ہوئی تھی مگر خوش قسمتی سے کامیابی کے ساتھ واپس مل گئی۔ اس آمدنی وقف کرنال کے علاوہ البتہ میرے التفات دلانے پر جناب محترم مولوی محمد نسیم صاحب ایڈوکیٹ لکھنؤ کی وساطت سے مبلغ پانچہزار روپیہ بمد تعمیر دار الاقامہ جناب محمدی بیگم صاحبہ بنارہ مرحومہ نے

مرمت فرمائے بہرحال بمقابلہ مبلغ (صہ ماعسہ) پچاس ہزار چھ سو بائیس روپیہ سات آنے کے کل صرفہ مبلغ (ماںسہ) چھتیس ہزار ایک سو تینتیس روپیہ سات آنہ دس پائی کا ہے یعنی بمقابلہ آمدنی کے مبلغ (للعہ الماںسہ) چودہ ہزار چار سو اٹھاسی روپیہ پندرہ آنے دو پائی بعد واقعی صرفہ کے توفیر مین رہی، یہ توفیر اور پچھلی بقایا ملاکر مبلغ (عہ لماںلعہ) تیئس ہزار آٹھ سو اٹھانوے روپیہ ایک آنہ گیارہ پائی ہوئی جس مین سے مبلغ (الماالعہ) چار سو انسٹھ روپیہ چھ آنہ حسب الخرچ کے واسطے اس سال دیئے گئے اسکو منہا کرنے کے بعد مبلغ (معہ لماعہ) سینتیس ہزار نو سو ستائیس روپیہ گیارہ آنے ایک پائی ۳۱۔ مارچ ۱۹۲۲ء کو ندوہ کے خزانہ مین تھی۔ یکم اپریل ۱۹۲۲ء سے ۳۱ مارچ ۱۹۲۳ء تک واقعی آمدنی مبلغ (معہ سماعسہ) اٹھائیس ہزار تین سو اٹھائیس روپیہ چودہ آنے چار پائی ہوئی اور بمقابلہ اس کے واقعی صرف مبلغ (صہ ماعہ) پچیس ہزار دو سو بارہ روپیہ پندرہ آنہ تین پائی ہوا یعنی بمقابلہ آمدنی کے صرفہ بقدر مبلغ (سہ ماعہ) تین ہزار ایک سو پندرہ روپے پندرہ آنے ایک پائی کے کم ہوا اور اتنی رقم اس آمدنی مین سے بچت مین رہی،

یہ بچت اور پچھلے سال کی بقایا مبلغ (معہ سماعہ) ملاکر مبلغ (للہ للعہ) اکتالیس ہزار تینتالیس روپیہ دس آنے دو پائی ہوئے جس مین سے مبلغ (الالعہ) ایک ہزار اڑتالیس روپیہ چار آنے حسب الخرچ کے واسطے دیئے گئے لہذا اسکو منہا کرنیکے بعد۔ ۳۱۔ مارچ ۱۹۲۳ء کو مبلغ (للعہ) چالیس ہزار چار روپیہ چھ آنے دو پائی ندوہ کے خزانہ مین جمع تھی۔

یکم اپریل ۱۹۲۳ء سے ۳۱ مارچ ۱۹۲۴ء تک کل واقعی آمدنی مبلغ (معہ لماسہ)

اٹھائیس ہزار سات سو سرسٹھ روپیہ سات آنے دو پائی ہوئی اور واقعی صرف مبلغ
(۳۶۹۵۹ ۹/۸) چھتیس ہزار نو سو انسٹھ روپیہ نو آنے آٹھ پائی ہوا یعنی بمقابلہ آمدنی کے
مبلغ (۸۱۹۲ ۲/۶) ایک سو بانوے روپیہ دو آنے چھ پائی اس سال صرفہ زیادہ ہوا،
اسکی وجہ یہ ہے کہ سرمایہ محفوظہ سے مبلغ چھ ہزار روپیہ دستگردان لیکر منظوری جلسہ انتظامیہ عمارت دار العلوم
کی ضروری ضروری تعمیر اور مرمت مین صرف کیا گیا اور مبلغ (۲۲۵۷ ۹/۱۱) دو ہزار
دو سو ستاون روپیہ نو آنے گیارہ پائی تعمیر دار الاقامہ کے حساب مین جو درحقیقت مالی
سال ۱۹۱۸ و ۱۹۱۹ع کا صرفہ تھا اس سال مین آکر پڑا،

اگر ان ہر دو مدات کی آمدنی اس سال ہوتی تو صرفہ کی مقدار آمدنی سے زیادہ نہ ہوتی
آیندہ اس کی کوشش کی جائیگی کہ جو روپیہ سرمایہ محفوظہ کا ندوۃ العلماء سے قرض لیکر
عمارت دار العلوم ندوۃ العلما کی ضروری ضروری مرمت اور تعمیر مین بمنظوری ارکان انتظامیہ
ندوۃ العلماء صرف ہوا ہے، اوسکو یا تو چندہ خاص کرکے جلد سے جلد ادا کر دیا جائے یا عمارت کیواسطے
کوئی گرانقدر امداد حاصل کیجائے اور اسمین سے سرمایہ محفوظہ کا قرض بیباق کرکے حساب برابر کر دیا جائے
یہ امر بھی قابل گزارش ہے کہ پانسو روپیہ ماہوار کی جو رقم خلافت کمیٹی سے ملا کرتی تھی وہ
ماہ جنوری ۱۹۲۲ء سے بالکل بند ہوگئی ہے خدا کا شکر ہے کہ اسی پریشانی کے عالم مین
اعلیحضرت حضور نظام شہریار دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے تین سو روپیہ ماہوار کا تعلیمی
عطیہ مقرر فرما دیا ہے اسپر بھی منجملہ پانسو روپیہ کے دو سو روپیہ ماہوار کی کمی بدستور
قایم ہے جسکو پورا کرنے کی ہنوز فکر اور پریشانی شامل حال ہے۔

بہر حال اس سال واقعی آمدنی مبلغ (۲۸۷۶۷ ۲/۷) اٹھائیس ہزار سات سو سرسٹھ
روپیہ سات آنے دو پائی ہوئی اور صیغہ منتقلہ کی آمدنی (۱۱۳۱۱ ۶/۱۲) گیارہ ہزار
تین سو گیارہ روپیہ بارہ آنے چھ پائی ہوے۔

(جو درحقیقت آمدنی نہین ہے بلکہ آمدنی مدات کا اُلٹ پھیر ہے)

نیز سالہائے گزشتہ وسنہ روان کے حسب الخرچ کی رقوم مبلغ ([illegible])
آٹھ ہزار نوسو سینتیس روپیہ پانچ آنے آٹھ پائی واپس ملین ۔

آمدنی کے ان واقعی اور غیر واقعی رقوم کے مدات کو شامل کرنیکے بعد مبلغ ([illegible])
اُنچاس ہزار سترہ روپیہ نو آنہ چار پائی میزان کل آمدنی کی ہوتی ہے ،

اور بمقابلہ اسکے واقعی مصارف کی میزان مبلغ ([illegible]) چھتیس ہزار نوسو
اُنسٹھ روپیہ نو آنے آٹھ پائی ہے اور صیغہ منتقلہ کا صرفہ (جو درحقیقت واقعی صرفہ نہین ہے
جیسا کہ اوپر ظاہر کیا جاچکا ہے) مبلغ ([illegible]) گیارہ ہزار چار سو چھتیس روپیہ
تین آنے چھ پائی ہے اور علاوہ اسکے حسب الخرچ کے مصارف مین مبلغ ([illegible])
چھ ہزار آٹھ سو چھیاسی روپیہ پندرہ آنے دکھلائے گئے ہین ،

ان مصارف واقعی اور غیر واقعی کی مجموعی میزان مبلغ ([illegible]) پچپن ہزار
دوسو اسی روپیہ بارہ آنے دو پائی ہوتی ہے ، اگر مبلغ ([illegible]) اُنچاس ہزار
سترہ روپیہ نو آنے چار پائی مین جو آمدنی واقعی اور غیر واقعی کی مجموعی میزان ہے ،
پہلے سال یعنی ۳۱ - مارچ ۱۹۲۳ء کی بچت مبلغ ([illegible]) چالیس ہزار چار روپیہ
چھ آنے دو پائی شامل کردی جائے تو اسکی مجموعی میزان مبلغ ([illegible]) نواسی ہزار
اکیس روپیہ پندرہ آنے چھ پائی ہوگی جو گوشوارہ سنہ روان مین دکھلائی گئی ہے ،

اگر اس مین سے کل واقعی اور غیر واقعی مصارف کی رقوم جسکی مجموعی میزان
مبلغ ([illegible]) پچپن ہزار دوسو اسی روپیہ بارہ آنے دو پائی دکھلائی گئی ہے منہا
کردیجائے تو مبلغ ([illegible]) تینتیس ہزار سات سو اکتالیس روپیہ تین آنے چار پائی

کی رقم بچت مین رہگئی جیساکہ گوشوارہ ہذا سے ظاہر ہوتا ہے یہ رقم ۳۱۔ مارچ ۱۹۲۴ء کو ندوۃ العلماء کے خزانہ مین جمع تھی۔

یہ توفیر جو ۳۱۔ مارچ ۱۹۲۴ء کو بعد مصارف کے خزانہ مین جمع رہی انمین کا بیشتر حصہ تعمیر مسجد، تعمیر دارالاقامہ اور سرمایہ محفوظہ کی مدات کی رقوم ہین جسکو ندوۃ العلماء اور دارالعلوم کی روزمرہ ضرورتون پر کسی طرح صرف نہین کیا جا سکتا،

بہرحال مین نے اپریل ۱۹۱۹ء سے آخر مارچ ۱۹۲۴ء تک صرف پنجسالہ گوشوارہ کے آمد و صرف کی بقایا اور اُس کی توفیر سے بحث کی ہے اور اسی کے ساتھ ہر سال کا علحدہ علحدہ چھپا ہوا گوشوارہ بھی منسلک ہے۔ یہ پانچون سال کے گوشوارے جلسۂ انتظامیہ مین پیش ہو کر منظور بھی ہو چکے ہین،

اگر آپ ہر مد کی آمدنی اور اسکا واقعی صرفہ ملاحظہ فرمائینگے تو آپ کو اسکا اندازہ ہو سکے گا کہ کہانتک ندوۃ العلما کی مالی حالت قابل اطمینان کہی جا سکتی ہے،

میرے نزدیک غیر مستقل آمدنی خواہ وہ کسی قدر بھی ہو کسی طرح قابل اطمینان نہین کہی جا سکتی اسواسطے مجکو اسکا افسوس ہے کہ ندوۃ العلماء کا کوئی مستقل سرمایہ نہین ہے جسپر اطمینان کامل کیا جا سکے،

خدانخواستہ یہ غیر مستقل آمدنیان جو ابتک حاصل ہوتی رہی ہین اگر کسی وجہ سے آیندہ حاصل نہ ہو سکین تو اتنے بڑے عظیم الشان نظام کو کیونکر باقی رکھا جا سکتا ہے، اسواسطے مین یہ استدعا کرتا ہون کہ براہ مہربانی کوئی مستقل سرمایہ قائم کرنے کی طرف جلد سے جلد توجہ مبذول فرمائی جائے اور تاخیر روا نہ رکھی جائے۔

آخر مین یہ گزارش ہے کہ چونکہ سنہ روان ۳۱۔ مارچ ۱۹۲۵ء کو ختم ہوگا اسلیے

مالی سال ناتمام ہونیکی وجہ سے اس سال کا گوشوارہ پیش کرنے سے مجبوری ہے ورنہ اسی وقت آپ کو اس بات کا صحیح اندازہ ہوتا کہ آمدنی کی قلت نے کسقدر ہم سب لوگون کو پریشان خاطر بنا رکھا ہے۔

حسابات کی تنقیح

اور

جانچ پرتال

صیغۂ مال ندوۃ العلماء کے تمام حسابات وغیرہ کی تنقیح اور جانچ پرتال کیلیے عرصۂ دراز سے ایک منقح (آڈیٹر) کا عہدہ قائم ہے جسکا باضابطہ انتخاب ہوتا رہتا ہے چنانچہ جب سے یہ عہدہ قائم کیا گیا اُسوقت سے تاحیات مولوی نظام الدین حسن صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ سابق کمشنر برار و معین المہام ریاست بھوپال اس عہدہ پر فائز رہکر ندوۃ العلماء کے تمام حسابون کی جانچ پرتال فرماتے رہے، آپکی سچائی، دیانتداری اور صاف گوئی ضرب المثل تھی علاوہ اسکے حسابات کی ترتیب اور علم ریاضی مین بڑے کامل اور فاضل مانے جاتے تھے۔

ایسی حالت مین مداخل و مخارج کی نسبت آپکی تصدیق کا جو اعتبار ملک مین قائم ہوسکتا تھا وہ ظاہر ہے بہرحال ابھی جن گوشوارون کے آمد و صرف پر مین نے تبصرہ کیا ہے ان مین سے اول دو گوشوارے بابتہ ۱۹۲۰ء و ۱۹۲۱ء مولوی صاحب کے

تصدیق شدہ ہین ۔

لیکن افسوس ہے کہ اُنکے انتقال فرماجانے سے ایک عرصہ تک یہ عہدہ خالی رہا اور کوئی ایسا موزون شخص خیال مین نہ آیا جس کے انتخاب کی باضابطہ کارروائی کی جاتی۔ بالآخر میان عبد الغفور صاحب بی ۔ اے ۔ منقح حسابات منتخب ہوئے۔ اور جس سال سے حسابات کی جانچ پڑتال مولوی صاحب ممدوح کے انتقال فرماجانیکی وجہ سے نہین ہوئی تھی اُن سب کی گزشتہ سال جانچ پڑتال میان صاحب ممدوح سے کرائی گئی اور مین میان صاحب ممدوح کا شکر گزار ہون کہ وہ براہ مہربانی اس غرض سے گزشتہ سال لکھنو تشریف لائے اور بڑی محنت و جانفشانی سے حسابات کو دیکھا اور اُسکے بعد اُنکے حسب خواہش ضروری ضروری کاغذات رجسٹر اور کتابون کے ساتھ محرر مال کو کانپور انکی خدمت مین بھیجا ، میان صاحب ممدوح نے وہان بھی حسابات وغیرہ کی جانچ فرمائی اور پھر کانپور سے یہان تشریف لاکر مجھسے اپنا اطمینان ظاہر فرمایا لیکن کاغذات کی ترتیب و تہذیب مروجہ کے متعلق اصولاً شکایت فرمائی ۔

اسی سلسلہ مین یہ بھی گزارش کردینا چاہتا ہون کہ حسب تجویز جلسہ انتظامیہ گزشتہ سنہ ۲۴۔۱۹۲۳ع کے حسابات سند یافتہ اکونٹنٹ سے آڈٹ ہورہے ہین ۔

دستخط (صفی الدولہ حسام الملک) محمد علی حسن (خان) ناظم ندوۃ العلماء

۷ ۔ مارچ سنہ ۱۹۲۵ع

دفتر صیغہ مال ندوۃ العلماء لکھنؤ

گوشوارہ آمد و صرف من ابتداء سے یکم اپریل سنہ ۱۹۲۲ء لغایتہ ۳۱ - مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

نمبر	تفصیل مدات آمدنی	مقدار: روپیہ	آنہ	پائی	نمبر	تفصیل مدات صرف	مقدار: روپیہ	آنہ	پائی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱۷	میزان کل آمدنی سال حال معہ بقایا صفحہ سابق	[illegible]	۱۵	۵	۱۸	میزان صفحہ سابق	[illegible]	۱۴	۶
					۱۹	مہمانداری ارکان ندوۃ العلماء	[illegible]	۵	۳
					۲۰	طبع ندوۃ العلماء	[illegible]	۵	۶
					۲۱	میزان اصل مصارف	[illegible]	۱۵	۳
					۲۲	حسب الخرچ	[illegible]	۱۰	۰
					۲۳	میزان کل صرف	[illegible]	۹	۳
						بقایا ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء			
					۲۴	امپیریل بنک لکھنؤ [illegible] ۱۰/۲			
					۲۵	تحویل جناب ناظم صاحب ندوۃ العلماء [illegible]	[illegible]	۶	۲
	میزان کل	[illegible]	۱۵	۵	۲۶	میزان کل	[illegible]	۱۵	۵

(صفی الدولہ حسام الملک نواب)

محمد علی حسن (خان) انچارج ناظم ندوۃ العلماء

منیر الدین محرر مال ندوۃ العلماء

یکم اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

دفتر صیغۂ مال ندوۃ العلماء لکھنؤ

گوشوارہ آمد و صرف من ابتداے یکم اپریل سنہ ۱۹۲۳ء لغایتہ ۳۱- مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

نمبر	تفصیل مدات آمدنی	مقدار: روپیہ	آنہ	پائی	نمبر	تفصیل مدات صرف	مقدار: روپیہ	آنہ	پائی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۳۰	میزان صفحہ سابق	[illegible]	۱۵	۶	۳۰	میزان صفحہ سابق	[illegible]	۹	۸
					۳۱	واپسی قیمت داخلہ ضمانت از دار الاقامہ	[illegible]	۳	۶
						قرضہ از تعمیر دار الاقامہ برائے تعمیر درسگاہ	[illegible]	۰	۰
						قرضہ از سرمایۂ محفوظہ برائے تعمیر درسگاہ	[illegible]	۰	۰
						واپسی دستگردان تعمیر دار الاقامہ از تعمیر درسگاہ	[illegible]	۰	۰
						میزان	[illegible]	۱۳	۲
						حسب الخرج	[illegible]	۱۵	۰
						میزان	[illegible]	۱۲	۲
						بقایا تحویل ۳۱- مارچ سنہ ۱۹۲۴ء	[illegible]	۳	۴
						تحویل میرل بنک لکھنؤ [illegible] ۱/۱۳/۱			
						جناب ناظم صاحب ندوۃ العلماء [illegible] ۳/۶			
۳۱	میزان کل	[illegible]	۱۵	۶	۳۲	میزان کل	[illegible]	۵	۶

میزان صحیح ہے

عبد الغفور عفی عنہ

مددگار ناظم ندوۃ العلماء

(صفی الدولہ حسام الملک

محمد علی حسن خان)

ناظم ندوۃ العلماء

نصاب تعلیم دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

سال اوّل

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	میزان	میزان	مائۃ عامل منظوم	دروس الادب حصۂ الفاظ	فصول اکبری تا خاصیات	تقسیم جزو سے تقسیم مرکب تک	
۲	//	//	//	//	//	//	
۳	منشعب	منشعب	نحو میر	//	//	//	
۴	//	//	//	دروس الادب جزء اول	//	//	
۵	صرف میر	صرف میر	//	//	//	//	
۶	//	//	//	دروس الادب حصہ باب ثانی	ابواب الصرف حصہ تعلیلات	//	
۷	//	//	خلاصہ	//	//	//	
۸	//	//	جمل معہ ترکیب	//	//	//	
۹	زبدہ کامل	زبدہ کامل	//	//	//	//	

سال دوم

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	شرح مائۃ عامل	فصول اکبری از خاصیات تا آخر	دروس الادب ثانی و مشق نحو	کبریٰ	میکملینس کنگ ریڈرس دی کنگ پرائمر	مقسوم علیہ اعظم و ذو اضعاف اقل و کسور عام	دروس التاریخ الاسلامی اول
۲	//	//	//	//	//	//	انگریزی طلبا مستثنیٰ کے واسطے
۳	//	//	//	//	//	//	
۴	ہدایۃ النحو	//	//	مرقات	//	//	
۵	//	//	//	//	//	//	
۶	//	//	//	//	//	//	
۷	//	//	//	//	//	//	
۸	//	پارہ عم معہ ترکیب ربع اول	//	//	//	//	
۹	//	//	//	//	//	//	

سال سوم

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	کافیہ	مجموع الادب واملا	شرح تہذیب	قدوری	میکملینس نیو انگلش ریڈرس حصہ اول کل	کسور اعشاریہ متوالی و غیر متوالی	دروس التاریخ الاسلامی دوم
۲	〃	〃	〃	〃	〃	〃	انگریزی طلبا مستثنیٰ کے واسطے
۳	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۴	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۵	〃	〃	〃	تبارک الذی	〃	〃	
۶	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۷	〃	〃	〃	سراجی	〃	〃	
۸	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۹	〃	〃	〃	〃	〃	〃	

سال چہارم

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	شرح وقایہ ربع اول	قطبی بجذعت مختلطات	مختصر معانی بحث معانی	حماسہ باب الادب والنسیب عروض و قافیہ واملا	میکملینس نیو انگلش ریڈرس حصہ دوم کل	حساب تجارت مفرد و مرکب جذر المربع سہ متناسبہ و عبارتی	دروس التاریخ الاسلامی حصۂ سوم
۲	〃	〃	〃	〃	〃	سوالات جذر الکعب اربعہ متناسبہ	انگریزی طلبا مستثنیٰ کے واسطے
۳	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۴	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۵	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۶	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۷	نور الانوار باب السنت والاجماع و اصول شاشی	〃	〃	〃	〃	〃	
۸	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۹	〃	〃	قد سمع اللہ پارہ ۲	〃	〃	〃	

سال پنجم

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	شرح وقایہ ثانی	نور الانوار	رشیدیہ	دیوان متنبی و املا	میکمیلنز نیو انگلش ریڈرس حصہ سوم کل	سترمیہ کوشل کشور بی-اے-ایل-ٹی	تاریخ الامم الاسلامیہ للخضری
۲	//	//	//	//	//	//	انگریزی طلبا مستثنیٰ کے واسطے
۳	//	//	//	//	//	//	
۴	//	//	میبذی طبیعیات	//	//	//	
۵	//	//	//	//	//	//	
۶	//	//	//	//	//	//	
۷	//	//	//	//	//	//	
۸	قرآن مجید ۲۳ تا پارہ ۲۷	//	//	//	//	//	
۹	//	//	//	//	//	//	

سال ششم

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	موطا مالک	قرآن مجید ۱۵ تا ۲۳ پارہ	ہدایہ رابع ربع	مقامات حریری وعشرہ رومی و املا	میکملینز نیو انگلش حصہ چہارم تا صفحہ ۸۶	اے نیو پرائمر انگلش گرامر و ترجمہ زبانی	تاریخ الامم الاسلامیہ للخضری دوم
۲	//	//	//	//	//	//	انگریزی طلبا مستثنیٰ کے واسطے
۳	//	//	//	//	//	//	
۴	//	//	//	//	//	//	
۵	شرح عقائد	میبذی الٰہیات	//	//	//	//	
۶	//	//	//	//	//	//	
۷	//	//	شرح نخبۃ الفکر	سبعہ معلقہ معلقات اولی	//	//	
۸	//	//	//	//	//	//	
۹	//	//	//	//	//	//	

سال ہفتم

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	املا بر مضامین قرآن مجید	سلم العلوم	ترمذی شریف	بخاری شریف نصف اول	میکملنس نیو انگلش ریڈر	اے نیو پرائمر انگلش گرامر و ترجمہ زبانی	مقدمہ ابن خلدون باستثنائے طلسمات و نیرنجات
۲	〃	〃	〃	〃	حصہ چہارم تا آخر صفحہ ۸۶	〃	انگریزی طلبا مستثنیٰ کے واسطے
۳	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۴	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۵	ہدایہ ثالث	〃	〃	〃	〃	〃	
۶	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۷	〃	سبعہ معلقہ و املا	〃	〃	〃	〃	
۸	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۹	〃	〃	〃	〃	〃	〃	

سال ہشتم

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	سورۂ بقر بیضاوی شریف	مسلم شریف	حماسہ باب اول فصل ثانی ختم و املا	بخاری شریف نصف ثانی	میکملنس نیو انگلش ریڈرس	اے نیو پرائمر آف انگلش گرامر و ترجمہ زبانی	حجۃ اللہ البالغہ کامل بطرز املا
۲	〃	〃	〃	〃	حصہ چہارم بکل	〃	انگریزی طلبا مستثنیٰ کے واسطے
۳	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۴	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۵	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۶	تصریح الافلاک	〃	نقد الشعرا و املا	〃	〃	〃	
۷	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۸	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۹	〃	〃	〃	〃	〃	〃	

درجۂ تکمیل حدیث تفسیر

موطا امام مالک۔ صحیح مسلم۔ سنن ابن ماجہ۔ سنن ابی داؤد۔ سنن نسائی۔ مقدمہ ابن صلاح
تفسیر کشاف سورۂ بقرہ اشعار اتقان متعلقہ غریب القرآن۔ تفسیر نیشاپوری برائے مطالعہ۔
شرح معانی الآثار جلد اول برائے مطالعہ۔ تفسیر اتقان برائے مطالعہ۔ مصفی شرح موطا برائے مطالعہ

درجۂ تکمیل فقہ و اصول فقہ

درمختار۔ الاشباہ والنظائر۔ فقہ ابن ارشد۔ حجۃ اللہ البالغہ کامل۔ توضیح و تلویح
تا مقدمات اربع۔ مسلم الثبوت۔ کشف الاسرار بزدوی جلد اول۔

درجۂ تکمیل ادب

کتاب الصناعتین۔ کتاب العمدہ۔ اسرار البلاغۃ۔ دلائل الاعجاز۔ دیوان نابغہ۔ دیوان امرء القیس
دیوان عروہ بن الورد۔ رسائل بدیع الزمان۔ مطول تا ما انا قلت۔ خطابت و کتابت۔

درجۂ تکمیل فلسفہ و منطق و کلام

شرح مطالع۔ شمس بازغہ تا بحث زمان۔ الہیات شرح حکمۃ العین۔ الہیات شرح مقاصد
شرح حکمۃ الاشراق تہافۃ الفلاسفہ للامام الغزالی و ابن رشد۔ رسائل اربعہ امام غزالی
الدروس الاولیہ فی الفلسفۃ العقلیہ ہیئت جدیدہ۔

درجہ فارسی

شمارہ	اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	کیفیت
۱	آمدنامہ	فارسی کی پہلی کتاب	حساب	خوشخطی	املا	مشق صیغہ	
۲	″	″	″	″	″	″	
۳	کریما	″	″	″	″	دو فقروں کے جملے	
۴	″	فارسی کی دوسری کتاب	″	″	″	″	
۵	″	″	″	″	″	″	
۶	پندنامہ عطار معہ ترجمہ	″	″	″	عبارت مضامین خطوط	گلستان	
۷	فارسی کی تیسری کتاب	″	″	″	″	″	
۸	″	″	″	″	″	″	
۹	″	″	″	″	″	″	

نوٹ ۔ فارسی کا یہ نصاب عارضی اُن طلبہ کے واسطے ہے جو فارسی مین کمزور ہوتے ہین اور عربی کے سال اول مین نہین چل سکتے ۔

پنجسالہ رپورٹ کے مضامین کا حصہ جب ختم ہوا تو آخر مین مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلمار نے خاکسار ناظم ندوۃ العلمار کی اجازت سے پنجسالہ گوشوارہ آمد وصرف بابتہ سنہ ۱۹و۲۰ء، سنہ ۲۰و۲۱ء، سنہ ۲۱و۲۲ء، سنہ ۲۲و۲۳ء، سنہ ۲۳و۲۴ء کی رقوم سنایٔن اور ضابطہ کی منظوری کے واسطے پیش کیا جو بالاتفاق منظور کیا گیا،

یہ گوشوارے[۵] بطور ضمیمہ رپورٹ کے ساتھ شامل ہین۔

اسکے بعد مولانا محمد علی صاحب ایڈیٹر کامریڈ کی تقریر "حفاظت الاسلام وفرائض علمار" ہونیوالی تھی مگر ان کے تشریف نہ لانے کے باعث اسی مبحث پر علامہ شیخ عبدالعزیز ثعالبی ٹیونسی سے (جو اجلاس مین رونق افروز تھے) اظہار خیالات فرمانے کی استدعا کی گئی جسکو جناب ممدوح نے قبول فرمایا اور تقریبًا پون گھنٹہ تک عربی زبان مین ایک زبردست خطبہ ارشاد کیا،

آپ کی تقریر ایسے لب ولہجہ سے ادا ہو رہی تھی جسکی تعریف نہین کی جا سکتی، انداز بیان ایسا مؤثر اور دلگداز تھا کہ جو لوگ عربی سے ناواقف تھے وہ بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے،

اس کے بعد اس تقریر کا خلاصہ مطلب مولوی عبدالرحمان صاحب نگرامی ادیب دار العلوم ندوۃ العلمانے اُردو زبان مین بیان فرمایا جو حسب ذیل ہے اور مجھکو افسوس ہے کہ علامہ ممدوح کی اصل تقریر جو عربی زبان مین تھی قلمبند نہو سکی۔

خلاصہ ترجمہ تقریر علامہ جناب شیخ عبدالعزیز صاحب ثعالبی ٹیونسی

حضرات محترم ارکان ندوۃ العلمار! مجھے نہایت مسرت ہے کہ مین اس عظیم الشان

---

[۵] ملاحظہ صفحہ ۱۵۲ تا ۱۶۰

اصلاحی انجمن مین شریک ہوا، مین آپ کی انجمن سے اُسوقت سے واقفیت رکھتا ہون
جب سے کہ مولانا سید سلیمان صاحب سے مجھسے پیرس مین ملاقات ہوئی تھی، مین اس سے
پیشتر بھی ایک بار ہندوستان آیا تھا مگر اُسوقت میرا قیام یہان بہت مختصر رہا، اس مرتبہ
مجھے ہندوستان آئے ہوئے تین ماہ گزر گئے، مین یہان کے اکابر سے ملا۔ مفکرین سے
میری ملاقاتین ہوئین لیکن مجھے ابتک ہندوستانی مسلمانون کی بہبودی کا مضبوط کام
کوئی نظر نہ آیا تھا۔ مجھے بہت سے ہندوستانی علماء نے اپنی تصنیفین عنایت فرمائی ہین
لیکن مجھے بڑا رنج تھا کہ جب مین نے ان کتابون کے مضامین اور عنوانات سے اک
گونہ واقفیت حاصل کی تو یہ سب آپس کے جھگڑون کی تھین اور ان مین زیادہ تر
فروعی مسائل پر نہایت درجہ کی سختین کی گئی تھین، میرے اس رنج کو اس امر سے
اور زیادہ تقویت پہونچی کہ مین مشہور شہر بنارس مین تھا کہ وہان مسلمانون کے دو فرقون
مین تقلید و عدم تقلید ائمہ کے مسئلہ پر سخت اختلاف تھا تاآنکہ مین اعظم گڈھ پہونچا،
میرے محترم دوست مولانا سید سلیمان صاحب وہان موجود نہ تھے، مین نے وہان کئی روز
ٹھہر کر اس لٹریچر کی نوعیت سے واقفیت حاصل کی جو وہان سے شائع ہو رہا ہے تب
مین نے خدا کا شکر ادا کیا کہ بے شبہہ قومی تعمیر کے لیئے جس قسم کی تصانیف اور دماغی ترتیب
کی ضرورت ہے مسلمانان ہندوستان اس سے غافل نہین، شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ
نواب صدیق حسن خان (مرحوم و مغفور) کی تصانیف کے بعد ہندوستان کیلئے یہ تصنیفین
قابل فخر ہین اور خوشی کی بات ہے کہ یہ تمام کام آپ کی مشہور انجمن ندوۃ العلماء کے اشخاص
انجام دے رہے ہین،

حضرات! عالم اسلامی مین ہندوستانی مسلمانون کو ایک خاص درجہ حاصل ہے

آپ اگر اپنی تنظیم کرلین تو تمام عالم اسلامی کی بہبودی اور ترقی کا مرکز آپ بن سکتے ہین اور پھر آپ اپنی طاقت سے ایک بار دنیا کا نقشہ پلٹ دے سکتے ہین۔

حضرات علماء! آپ کے فرائض دو قسم کے ہین انفرادی اور اجتماعی، انفرادی کے متعلق مین اسوقت کچھ نہ عرض کرون گا، اجتماعی حیثیت سے میری گزارش ہے کہ مسلمانون کے سود و زیان کا انحصار آپ پر ہے، قرون اولی مین علما اور غیر علماء کی کوئی تفریق نظر نہین آتی، سارا کام ایک ہی جماعت کرتی تھی، رفتہ رفتہ علیحدگی پیدا ہوگئی اور اس علیحدگی نے پراگندگی پیدا کردی، عالم اب بھی میری اصطلاح مین اُس شخص کو کہتے ہین جو علوم دینیہ مین سے کسی ایک شاخ کا ماہر ہو، ہماری غلطی ہے کہ ہم علم کے شمار مین علم کیمیا کو طبعیات کو اور دیگر ارتقائی علمون کو نہین شامل کرتے ہین مین آپ سے کہونگا کہ آپ خدا کے لیئے اپنے علم کے دائرہ کو وسیع کیجیے اور صرف تشقیقات اور فرضی احتمالات کے علم سے الگ ہو کر مشاہدہ اور عملیات کے میدان مین آئے۔ دوسری اہم بات جسکی طرف مین آپ کو توجہ دلانا چاہتا ہون وہ سیر و سیاحت ہے،

سیر و سیاحت سے ہم قومون کے حالات معلوم کرسکتے ہین، ہمین اپنی کمزوریان اور کوتاہیان معلوم ہونگی، ہمارا دماغ کھلے گا اور ہم جان لین گے کہ دُنیا مین قومون کے گھٹنے اور بڑھنے کے کیا اسباب ہوتے ہین، نہایت افسوس کی بات ہے کہ سلف صالحین کے طرز کے خلاف علماء نے سیر و سیاحت کو چھوڑ رکھا ہے، آپ کے لیئے تو عالم اسلامی مین رشتۂ اخوت نے کتنی آسانیان پیدا کردی ہین، ایک مسلمان، مراکش کے آخری کونہ سے چین سے اس پار تک کا سفر بغیر زاد اور توشہ کے کرسکتا ہے، آپ مسیحی علما اور اہل کمال کو دیکھیئے کہ وہ ایسی قومون مین جو نسل مین، دین مین، رسم و رواج مین انسے غیر ہین عمرین بسر

کر دیتے ہین ،

ایک مستشرق نے چالیس سال اپنے ، صرف یمن کے کتبون کو پڑھنے مین صرف کیئے وسط افریقہ مین رہتے ہین اور اپنا کام پورا کرتے ہین ،

حضرات علماء ! آپ کو ان سے سبق لینا چاہیئے اور سیر و سیاحت مین سرگرم ہو جائیے ، مین اسپر زیادہ زور دیتا ہون اس لیئے کہ تبدیلی پیدا کرنے کے لیے اسکی ضرورت اور سخت ضرورت ہے ۔ والسلام

اس کے بعد دوسرے روز کے لیئے اجلاس برخاست ہوا اور حسب معمول سابق شب کے جلسۂ عام کا اعلان کیا گیا جو بعد مغرب کے ممتاز دار الیتامی واقع امین الدولہ پارک لکھنؤ مین منعقد ہوا جس مین اکابر اور مشاہیر علما ر نے اپنے مواعظہ حسنہ سے لوگون کو مستفید فرمایا ۔

اجلاس سوم

۱۳ شعبان ۱۳۴۳ھ مطابق ۹ مارچ ۱۹۲۵ء روز دوشنبہ

وقت

۱۱ بجے قبل دوپہر سے ۱/۲ ۱ بجے تک

صدر انجمن

جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان خانصاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی دولت آصفیہ حیدرآباد دکن

آج بھی حاضرین جلسہ کی تعداد بہت معقول تھی اور دار العلوم کے ہال کی اکثر کرسیان، اور پلیٹ فارم کی تمام نشستین معمور تھین - پروگرام مین اگرچہ جلسہ کا وقت ۱۱ بجے سے رکھا گیا تھا لیکن بعض وجوہ سے کارروائی ۱۲ بجے سے شروع ہوئی اور حسب معمول سب سے پہلے قاری محمد صدیق صاحب قاری مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ نے چند آیتین مصری لہجہ مین تلاوت فرمائین اسکے بعد مولوی حافظ محمد منیر صاحب ندوی نے قرآن مجید کے بعض حصون کی تلاوت کی -

پھر جناب مولانا عبد الحلیم صاحب شرر لکھنوی نے اپنا فاضلانہ مضمون "تاریخ اسلام" پڑھکر سنایا جو حسب ذیل ہے،

مضمون جناب مولانا عبد الحلیم صاحب شرر لکھنوی

تاریخ کی اہمیت اور اُسکے نصاب مین داخل ہونیکی ضرورت

نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونومن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیأت اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ۔

مقتدایان ملت و مقتدایان امت! مین فن روایات وسیر کی مختصر تاریخ اور اُس کی اہمیت کو بالاجمال بیان کرکے اس نتیجے کو پہونچتا ہون کہ نصاب تعلیم مین اس فن کے داخل کرنے کی کسقدر ضرورت ہے،

فن تاریخ کی ابتدا یچ پوچھیے تو صحف سماوی اور انبیا علیہم السلام سے ہوئی کیونکہ دنیا کی سب سے پہلی تاریخ توریۃ مقدس ہے - جس مین آغاز تخلیق عالم سے زمانہ مسیح تک کے کل حالات مندرج ہین اور انبیا ہی کے سلسلہ مین امم سابقہ اور ابتدائی شہنشاہیوں کے بہت سے واقعات کا ذکر آگیا ہے، بابل ونینوا اور فراعنہ مصر کے حالات پہلے پہل دنیا کو انھین مقدس صحف انبیا کے صفحون پر نظر آئے۔ بنی اسرائیل کی پوری پوری تاریخ انھین پاک کتابون سے معلوم ہوئی، پھر اسی سلسلہ مین قرآن مجید مین بھی خداوند جل وعلا نے تمام نصائح وہدایات کی بنیاد، امم سابقہ کے حالات وواقعات پر رکھی ہے لہذا یہ کہنا بیجا نہوگا۔ کہ تاریخ قدیم کا زیادہ تر حصہ وحی ربانی ہی کے فیوض وبرکات مین سے ہے۔

موجودہ مورخین مغرب جو قید مذہب سے کلیۃً آزاد ہوتے جاتے ہین وہ بھی مجبور ہین کہ عصر قدیم کے حالات کو انھین انبیا کے صحیفون سے لین اور اُنپر اعتماد کرین - انکے سوا دیگر

ذرائع معلومات حاصل کرنے مین اُنھون نے کوئی کسر نہین اُٹھا رکھی - مگر اوہام و قیاسات کے سوا ایسی کوئی یقینی بات نہ معلوم ہو سکی جسکو صحیح معنون مین تاریخ کہا جا سکے، اور وجہ یہ کہ انسان کو اپنی نوعی طفولیت کے زمانہ مین نہ لکھنا آتا تھا نہ کسی چیز کو بتانا نہ اسکے پاس لکھنے کا سامان تھا اور نہ بعد والی نسلون پر اپنے واقعات منکشف کرنے کا اُسے خیال آیا تھا، جب ایک طرف بابل و نینوا مین اور دوسری طرف ارض مصر مین متمدن سلطنتین قائم ہوئین اور ان پرانی قومون کو اپنی عظمت و رفعت پر غرور ہوا تو اسکی فکر بھی پیدا ہوئی کہ کسی نہ کسی طریقہ سے اپنے واقعات کی یاد بعد والی نسلون کے لئے جمع کر جائین چنانچہ مصر والون نے اپنی سمجھ کے مطابق سامنے کی مروجہ چیزون اور جانورون کی تصویرون، انسانی اعضا کی شکلون کو علامت کے طور پر اختیار کر کے ایک خاص خط ایجاد کیا اور اسی خط تصاویر مین اپنے حالات و واقعات کو اپنے معبدون، محلون، مقبرون اور مردون کے تابوتون مین منقوش کر گئے،

اسی طرح بابل و نینوا والون نے ایک خط پیکانی ایجاد کیا جس مین تیرون کی کھڑی اور آڑی تصویرون اور اُن کی تعداد سے کام لیا تھا - انھون نے بھی اس خط مین اپنے واقعات کو پہاڑون، سلون اور پکی اینٹون وغیرہ پر منقوش کر دیا،

یہ دونون خطوط ان قومون کے چند ہی روز بعد دنیا کو بھول بھلا گئے یہان تک کہ ہزارہا سال کے بعد اب محسنین یورپ کی کوشش سے پڑھے گئے ہین، مگر کاغذ قلم دوات کا مدتون تک پتہ نہ تھا، اس مین بھی مصر والون نے یہ ایجاد کی کہ "پیپارس" نام ایک درخت کی لکڑی کے باریک ورق اُتار اُتار کے ایسے لمبے لمبے اوراق بنا لیے جو مکتوب کی صورت مین لپیٹے جاتے ہون - انھین مکتوبون پر پہلے پہل ان کا علمی خزانہ محفوظ ہونا شروع ہوا - ان کی قبرون

اور اُن کے تابوتون مین ایسے متعدد مکتوب برآمد ہوئے ہین جن سے بعض سلاطین و امرا
کے بہت کچھ حالات اب معلوم کیئے جا سکتے ہین،

اہل مصر کے بعد جب یونان کا عروج ہوا اور یونان والون نے علوم و فنون مین
ترقی کرنا شروع کی تو انھین اس مصری ایجاد یعنی پپارس سے بڑی مدد ملی، شرفا ہی کی
ایجاد سے انھین ایک خط بھی ۔۔۔ مل گیا جس مین مختلف آوازون کے لیے جُدا جُدا
نقوش تجویز کیے گئے تھے ان کا سارا علمی خزانہ انھین مکتوبون پر تھا۔ اور جب اُنھین لکھنے
پڑھنے کی اچھی مہارت ہو گئی تو اُنھون نے زیادہ جد وجہد سے علمی مباحث اور دیوتاؤن کے
کارنامون کے ساتھ اپنے قومی واقعات قلمبند کرنا شروع کیئے چنانچہ اس بنا پر کہا جاتا ہی
کہ تاریخ کے پہلے موجد یونانی ہین۔ غالبًا اس پپارس پر ہومر کی مثنویان، ایلیڈ اور اوڈیسی
لکھی گئین، اور اسی پر ہیرودوطوس نے اپنی تاریخ لکھی، جس کی نسبت یورپ کا
دعوی ہے کہ دنیا مین تاریخ کے نمونے کی پہلی کتاب ہے، اب تحریر مین قلم کی روانی
بڑھی تو پپارس اس کے مقاصد کو پورا نہ کر سکا اور پتھر کی سلون، حریر، جھلی اور چمڑے
سے کاغذ کا کام لیا جانے لگا،

چنانچہ انھین چیزون پر تورٰۃ کے نسخے بھی لکھے گئے جو کتاب پہلے بجائے سفینے کے
صرف یہود کے سینون مین محفوظ رہا کرتی تھی۔ اور اُسی زمانہ مین موجودہ کتب انجیل لکھی
گئی جو غور سے دیکھیئے تو حضرت مسیح کی سوانحعمریان ہین جو چار شخصون نے لکھی ہین یہ
حوارین کے دور کی ایک مختصر تاریخ ہے اور چند ہدایت و تبلیغ وغیرہ کے خطوط ہین
اسی عہد مین یوسفوس یہودی اور بعض رومیون نے اپنی تاریخین تصنیف کین۔
یہ ضرور سرور عالم کے عہد ہمایون مین بھی انھین مذکورہ چیزون پر لکھا جاتا تھا، چنانچہ

قرآن مجید کی سورتین اس بابرکت عہد مین اونٹ کی چوڑی ہڈیون، پتھر کی سلون، کھالون
اور چھالون وغیرہ پر لکھی گئی تھین اور پھر اس سامان کتابت کی اسدرجہ کمی تھی کہ بعض آیتین
اور سورتین لکھی بھی نہ جاسکین صرف قاریان قرآن کے سینون مین محفوظ تھین ۔

حضرت صدیق اکبر نے وحی ربانی کے اس سارے ذخیرے کو پہلے پہل قلمبند و محفوظ
فرمایا اور حضرت عثمان نے اسکو لغت قریش کے مطابق مرتب کردیا ۔

قرآن مجید کا غالب حصہ چونکہ تاریخ ہے لہذا مسلمانون کو ابتدا ہی سے تاریخ کا شوق
ہوا چنانچہ عہد صحابہ ہی سے یہود و نصاریٰ کی تاریخ، انبیا کی جستجو شروع ہو گئی تاکہ ان سے
قصص قرآنی کی توضیح و تکمیل کا کام لیا جائے اسی طرح اسرائیلیات کا ایک دفتر عظیم
جمع ہو گیا جو آجکل اکثر محققین کا مبحوث عنہ بن جایا کرتا ہے ،

حضرت سرور عالم کی وفات کے بعد خلافت اولی کے عہد مین حضرت صدیق کے
سامنے جب مختلف معاملات اور قضایا پیش ہوئے تو آپ کا معمول تھا کہ ہر امر مین فیصلہ
کرنے کے لیئے آپ پہلے قرآن مین ڈھونڈھتے، اس مین نہ ملتا تو صحابہ سے دریافت فرماتے
کہ اس بارے مین حضرت رسالت کا کوئی قول یا فعل ہے ،

اسمین بھی ناکامی ہوتی تو عقلاے صحابہ سے مشورہ کرتے اور وہ بھی کسی فیصلہ پر
متفق نہ ہوتے تو اپنے قیاس سے فیصلہ صادر فرماتے، آپ کا یہ طرز عمل بعد والون کیلئے
ایک حجت ہو گیا، اور اسی وقت سے فقہ و شرح کے لیئے چار اصول قرآن، حدیث
اجماع اور قیاس قرار پا گئے ،

ان اصولون کے قرار پاتے ہی لوگون کو حدیثون کی جستجو ہوئی تاکہ ان سے تدوین
شرع مین فائدہ اُٹھایا جائے ۔ اور سارے صحابہ کا معمول ہو گیا کہ حافظے پر پورا زور

ڈال کے جناب سرورِ عالم کے اقوال و افعال کو یاد کرتے اور انکو احتجاج کے طور پر پیش کیا کرتے۔ اب فتوحات اسلام کے بعد صحابہ دور دور کے ملکون اور شہرون مین پھیل گئے اور جہان گئے حضرت رسول علیہ السلام کے احکام اور حالات کو تبلیغ کی ضرورت سے ہزار ہا نو مسلمون کے سامنے پیش کیا کرتے، سب لوگ ان باتون کو صدق عقیدت اور جوش اطاعت کے ساتھ سنتے، ان کی قدر کرتے اور اُن کے آگے سر اطاعت جھکا دیتے،

چندہی روز بعد احادیث نبوی کا سنانا اور حضور سرورِ عالم کے حالات بیان کرنا مقبول عام اور مرجع انام بن جانے کا ذریعہ ہو گیا اور خیر القرون کے بعد والا دور یعنی تابعین کا عہد شروع ہوا تو بہت سے ایسے لوگ پیدا ہو گئے جو روایت حدیث کو ذریعہ مقبولیت و محبیت دیکھکر جھوٹی حدیثین تصنیف کر کے لوگون کو سنانے لگے یا ایسے لوگون کی روایتین بیان کرنے لگے جو قابل اعتبار نہ تھے،

یہ حالت دیکھکر ائمۂ اسلام کو پریشانی ہوئی اور اُس خوفناک وعید کی تصویر آنکھون کے سامنے پھرنے لگی کہ "من کذّب علی متعمداً فلیتبوأ مقعدہ من النار" یعنی جو کوئی مجھے جھوٹ لگائے اپنی جگہ آتش دوزخ مین بنائے چنانچہ فوراً نقد حدیث کی طرف متوجہ ہو گئے، اسمین انکی سرگرمی روز بروز بڑھتی ہی گئی یہانتک کہ بڑے بڑے ائمہ حدیث پیدا ہو گئے اور انکی عدیم المثال کوشش سے اول تو احادیث رسالت کا ذخیرہ عظیم ہو گیا اور دوسری طرف فن رجال کا ایک نیا علم مدون ہو گیا جو نہ اس سے پیشتر کسی ملک و قوم مین تھا اور نہ بعد پیدا ہو سکا اور اسپر ہم جسقدر ناز کرین بجا ہے،

اس کوشش کا نتیجہ یہ تھا کہ جو شخص کسی حدیث کی روایت کرتا اُس کے لیئے لازم تھا کہ اُس نے اس حدیث کو جس شخص سے سنا ہو اُس کا نام بتائے پھر اُسکے اُستاد نے جس سے

سنا ہو اُسی کا پتہ دے اسی طرح حضرت رسول خدا صلعم تک پورا سلسلۂ روایت بتا دے
اس سلسلۂ روایت کا نام سند قرار دیا گیا جسکے بغیر کوئی حدیث تسلیم نہ کی جاتی۔ اسی کے ساتھ
علم رجال مین یہ مدون ہو گیا تھا کہ صحابہ سے لیکر آخر تک جن جن لوگون کے نام سند مین آئے
ہون وہ کس زمانہ مین تھے، کیسے تھے، ان کا زہد و اتقا کیسا تھا، حافظہ کیسا تھا،
اور عمر بھر کیسا رہا اور وہ کن کن لوگون سے ملے تھے اور کن کن لوگون سے
ان سے روایت کی الغرض فن رجال احادیث کی سندون کے لیے کسوٹی قرار دیا گیا جس سے
پرکھتے ہی ہر حدیث کا حال کھل جاتا کہ اس کی روایت کن کن لوگون نے کی ہے اور ان مین سے
کوئی ناقابل اعتبار تو نہ تھا،

یہ اتنی سخت پرکھ تھی کہ جتنی حدیثون کی رویت کی گئی اُن سے بہت ہی کم قابل اعتبار
اور قابل عمل باقی رہ گئین۔ صرف شیخین یعنی بخاری و مسلم کی نسبت تو کہا جاتا ہے کہ ملتزم
بالصحت ہین یعنی ان مین کوئی ضعیف حدیث نہین، باقی سنن اربعہ اور تمام کتب
حدیث مین کوئی نہین جسمین کثرت سے ضعف و موضوع حدیثین موجود نہون اس لیے
کہ جن روایتون کی نسبت کتب رجال مین لکھ دیا گیا کہ وہ حدیثین وضع کرتے یعنی بناتے تھے
اُنکی تمام حدیثین بھی لازمی طور پر موضوع ہین۔

مسند احمد حنبل حدیثون کا ایک بڑا بھاری خزانہ ہے مگر راویون کی جانچ کیجیے تو بہت ہی
کم محک امتحان پر سچی اُترین گی اور یہی حال دیگر کتب حدیث کا ہے،

اس موقع پر مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اکثر علما حاطب اللیل کی
شان رکھتے ہین یعنی نقد حدیث کی زیادہ پروا نہین کرتے بلکہ قصہ خوانون اور واعظین کی
کثرت سے ضعیف حدیثون سے کام لیا کرتے ہین اور اس سے زیادہ افسوس اس کا ہے کہ

قرون وسطی کے مصنفین حدیث نے متعدد عنوانون سے احادیث کو مرتب کیا ہے مگر آجتک یہ کسی نے نہ کیا کہ کل ارباب تخریج کی کتابون کو جمع کرکے انمین سے تمام صحیح حدیثین فن رجال سے پرکھ کے الگ کرلی ہوتین اور اُنھین ایک جگہ جمع کردیتے اگر ایسا ہوتا تو یہ جھگڑا ہمیشہ کے لیئے مٹ جاتا کہ ایک کہتا ہے یہ حدیث صحیح ہے اور دوسرا کہتا ہے یہ دوسری حدیث جو اس کے خلاف ہے صحیح ہے اس زمانہ مین چونکہ حدیث و رجال کی اکثر مشہور و مستند کتابین چھپ گئی ہین لہذا اب اگر ایسی کوئی کوشش کی جائے تو شریعت اسلام کی نہایت ہی اہم اور سچی خدمت ہوگی،

مین اس مشورہ دینے مین اپنے مبحوث عنہ مسئلہ سے ذرا الگ ہوگیا لیکن مضائقہ نہین یہ سب باتین میرے مقصد کے لیئے بکارآمد ہین۔ حدیث کے اس بیان سے میرا اصلی مقصد یہ ہے کہ فن حدیث کی تدوین مین جو آغاز اسلام سے شروع ہوئی۔ علم تاریخ کا اعلیٰ ترین کمال ہے۔ کیونکہ جو شخص ہزارہا اشخاص کی سیرتون، اُن کے زمانہ کی حالتون سے واقف ہوگا اُس کے لیئے لازم ہے کہ بہترین قسم کا تاریخ دان ہو،

مسلمانون کے فن رجال و اسناد سے بہتر کوئی تاریخ روے زمین پر نہین ہے کیونکہ جس فن کے ذرائع سے ہزارون اشخاص کے حالات انکا عہد اور مذاق معلوم ہو اس سے زیادہ اچھی تاریخ کون ہوسکتی ہے اور چونکہ عہد صحابہ سے لیکر آٹھوین نوی صدی ہجری تک سب سے مقدم تعلیم علم حدیث و روایت کی سمجھی جاتی تھی لہذا ہر دینی عالم مین تاریخ و سیر کا بہت صحیح اور ستھرا مذاق پیدا ہوجایا کرتا تھا۔ اور اس کے طفیل مین وہ بزرگان امت دنیا و مافیہا سے اسقدر بے خبر نہین ہوا کرتے تھے جتنے کہ ہمارے بعض موجودہ علمار نظر آتے ہین،

حدیث و رجال کے ذوق نے دوسری تیسری صدی ہجری مین بہت سے علما اور عام
اہل علم کو تاریخ کی طرف متوجہ کر دیا - چنانچہ پہلے سیرت نبوی و شمائل احمدی پر کتابین تصنیف
ہوئین اور بعد ازان علامۂ طبری، مسعودی، ابن قتیبہ، ابوحنیفہ، **دینوری**
بلاذری اور ابن سعد کے ایسے مورخین پیدا ہو گئے جنھون نے تاریخ عالم اور سیر
اکابر سلف کے حالات محدثین ہی کی شان سے سلسلۂ روایت قائم کر کے جمع کیے،
ابو الفرج اصفہانی نے اپنی کتاب آغانی، چوبیس جلدون مین مرتب کی جو اپنی نوعیت مین
عدیم المثال کتاب ہے، بادی النظر مین تو وہ موسیقی کی چند دھنون کے بیان مین ہے
لیکن ہجرت سے ایک صدی پیشتر سے لے کے تقریباً چوتھی صدی تک کی معاشرت و تمدن کے
واقعات کا عجیب و غریب فتاوی ہے مین دعوی کرتا ہون کہ امم ماضیہ مین سے کوئی
قوم دلچسپ معلومات کا ایسا عمدہ خزانہ نہین پیش کر سکتی جیسا کہ آغانی کے ذریعہ سے ایکہزار
سال پیشتر کے ہزارہا واقعات کا مجموعہ ہمارے پاس ہے۔

اس کتاب مین نظر آتا ہے کہ اس عہد کے علما و شعرا - اتقیا و فصحا، امرا و رؤسا
عام و خاص - اور ادنیٰ و اعلیٰ لوگ کس شان سے اور کس وضع مین رہتے تھے کیونکر اُٹھتے
بیٹھتے، ملتے جلتے، کھاتے پیتے اور ہنستے بولتے کس قسم کا مذاق کرتے تھے، متقی تھے تو
اتقا کیسا تھا، بدکار تھے تو بدکاری کی کیا شان تھی،

قرآن کی تعلیم نے تمام مسلمانون مین ابتدا ہی سے ایام عرب یعنی جاہلیت عرب کے
حالات اور اگلے معرکون کی جستجو پیدا کر دی تھی، جن روایات کو وہ احادیث ہی کی طرح
یاد کر کے اور لوگون کے سامنے بیان کرتے تھے نصاری کی طرح جنھون نے یونانی و رومی بت پرستون کے دیوتاؤن کو بھی اپنے لٹریچر مین داخل کر لیا ہے
عربون نے اپنے بت پرست اسلاف کے بتون سے تو بحث نہین کی مگر انکی بہادری کے

کارنامون، اُنکی فیاضیون اور اُنکے شریفانہ اخلاق وخصائل کو عہد اولین اسلام کا مفصل اور جداگانہ فن بنا دیا، جس مین اسوقت کے تمام شرفا وادباکمال رکھتے تھے اور جو خلفاء وسلاطین کے دربار مین سب سے زیادہ مقبول تھا،

علامہ مسعودی نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی عادت واطوار بتانے کی غرض سے انکے عہد خلافت مین انکی زندگی کا ایک دن دکھایا ہے کہ وہ صبح اُٹھنے سے رات کو سوتے وقت تک کیا کیا کرتے تھے، نمازون، دربارداری، فصل خصومات، کھانے تناول فرمانے، مقررہ غذاؤن اور زنانے مین جانے کے سلسلے مین بتایا ہے کہ انکے رات کے کئی گھنٹے اسی مین گزرتے کہ چند پڑھے لکھے خدام، ایام عرب اور ملوک سلف کے حالات وخصائل وعادات اور انکی سیاست وپالیسی کے واقعات کو زبانی بیان کرتے یا فرصت کے وقت قلمبند کرلیتے اور اُسوقت سناتے تھے۔ اسکے بعد لکھتے ہین کہ بعد کے تمام خلفاے بنی اُمیہ اس امر مین انکا اتباع کرتے رہے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ اس عہد کے علماء کے علاوہ ملوک وخلفا کو بھی تاریخی واقعات کے دریافت کرنے مین کسقدر شغف تھا۔

مسلمانون کے دور اولین کی تاریخین انھین محدثین کے اصول پر مسئلہ مدن کے ساتھ لکھی گئی ہین جنکے بعض راوی تو وہی ہین جن سے محدثین نے روایتین کی ہین اور بعض وہ ہین جن کا محدثین کے کتب اسماء الرجال مین پتہ نہین لہذا وہ پوری طرح پرکھی نہین جاسکتین اور اسی وجہ سے ہم اُن روایات کو اس درجے پر نہین رکھ سکتے جس پر کہ صحیح نقد شدہ حدیثین ہین لہذا مسلمانون کا طرز عمل یہ رہا کہ تاریخ کی حیثیت سے انکو لیتے اور بیان کرتے ہین مگر کسی شرعی مسئلہ کے ثبوت مین صحیح حدیثون کے مقابل انپر استناد نہین کرسکتے مگر باوجود اس صفت کے ہماری تاریخون کی روایتین دوسری قومون کی ان تاریخون سے

بدرجہا زیادہ مستند و قابل اعتبار ہین اس لیئے کہ دوسرون کی تمام تاریخین سنی سنائی کہانیون سے زیادہ وقعت نہین رکھتین، کیونکہ ہمارے مؤرخین نے ہر واقعہ کے لیئے ایک سلسلہ اسناد پیش کردیا ہے گو وہ ضعیف ہو مگر ان روایات سے بدرجہا زیادہ مستند ہے جن کی کوئی سند نہین ہے؛

پھر اسلام کے انھین مورخین سلف سے دوش بدوش جغرافیہ دان پیدا ہوے جنکی اکثر کتابین یورپ مین چھپ گئی ہین، یہ ہم نہین کہہ سکتے کہ اصطخری، ابن حوقل، ابن خوردازبہ، علامہ شاربی اور ادریسی کی کتابین آجکل کے جغرافیہ کی کتابون سے اچھی ہین لیکن اس مین ذرا شک نہین کہ اُس زمانہ کے مورخین کو ان سے ویسی ہی مدد ملی جیسی کہ موجودہ مورخین کو موجودہ جغرافیون سے ملتی ہے اور پھر اس سے بھی انکار نہین کیا جاسکتا کہ معجم البلدان آج بھی اُسی قدر سود مند و فائدہ بخش ہے جتنی ان دنون تھی بلکہ بعض امور مین وہ مورخین کو موجودہ جغرافیون سے زیادہ فائدہ پہونچا سکتی ہے،

اب مسلمانون مین تاریخ نویسی کا شوق بڑھا تو تمام مسلمان متوجہ ہو گئے اور اتنی اتنی بڑی صحیح تاریخین تصنیف ہو گئین جیسی کہ دنیا کی کسی اگلی قوم مین نہین نظر آسکتین، ابن عساکر کی تاریخ دمشق ۸۰ جلدون مین تھی اور اسی کے برابر خطیب بغدادی کی تاریخ بغداد ہے، ان تاریخون کے صرف چند اجزا دست برد زمانہ سے محفوظ رہ گئے ہین، یونانیون اور رومیون اور دیگر اُمت سابقہ کی کل کتابون کو جمع کیا جائے تو صرف چند گنتی کی ہونگی بخلاف اسکے مسلمانون نے تھوڑے ہی زمانہ مین اتنا بڑا ذخیرہ عظیم تاریخ کا جمع کر دیا کہ دنیا کا کوئی کتب خانہ اُنکا استقصا نہین کر سکتا،

اس کثرت کا باعث صرف یہ تھا کہ تاریخ ہمارے علمائے سلف کا شعار و مذاق بنگئی تھی

اور کوئی صاحب قلم نہ تھا جو تاریخ مین اچھی بصیرت و دستگاہ نہ رکھتا ہو،

عہد بنی عباس مین حکمت و فلسفہ و منطق و ہیئات کی کتابین عربی مین ترجمہ ہوئین، اور انکی طرف بہت سے لوگون کی توجہ ہوگئی مگر اسکے بہت ہی خاص خاص اسکالر پیدا ہوجاتے تھے۔ عام توجہ صرف حدیث و رجال اور تاریخ و سیر ہی کی طرف تھی، کچھ دنون تک معتزلہ کے زور نے علوم نقلیہ کی کساد بازاری رکھی تھی کہ یکایک امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ نے معتزلہ کو زک دی اور پھر وہی حدیث و تاریخ کا دور دورہ ہوگیا،

لیکن اسلام کی چند آخری صدیون مین جب خلافت عرب کا خاتمہ ہوگیا، حکومت، عربی نہ بولنے والی قومون کے ہاتھ مین آئی تو انھین، صرف فنون جنگ سے واسطہ تھا یا ملکی قانون جاری رکھنے کے لئے فقہ سے اور فقہ کے لیے چونکہ عربی نہ جاننے والون کو عربی دانی کی ضرورت پڑتی تھی لہذا نحو و صرف معانی و بیان و منطق کا زیادہ رواج ہوگیا، اسکا انجام یہ ہوا کہ حدیث و رجال کا اور انکے ساتھ تاریخ و سیر کا بھی مذاق دنیائے اسلام سے اُٹھ گیا، اور یہ اسی کا مضر اثر ہے کہ اس عہد کے مسلمان ان ضروری علوم سے روز بروز زیادہ بے بہرہ ہوتے گئے، اب اس زمانہ مین جبکہ ہم اخبار و روایت اور تاریخ و حدیث سے بے بہرہ تھے ہندوستان مین انگریزی کا دور دورہ ہوا، انگریزی چونکہ ایک زندہ اور نئی نشو و نما پانے والی قوم ہین لہذا اُنھون نے تاریخ کی طرف سب سے زیادہ توجہ کی، وہ سمجھ گئے کہ علم دراصل وسعت معلومات کا نام ہے اور یہ چیز تاریخ کے سوا کسی فن سے نہین حاصل ہو سکتی، معقولات سے دماغ کی تربیت بے شک اچھی ہوتی ہے مگر جو چیز قومون کو بناتی بگاڑتی اور تمدن و معاشرت کے سانچے مین ڈھالتی ہے وہ صرف تاریخ ہے لہذا انکے شوق و شغف نے تاریخ و روایت کا سرمایہ ہر زمانہ سے

زیادہ بڑھا دیا، اسکو تمام مدارس کے نصاب تعلیم مین داخل کردیا جس سے چند ہی روز
مین یہ حیرت انگیز ترقی نمایان ہوئی کہ آجکل کے ہر اسکول کا بچہ ہمارے تمام علما وفضلا سے
زیادہ تاریخ جانتا ہے - انکو یہ بھی نہین خبر کہ اسلام کب اور کیونکر پھیلا، دوسری قومون
سے اسے کیا واقعات پیش آئے اور اس نے دنیا مین کیا کیا اور وہ بچہ باتون باتون
مین بتادیگا کہ ابتداے تخلیق عالم سے آج تک کیا ہوا، کون قومین کس زمانہ مین بڑھین
اور روے زمین پر کیا کیا انقلابات ہوئے،

سب سے بڑی خرابی اب یہ پیدا ہوگئی ہے کہ اگلے زمانہ مین تاریخ صرف روایات
محضہ کا نام تھا، جس روایت سے جو کچھ معلوم ہوتا اُسکو اگلے لوگ بلاکم وکاست بیان
کردیا کرتے اب تاریخ اگلے خزانہ معلومات پر ریویو کرنے کا نام ہوگیا ہو اور چونکہ اس مین
مصنفین کے قومی مقاصد اور سیاسی مصالح مضمر ہوا کرتے ہین لہذا ان دنون صرف
یہ ہوا کرتا ہے کہ اپنے قیاس ومقصد کے موافق روایات کو جمع کرکے کوئی بگاڑا جاتا ہے
اور کوئی بنایا جاتا ہے، کوئی قوم مٹائی جاتی ہے اور کوئی چمکائی جاتی ہے، یہ کوئی
مشکل کام نہین ہے، جسکا جی چاہے چند جھوٹی سچی روایتین جمع کرکے جس کو چاہے
اچھا ثابت کردے اور جسکو چاہے بُرا دکھائے مگر بدقسمتی سے ہندوستان کے مروجہ
نصاب تعلیم مین ایسی ہی کتابین داخل کی گئین، مگر تاریخ کی تعلیم سے جو قومی اثر طلبہ پر
پڑتا ہے اس کا اندازہ آپ کو اس سے ہو سکتا ہے کہ پچاس ہی برس کے اندر تاریخ کیا
سے کیا ہوگئی اور ہندو مسلمان طلبہ کس رنگ مین رنگ گئے اور دونون مین کیسا
شدید تعصب پیدا ہوگیا جسکا آج سے نصف صدی پیشتر نام بھی نہ تھا،

اور آپ کے تاریخ سے ناآشنا ہونے کا یہ نتیجہ ہے کہ آپ پر اور آپکے دین وملت پر

جو الزامات عائد کیے جاتے ہین آپ اُن کا جواب بھی نہین دے سکتے اور ان الزامات سے واقف بھی ہین تو صرف وہ مسلمان لڑکے جو اسکولون مین پڑھتے اور اپنی بداعمالیان سُن سُن کر خونِ جگر پیتے ہین، آپ کے علما کو اتنی بھی نہین خبر کہ وہ اور انکے اسلاف دنیا کے ساتھ کس شکل سے پیش کیے گئے ہین،

بہرحال آپ کو تاریخ کا پڑھنا پڑھانا ہی نہین ہے بلکہ تاریخ کی اصلاح کرنا اور جو غلط اتہامات لگائے ہین انھین دور بھی کرنا ہے جسکے لیئے آپ کی تاریخی معلومات کو دوسرون سے بہت زیادہ وسیع ہونا چاہیئے - میرا خیال ہے کہ اگر عربی نہین تو اُردو تاریخین اول سے آخر تک مسلمانون کے اور خصوصًا دار العلوم کے نصاب مین داخل ہونی چاہیے اور تکمیل کے درجے مین ایک نصاب تاریخ کا بھی رکھا جائے جس مین ساری تاریخ اسلام اور مختصر تاریخ عالم لزوم کے ساتھ شامل ہو۔

افسوس وقت کی تنگی سے خاص اس آخر حصہ بحث پر زیادہ نہین بیان کرسکا اگر کبھی موقع ہوا تو اس بارہ خاص مین آپ علما کے سامنے اطمینان و وضاحت سے عرض کرونگا۔

مولانا عبد الحلیم صاحب شرر جب اپنا مندرجہ بالا مضمون پڑھکر سُنا چکے تو تجویز نمبر ۶ حسب مندرجہ ذیل پیش ہوئی

تجویز نمبر (۶)

ندوۃ العلما کا یہ جلسہ، دار العلوم ندوۃ العلما کے دار الاقامہ کی تعمیر کے لیئے ہر صوبہ سے کم از کم دس ایسے کمرون کے بنوانے کی درخواست کرتا ہے جن مین سے ہر کمرہ مین تین طالب العلم

رہ سکین، ہر کمرہ کی لاگت ڈیڑھ ہزار ہوگی اور مجموعی دس کمرونکی پوری لاگت پندرہ ہزار ہوگی، امید ہے کہ ہر صوبہ کے مسلمان اپنے اپنے صوبہ کی طرف سے دار الاقامہ کی تعمیر کے لئے پندرہ ہزار کی رقم مہیا کرینگے اس رقم کی فراہمی کے لیئے ہر صوبہ مین ایک وفد بھیجا جائے جس مین ہر صوبہ کے اندر کام کرنے کے لیئے اُس صوبہ کے چند مقامی اشخاص کو بھی شریک کر لیا جائے،

اس اہم تجویز کی پُر زور تحریک کرتے ہوئے مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے تفصیل کے ساتھ دار الاقامہ کی ضرورتونکو ظاہر فرمایا اور اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر دیا کہ بغیر اس ضرورت کو پورا کیے ہوئے کسی طرح چارہ نہین ہے، آپ کی پُر جوش اور درد سے بھری تقریر تیر و نشتر کی طرح دلون مین تیر گئی،

اس کے بعد مولوی عبد القادر صاحب قصوری پنجاب سے مولوی سید مرتضیٰ صاحب ممبر اسمبلی مدراس سے، مولانا محمد لطف اللہ صاحب خلف الرشید حضرت مولانا سید محمد علی صاحب سرپرست و سابق ناظم ندوۃ العلما، اور مولوی سید محمد شفیع صاحب داؤدی ممبر اسمبلی، بہار سے، منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس، اودھ سے، خان بہادر حافظ محمد حلیم صاحب آنریری مجسٹریٹ کانپور اور مولوی کرم علی صاحب مقیم کانپور صوبۂ متحدہ آگرہ سے تائید کے واسطے کھڑے ہوئے۔ اس کے بعد سب حضرات نے یکے بعد دیگرے گرما گرم اور پر جوش تقریرین کین اور بالاتفاق اس بات پر آمادگی ظاہر فرمائی کہ ہم سب لوگ اپنے اپنے صوبہ سے پندرہ ہزار کی رقم فراہم کر دین گے اور یہ کوئی بڑی بات نہین ہے،

سب سے آخر مین مولوی سید شفیع صاحب ممبر اسمبلی نے تائیدی تقریر فرمائی اور اسکے ساتھ خصوصیت سے اس کا بھی اظہار فرمایا کہ صوبۂ بہار نے دار العلوم ندوہ سے

جو فیض اُٹھایا ہے اُسکا شکریہ کے ساتھ اعتراف کرتا ہون اور مولوی کرم علی صاحب نے دوسرے روز صوبۂ آگرہ کی طرف سے تجویز کی تائید کی اور مسلمانان کانپور کی طرف سے تعمیر دارالاقامہ کے چندہ مین فراخدلی کے ساتھ شرکت کیے جانے کا وعدہ کیا، اور جناب خان بہادر حافظ محمد حلیم صاحب آنریری مجسٹریٹ کانپور کی طرف (جو جلسہ مین رونق افروز تھے) اشارہ کرکے اُنکی فیاضیون کا ذکر کرتے ہوئے اس وعدہ کو یقین کے درجہ تک پہونچا دیا جس مین معنوی حیثیت سے حافظ صاحب ممدوح کی دلی تائید متصور ہوسکتی تھی، اسکے بعد مولوی عبدالسلام صاحب ندوی نے "مسلمانون کی قومیت کی بنیاد" پر ایک پُرمغز تقریر کرتے ہوئے دکھایا کہ خدا اور رسول نے کسی دوسری قوم کو نمونہ بنا کر مسلمانون کے روبرو بغرض تقلید پیش نہین کیا بلکہ اُنکو "بہترین اُمت" اور دوسرون کے لیے نمونہ قرار دیا،

مولانا کی اس تقریر کا خلاصہ حسب ذیل ہے،

خلاصہ تقریر جناب مولانا عبدالسلام صاحب ندوی

کنتم خیر امة اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنهون عن المنكر وتومنون بالله

حضرات "قوم" ! اس زمانہ کا نہایت عام اور متداول لفظ ہے، اور ہر چیز کو قوم کی طرف منسوب کرکے نہایت آسانی کے ساتھ قومی کہدیا جاتا ہے، لیکن باوجود اسکے اب تک بہت کم لوگون نے اس مسئلہ پر غور کیا ہوگا کہ مسلمانون کی قومیت کا سنگ بنیاد کیا ہے؟ اور کن اجزا سے اُس کی ترکیب ہوئی ہے؟،

عام خیال تو یہ ہے کہ مسلمانون کی قومیت کی ترکیب افراد کی کثرت وقلت سے ہے،
اس لیئے مسلمانون کی تعداد جسقدر زیادہ ہوگی اُسی قدر مسلمانون کا قومی شیرازہ مضبوط
ومستحکم ہوگا، قرآن مجید نے اگرچہ مسلمانون کی کثرت تعداد کے لحاظ سے مسلمانون پر خداوند تعالیٰ
کا احسان جتایا ہے، لیکن وہ صرف افراد کی کثرت کو مسلمانون کی قومیت کا سنگ بنیاد
نہین قرار دیتا بلکہ نہایت پُرجوش الفاظ مین اسکی تردید کرتا ہے، وکم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ
کثیرۃ ، اس مادی ترکیب سے گزر کر آجکل عام طور پر صنعت، حرفت، تمدن و تہذیب
علوم و فنون اور سائنس و فلسفہ اور مال و دولت کو قومیت کا بہترین اجزا خیال کیا
جاتا ہے، اور اسوقت دنیا کی متمدن قومون نے قومیت کے ان اجزا سے فائدہ اُٹھا کر
جسقدر ترقیان کی ہین، اُن بنا پر مغربی قومون مین یورپین اور مشرقی قومون مین جاپانی
اور ہندو قوم کو مسلمانون کے سامنے بطور نمونہ و مثال کے پیش کیا جاتا ہے اور اُن سے
کہا جاتا ہے کہ اگر دنیا مین بحیثیت ایک متمدن اور ترقی یافتہ قوم کے زندہ رہنا چاہتے
ہو تو ان تمام چیزون مین انھین قومون کی تقلید کرو، لیکن اس موقع پر اصل سوال یہ ہے
کہ کیا دنیا کی تمام قومون مین کوئی قوم مسلمانون کے لیئے نمونہ و مثال ہوسکتی ہے؟،

اس سوال کے جواب مین ہمکو عرب کی نہایت ابتدائی حالت پر نظر ڈالنا چاہیئے،
جہان سے مسلمانون کی قومیت پیدا ہوئی ہے،

حضرات! آپ لوگون کو معلوم ہے کہ عرب ایک نہایت جاہل، غیر متمدن،
وحشی، مفلس اور قلاش قوم تھی، اور اسوقت ایک ذلیل ترین قوم کا جو تخیل قائم
کیا جاسکتا ہے، اُس معیار پر اگر کوئی قوم اُتر سکتی تھی تو یہ وہی اہل عرب تھے، جس مین
ہمارے پیغمبر محمد رسول اللہ صلعم مبعوث ہوئے، لیکن اسی قوم کے آس پاس قیصر و کسریٰ

کی سلطنتین تھین، اور ان لوگون نے تمدن، تہذیب، علوم و فنون، مال و دولت اور صنعت و حرفت مین اسقدر ترقیان کرلی تھین کہ اُس زمانہ کے لحاظ سے وہی گویا اہل عرب کے لیئے یورپ اور جاپان کا نمونہ ہوسکتی تھین، آج اگرچہ مسلمانون کی حالت قدیم اہل عرب سے بہت زیادہ ترقی یافتہ ہے ان مین خدا کے فضل سے علم و ہنر بھی ہے، اور مال و دولت بھی، تمدن و تہذیب بھی، اور صنعت و حرفت بھی، لیکن باایںہمہ جب ترقی کا غلغلہ بلند کیا جاتا ہے، تو مسلمانون کے سامنے یورپین، جاپانی اور ہندو قوم کو بات بات پر بطور نمونہ و مثال کے پیش کیا جاتا ہے، اور اُن کی ترقی کا طعنہ دے دے کر اُن مین قومیت کا ولولہ پیدا کیا جاتا ہے، لیکن قدیم زمانہ مین اہل عرب کی حالت ہم سے بہت زیادہ پست اور قابل اصلاح تھی، اور اُنھین کے اردگرد اس قسم کی ترقی یافتہ اور متمدن قومین موجود تھین جو اُن کے غیرت دلانے کے لیے کافی تھین، لیکن باایںہمہ خداوند تعالیٰ نے مسلمانون کے سامنے قیصر و کسریٰ کی متمدن سلطنتون کو بطور نمونہ و مثال کے پیش نہین کیا بلکہ خود مسلمانون کو خیر الامم قرار دیا اور فرمایا کہ

کنتم خیر امۃ اخرجت للناس تامرون — تم بہترین قوم ہو جو لوگون کے لیے نمایان کی گئی ہے۔

بالمعروف وتنھون عن المنکر وتومنون باللہ — تم لوگ نیکی کا حکم دیتے ہو بُرائی سے روکتے ہو اور خدا پر ایمان لاتے ہو

صرف یہی نہین کہ خداوند تعالیٰ نے مسلمانون کے سامنے دنیا کی کسی ترقی یافتہ متمدن قوم کو نمونہ و مثال نہین بنایا بلکہ خود مسلمانون کی قوم کو تمام دنیا کی قومون کے لیے نمونہ و مثال کے طور پر پیش کیا اور فرمایا۔

وکذالک جعلنٰکم امۃ وسطا لتکونوا — اسطرح ہم نے تمکو ایک درمیانی قوم بنایا تاکہ تم لوگون کیلیے

شھداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیدا — حجت ہو اور پیغمبر تمھارے لیے حجت ہو،

اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ صنعت و حرفت، تمدن و تہذیب، مال و دولت اور علوم و فنون دنیا کی اور قومون کے اجزاے ترکیبی ہون تو ہون لیکن وہ مسلمانون کی قومیت کے اجزاے ترکیبی نہین ہو سکتے، اگر ایسا ہوتا تو خداوند تعالیٰ نے ایک ان پڑھ اور غیر متمدن قوم کو تمام دنیا کے سامنے بطور نمونہ و مثال کے پیش نہ کیا ہوتا، بلکہ مسلمانون کی قومیت کے اجزاء۔ انکے علاوہ کچھ اور ہین، اور خداوند تعالیٰ نے ان مین بعض اجزاء کو انھی آیتون مین بیان کر دیا ہے، یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور ایمان باللہ اور اعتدال اور میانہ روی، انکے علاوہ قرآن پاک مین عبادات حسن اخلاق اور حسن معاملت کی جو تعلیم دی گئی ہے وہ سب مسلمانون کی قومیت کے اجزاء ہین، اور مسلمانون نے دور گزشتہ مین جو ترقیان کی تھین اُن سب کا سنگ بنیادی اجزاء تھے، ان سب مین مقدم چیز توحید ہی جس سے مسلمانون کی قوم دنیا کی اور قومون سے ممتاز ہوتی ہے، اس لیئے یہ جزو گویا مسلمانونکی قومیت کی فصل ممیز ہے" الغرض مسلمانون کی قومیت کے اجزاء مادی نہین ہین، بلکہ تمامتر روحانی ہین، اس لیئے جو لوگ مسلمانون کے سامنے، مادہ پرست یورپ مشرک جاپان، اور بت پرست ہندوون کو بطور نمونہ و مثال کے پیش کرتے ہین وہ مسلمانون کی قومیت کی توہین کرتے ہین، اور مسلم قوم کے قومی اجزاء کو بالکل نظرانداز کر دیتے ہین، مادی حیثیت سے خود عرب مین یہودی قوم سب سے زیادہ دولتمند قوم تھی اور سود خواری نے اُسکی دولت مین غیر معمولی اضافہ کر دیا تھا، لیکن خداوند تعالیٰ نے عرب جیسی مفلس قوم کے سامنے اُن کے مال و دولت کو بطور نظیر کے پیش نہین کیا بلکہ ان لوگون نے جس طریقہ سے اپنی دولت مین اضافہ کیا تھا اُسکو ناجائز قرار دیا، اور مسلمان کو سود خواری کی ممانعت کر دی، اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ خداوند تعالیٰ نے مسلمانون کی قومیت کو روحانی

اجزاء سے تعمیر کیا ہے، اور اس عمارت مین کوئی مادی اینٹ نہین لگائی ہے، اس لیئے آج اگر ہم ترقی کرنا چاہتے ہین تو ہمکو دوبارہ انھین روحانی اجزاء سے اپنی قومیت کی بنیاد کو مضبوط کرنا چاہیے، تاکہ خداوند تعالیٰ نے ہمکو خیرالامم کا جو خطاب دیا ہے، وہ ہم سے چھننے نہ پائے،

مولانا عبدالسلام صاحب کی تقریر کے بعد تجویز نمبر ۷ حسب مندرجہ ذیل پیش ہوئی

تجویز نمبر ۷

دارالعلوم کے شعبہائے تعلیم مین اک تبلیغی درجہ قائم کیا جائے جو لائق مبلغین پیدا کرے اور تبلیغ کے لیئے ضروری رسائل وکتب مہیا کرتا رہے بشرطیکہ تبلیغی انجمنین، اور ہمدرد افراد قوم ضروری سامان مہیا کرنے کا ذمہ لین،

اس تجویز کی تحریک فرماتے ہوئے جناب مولانا قاری شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری نے اپنے مخصوص انداز مین اسکی اہمیت اور ضرورت کو جتایا اُسکے بعد جناب سید غلام بھیک صاحب بی۔ اے۔ نیرنگ وکیل و معتمد عمومی جمعیت مرکزیہ تبلیغ جناب مولوی عبدالحلیم صاحب صدیقی ناظم شعبہ تبلیغ جمعیۃ العلماء اور جناب سید جالب صاحب دہلوی اڈیٹر ہمدم یکے بعد دیگرے تائید کے واسطے کھڑے ہوئے اور اپنی اپنی پرزور تقریرون سے ملک کی موجودہ حالت سے مسلمانون کے لیے جن خطرات کے رونما ہونے کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے اُن سے متنبہ کرتے ہوئے اسکی ضرورت اور اہمیت کو ظاہر فرمایا اور طویل بحث کے بعد یہ تجویز منظور کی گئی،

اس کے بعد اجلاس کی کارروائی نماز ظہر کے واسطے ملتوی ہوئی۔

اجلاس چہارم

۱۳ شعبان ۱۳۴۳ھ مطابق ۹ - مارچ ۱۹۲۵ء روز دو شنبہ

وقت

۲ بجے سہ پہر سے ۴ بجے سہ پہر تک

نماز ظہر کے بعد دو بجے سے پھر جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی اور سب سے پہلے مولوی عبد الرحمان صاحب کاشغری متعلم درجۂ ہشتم دار العلوم ندوۃ العلماء نے ایک پر زور عربی قصیدہ پڑھا جناب صدر اور دیگر علمائے کرام نے کافی داد دی علاوہ اسکے جناب علامہ شیخ عبد العزیز ثعالبی تیونسی (جو جلسہ میں موجود تھے) بعض بعض شعروں پر بے ساختہ احسنت، احسنت کے نعرے بلند کر رہے تھے اور ایسے شعروں کو بار بار پڑھنے کے لیے صدائیں بلند ہوتی تھیں ،، ہذا المسک ماکررتہ یتضوع "

حضرات! ایک عربی نژاد فاضل کا ایک عجمی طالب العلم کی زبان سے قصیدہ عربی سنکر احسنت، احسنت کہنا، کوئی معمولی بات نہیں ہے اور یہ دار العلوم ندوۃ العلماء کی بہترین تعلیم و تربیت کی بین دلیل ہے بہر حال وہ قصیدہ عربیا حسب ذیل ہے

قصیدۂ عربیہ مولوی عبدالرحمان صاحب کاشغری متعلم درجہ ہشتم دارالعلوم ندوۃ العلماء

بِاِسْمِہٖ الْحَمِیْدِ الْمَجِیْدِ

مِدْحَۃٌ عَلَمِ الْفَوَاضِلِ وَالْفَضَائِلِ، اَلْفَاضِلِ الْجَلِیْلِ، وَالْعَالِمِ الْعَامِلِ النَّبِیْلِ، لِسَانُ السَّلْطَنَۃِ الْعُثْمَانِیَّۃِ الدَّکَنِیَّۃِ، وَصَدْرِ الصُّدُوْرِ الْاُمُوْرِ الْمَذْهَبِیَّۃِ، صَدَرِ یَارْجنگ بہادر مولٰنا حبیب الرحمٰن خان الشروانی، لطف اللّٰہُ بہٖ واعمرہ عمر نُوحٌ، وجعلہٗ اشہر من یوح" ولعمری قدکان ہوالعامودُ من اعمدۃِ دارالعلوم ندوۃِ العُلماء لکنا تُوعضائِہا

---

۲ الحب یظہر فی الالفاس نیرانا	والجسم سُقْمًا وفی العینین ھتّانا
فحمرۃ الدمع تحکی لون صافیۃ	وصفرۃ الخدّ قد تحکیک اُرقانا
من عزہ الحبُّ او دام الغرام بہ	تنشقُّ احشاءہ ہمًّا واحزانا
ذکر الحبیب وما فی الحب منقصۃ	للعقل والرُّوح تعذیبًا وولہانا
قلبان قلبٌ بقرنی وحش بادیۃٍ	من وحش کوشار او من وحش طرفانا
یا للحبائب انی ما عہدت بہا	الفیتہا جامعات الضد ابدانا
جسمٌ لطیفٌ وحصر زانہ کفلٌ	والقلب سند ان قلبن بلہ سندانا
ماء ونار علی الخد الاسیل فکم	قتلی حراق وکم من مات سلانا
اعجب بقرطٍ وخلخالٍ واسورۃٍ	فی الساق والمعصم الرسین ملانا

قرطان فی اُذنیها قیل اِنّهما | هاروتُ ماروت منکوسات غفرانا

ماء الممات وماء الخضر مقترنٌ | فی طرفها نظرة رمزًا ووسنانا

کذاك مجمع الضدین اِنّ له | طَعمًا وطعمًا بمضّ الانس والجانا

تخشی عوافیه ترجی کرائمهُ | رضا وسلمًا وانقیادًا وغضبانا

فان تنمّرنا علم انه اَجَلٌ | للنّازلین بیوم الحرب میدانا

قتیل الفوارس انزل مارِ راسكَ | الاسیاف هزلٌ لقال الندم ندمانا

شجیعهُ من ظبات الهند اقدمها | لا تتخذ من ظباء الهند اخدانا

منادم لبنی الضوصاء لا ثملُ | یأبی تجارًا فیشری الدرع مجّانا

ولا یفصح الا بالنجیع ولا | یشم مسکًا ولا وردًا وسوسانا

لا بل یشم غبارًا الحرب واعجبا | فمن بساوم ارض الحروب بستانا

ولا یقبل الّا اذن صاهله | یومًا اذا التفت الفرسان فرسانا

لا ذا ولا ذاك ان المجد طالبه | والعزیز تادہ حبذا او اعوانا

بنی من العزة القعساء شامخةً | لا ینتمیها عقاب الجو طیرانا

وحولها کسواد اللیل جحفلةٌ | خضراء باسلة رجلی ورکبانا

لکنها کعبة الآمال یقصدها | تصادُ فضل جماعات ووحدانا

دار التقیٰ والنُّقی والفضل مع حکم | تری القیاصر والکسرین دربانا

اعطی الالٰهُ له علمًا ومرتبةً | والعلم احسن زِیّ زان انسانا

وکل ما فی وعاء الدهر من مهجٍ | بدت عیونا وسمّی الله انسانا

فی الرای کالصارم القرضاب جدته | وفی الوقار تری رضوی وثهلانا

یا ایها البارع السطاس انك فی حصن منیع یقول الناس شروانا

وانت اجمل مخلوقٍ وافضله زیًّا وحسنًا وتبیانا وعرفانا

اکرم به حسبا ناهیك عن نسب

سبحان من اکرم الانسان سبحانا

ناسج بردها، وراقم وشیها،

محمد عبد الرحمان الکاشغری متعلم دار العلوم ندوۃ العلما لکھنؤ

مولوی عبد الرحمان صاحب کاشغری جب اپنا قصیدہ پڑھ چکے تو "مقاصد ندوۃ العلما پر" جناب مولانا سید سلیمان صاحب ندوی معتمد دار العلوم نے ایک مدلل اور پُر زور تقریر فرمائی جس کا سلسلہ تقریبًا ایک گھنٹہ تک جاری رہا، ندوۃ العلماء کے جملہ مقاصد کو ایک ایک کرکے سناتے ہوئے ہر مقصد کو کامیاب بنانے کے لیئے ندوۃ العلماء کیطرف سے وقتًا فوقتًا جو کوششین ہوئین اونکا حوالہ دیا اور ثابت کردکھایا کہ ندوۃ العلماء نے جن مقاصد کو اپنا نصب العین بنایا تھا اس مین وہ ہرطرح کامیاب ہوا اور کامیاب ہے اور ندوۃ العلماء کے قیام کی جیسی ضرورت اب سے بتیس برس پہلے تھی ویسی ہی بلکہ اُس سے بھی زیادہ ضرورت اسوقت ہے،

مولانا ممدوح کی یہ تقریر ایسی مہتم بالشان تھی جس نے حاضرین جلسہ کے دلون مین ندوہ کی ضرورت واہمیت کو از سرنو قائم کردیا،

آپ کی تقریر کے بعد جناب مولانا شوکت علی صاحب سکریٹری جمعیت الخلافت مرکزیہ۔ بہ اجازت صدر ۵ منٹ کے لیے پلیٹ فارم پر آئے اور تعمیر دار الاقامہ کی تجویز کی

تائید کے سلسلہ مین تقریر کرتے ہوئے ندوہ کی پرورش اور تعلیمیافتہ علما کی قومی خدمات کا جس جوش وخروش کے ساتھ اعتراف فرمایا ہے وہ اس کی سند ہے کہ دارالعلوم ندوۃ العلما کے فارغ التحصیل طلبہ بہترین طریقہ پر ملکی اور قومی کامون کو انجام دینے کی صلاحیت اور قابلیت رکھتے ہین،

اسکے بعد آپ نے ندوہ کی بیش بہا کوششون کا شکریہ ادا کیا اور قوم کے مطالبہ پر گورنمنٹ گرانٹ چھوڑ دینے کو یاد دلایا اور ارکان ندوہ کو اس امر کا اطمینان دلایا کہ جب وہ اپنی ضرورتون کو قوم کے سامنے پیش کرینگے تو انشاء اللہ قوم بھی پوری توجہ کریگی اور سرمایہ کی فراہمی مین دقت نہ ہوگی اور مین خود بھی اسکی ہر طرح کی خدمت کیواسطے حاضر ہون،

اسکے بعد جناب مولوی عبد الرحمان صاحب نگرامی "اسلام کیلیے آیندہ خطرہ اور اسکے انسداد پر" تقریر کرنے والے تھے مگر چونکہ وقت تنگ ہو گیا تھا اسواسطے جلسہ صدر نشین صاحب کی اجازت سے برخاست ہو گیا اور شب کو وعظ کے عام جلسہ کا اعلان کر دیا گیا، جو مقام دار الیتامیٰ واقع امین الدولہ پارک لکھنؤ مین سات بجے شب سے شروع ہوا اور تقریبًا ایک بجے شب تک جاری رہا جس مین جناب مولانا قاری شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری، جناب مولانا ابو القاسم صاحب سیف بنارسی۔ جناب مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلما و جناب مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلما جناب مولانا نثار احمد صاحب کانپوری خصوصیت سے ذکر کے قابل ہین انکے علاوہ اور دیگر علما نے بھی اپنے اپنے مواعظ حسنہ سے لوگونکو مستفید فرمایا۔

اجلاس پنجم

۱۴ شعبان ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء روز سہ شنبہ

وقت

۱۱ بجے قبل دوپہر سے ۱½ بجے تک

صدر انجمن

جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان صاحب شروانی
صدر الصدور امور مذہبی دولت آصفیہ حیدر آباد دکن

آج کے جلسہ کی کارروائی بھی بدستور دار العلوم کے وسطی حال مین ٹھیک ½ ۱۱ بجے شروع ہو گئی اور سب سے پہلے راشد ابن علی متعلم دار العلوم ندوۃ العلماء اور اُسکے بعد قاری محمد حسن صاحب نقیبلی مصری معلم تجوید مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ نے قرآن مجید کی چند آیتین اک پُر درد اور پر اثر لہجہ مین تلاوت فرمائین۔

اسکے بعد تجویز نمبر ۸ و ۹ مندرجہ فرد کارروائی اجلاس ہذا کی نسبت جو علی الترتیب ترمیم دستور العمل ندوۃ العلماء اور دار العلوم کے متعلق تھین جناب صدر انجمن نے یہ اعلان کیا کہ حسب دفعہ ۹۸ دستور العمل ندوۃ العلماء ترمیم دستور العمل کا اختیار صرف مجلس انتظامیہ کو ہی

لہذا وہی اس بارہ مین مناسب کارروائی کریگی، اور اس وجہ سے یہ دونون تجویزین جلسہ مین پیش ہوئین

اسکے بعد مولانا قاضی محمد سلیمان صاحب پنشنر سشن جج ریاست پٹیالہ و مؤلف رحمۃ للعالمین "فضائل اسلام پر" تقریر کرنے کے واسطے کھڑے ہوئے اور قبل اس کے کہ آپ اپنی تقریر شروع فرمائین، جناب صدر انجمن نے آپکی مشہور تصنیف رحمۃ للعالمین کی خوبی بیان فرماتے ہوئے حاضرین جلسہ سے تعارف کرایا اس کے بعد آپ نے اپنی تقریر شروع کی جو حسب ذیل ہے،

تقریر جناب مولانا قاضی محمد سلیمان صاحب پنشنر سشن جج ریاست پٹیالہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلیم الحکیم۔ والصلوٰۃ علی نبیہ الذی کان بالمؤمنین رؤف الرحیم۔ فصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ وبارک وسلم

اما بعد

معشر مسلمین

مذہب روح انسانی کے لیئے۔ ایسا ہی ہے جیسے ہوا جسم انسانی کے لیئے یہ ممکن ہی کہ کسی قطعہ زمین پر انسان نہ پایا جائے۔ مگر یہ نا ممکن ہے کہ انسان تو پایا جائے۔ اور وہان مذہب کا نشان نہ پایا جائے۔

ہان مذہب وہ ہے۔ جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ بلکہ صحیح تر یہ ہے کہ انسان پیدا ہی مذہب کی فضا مین ہوتا ہے۔ فِطْرَتَ اللّٰہِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْھَا۔ ایسے مذہب کی تعریف ان الفاظ مین کی جا سکتی ہے"

"کسی اعلیٰ ہستی کا خیال۔ جسے انسان سب سے برتر اور طاقتور سمجھتا ہے"

جہان تک وحشی اقوام کے حالات بھی تاریخ کو ملے ہین (وہ امریکہ کے قدیم باشندہ تھے یا افریقہ کے بن باسی) اُن سے ثابت ہوا ہے کہ ہر ایک قوم اسی خیال کی مطیع ہے اور یہی مقدس خیال اُنکا مایہ ناز رہا ہے۔

ان چھوٹی چھوٹی اقوام کے ذکر کی حاجت نہین۔ دنیا مین سیکڑون ایسے مذاہب ہو چکے ہین جن کے تحت مین ہزارون۔ لاکھون انسان اپنی اپنی انفرادی اور قومی زندگیان بسر کرتے ہوئے دنیا سے ناپید ہو گئے ہین۔ اور اُنھین کے ساتھ ساتھ اُنکے مذاہب بھی لحد فنا کے ہم آغوش ہو چکے ہین۔

مہ آبادیون اور گل شاہیون کے آئین کا اب کون پتہ دے سکتا ہے جو کبھی سارے ایران پر حکمران تھا۔ اُسوقت جب کہ ایران کا نام بھی ایران نہ پڑا تھا۔

مصر کے چرواہون اور بابل کے ڈکیتون۔ اور روما آباد کرنے والے رہزنون کے مذہبی رسم و راہ اب کیسے معلوم ہین۔

ہندوستان کے اصلی باشندون کی مرجاد کی بھی یہی حالت ہے۔

مصر و یونان۔ ایران و ہندوستان اپنے اپنے عہد ترقیات مین بڑی بڑی تہذیب و دانش کے مرکز رہ چکے ہین اور ہر ایک نے افق مذہب سے ترقیات کے جلوے دکھلائے ہین۔

قدیم یونان مین رہبانیّت کی جو تعلیم تھی۔ وہ حکماء کلبیہ دیوجانس وغیرہ کے حالات سے آشکار ہے۔ اور نظام عمل و استقراے علم کا طریقہ سقراط و اقلیدس کے احوال سے نمودار۔ آئین ایران کی نشو و نما کا اندازہ زرادشت و جاماسپ کے فرمودے بتا رہے ہین

ہندوستان کے اصلی باشندون کے عہد کے بعد ایک زمانہ تھا کہ آریہ قوم یہان آئی۔ وسط ایشیا کے وسیع میدان قسمت بسان سے کے ساتھ کہہ رہے ہین کہ یہ چنچل بچے اُس کی گود سے نکلے ۔ اور بام تبت کی صدا ے بلند ہے کہ ان نامبرداران نے اُس کے دامن سے رخصت حاصل کی ۔ ہمین لازم ہے کہ ان دعاوی کے فیصلہ کا قصد نہ کرین ہم کو تو صرف یہ کہنا چاہیئے کہ اس ملک مین آجانیکے بعد ان کو ویدہ کی شریتون کے درشن ہونے لگے ۔

اُن شبھ کرنون کے نام و نشان پر جن کے نام ان شریتون کی پیشانی پر قشقہ صندل مین قدامت کا پردہ پڑا ہوا ہے ۔ اور خود ہندو قوم مین اُنکی شخصیت پر گونا گون بیانات بنائے گئے ۔ اور تسلیم کیے گئے ہین ۔ لیکن بالاتفاق اُس زمانہ کو ست جگ سے یاد کیا گیا ہے ۔

یہ مان لینا چاہیئے۔ کہ اس تعلیم کا ساری قوم پر خوب اثر ہو گا۔

پھر ایک اور وقت آتا ہے جب گوتم بودھ جی کی اُپدیش نے لوگون کے سامنے کچھ نئے نئے انداز سے ایسے الفاظ پیش کیے ۔ جنکی ظاہری مورت موہنی تھی سکتے ہین کہ رحمدلی آگے بڑھی ۔ اور ایشر بھگتی پیچھے ہٹ گئی ۔ ہان رحمدلی کے اظہار مین شاعرانہ نزاکتون سے کام لیا گیا ۔ حیوانات کی رکھشا مین انسان کی قدر و قیمت گھٹ گئی ۔ اشوک کی حکومت نے ابتدائی اصولون کی خام کاری کو کس قدر دور کیا ۔ اور پھر ان باتون کی اشاعت مین پورا زور دکھلایا ۔

جین مت نے انھین خیالات کے سایہ مین نشو و نما پائی ۔ تاریخ سخت حیران ہے کہ کم آزاری کے اوٹ مین نوع انسان کو سخت ترین تکالیف کا سامنا ہوا ۔

ہندوستان ایسی ہی متضاد تاثرات کا تختۂ مشق بنا ہوا تھا - کہ بھارت اعظم کی اولاد پانڈون اور کورون مین جنگ عظیم برپا ہوگئی - کہا جاتا ہے - کہ ہندوستان کا کوئی باشندہ نہ تھا - جو اس جنگ مین شریک نہ ہوا ہو -

اسی جنگ کی یادگار مین ہومر ہند بید بیاس جی نے اپنی مشہور کتاب "مہابھارت" تصنیف کی ہے -

جنگ کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ملک جسکے بہادرون کی تعداد اس طرح بیان ہوئی ہے کہ سڑکون کے کنارون پر کھڑے ہوئے جاہات توج کی گرد راہ سے اٹ گئے تھے - بالکل خالی ہوگیا - کہتے ہین - کہ ان کرورون مین سے صرف گیارہ بارہ آدمی زندہ بچ گئے تھے - فتحیاب پانچون پانڈون کا شمار بھی اسی عدد کے اندر ہے -

بالآخر انھون نے بھی دیرنا پائدار کے بھیانک چہرہ سے منھ موڑکر - اپنے پاؤن چل کر ہمالہ کی سفید برف کا پاک کفن اوڑھ لیا تھا -

جنگ کے ساتھ ہی علوم وفنون بھی تباہ ہوگئے - اور تہذیب و تمدن کے واقعات بھی افسانے بن گئے -

زرتشت ایرانی کا زمانہ وید بیاس جی مہراج کا زمانہ تھا - ایرانی تاریخ گویا ہے کہ جن دنون گشتاسپ نے بلخ کو اپنا دارالسلطنت بنا رکھا تھا - اور وہ فتح چاین کے منصوبے سوچ رہا تھا - انھین ایام مین وید بیاس جی نے بلخ پہونچکر زرتشت سے ملاقات کی تھی -

زوال ایران کا زمانہ بھی گشتاسپ سے دو نسلون کے بعد ہی شروع ہوجاتا ہے اور ہندوستان کے زوال کا عہد بھی اُسی کے ساتھ ساتھ لگا ہوا ہے - پھر تو ان ممالک مین

ایسی ابتری چھائی اور ظلمات کا وہ دَور ہوا - جو آپ ہی اپنی نظیر تھا - اگر ہندوستان مین بام مارگیون کا زور تھا - تو ایران مین بھی مزدکیہ کی شوکت و قوت کچھ کم نہ تھی -

یہی وہ زمانہ ہے کہ بنی اسرائیل کا اقبال بھی اُن کو چھوڑ چکا تھا - وہ برسون سے بادشاہان مصر اور حکمرانان شام کے تختۂ مشق ستم بن گئے تھے - اور بخت نصر نے تو ظلم و ستم کو انتہا تک بڑھایا - بیت المقدس کو جلایا - شہر کو گرایا - عمارات سربفلک کو پیوند خاک بنایا - ہزارون لاکھون کو خاک و خون مین سلایا اور جب قتل کرتے کرتے تلوارون نے بھی جواب دیدیا - تب باقیماندہ کو رسن بستہ بابل لے گیا - جس کے بعد وہ کبھی نکبت و ادبار سے سبکدوش نہ ہوئے -

وہ بنی اسرائیل جو کبھی ایک مستقل شریعت کے حامل اور مضبوط حکومت کے مالک تھے - وہی اب دنیوی عزت اور دینی حرمت سے بالکل خالی رہ گئے تھے

"یورپ ایشیا سے بدتر حالت مین تھا"

اگرچہ قسطنطین کی تلوار نے عیسائیت کو یورپ مین داخل کر دیا تھا مگر پھر بھی حکومت بُت پرستی ہی کے ہاتھ مین تھی - اور بت پرستی ہی سب سے بڑی محبوب چیز تھی - ایت وار (یوم الشمس) کی حرمت اور شکل صلیبی کا احترام (جو اُن بت پرستون کے نزدیک تقاطع دوائر فلکی کا نشان تھا) نیز ترک ختنہ ایسے عطیات ہین جو غیر اقوام ہی سے عیسائیت کو ملے ہین -

تمام دُنیا کی مذہبی حالت ایسی ہی تھی اور تمام مذاہب ایسی ہی پستی مین گر گئے تھے اگرچہ وہ پیشتر ازین بڑے بڑے کارنامے دکھلا چکے تھے -

"ایسی حالت مین اور ایسے زمانہ مین اُس مذہب کی"

"روشنی کی نمود ہوئی جس کا پاک نام اسلام ہے"

جس طرح سخت حبس اور گرمی کے بعد باران رحمت کا نزول ہوتا ہے جس طرح سخت اندھیاری رات کے بعد آفتاب عالمتاب کا طلوع ہوتا ہے ٹھیک اسی طرح افق عالم پر اسلام نے اپنے نور کا ظہور دکھلایا۔

تمام عرب اور بخصوص حجاز اُن خرابیون مین جو تمام دنیا پر فرمانروا تھین۔ اورون سے کچھ کم نہ تھا۔

عرب کی تاریخ قومی روایات کی حفاظت مین دنیا کے دیگر ممالک سے نسبتۂ زیادہ محفوظ رہی ہے۔ اس لیے ان سب حالات کو جو قتل و غارتگری۔ قمار بازی و دختر کشی شراب خواری و بُت پرستی وغیرہ وغیرہ کے متعلق ہین مدنظر رکھکر ہم یہ کہہ سکتے ہین کہ عرب ان خرابیون مین سب کا گرو گھنٹال تھا۔

اسی لیے قدرت الٰہیہ کا اقتضاء یہ ہوا۔ کہ یہین سے چشمہ صفا اُبلے۔ اور اسی مقام سے نور ہدیٰ کا پرکاش ہو۔

تخصیص مکہ کی توضیح مین یہ صرف ایک وجہ ہے لیکن اس تخصیص کے لیے تو بہت سے دلائل اور شواہد ہزارون سال پہلے سے موجود تھے۔

یکے از انجملہ یہ ہے کہ سیدنا ابراہیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو یہودیون عیسائیون اور صابئین اور مسلمانون کے جد اعظم ہین (ان اقوام کی مجموعی تعداد دنیا کی تمام دیگر اقوام سے افزون تر ہے) مکہ ہی کو ہدایت عالم کا مرکز قرار دیا تھا۔ اور انھون نے اپنے اُس اکلوتے بچہ کو یہان آباد کیا تھا۔ جس مین مختلف اقوام کی رہنمائی و ہدایت فرمائی کی استعداد فطری اور قابلیت وہبی موجود تھی میری مراد سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام سے ہے۔

اُن کے والد بزرگوار کا مولد عراق - اور ہجرت گاہ شام ہے اور فلسطین کو اُنھون نے توطن کے لیے پسند فرمایا تھا -

اُن کی والدہ مصر کی شاہزادی ہین - اور علوم مصریہ کی تعلیم اُن کو شاہانہ اہتمام سے ملی تھی - اسمٰعیل علیہ السلام کی اہلیہ سردار جرہم کی دختر تھین - اس سردار کا عرب کے بڑے حصہ پر اقتدار تھا - ان خصوصیات سے اسمٰعیل علیہ السلام بابلیون - شامیون اور فلسطینون اور مصریون اور حجازیون کے علوم اور فنون اور السنہ کے جامع بن گئے تھے پھر وہ نجد و حجاز - اور یمن و حضرموت کے لیے رسول رب العالمین بنائے گئے اور درجہ نبوت پر فائز ہونے کے بعد علوم سماوی کے خزائن اُن پر کھول دیے گئے - اس طرح پر عربی زبان جس مین اُن کو فرائض تبلیغ ادا کرنے پڑے اُن جملہ علوم و محاسن اور فضائل و محامد اور معارف و حقائق کے جامع بن گئی - جو ان اقوام و ادیان مین پہلے سے پائی جاتی تھی اور جن مین وحی ربانی نے بیش از بیش اضافہ پر اضافہ کر دیا تھا از انجملہ یہ ایک اور وجہ تھی جو مکہ کو ہدایت عالم کا مرکز بنانے کی ہے -

خیر مین اس بیان کو ناتمام چھوڑتا ہوا اسلام کے متعلق کہون گا جس کا ظہور عرب سے ہوا - کہ اسلام وہ مذہب ہے جس کے نور تام یعنی سیدنا و مولانا محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دنیا کی آنکھون کو روشن فرمایا ہے -

دنیا کی حالت خود اس امر کی مقتضی تھی - اور قدرت ربانیہ نے خود ارادہ فرما لیا تھا کہ اُس مکروہ و قابل نفرت تاریکی کا خاتمہ کر دیا جائے جس نے بڑے بڑے ملکون ، اور بڑی بڑی قومون کی تاریخی عزتون کو خاک مین ملا دیا تھا - اور نوع انسان کو وحشیانہ طبقہ کا مماثل بنا کر انسانیت کو تباہ کر دیا تھا -

نورِ اسلام کی چمک نے ہزارون کی آنکھون کو کھول دیا۔ انسان نے دنیا کو بھی دیکھا
اور خود اپنے آپ کو بھی دیکھا۔ تب اُسے خود اپنی برہنگی سے شرم آنے لگی۔
غیورِ طبع جھپٹے اور اُنھون نے لِبَاسُ التَّقْوٰی ہُوَ خَیْرٌ کے دامن مین جگہ حاصل کی۔
بعض کی آنکھون مین اس نور سے خیرگی پیدا ہوئی۔ انھون نے کہا کہ آنکھین موندلو۔
پھر روشنی خود ہی مٹ جائیگی۔
بعض نے کہا کہ سورج کی روشنی کو بادل اور آندھی بھی تو چھپا ہی لیا کرتے ہین۔
آؤ الزامات سے گرد و غبار اُڑاؤ۔ مطلع تاریک کردو۔ یہ نور بھی معلوم ہو جائیگا۔
الغرض کسی قوم کسی مذہب کسی شخصیت کے فنا کرنے مین جتنی تدابیر۔ جتنے حیلے جتنے طریقے
آجتک کسی ظالم و جابر۔ کسی ڈکیت کسی قاتل۔ کسی رہزن نے دنیا مین استعمال کیے تھے
وہ سب کے سب اسلام اور ہادی اسلام علیہ الصلوۃ والسلام اور فدائیان اسلام کے مقابلہ مین استعمال کیے گئے۔
نتیجہ کیا ہوا؟
یہ۔ کہ اسلام انگور کی بیل ثابت ہوا۔ وہ کاٹنے سے بڑھا۔ وہ خونی قربانی کے بعد
بھی بڑھا۔ اور بالآخر وہی کام و دہان عالم کا چاشنی بخش ثابت ہوا۔
اے صاحبان۔ یاد رکھیئے۔ کہ زندہ اصولون کو لیکر دنیا مین آیا ہے اور اُس نے
حی القیوم۔ زندہ خدا کی حمایت سے نشو و نما پایا ہے۔ اور وہ برابر آجتک تمام دنیا
کے لیے روح القلوب اور قرۃ العیون ثابت ہوا ہے۔

ہان مین مختصراً بتاؤنگا کہ اُن زندہ اصولون مین سے چند اصول کیا ہین؟

اصول اول — اسلام حامی علم و برہان ہے۔

علم کی برتری پر آج تمام دنیا متفق ہے۔

الف - یہ اسلام ہی ہے۔ جسکی کتاب حمید کا آغاز بیان علم سے ہوتا ہے۔
اِقْرَءْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَءْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ
الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَا يَعْلَمُ۔

یہ وہ آیات بینات ہین جن کا نزول جملہ آیات قرآنیہ سے پہلے اللہ تبارک وتعالیٰ کے بنی ورسول پر ہوا۔

غور کرو۔ جس مذہب کی بنیاد اکتشاف علم پر ہے۔

جو انسان کی مکرمت وشان کو وجود علم بتاتا ہے۔

جو تحریر کو اشاعت علم کا صحیح ذریعہ ٹھہراتا ہے۔

جو حقوق ربوبیت کے استحقاق مین انسان پر نوشت وخواند کا فرض عام عائد کرتا ہے۔

جو پانی کے کیڑے کو حالت جہول وظلوم سے نکال کر تعلیم وتعلم کے میدان مین لاتا۔ اور علم ودانش کے شہپرون سے بلند کر کے عزت واکرام کی چوٹی پر پہونچاتا ہے۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ کے اھتمام سے اُسے اکتشافات ارضی۔ اور تصرفات بحری کا حقدار ٹھہراتا ہے

وہی مذہب اس زندہ اصول کا مالک ہے۔

(ب) قرآن الحکیم کو دیکھو۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا تعلیم دی گئی۔ وہ یہ ہے۔ کہ قُلْ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا۔ کو اپنا ورد بنالین اور نفس قدسی کو ہر وقت فراوانی علم اور افزونی علم کا شائق وطالب اور ساعی وراغب بنائے رکھین۔

غور کرو۔ کہ کیا مال ودولت یا حکمرانی وسلطنت یا آسودگی ورفاہیت یا اظہار شان وشوکت

یا فراوانی جاہ وحشمت ایسے نبی اللہ کا مدعا بن سکتے ہین -

جس کا قلب اطہر ہر وقت حقائق علمیہ کا گرسنہ اور جسکی روح انور ہر لحظہ انوار عرفان کی گرسنہ ہو- جو اپنے مالک و پروردگار سے ہر وقت و ہر ساعت مین علم مزید کے موارید حاصل کرتا ہو- جو ہر طرفۃ العین مین عیون علوم پر قابض بنتا ہو- کیا اس اُسوۂ حسنہ کے بعد اُسکی اُمت کسی اور شئے کی دلدادہ و فریفتہ بھی ہو سکتی ہے -

(ج)- علم کا درجہ جو اسلام مین ہے - وہ ایک معمولی سے مسئلہ فقہی سے آشکار ہو سکتا ہے اہل اسلام کے ہان کُتا نجس العین جانور ہے - لیکن جب وہی جانور مَا عَلَّمْتُم مِّنَ الْجَوَارِحِ مُکَلِّبِیْنَ کا مصداق بن جائے - تب اُسکا شکار حلال ہے -

غور کرو- کہ سگ پلید کا منصب کس نے بلند کر دیا - ہان - یہ ترقی علم ہی کے طفیل ملی ہے اور یہ ایک مثال ہے اور اس سے اُن ترقیات روحانی کا اندازہ ہو سکتا ہے- جو آیت یَرْفَعُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجَات مین انسان کے لیے خاص فرمائی گئی ہین -

(د) اسلام نے حصول کا جو شوق و رغبت دلائی ہے - اور ہر مسلمان کو شہد کی مکھی بنکر سب جگہ سے شہد علم فراہم کرنے کی اشارت فرمائی ہے - وہ اس ارشاد سے ظاہر ہے هَلْ عِنْدَکُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْہُ لَنَا -

(ہ) یہ اسلام ہی کی علم پروری ہے کہ سیدنا و مولانا محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے القاب عالیہ خاتم النبیین و رحمۃ للعالمین کے ساتھ ساتھ حضور کو یُعَلِّمُھُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَةَ کے وصف سے موصوف فرمایا گیا - یعنی معلم کتاب الٰہیہ ہونا اتنا بڑا شرف ہے کہ ہر دو برکات ہی کو حقیقۃً اس لقب کا شایان ٹھہرایا گیا -

(۵)- یہ اسلام ہی کی علم نوازی ہے - کہ بدو ظہور سے ابواب علم و حکمت ہر قوم ہر متنفس کے لیے کشادہ رکھے ہین - قرون اولی کی تاریخ شاہد ہے - کہ اندرون چین سے لیکر انتہائے سوڈان تک اور بلاد خراسان سے لیکر سرحدات مراکش تک دروس علمیہ کا افتتاح کر دیا گیا تھا -

اگر آپ کو یہ معلوم ہو جائیگا - کہ

سیبویہ - بوعلی - اور زجاج جو ائمہ لغت و نحو ہین - یہ عربی النسل نہین - امام اللغت اسماعیل بن محمد جوہری - اور اُستاد مجد الدین ابو طاہر محمد بن یعقوب فیروز آبادی بھی عرب کے باشندے نہین -

ابو الفرج مسیحی جس کی تصانیف عربی زبان مین بکثرت ہین مالٹا کا باشندہ ہے - مورخ الشہیر بُرہان الدین موصل مین پیدا ہوئے - علامہ ابن خلدون جو فلسفہ تاریخ کے موجد ہین - مولود ٹیونسی ہین - مقریزی کے وجود پر بعلبک کو فخر ہے -

تب اعتراف کرنا پڑے گا - کہ اسلام نے غیر اقوام کو سربلند کرنے - اور ذُروۂ اعلائے علم تک پہونچانے مین کیسے کیسے بے نظیر کام کیے ہین -

امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ کو سب جانتے ہین اہل فارس سے ہین -

امام المحدثین محمد بن اسمعیل بخاری - اور امام ہمام مسلم بن حجاج صاحبان صحیحین اور دیگر اکثر ائمہ محدثین بھی غیر عرب ہین، ان سب نظائر سے پایا جائیگا - کہ اسلام نے علم و فضل - اور حکمت و دانش کو ایسا عام بنا دیا تھا کہ عرب و غیر عرب سب کے سب برادران رضاعی کی طرح ایک ہی شیر سے پل رہے تھے - اور برادران شفیق کیطرح میراث نبوی مین برابر کا حصہ لے رہے تھے -

برادران۔ اسلام دلائل صحیحہ اور برہان کا حامی ہے وہ سخت سے سخت جھگڑالو ضدی ہٹ دھرمی سے بھی یہی خطاب رکھتا ہے۔

هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ (اگر تمہاری بات میں صداقت ہے۔ تو برہان پیش کرو۔

توحید جیسے ضروری اور دقیق مسئلہ کو بھی دلیل کے بغیر منوانا نہین چاہتا

لَوْ كَانَ فِيْهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا اگر زمین و آسمان کے مالک اللہ تعالیٰ کے سوا دو اور ہوتے۔ تب نہ زمین قائم رہتی نہ آسمان باقی دونون کے دونون برباد ہو گئے ہوتے

نظام عمل مین یہ دلیل ایسی زبردست ہے کہ اب زمین کا ہر ذرہ اور آسمان کا ہر شعشہ توحید کا شاہد مبین بن گیا ہے۔

ثبوت نبوت کے متعلق یہ ہی روش ہے۔ ایک ہی آیت پر غور کرو۔ اسمین نبوت کے کتنے خواص ظاہر فرمائے ہین۔

يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ

يَتْلُوا عَلَيْهِمْ بتلاتا ہے کہ نبی وہ ہے جسے مبدء فیاض سے نسبت اختصاص ہوتی ہے۔ ایک طرف وہ بلا واسطہ علیم الحکیم سے علوم کا استفاضہ کرتا ہے۔ اور دوسری طرف وہ بلا شائبہ غرض اور بلا آمیزش طمع اہل عالم پر افاضہ فرماتا ہے۔ وہ ایک فوارۂ نور ہے۔ کہ سماء اعلیٰ سے جو کچھ اُسکے خزانہ مین آیا۔ اُسی کو فورًا دوسرون تک پہونچایا۔

يُزَكِّيْهِمْ۔ بتلاتا ہے کہ تعلیم نبوت کے بغیر کتنے دل عقائد فاسدہ سے روسیاہ ہوتے ہین۔ اور کتنے دل شک و زیغ کے ہاتھون خانمان تباہ

بہت ہوتے ہین جنکی بصیرت کی آنکھون پر چربی چھائی ہوتی ہے۔ اور بہت ہوتے ہین جنکی کشت زار عمل خشک و مرجھائی ہوتی ہے۔

اسوقت نبی اللہ ہی کا کام ہوتا ہے۔ کہ حکیم حاذق ہرا ن امراض کی تشخیص کرلے۔ پدر شفیق کی طرح سب کو اپنی تربیت مین لے لے۔ شاہ عادل کی طرح ہر ایک سرمایۂ دارین کی حفاظت کرے۔

یُعَلِّمُھُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ... بتلاتا ہے۔ کہ نبی اللہ کا کام صرف اسی حد پر ختم نہین ہوجاتا کہ مس زنگ آلودپر قلعی چڑھادے۔ قلوب کو عیوب سے پاک کردینے کے بعد پھر اُنکی خبر بھی نہ لے۔ نہین۔ نبی اللہ تو وہ ہے جو ہر ایک کے ظرف مین آب حیات بھی بھر دیتا ہے جو ہر ایک دامن کو گلہاے خلد بہار کا چمن زار بھی بنادیتا ہے۔ جو ہر ایک مریض کو مداوا کے بعد اکسیر زندگی عطا کرکے رخصت کرتا ہے۔

.... الکتاب قرآن مجید کا عَلَم ہے اس کا مصدر قوت جمعیت کے ظاہر کرتا ہے اور معقول کو محسوس بنانے کی طاقت رکھتا ہے۔

حکمت کی شان فصل قضایا ہے۔ اُس کا اثر صواب و سداد اور اتقان و استحکام ہے ان جواہر زواہر کی قیمت لگاؤ۔ کہ نبوت کے معنی معلوم ہوجائین۔ اور نبی اللہ کے نفس قدسی کے ساتھ بایمان تازہ عقیدت بے اندازہ بڑھ جائے۔

منکرین غور کرین کہ نبوت پر کیا کیا برہان پیش کی گئی ہے۔

میرے اس مختصر بیان سے واضح ہوگیا ہے۔ کہ اسلام ہی مذہب علم ہے یعنی علم ہی اسلام ہے۔ اور اسلام ہی علم ہے۔

اصول دوم۔ اسلام تمام دنیا کے لیۓ محبت تام اور وداد دوام ہے۔ عربی دان جانتا ہے کہ عربی مصادر کا مادہ تین حروف کا ہوتا ہے۔

اسلام مین اگرچہ پانچ حرف ہین اور اسی لیے وہ ارکان خمسہ کا مجموعہ ہے۔ مگر یہ لفظ بھی

سلم سے بنا ہے - قرآن مجید مین ہے "اُدْخُلُوا فِی السِّلْمِ کَافَّۃً"
یہ حکم الٰہی ہے - جو نوع انسان کے ہر فرد کو صلح کی تحت مین داخل ہونے کا ارشاد
فرماتا ہے - یہی صلح عام تو اسلام ہے -

معشر الناس - وہ مذہب جسکی بنیاد سلم و صلح ہو -

وہ مذہب جو آشتی کا مناد ہو -

وہ مذہب جو سب کو موانست و مسالمت کی دعوت دیتا ہو -

ضرور ہے - کہ وہی محبت تام کا مالک ہو -

اس اصول کو محک امتحان پر لاؤ اور وسعت آباد جہان کے افق تک اپنی نگاہ
کو بڑھاؤ - کہ کیونکر جملہ اہل عالم محدود دوائر کے اندر گھرے ہوئے تھے - کیونکر اُنھون نے
اپنی اپنی قُلتین کو سمندر سمجھ رکھا تھا - بلکہ مجھے صاف کہدینا چاہیئے کہ کس طرح پر دُنیا کا
ہر ایک مذہب دنیا کے جملہ مذاہب کو جھوٹ اور بطلان بتلا رہا تھا -

ایران والون کا دعوی کہ سروش آسمانی صرف ایرج ہی کی نژاد کو ملا ہے بنی اسرائیل
کا دعوی کہ نبوت کا شرف صرف اسرائیل ہی کی اولاد کی میراث ہے - ہند والون کا دعوی
کہ آکاس بانی کا درشن صرف گنگا - جمنا کے اشنان کرنے والون - یعنی انھین وادیون کے
رہنے والون نے پایا ہے -

اہل چین کا دعوی کہ صرف انھیں کی قوم کو فرزند آسمانی ہونے کا منصب ہے -

اگرچہ یہ بجائے خود بڑے شاندار دعاوی ہیں - مگر ان دعاوی کا نتیجہ کیا تھا ؟

ایک زرتشتی اپنے سوا کُل مذاہب کو دروغ بتلاتا -

ایک اسرائیلی اپنے سوا جملہ ادیان کو (جن مین زرتشتی بھی شامل ہے) باطل قرار دیتا -

ایک سناتن دھرمی اپنے سوا سب کو (جن مین زرتشتی و اسرائیلی بھی ہین) اَسُت کہتا
ایک کانفیوشسشی جملہ ملل کو جن مین سناتن دھرمی بھی آگیا ہے بیگانہ از حق قرار دیتا تھا
خیال کرو۔ کہ ان شاندار دعاوی سے کیا حاصل ہوا۔؟ کیا یہی کہ
کل دنیا نے کل دنیا کو جھٹلایا۔
اور ہر ایک قوم نے اپنے آپ کو کل دُنیا سے نرالا انسان بتایا۔
اس طرح نفرت اور دوری بڑھتی گئی۔ قومین قومون سے اور ملک ملکون سے دور ہوتے گئے۔
بالمقابل کہہ رہا دیوانہ ہے ایک ایک کو + کیا تمیز رہ گیا دیوانہ اور فرزانہ مین
آگے چلکر اس زہریلی ہوا کا اثر یہ ہوا کہ ایک ہی ملک اور ایک ہی قوم کے اندر بھی تفریق اور افتراق پیدا ہوگیا
اسرائیلیون کے بارہ اسباط مین سے صرف بنی لاوی کو خطا کی قربانی پیش کرنے اور
گنہگار کو صاف کرنے کا حق حاصل تھا۔ اور کسی سبط کو نہ تھا۔
ہردوار کی پوڑیون پر اور پہیویہ کے تالاب کے کنارہ پر خاص خاص پروہتون
یا پانڈا اُن ہی کی یہ شکتی ہے۔ کہ جیو کو نرگ مین دھکیل دین۔ یا سُرگ مین بھیجدین
باقی سب برہمن بھی اس طاقت سے دور سمجھے گئے۔
مراتب کی یہ دائمی تفریق اُس محبت تام کے خلاف تھی۔ جسکا مقصد یگانگت
واتحاد۔ اور سلم و سداد۔ اور جمعیت و وداد ہے۔
اسلام کا جملہ اقوام عالم پر یہ احسان ہے۔ کہ اُس نے اس مرض کو تشخیص کیا
اور چارہ گری کا عزم کرلیا۔
اسلام نے پہلے تو سب کو لِکُلِّ قَوْمٍ ھَادٍ سنا کر تسلی دی۔
اور بعد ازان اُدْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّۃً کی دعوت دیکر وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا

وَلَا تَفَرَّقُوا کے اصول سے روشناس کیا۔

وحدت دعوت کے ساتھ وحدت قومیت کے معنی بتائے۔ اور اسرار توحید کا انکشاف فرماتے ہوئے وحدتِ کلمہ کی طاقت کو بھی آشکار فرمایا۔

اس اعلیٰ تعلیم کا جو ثمرہ ہوا۔ وہ دنیا نے دیکھ لیا۔ کہ

اختلاف زبان اور تباین الوان کی حدود ٹوٹ گئین۔

قومی خصوصیات کا غرور خصائص اخلاق سے مبدل ہو گیا۔

تمام دُنیا خاندان واحد کے افراد بن گئی۔

یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا کا جلوہ نظر آنے لگا۔ اُنہی پر کُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا کی ضرب المثل صادق آئی عبودیت باری کے مضبوط رشتہ نے سب کو اُخُوَّتٌ فِی الدِّیْن کی قرابت سے متحد و متفق۔ ہم عقیدہ و ہم نوا۔ یک دل و یک زبان بنا دیا۔

اسلام ہی نے محبت کو اپنی اصل ٹھہرایا۔ اور وہی اس اصول مین کامیاب بھی ہوا۔

اصول سوم۔ "اسلام تمام دنیا مین سب سے پہلے اخوت کاملہ کا بانی ہے"

مجھے انگلستان کی برادرہڈ سوسائٹی کے حالات معلوم ہین۔ اس کا وجود اسلام سے بہت بعد کا ہے۔ اور اُس مین اخوت اسلامی کے ظلال کا شائبہ سا پایا جاتا ہے۔

صاحبان۔ یہ اسلام ہی ہے جس نے تحریر و تقریر مین مخاطبین کے لیے الفاظ برادر و اخوان اور اُسکی مرادفات کا استعمال کیا۔ فرقان حمید پڑھو۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَاءً خدا کی اُس نعمت کو جو تم پر ہے یاد رکھنا کہ تم پہلے تو دشمن تھے،

فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا پھر اُس نے تمھارے دلونکو آپس مین ملا دیا۔ تب تم بفضل الٰہی بھائی بھائی بن گئے

یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ اخ کی جمع اِخْوَۃٌ بھی ہے۔ اور اخوان بھی اِخْوَۃٌ برادران نسب کو اور اخوان برادران محبت کو کہا جاتا ہے۔ اس سے ظاہر ہے۔ کہ برادرانہ محبت والفت کو یہان تک تقویت دی گئی۔ کہ لغت عرب مین اسکے لیے مستقل لفظ موجود ہوگیا

صاحبان۔ یہ اخوانی اور یہ محبت ایمانی صرف زبانی لسانی ہی نہ ہوتی تھی۔ بلکہ اس مواصلت مین منسلک ہونے والے وراثت اور تقسیم جائداد مین بھی برابر کے حصہ دار ہوتے تھے۔ حتیٰ کہ باطنی علاقہ کے سامنے اس ظاہری برتاؤ کی بھی ضرورت نہ رہی۔

یہ وہ نفوس قدسی تھے۔ کہ سَیُؤْتِیْنَا اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ وَرَسُوْلُہٗ اِنَّآ اِلَی اللّٰہِ رَاغِبُوْنَ کے عرفان نے جان و مال کے دعوے سے دست بردار کر دیا تھا۔
یہ وہ تھے کہ اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَہُمْ وَاَمْوَالَھُمْ کی مسرت نے مال و منال اور ذات وعیال کی ملک سے بیخود بنا دیا تھا۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

اخوت اسلامی اپنے رنگ مین ترقی کرتی رہی۔ حتیٰ کہ وہ امیرالمومنین عمرؓ جس کے نام سے قیصر و کسریٰ کے اندام پر لرزہ تھا۔ سر ممبر بلال حبشی کا ذکر کرتا ہے تو یہ الفاظ اُسکی زبان سے نکلتے ہین۔ سیدنا ابوبکر اَعْتَقَ سیدنا بلال۔ ہمارے سردار ابوبکر نے ہمارے سردار بلال کو آزاد کر دیا تھا۔

ابوبکرؓ صدیق کو سید کہنے کی وجہ تو تاریخ بیان کر سکتی ہے۔ کہ وہ خلیفہ رسول تھے۔ اور عمرؓ الصفین کے جانشین تھے۔ مگر بلال کو سید کہنے کی وجہ صرف اخوت اسلام ہی بتلائے گی۔ جو چھوٹے بھائی۔ بڑے بھائی کی تفریق کی بھی برداشت نہین کر سکتی جھوٹی دنیا بلال کو غلام کہتی ہے تو کہا کرے۔ مگر اسلام کی سچی تعلیم کا صحیح نمونہ تو اپنی زبان سے

سید کہتے ہی مزا پاتا ہے۔ کیا ایسی اخوت کی کوئی نظیر کسی دوسرے گھر مین موجود ہے۔

اصول چہارم ۔ "اسلام مساواۃ عامہ کا داعی مظہر۔ اور حامی ہے"

تاریخ عالم پر نگاہ ڈالو۔

کسی قوم نے بواسطۂ حکومت وسطوت
کسی قوم نے بذریعۂ مال ودولت
کسی قوم نے بوسیلۂ علم وفضیلت
کسی قوم نے بروے زور وطاقت
کسی قوم نے بوجہ گوری وکالی رنگت

اپنے لیئے ایسے خاص خاص حقوق کو اپنی واحد ملک بنا رکھا تھا۔ جس سے وہ خود کو سب سے ممتاز بناتے تھے۔

کوئی برہما کے منھ سے پیدا ہونے کی عزت کا مظہر تھا۔
کوئی اُس کے بازوُن سے قوت پانے پر مغرور۔

ایک برہمن دوسرے برہمن پر خاص عزت رکھنے کا اس لیے مدعی تھا۔ کہ یہ تو دریاے سرستی کے مشرقی کنارے کا باشندہ ہے۔ اور وہ دوسرا اُس دریا کے مغربی کنارہ پر آباد ہے۔

شکنتلا ناٹک کو پڑھا یئے۔ جو آریہ ورت کے سپوت کالی داس جی کی تصنیف ہے آپ کو نظر آئیگا۔ کہ برہمن سنسکرت بولتا ہے۔ اور شودر کی بات چیت پراکرت مین ہے۔

یہی امتیازی تفاوت ایرانیون کے موبدون مین۔ اور اسرائیلیون کے بنی لاوی مین۔ اور تبت کے لاماؤن مین بھی جلوہ گستر تھا۔

امریکہ مین باشندگان قدیم جس ذلت وحقارت کے سزاوار ٹھہرائے گئے ہین - وہ سب کو معلوم ہین - اس ملک مین ان لوگون کو زندہ جلائے جانے کی بیسیون نظائر پائی جاتی ہین - یہ قانونی سزا اس لیے ملتی ہے - کہ وہ کالی رنگت کے ہین -

انگریزون کی معاشرت پر نگاہ ڈالو - دولت و منصب نے ایک ہی ملک ایک ہی قوم کے اشخاص مین کتنا امتیاز پیدا کر دیا ہے - ایک انگریز افسر ایک انگریز کلرک کے ساتھ ایک میز پر کھانا نہین کھاتا - افسرون کے کلب الگ کلرکون کے الگ افسرون کے گرجا الگ چھوٹی ہستی والون کے الگ - یہ وہ حالات ہین جو کھلے طور پر واضح ہین -

اب اسلام کا فرمان سنو -

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے - " اِنَّ اکرمکم عند اللہ اتقی کم "

اللہ کے ہان عزت مین وہی بڑھا ہوا ہی جو تقوی مین بڑھا ہوا ہے

دوسرا حکم امتناعی ہے -

فَلَا تُزَکُّوْا اَنْفُسَکُمْ ۔ لوگو اپنے آپ کو پاک مت ٹھہراؤ -

رب العالمین کا رسول صادق الامین اپنے خطبے مین فرماتا ہے - وہ خطبہ جو تسخیر مکہ کے بعد فاتحانہ شان مین مفتوحین کے سامنے دیا گیا -

یا معشر القریش اِنَّ اللہَ قَدْ ذَھَبَ عنکم نخوۃ الجاھلیۃ وتعظمھا بالاباء الناس من آدم وادم خلق من تراب (ثم تلا) یا ایھا الناس انا خلقنا کم من ذکر و انثیٰ - الخ

اے سرداران قریش - اللہ تعالیٰ نے تمھاری جاہلانہ غرور کو توڑ دیا - اور باپ دادا پر اترانے کو مٹا دیا - سنو - سب لوگ آدم کی اولاد ہین اور آدم مٹی سے بنائے گئے تھے -

یہ الفاظ اُس روح الصدق کی زبان پاک کے ہین - جو وجاہت قومی - اور شرافت خاندانی

فضیلتِ نسب اور بزرگی حسب مین بین الاماثل والاقتران نہایت ممتاز۔ اور مسلمہ طریق سے سب سے برتر واعلیٰ تھا۔

اگر کوئی گمنام۔ یا ہیچ ذات کا شخص ایسی بات کہتا۔ ایسا اصول پیش کرتا۔ تو سمجھا جا سکتا تھا کہ وہ خود اپنی پستی کی خندق کو بھرنے کے لیے دوسرون کے فلک نما محل گرانا چاہتا ہے۔ لیکن یہان کا تو معاملہ ہی دگرگون ہے۔

تخت چھوڑ کر سفید زمین پر نشست اس لیے اختیار کی گئی کہ سب خاک نشینون کو ہم فرش ہونے کی عزت حاصل ہو جائے۔

گزید فقر کہ فرمانروائے ملک ابد | بشت خاک ندارد ہوائے سلطانی
تو عبد خواندہ شدی و رموز دان دانست | کہ برترست عبودیت از سلیمانی

مسلمانون کی مساجد مین جا کر دیکھو۔ جہان شاہ و گدا شانہ بشانہ ایک صف مین کھڑے ہین ایک ہی چٹائی پر بیٹھے ہین۔ صدیق اکبر کا فرزند دکن کا فرمانروا مسجد مین آتا ہے اُسکی رعیت کا ایک شخص بھی اُسکے لیے کھڑا نہین ہوتا۔ لطف مزید یہ ہے کہ شاہ اس سلوک پر خوش ہے اور اسکے خلاف تعظیم بجا لانے والون سے ناخوش۔

یہ تمام نظارے صرف اسلام ہی کی تعلیم مین ہین۔ جس نے تمام جھوٹے امتیازات کو اُٹھا دیا ہے۔ اور سب کو زندہ و توانا خدا حی القیوم کا یکسان بندہ بنا دیا ہے

اصول پنجم

"اسلام ایک سادہ مذہب ہے۔"

بائبل مین جن لوگون نے اسرائیلیون کے طریقہ عبادت کو معلوم کیا ہے۔ حیثمہ عبادت کے پیروون کی رنگتین۔ چاندی۔ سونے کے برتن۔ خدام کی وردی۔ امام کا لباس۔ بخور کی مقدار۔ خطا کی قربانی۔ نذر کی قربانی۔ تقرب کی قربانی کے طویل و پیچیدہ احکام

اطلاع حاصل کی ہے۔ وہ جانتا ہے کہ ان احکام کی تعمیل کسقدر دشوار ہے۔

مجوس مین مقدس آگ کے زندہ رکھنے کے احکام۔ اور اُنکی تعمیل مین مصارف اور غور و پرداخت کی دشواری بتا رہی ہے۔ کہ یہ سلسلہ کسقدر طویل ہے۔

وید اُنسار سندھیا کرنے والا اگر ٹھیک طور پر ہَوَن کرنا چاہے تو اُسے ایک دن مین تین بار ہَون کرنا چاہیئے۔ ایک[1] ہَون مین گھی کے ۱۶ چمچے (آہوتی) ضروری ہین۔ ایکدن مین سندھیا کے لیے ۲۴ تولہ گھی کی ضرورت ہر شخص یا ہر کنبہ کو ضروری ہے۔ ۲۴ تولہ گھی کی جو آج قیمت ہے۔ اسکا اندازہ سامعین خود لگا لین۔

ہمارے سیاسی لیڈر ہندوستان کا افلاس ثابت کرنے کیلیئے ہر ایک ہندوستانی شخص کی آمدنی کی اوسط ۹ پائی بتایا کرتے ہین۔ اب ہَوَن پر خیال کرو۔ کہ صرف ہوا کو خوشبودار بنانے کے لیے چھ آنہ یومیہ گھی کی ضرورت ہے۔

یہ گھی ہون کی ۳۵-۳۶ چیزون مین سے ایک چیز تھا۔ ہون مین تو کستوری مشک خالص بھی درکار ہے۔

کیا ایسے احکام ایسے غریب ملک کے لیئے موزون ہین؟۔

لاشہ سوخت کرنے کے لیے گھی کی ضرورت کبھی بیس سیر۔ اور کبھی لاشہ کی ہمونن بتائی گئی ہے۔ غالبًا غریب و امیر کا لحاظ کر لیا گیا۔ مگر حالت موجودہ مین کیا بیس سیر گھی فی لاشہ میسر آسکتا ہے۔ شرح اموات کے نقشون سے تعداد اموات معلوم کرلو۔ اور اُس تعداد مین بیس سیر کو ضرب دو۔ یہ احکام ظاہر کرتے ہین۔ کہ مذہب کی پابندی کو کتنا پیچیدہ بنایا گیا ہے۔ یعنی یہ کہ مذہب خود مذہب والون کی دسترس سے کتنا بلند۔ کتنا دور ہے۔

---

[1] ستیارتھ پرکاش مین دو بار فقط

اسلام مین بھی روزانہ عبادت ہے۔ اُسکی ادائگی پر زور بھی بہت دیا گیا ہے حتیٰ کہ اُسے کفر و ایمان مین مابہ الامتیاز بتلایا گیا ہے اس عبادت کا نام نماز ہے۔

نماز کی تیاری کے لیئے صرف ایک لوٹا پانی کی ضرورت ہے۔ وہ بھی ملے تو ملے۔ ورنہ وضو کی قائم مقامی کے لیئے تیمم موجود ہے۔

اسرائیلیون اور ہندیون کے تکلفات اور اسلام کی سادگی کا موازنہ نہایت عجیب ہوگا۔

اسلام کا ایک رکن صوم رمضان ہے۔ روزہ کی ابتدا و انتہا۔ طلوع فجر اور غروب شمس کو ٹھہرایا گیا۔ یہ ایسی بین علامتین ہین۔ کہ ہر ایک شخص ان کو کھلی آنکھ سے دیکھ سکتا ہے۔ نہ پترہ مین گھڑی۔ پل دیکھنے کی ضرورت۔ اور نہ کسی گرینچ سے گھڑی گھنٹے کا وقت درست کرنے کے لیئے وقت منگانے کی حاجت۔

اس سے بڑھکر خوبی دیکھیئے۔ کہ رمضان کے دن کس طرح ایر پھیر کے ساتھ آتے ہین اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسا نہ کرتے۔ اور شمسی حساب پر کسی مہینہ کا (وہ مہینہ کے لحاظ سے موسم سرما کا کوئی مہینہ ہوتا۔ یا گرما کا) مقرر فرما دیتے۔ تو نتیجہ یہ ہوتا۔ کہ نصف کرہ ارض کے کے باشندے دائمی راحت و آسائش مین اور نصف کرۂ ارض کے باشندے دوامی متحاق تکلیف مین پڑ جاتے۔

اسلام کا ایک رکن زکوٰۃ ہے۔ گورنمنٹ بھی اپنی رعایا پر انکم ٹیکس لگاتی ہے۔ اور اس امر کا بھی لحاظ رکھتی ہے۔ کہ ٹیکس کی شرح گران نہو۔ مگر زکوٰۃ کی شرح تو اس سے بھی کم ہے۔ کیونکہ زکوٰۃ صرف اموال نامیہ پر ہے۔ اور وہ بھی جملہ مصارف کے بعد اصلی بقایا پر۔ جو مالک کے قبضہ مین موجود ہو۔

اسلام کا ایک رکن حج ہے۔ اُس کی فرضیت مین شرط استطاعت لگی ہوئی ہے

سفر بحر و بر کو ضروری ٹھہرانا اُن جملہ مقاصد کا جامع ہے - جو حصول نتائج دانش و خبرت کے لیئے مسلمہ ہین - با این ہمہ استطاعت سبیل کی شرط دال ہے - کہ اسلام کتنا سادہ مذہب ہے اور اُس کے ارکان کی پابندی شاہ و گدا اور غنی و بے نوا سب کو کیسی آسان ہے

اصول ششم - "اسلام تبلیغی مذہب ہے -

یہودیون - پارسیون - سناتن دھرمیون - اور جین مت والون کے نزدیک یہ مسلم ہے کہ دوسری قوم کا شخص اُن مین شامل نہین ہو سکتا -

اب مشہور اقوام مین سے صرف عیسائی رہ جاتے ہین - جو تبلیغ کا کام صدیون سے کر رہے ہین -

دیکھنا یہ ہے - کہ کیا ان کے پاس جناب مسیح کی اجازت ہے ؟

موجودہ اناجیل اربعہ کے مطالعہ سے تو یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جناب مسیح اپنے مذہب کو تبلیغی نہین سمجھتے تھے -

انجیل متی مین نہایت وضاحت سے بیان ہوا ہے - کہ ایک عورت اپنی بیمار لڑکی کو لائی - تاکہ جناب ممدوح اُسے اپنی روحانیت سے چنگا کر دین - مسیح نے عورت کے چلانے پر توجہ نہ کی - جب شاگردون نے اس بارہ مین عرض کیا - تب مسیح نے فرمایا کہ جو روٹی بچون کے لیئے اٹھا کر رکھی گئی ہو - کون اُسے کتّون کے سامنے پھینک دیا کرتا ہے اس مثال کے بعد اُنھون نے بتایا - کہ مسیح تو صرف بنی اسرائیل کے لیے ہے - اور یہ عورت غیر قوم کی ہے -

ایک دوسرے موقع پر بھی جناب مسیح نے فرمایا - کہ وہ تو صرف بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑون کے لیئے ہین -

یہ تو مسیح کے اقوال تھے - اب اُنکی زندگی کا عمل بھی ملاحظہ ہو۔

انھون نے بنی اسرائیل کے بارہ فرقون کے لیئے اپنے شاگرد بھی بارہ ہی بنائے - اور یہ بھی سب کے سب اسرائیلی فرقون مین سے تھے - غیر قوم کا ان مین کوئی نہ تھا -

مسیح نے جب اُن کو تبلیغ کے لیئے روانہ کیا تب بھی یہی فرمایا کہ غیر قومون کی طرف نہ جائین -

حضرت مسیح کا قول و فعل اس مسئلہ مین یقیناً قول فصل ہے - اور نتیجہ یہ ہے کہ مسیحی مذہب خود اپنے ہادی کے فتوی سے غیر تبلیغی مذہب ہے -

حواریون کے بعد - یا اُنکی علی الرغم - جو تغیرات اس مذہب مین ہوئے - اُن سے مسیح کی پاک تعلیم کی صورت بدل گئی ہے - اعتقاد کفارہ و تثلیث کے مسائل تیسری صدی کی پیداوار ہین - اور رَهْبَانِيَّةً اِبْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ کی ذیل مین داخل ہین -

موسی علیہ السلام کی فوج کے ۶ لاکھ بہادرون کو دیکھو - جو سمندر چیر کر مصر سے فلسطین کو آرہے ہین - ان مین کوئی ایک بھی کسی دوسری قوم کا ہے -

اُن ستر بزرگون کے نام معلوم کرو - جن کا انتخاب حضرت کلیم اللہ نے میقات الٰہیہ کے لیئے فرمایا تھا اُن مین کوئی ایک بھی غیر اسرائیلی ہے -

داؤد علیہ السلام کے سب سردارون کے نام بائبل سے مل سکتے ہین - ان مین سے کوئی ایک بھی اسباط دوازدہ سے باہر کا ہے -

مسیح کے بارہ شاگرد - یا زیادہ سے زیادہ ۱۲۴ کس ان سے اعتقاد رکھنے والے ہین ان مین اولاد یعقوب کے سوا کوئی اور بھی ہے ؟

شری کرشن جی مہاراج کی گیتا کو دیکھو - اُن کا مخاطب ارجن دیوجی ہی ہین -

مہاتما بودھ کے چھ شاگرد ہین ان مین سے کوئی بھی کسی دوسرے ملک یا زبان کا ہے۔
زراتشت فرخ نہاد کا پیرو دربار گشتاسپ سے باہر بھی کوئی پایا جاتا ہے۔ معلوم ہوتا
ہے کہ ان مالیون نے ان کیاریون مین سب ایک ہی قسم کے پھول لگائے تھے

صاحبان - یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ کسی مذہب کا تبلیغی مذہب ہونا صرف دو طریقون
سے ثابت ہوتا ہے۔

طریق اول - بانی مذہب نے تبلیغ کا دعویٰ کیا ہو۔

طریق دوم - خود بانی مذہب نے تبلیغ عام کا کام عملاً سرانجام دیا ہو۔

یعنی خود ہادی مذہب کا قول اور عمل اس مسئلہ کا ثبوت بن سکتا ہے۔ اور
بس اسلام کے متعلق بھی ہم اسی کسوٹی سے آزمائش کرنا چاہتے ہین۔
طریق اول کی تحت مین اللہ تبارک وتعالیٰ کا حکم ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس
فرمان کی اشاعت علی الاعلان فرمائی ہے۔

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا ۔ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ

کہدیجیے - کہ اے نوع انسان کے بچو مین تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہون وہ اللہ جو آسمانون اور زمین کا مالک ہے۔ اُسکے سوا اور کوئی بھی معبود نہین -

آیت بالا مین یا ایہا الناس اور جمیعا کے الفاظ کو دیکھو۔ کتنے وسیع ہین - پھر قرآن مجید
کے طرز خطاب پر غور کرو۔

وہ کسی جگہ یا ایہا الذین آمنو کہتا ہے - اُس جگہ صرف وہی مخاطب ہوتے ہین
جو داخل اسلام ہو چکے ہین -

وہ کسی جگہ یا اھل الکتاب کہتا ہے اس جگہ یہود و عیسائی ہی کی طرف خطاب ہوتا ہے

وہ کسی جگہ - یا ایھا الکافرون فرماتا ہے اُسوقت اُسکے مخاطب وہی لوگ ہوتے ہین جنھون
نے اسلام سے انکار کرتے ہوئے خود اپنا یہ نام تجویز کر لیا ہے۔
الغرض خطابات بالا مخاطب خاص خاص فرقے ہوا کرتے ہین - مگر آیت بالا کا طریق خطاب
بالکل نرالا ہے - اور ایسی عمومیت لئے ہوئے ہے - جس سے نسل انسان کا کوئی ایک شخص
بھی باہر نہین رہ سکتا -

اول تو اسم ناس موجود ہے - یہ ایسا اسم جنس ہے - جس کے احاطہ سے وہی
باہر رہ سکتا ہے جو انسان کہلانے کا روادار نہ ہو -

دوم اُس پر بھی الف لام - موجود ہے - جو اسم کو معنی لغوی مین محکم بنا دیتا ہے -

سوم جمیعا کا لفظ ہے - جو معنی بالا کا اثبات کرتا ہے - اور اسکے سوا باقی ہر ایک
تاویل کو غلط ٹھہراتا ہے -

طریق دوم کے ثبوت مین دیکھو - کہ حکم بالا کی تعمیل کیونکر کی گئی -

شاہان عالم کے نام فرمان لکھے گئے - سفیر بھیجے گئے سفیر بھی وہ جو اُس ملک کی زبان
مین گفتگو کر سکتا تھا - ہر ایک پادشاہ کو اُسکی ممالک مفتوحہ و مقبوضہ اقوام کا ذمہ دار ٹھہرایا
گیا - ہر ایک کو انجام اطاعت - اور سر انجام طغیان کھولکر سمجھایا گیا -

کارروائی کا آغاز رب العالمین کے حکم سے تھا - ایسی کارروائی کی کوئی پہلی نظیر بھی دنیا
مین موجود نہ تھی - اب دیکھو - کہ رب العالمین ہی نے جو دلون کا مالک ہے - جو ارواح
پر حکم چلاتا ہے - اس کام مین کیا برکت ڈالی -

ایک زمیندار کا کام ہے - زمین کو قابل کشت بنائے - اُس مین اچھا بیج گرائے - مگر یہ
اُسکی طاقت سے باہر ہے - کہ وہ دانہ زمین سے سرسبز ہو کر بھی نکلے اُس مین بہت سی بالین لگین

ہر ایک بال مین ان گنت دانہ بھی ہون ۔

یہ مثال سمجھ کر دعوت محمدی مین نصرت ربانی اور برکت سبحانی کا نظارہ کرو ۔ دربار محمدی پر نگاہ تحقیق ڈالو ۔ اور دیدۂ حق بین سے دیکھو کہ ملک ملک کے رتن قوم قوم کے جواہر ہر ایک مذہب کا پیشوا ۔ ہر ایک فرقہ کا رہنما کیونکر اس دربار سراپا انوار مین حاضر آگیا ہے

یہود مین سے عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ ایک گوشہ مین بیٹھے ہوئے نظر آئینگے ۔ یہ یہودیون کے ربی اعظم ہین ۔ اور سیدنا یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نژاد سے ہین ۔ قوم مین امام ابن امام کے نام سے مشہور تھے ۔ اور سیدنا وابن سیدنا کے لقب سے ملقب تھے ۔ سب امتیازات کو چھوڑ چھاڑ کر دربار محمدی مین بزمرۂ خدام بیٹھے ہوئے ہین ۔ نصرت وجہ اور تازگی رخسار سے آشکار ہے کہ اس ترقی منصب پر شادان وفرحان ہین ۔

رفاعہ بن سیموئیل رضی اللہ عنہ کو بھی برابر مین دیکھ لو ۔ یہ سرداران خیبر مین سے ہین ۔ حضور کی خدمت مین پہونچ جانے کو اسرائیل کی اصلی کھوئی حشمت کا مل جانا سمجھتے ہین ۔

عیسائیون مین سے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ حاضر ہین یہ مشہور سخی حاتم طائی کے اکلوتے فرزند ہین ۔ فرقہ رکوسیہ کے لارڈ بشپ ۔ قوم ان کو پیداوار کا ایک چہارم نذرانہ مین دیا کرتی ہے ۔ اب ساری جاہ وتمکنت سے دست بردار ہو کر حضور کے فدائیون مین جاگزین ہین ۔

تمیم داری عرب کے مشہور قبیلہ لخم کے پادری ۔ جہاندیدہ تجربہ آزمودہ ہین ۔ عجائبات عالم

مین سے بہت کچھ دیکھا ہے - اب حضور کے رخ انور پر تاک لگائے بیٹھے ہین

اور دل ہی دل مین کہہ رہے ہین -

بسیار خوبان دیدہ ام مہر بتان ورزیدہ ام ❊ آفاقہا گردیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری

ابو اسرائیل یسیر رضی اللہ عنہ - مشہور منک - سخت راہب تھے - عرب کا گرم آفتاب

ان کا ظلہ تھا - اور تپیدہ احجار ان کا فرش نرم - اب دین الفطرت کی حقیقت کو سمجھ گئے ہین

مجلس مین سے سلمان پارسی حاضر ہین - بڑے زمیندار کے لاڈلے فرزند تھے نبی موعود کی

تلاش مین عراق وعجم اور شام وفلسطین گھومتے ہوئے مدینہ پہونچ گئے ہین - آقائے

دوجہان کے انتظار مین ایک یہودی کا غلام بنکر زیست بسر کر رہے ہین - اسلام کے

بعد حسب ونسب کی بزرگی کا زبان پہ لانا حرام سمجھتے ہین - اور سلمان بن اسلام بن اسلام

الی سبعین مرۃ کہہ کر سامعہ نواز سائل ہین -

جویاے حقیقت کو اگر ابھی اور بھی مختلف ممالک کے اشخاص کی تلاش ہے - تو

اُسے دیکھ لینا چاہیئے -

کہ حبش کا بلال روم کا صہیب -

ایشیاے کوچک کا عداس افریقہ کا باقوم

بھی کمر بستہ حاضر ہین -

کیا مفتش کی نگاہ مختلف طبقات کی طلب مین ہے - آؤ - بادشاہون کا نظارہ

مطلوب ہے تو وہ بھی موجود ہین -

اکیدر .... شاہ دومۃ الجندل

جیفر .... شاہ بحرین -

اصحمہ .... شاہ ابی سینیا

ذوالکلاع .... شاہ حمیر

یہ لوگ عبداللہ ذوالسجاد - اور ابوذر و مقداد کی اوٹ مین بیٹھے ہوئے نظر آئین گے - ان مالکانِ تخت و تاج نے ان دلق پوشون مین کیا بات دیکھی ہے کہ اُن سے آگے بڑھ کر بیٹھنا خلاف ادب سمجھے ہین -

ہان ! باذان کو دیکھو - یہ ملک یمن کا وائسرائے ہے - اور سلطنت ایران کی طرف سے مختار کل ہے -

فروہ خزاعی کو بھی برابر مین دیکھ لو - یہ ملک شام کا وائسرائے اور سلطنت روما کی جانب سے حکمران مطلق ہے -

دونون کے دونون دور ہی سے خط غلامی پیش کر رہے ہین - ان کو نہ زوال حکومت کا ڈر ہے - اور نہ پھانسی کی پرواہ -

اس دربار کے جویاے اسرار کی نگاہ شوق ابھی بہت کچھ دیکھ سکتی ہے ابن زہیر جیسا سخن گستر - اور نابغہ جیسا زبان آور -

کعب جیسا زمزمہ سنج - اور حسّان جیسا حقیقت طراز -

بھی موجود ہین - انھین لوگون کے دعوے تھے کہ وہ ایک قصیدہ پڑھ کر قوم کو قوم سے لڑا سکتے - یا قبیلہ کو قبیلہ سے ملا سکتے ہین - لیکن یہان سب کی زبان لال ہے سب کا ناطقہ بند ہے - دعوی فصاحت و بلاغت بھول گئے - چُپ چاپ زانوے ادب تہ کیئے بیٹھے ہین -

ہان انھین کے پہلو مین خالد بن ولید فاتح عراق -

ابو عبیدہ عامر - فاتح شام

سعد بن ابی وقاص فاتح ایران

عمرو بن العاص فاتح مصر

کو بھی دیکھ لو - مالکان اورنگ و دیہیم تو ان کے نام سے لرزہ براندام ہین - مگر یہ سب یہان تو نظر برقدم - مہر برلب - ہمہ تن گوش بیٹھے ہوئے ہین -

ذرا دوسری طرف بھی دیکھنا - نجران کے عیسائی عالم - اور تیمار - کے یہودی امام موٹی موٹی کتابین لادکر - اور بڑی بڑی دستار ہاے فضیلت سر پر سجا کر آئے تھے - دلمین یہ گھمنڈ کہ ایک اُمّی کا لاجواب کر دینا بھی کچھ مشکل ہے؟ ثبوت دعویٰ مین توراۃ سامنے لائی جاتی ہے -

اب آفتاب علم باری کی نورباری شروع ہوئی - تو سب کے سب مبہوت وخاموش ساکت و خود فراموش ہین - زبان پر لکنت ہے - اور اپنی ہی کتاب پڑھنے کی جرأت نہین رہی -

صاحبان - کیا کوئی مورخ - کوئی محقق - کوئی ہمہ دان - کوئی جہانیان جہان گشت اس جامعیت کا دربار کسی دوسرے دیار مین بھی دکھلا سکتا ہے ؟

اگر نہین - اور مجھے تو بحق الیقین معلوم ہے کہ ہرگز نہین -

تب یہ صداقت خورشید جہان افروز بن جاتی ہے کہ اسلام ہی واحد تبلیغی مذہب ہے -

معشر مسلمین - اسلام کے تبلیغی مذہب ہونے کا ثبوت اُسکی قوت انجذاب سے بھی ملتا ہے حقیقت صادقہ یہ ہے کہ اسلام اپنے اندر ایک ایسی کشش رکھتا ہے جو دنیا کے دیگر ادیان و مذاہب مین سے کسی مین نہین -

حاسدین اسلام - چاہتے ہین کہ اُسکی اس طاقت کا علم دوسرون کو نہ ہونے پائے اسلیئے وہ کہا کرتے ہین کہ اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا -

اس مین کچھ شک نہین ۔ کہ ایک وقت تھا ۔ جب مسلمانون کے ہاتھ مین تلوار تھی لیکن وہ کیا چیز تھی ۔ جس نے ایسے ایسے شمشیر زن اپنے قبضہ مین کر لیئے تھے ۔ ہان وہ اسکی دوسری طاقت تھی یعنی روحانیت اور صداقت ۔

کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ خطاب کا بیٹا عمرؓ جو گھر سے مسلح ہو کر اس لیئے نکلا تھا ۔ کہ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی گردن پر اپنی شمشیر کی کاٹ دکھلائے ۔ وہ کیونکر چند ہی ساعات کے بعد سر جھکائے شمشیر بگردن کھڑا تھا ۔

کیا کوئی بتا سکتا ہے ۔ کہ وہ خالد بن ولید جس نے غزوۂ احد مین اسلامی لشکر کے نظم و نسق کو تہ و بالا کر دیا تھا ۔ اور سکندر رومی کی سی شان کے ساتھ وطن پہونچا تھا پھر وطن سے کس طاقت سے مغلوب ہو کر آبلہ در قدم ۔ تفسیدہ لب ۔ فدائیانہ رنگ اور عاشقانہ روپ مین مدینہ جا حاضر ہوا تھا ۔

کرز بن جابر الفہری

عُیینہ بن حصین الفزاری

سہیل بن عمرو قرشی ۔

ثمامہ بن اثال نجدی ۔

ابو سفیان حرب صخر اموی ۔ وغیرہ وغیرہ ۔

بہت ایسے لشکر کش ۔ سپاہ سالار ۔ اور سرداران قبائل ہین ۔ جنھون نے مسلمانون کی فوجی طاقت کو کبھی اپنی نگاہ مین وقعت نہین دی ۔ لیکن یہی لوگ تھے ۔ کہ اسلام نے اپنی روحانی کشش سے ان کو اپنی طرف ذرا کھینچا ۔ تو یہ بے اختیار ہو کر اسلام مین منجذب ہو گئے ۔

یہ ذکر تو اُن سرداروں کا ہوا۔ جو کسی نہ کسی سریہ یا غزوہ میں اسلام کے سامنے مقابلہ آرا بھی ہوئے تھے۔

آپ کو اسلام کی طاقت انجذابی کا حال دیگر ممالک سے معلوم کرنا چاہیئے۔

یمن۔ حضرموت۔ حیرہ۔ اطسا۔ بحرین۔ حبشہ۔ وہ اقطاع عالم ہیں جہاں اسلام کا ایک سپاہی بھی نہیں گیا تھا۔ اور یہ ممالک بجائے خود ایسی زبردست حکومتوں کی تحت میں تھے۔ جنھوں نے کبھی قریش کی طاقت یا حجاز کی حکومت کو تسلیم بھی نہ کیا تھا۔

مگر حضور ہی کے عہد ہمایوں میں یہاں کے بادشاہوں۔ فرمان رواؤں۔ حکمرانوں نے اپنے اپنے مستقرانِ سلطنت سے عرائض غلامی سرورِ کائنات فخر موجودات سیدنا و مولٰنا محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں روانہ کر دی تھیں۔

معشر المسلمین۔ اسلام کے منجانب حی القیوم ہونے کا ثبوت۔

اسلام کے زندہ رہنے والے مذہب ہونے کا ثبوت یہی ہے کہ وہ طاقت وہ کشش وہ جذب وہ دل ربائی جو اسلام میں بعہد مصطفوی موجود تھی۔ اس کی تاثیر اُس کا اثر۔ اُس کا نمونہ بعد میں بھی موجود پایا گیا۔

ترکوں کی تاریخ پڑھو۔ انھیں نے ساتویں صدی ہجری کے آغاز میں خلافت عباسیہ کو بے نام و نشان بنایا تھا اُس روز عروس البلاد کے گلی کوچے۔ اپنی آنکھ کے تاروں مظلوموں کے خون سے سراپا شفق تھے۔ اور دریاے دجلہ قلمی کتابوں کی روشنائی سے سیاہ پوش تھا۔

ایسی جبار اور دشمن اسلام قوم کو حکومت کرتے ہوئے پچاس سال بھی نہ گزرے تھے کہ مفتوحین کے دین نے فاتحین کے دل کو فتح کر لیا اور ساری ترک قوم یکبارگی مسلمان ہو گئی۔

کیا اس قوم کا داخل اسلام ہوجانا اسلام کی روحانی طاقت کی دلیل نہین ۔

اب یہ وہی ترک قوم ہے کہ سات صدیون سے یورپ مین بیٹھی ہوئی ہے - یورپین تمدن یورپین عیش وعشرت کے سارے نمونے اُس کی آنکھ کے سامنے ہین ۔مگر عیسائیت اُنکے دل کو ذرا بھی اپنی طرف مائل نہ کرسکی ۔

ایک ایسا سلطان جو ایک ہی سفر مین ایران کو نیچا دکھلاتا ۔ مصر کو داخل ممالک محروسہ بناتا - یورپ سے خراج لیتا ہے ۔ وہ اپنے القاب سلطان بن سلطان اور خاقان بن خاقان ۔ مالک البرین والبحرین کے ساتھ ساتھ اگر کسی لقب کو اپنے نام کے ساتھ شامل کرتا ہے ۔ تو وہ خادم الحرمین ہے ۔

سلطان اس لقب کی تعظیم مین پہلے کھڑا ہوجاتا - اور پھر جلدی سے رب العالمین کے حضور مین پیشانی کو زمین پر رکھ دیتا ہے ۔ سچ ہے اسلام اپنی قدر وقیمت مین دنیا وفیہا سے گران تر ہے ۔

سرحدی اقوام - اور افغان قوم کے اسلام کا حال معلوم ہے ۔کہ ایک ہی ہفتہ کے اندر اسلام نے سارے ملک کے دلون پر اپنا قبضہ جمالیا - اور اپنا بنا لیا تھا ۔

اگر تلوار کسی قوم سے اُس کا مذہب چھین سکتی ہے تو گورنمنٹ برطانیہ کی توپین اور ہوائی جہاز - کیون ان لوگون کو کم از کم آئین پسند نہین بنا سکے ۔

لوگ اورنگ زیب کے تعصب کی کہانیان کہا کرتے ہین ۔ مجھے اُن کی اصلیت پر بحث کرنے کی ضرورت نہین ۔مگر کسی نے کبھی یہ بھی خیال کیا کہ یہ شخص تو قوم کا مغول تھا، اس کی قوم برسون تک اسلام کے مٹانے ۔ اور بے نام ونشان بنانے مین ساعی رہی ۔

اب اس قوم مین اسلام کی نسبت یہ توغل - یہ عصبیت - یہ جنبہ داری کیونکر پیدا ہوگئی - اور کیونکر عصبیت فی الدین کا خیال محبت پدر و برادر سے بھی بالاتر ہوگیا -

میرا مضمون طویل ہو رہا ہے - اسلیئے مجھے رُک جانا چاہیئے -

یہ جملہ نظائر بتلاتی ہین - کہ صرف اسلام ہی وہ واحد قوت اور کشش ہے جو ملک کے ملک - اور قومون پر قومون کو اپنے اندر منجذب کر سکتا ہے -

اسلام آجکل بھی افریقہ کو فتح کر رہا ہے - اور رمشن کا سارا زور اُسکی فتوحات کو نہین روک سکتا -

اسلام آجکل یورپ مین بھی اَوَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّا نَاۡتِى الۡاَرۡضَ نَنۡقُصُهَا مِنۡ اَطۡرَافِهَا کا جلوہ دکھا رہا ہے - اور چرچ کوئی روک تھام نہین کر سکتا -

یاد رکھیئے کہ اسلام ہی ہے - جو مشرق سے مغرب کو ملا سکتا ہے اور اسلام ہی ہے - جو یورپ کی دہریت پر روحانی فتح حاصل کر سکتا ہے - یہ اسلام ہی ہے - جسے بے دھڑک ایک دہری - ایک فلسفی - ایک متدین - ایک متشکک کے سامنے پیش کیا جا سکتا ہے -

یہ اسلام ہی ہے جس نے فلسفۂ قدیم و جدید کے حملون کو برداشت کیا - اور پھر حملہ آورون کو اپنے سایۂ عاطفت مین آسودگی سے رہنے کے لیئے جگہ دی ہے -

اصول ہفتم - اسلام مذہب کامل ہے -

موسی علیہ السلام کے حالات کو پڑھو - وہ خدا کی برگزیدہ قوم کو وعدہ کی زمین پر پہنچانے سے پیشتر دنیا سے رخصت ہوگئے تھے -

اُنکی پانچوین آخری کتاب کے آخری باب مین لوگون کو شعیر وفاران کے انوار

کا منتظر بنایا گیا ہے -

پرانا عہد نامہ - ملاکی نبی کی کتاب پر ختم ہوتا ہے - یہ کتاب رسول موعود کا اشتیاق دلاتی ہوئی ختم ہوجاتی ہے -

نئے عہد نامہ مین انجیل یوحنا کا خاص درجہ ہے - وہ مسیح کے لاہوت کی کتاب تسلیم کی گئی ہے - اُس مین روح الحق کے قدوم کی خبر - اور اُسکے وقت مین تعلیم کے کامل ہونے کی اطلاع دی گئی ہے -

ان سب مبشرات کو پورا کرنے والا اسلام ہی ہے - اسلام کے سوا کسی آسمانی کتاب مین اَکۡمَلۡتُ لَکُمۡ دِیۡنَکُمۡ کا اعلان کسی مذہب نے نہین سنایا - اسلام کے سوا کسی تعلیم نے ترقیات روحی کو رضوان الٰہی تک نہین پہونچایا -

اسلام بلا اعانت دیگرے مکمل ہے - اور اسلام جملہ ادیان صادقہ کی تعلیم کی تکمیل کرتا ہے - اس لیئے کمال دین اور اتمام نعمت یہ دو ایسے فضائل ہین - جن مین اسلام کا کوئی بھی سہیم نہین -

صاحبان - یہ ہین - وہ سات زندہ اصول - جو اسلام کی زندگی اور ترقی - فراخی اور تابندگی کا سبب ہین - اسی لیئے اسلام نے ہر ایک ملک اور ہر ایک قوم اور ہر ایک بر اعظم مین قدم جما لیا ہے اور لِیُظۡهِرَهٗ عَلَی الدِّیۡنِ کُلِّهٖ کا نور پھیلا رہا ہے مبارک ہین جو اس زندہ اور پائندہ مذہب کے ساتھ اپنی زندگی کو وابستہ کر رہے ہین

معشر مسلمین ! اسلام کے متعلق جو خدا کا فرمودہ ہے - وہ ضرور پورا ہو کر رہے گا ممالک کو امن بسیط اور قلوب کو اطمینان کلی اسلام ہی سے ملے گا - لیکن کیا مین یہ دریافت کرنے کی جرأت کر سکتا ہون - کہ آپ خود بھی کچھ خدمت اس دین پاک کی سرانجام

دے رہے ہین -

اسلام کی تاریخ پڑھو -

۱ ایک وہ تھے - جنھون نے اسلام کے لیے جانین قربان کین -

۲ ایک وہ تھے - جنھون نے اسلام پر خزانے نثار کیئے -

۳ ایک وہ تھے - جنھون نے اسلام کے لیئے وطن چھوڑا - خویش و اقارب سے مُنھ موڑا صدق کمایا - دین بچایا - اور مالک کی کھلی سرزمین پر پھیل گئے -

۴ ایک وہ تھے - جنھون نے ایسے صادقین کے سامنے دل و دیدہ کو فرش راہ بنایا - اُن کی راحت و آرام کے لیئے خود گوناگون مصائب کو برداشت کیا -

۵ ایک وہ تھے - جنھون نے نشر علوم پر کمر باندھی - اور اُن کی سیاہی نے خون شہدا کے برابر برابر ترازوے عمل مین جگہ حاصل کی -

۶ ایک وہ تھے - جنھون نے اعلاء کلمۃ الحق مین زبان کو کھولا - اور لاکھون خواب غفلت مین سوئے والونکو جگا جگا کر اپنا ہم آواز و ہم نوا بنایا -

۷ ایک وہ تھے - جنھون نے دل و ہوش اور دیدۂ و گوش کو صداقت پر لگایا - اور اسی صداقت کو اپنے لیئے زاد آخرت بنایا -

کیا اب آپ بھی بتا سکتے ہین کہ آپ کا شمار کس جماعت مین ہے -

نعوذ باللہ - ایسا نہو کہ آپ کا حصہ ان مین سے کسی مین بھی نہو -

پیارے مسلمانو! - اللہ تبارک و تعالی کے سامنے جانا ہے -

سرورِ کائنات کو مُنھ دکھانا ہے -

فرقان حمید کے مواجہ مین جواب دعوی پیش کرنا ہے -

اسلام کی سند دکھلا کر رہائی حاصل کرتا ہے۔

لَتُسْـَٔلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ۔

ان سب باتون کی فکر آج کر لیجئے ؎

مرد باید کہ گیرد اندر گوش   ور نوشت است پند بر دیوار

خاکسار

محمد سلیمان سلمان منصورپوری

مولانا قاضی محمد سلیمان صاحب ممدوح کی تقریر کے بعد مولوی عبد الرحمان صاحب ندوی نگرامی ادیب دار العلوم ندوۃ العلماء "اسلام کے لیئے آیندہ خطرہ اور اُسکے انسداد کی تدبیریں" تقریر کرنے کو کھڑے ہوئے جو کل کے اجلاس چہارم مین نہ ہوسکی تھی۔

آپ کی اس تقریر کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

خلاصۂ تقریر جناب مولوی عبد الرحمان صاحب ندوی نگرامی ادیب دار العلوم ندوۃ العلماء

بزرگان! گزشتہ صحبتون مین آپ بہ تفصیل ہندوستان کے خطرۂ ارتداد کے حالات سن چکے ہین بے شبہہ یہ خطرہ ہماری توجہ کا محتاج ہے لیکن مین اسوقت مختصراً مگر نہایت صاف اور صریح لفظون مین اس آنے والے زبردست سیلاب سے آگاہ کرنا چاہتا ہون جسکی علامتین ظاہر ہو چکی ہین اور جو اپنے نتائج کے لحاظ سے اس موجودہ فتنۂ ارتداد سے زیادہ خطرناک اور سخت ہے،

حضرات! اسلام دنیا کیلئے ایک ایسی سعادت لایا جو مادیت اور روحانیت دونون سے
ملی ہوئی تھی اور جو بنی نوع انسان کے لیئے دونون جہان مین فلاح بخشنے والی ہے، یہ سعادت
کم وبیش ابتدائی صدیون مین جاری رہی لیکن چھٹی صدی کے بعد جب مسلمانون مین کثرت سے
وہ چیزین رائج ہوگئین جنھین وہ "علم وحکمت" کے نام سے پکارتے تھے مسلمانون کی وہ
اسپرٹ اور روح مردہ ہوگئی جو قرون اولیٰ مین پیدا ہوئی تھی، مسلمان علما اور پیشوایان
مذہب دور ازکار منطقی اُلجھاوون مین پڑکر کتاب وسنت کی روشنی سے دور جا پڑے تھے،
ان علمون کا رائج ہونا ہی میرے خیال مین مسلمانون کے زوال کا باعث ہے، مین اس امر کا
منکر نہین کہ متکلمین اور حکمائے اسلام نے اسلام کی بڑی خدمت کی لیکن اے صاحبان
یہ امر ناقابل انکار ہے کہ اس خدمت کے سلسلہ مین اسلام کی اصلی شکل گم ہوگئی اور آج ہمارے
پاس جو اسلام ہے وہ مجموعہ ہے یونانی فلسفہ حکمائے اسلام کی جدت طرازیون اور ہندوستان
کے جوگ کا، اصلی روح اور اسپرٹ کے گُم ہونے کے بعد ہمارا اس سے زوال شروع ہوگیا
اور آج جس حالت کو ہم پہونچ گئے ہین وہ ہمارے سامنے ہے اسلامی ممالک پر یورپ کے
تسلط کو بھی ایک معقول مدت گزر گئی اور یورپین علوم وفنون جن کی بنیادین بہت مضبوط بتائی
جاتی ہین۔ مسلمان خاندانون مین گھر گھر پہونچ گئے ہین اور انکی وجہ سے دماغون مین ایک عظیم
انقلاب واقع ہوگیا ہے؛

صاحبان! ہمارا پختہ خیال ہے کہ دنیا کے لیئے صرف عقائد واعمال ہی مین نہین بلکہ طرز
اثبات مضامین بھی وہی انداز زیادہ بہتر اور مضبوط اور لائق قبول ہے جو قرآن کریم نے
ہمارے سامنے پیش کیا ہے لیکن یہ چیز تو ہمارے سینون سے گم ہوچکی ہے اس لیئے ان علوم کے
پھیلنے کا نتیجہ یہ ہے کہ جدید نسل اسلام مین مذہبی اور تعلیم مذہب کے خلاف نفرت اور غصہ کے

کے جذبات پیدا ہو گئے ہین، ان جذبات کی بدولت ٹرکی اور ایران مین جو حادثات پیش آرہے ہین اور کھلے چھپے مذہب و پیشوایان مذہب کے خلاف جو کچھ ہو رہا ہے وہ بھی آپ کے سامنے ہے، اس مبارک مجمع مین جہان ہندوستان کے بہت سے مقتدر علماء جمع ہین اور جمعیۃ العلماء کے ممبران بھی موجود ہین عرض کرنا چاہتا ہون کہ آج سے پچیس برس بعد ہندوستان مین بھی وہی رنگ شروع ہو جائیگا، جو ٹرکی مین ہے، اس جنگ مین تنہا آپکے کفر کے فتوے اور خشک خانقاہونکا ڈر کام نہ آئیگا۔

حضرات! خانقاہین نہایت مبارک چیز ہین، بے شبہ اُنھون نے اسلام کی بہت سی خدمتین کی ہین لیکن یہ وہ خانقاہین تھین جہان اسلام کا نور چمکتا تھا، خالی اور سوکھی ہوئی ہڈیان نہ تھین،

صاحبان! ڈریپر کی کتاب مین جو نقشہ سولھوین صدی مین یورپ کا نظر آتا ہے، معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان مین بھی یہ حالت پیش آنیوالی ہے، ہان البتہ اگر ہم ابھی سے آمادہ ہو جائین اور اُن کے دماغون کی ساخت کے مطابق اصلی تعلیم کتاب اللہ کی قرون اولی کے انداز پر عملی تاثیر کے ساتھ پیش کرین تو اس مصیبت کا سد باب ہو سکتا ہے۔ اور اس ضرورت کو پورا کرنے کیلئے ایک ایسی وسط کی جماعت درکار ہے جو دماغ و انداز کے لحاظ سے نئی ہو لیکن روح اور اطوار کے لحاظ سے دور اول کی یاد دلانے والی ہو، اے حضرات یہ جماعت اسی ہال مین تیار ہو سکتی ہے جہان آپ مجتمع ہین اور جس کا نام ندوۃ العلماء ہے"

مولانا عبد الرحمان صاحب نگرامی کی مندرجۂ بالا تقریر کے بعد جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان خانصاحب شروانی صدر انجمن نے (اپنی کرسی صدارت سے اُٹھکر) یہ فرمایا کہ جلسۂ انتظامیہ ندوۃ العلماء منعقدہ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۳ء نے جناب نواب سید علی حسن خانصاحب کو ندوۃ العلماء کا ناظم منتخب کیا ہے اس لیئے مین حسب دفعہ ۴۲ دستور العمل ندوۃ العلماء بغرض

تکملہ انتخاب اس کا اعلان کرتا ہون اس تکملۂ انتخاب اور ضابطہ کے اعلان کے بعد مولوی عزیز صاحب متعلم دار العلوم ندوۃ العلماء نے اپنا ایک طویل مضمون جو عربی زبان مین تھا حاضرین جلسہ کو سنایا جس کے بعض بعض فقرون پر اکثر حاضرین جلسہ بہت ہی محظوظ ہوئے اور جب یہ تقریر ختم ہوگئی تو نماز ظہر کے واسطے جلسہ کی کارروائی ملتوی ہوئی۔

اجلاس ششم

۱۴ شعبان ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء روز سہ شنبہ

وقت

۲ بجے بعد دوپہر سے ۴ بجے سہ پہر تک

نماز ظہر کے بعد پھر جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی اور جناب منشی محمد اظہر علی صاحب وکیل صدر مجلس استقبالیہ نے مہمانون کا اور مولانا غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلماء نے ارکان انتظامیہ ندوۃ العلماء کی جانب سے، صدر مجلس استقبالیہ، ارکان مجلس استقبالیہ رضاکاران اور حاضرین جلسہ کا پُر زور شکریہ ادا کیا اور سب سے اخیر مین جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمان خانصاحب شروانی صدر الصدور صیغۂ امور مذہبی دولت آصفیہ حیدرآباد دکن نے بحیثیت صدر انجمن اجلاس نوزدہم ندوۃ العلماء کے، اجلاس کی اختتامی کارروائی

اور تقریرون پر تبصرہ فرماتے ہوئے ایسی مؤثر اور دلگداز تقریر فرمائی جو سراسر مذہبی رنگ مین ڈوبی ہوئی تھی اور کبھی دلون سے محو نہ ہوگی اور آخر مین مسلمانون کو ہمت دلائی کہ انھین اللہ اور اُسکے رسول کے احکام پر کاربند ہونا چاہیئے۔ اور ایمان کی قوت پیدا کرنا چاہیے پھر سب مشکلین آسان ہین اور پھر دنیا کی کوئی قوت مسلمانون پر غالب نہین آسکتی جس کے سلسلہ مین بطور سند کے آپ نے غزوات کے صحیح واقعات احادیث سے بیان فرماکر اپنے اس بیان کو موثق فرما دیا اور تقریبًا ۵ بجے سہ پہر کو ندوۃ العلماء کا اجلاس نوزدہم بخیر وخوبی انجام کو پہونچا اور صدر کی اجازت سے جلسہ برخاست ہوا۔ اور مغرب کے بعد ۷ بجے شام سے ممتاز دار الیتامیٰ واقع امین الدولہ پارک لکھنؤ مین عام جلسہ وعظ کا اعلان کیا گیا۔ جس مین مولانا احمد سعید صاحب ..... جمعیۃ العلماء، مولانا نثار احمد صاحب کانپوری اور دیگر علمائے کرام نے اپنے اپنے موعظ حسنہ اور پرزور تقریرون سے مسلمانون کو مستفید فرمایا۔ اور صبح ہوتے ہی مہمانون کی روانگی کا سلسلہ شروع ہوگیا اور ایک دوسرے سے رخصت ہونے لگے، آخر مین دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب لوگون کو صراط مستقیم پر قائم رکھے اور اعمال حسنہ کی توفیق عنایت فرمائے

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

(صفی الدولہ حسام الملک نواب سید
محمد علی حسن خان)
ناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ
۱۲ ربیع الاول ۱۳۴۴ھ مطابق یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء

شذرات

جناب مولانا محمد فاروق صاحب چریاکوٹی (مرحوم و مغفور) ہندوستان کے مشاہیر علما سے تھے اور خصوصاً فن ادب مین آپ کو دستگاہ کامل تھی، جسوقت دارالعلوم ندوہ کا افتتاح ہوا تھا تو آپ کو دارالعلوم مین تشریف لانے کی تکلیف دی گئی تھی اور فن ادب کا درس خصوصیت کے ساتھ آپ کے سپرد کیا گیا تھا اُسی زمانہ مین آپ کے صاحبزادے مولوی محمد مبین صاحب بھی لکھنؤ آئے اور دارالعلوم ندوۃ العلمار مین تعلیم و تربیت پائی جو اسوقت مولانا کیفی کے نام سے مشہور ہین اور کئی اخبار و رسائل کے اڈیٹر رہ چکے ہین اور اب بھی کوئی رسالہ یا اخبار آپ کی ادارت مین نکلتا ہے۔

اجلاس نوزدہم ندوۃ العلمار کے واسطے آپ نے ایک نظم لکھی تھی، اور اجلاس مین شریک ہوکر اُسکے خود پڑھنے کے متمنی تھے مگر دفعتہً بیمار ہوجانیکی وجہ سے وہ جلسہ مین شریک نہین ہوسکے، اس وجہ سے اُنھون نے اپنی وہ نظم جناب نواب صدر یار جنگ بہادر کی خدمت مین بحیثیت صدر انجمن اجلاس نوزدہم ندوۃ العلمار کے بھیجی تھی جو کسی نامعلوم وجہ کی بنا پر جلسہ کے وقت نہین پہونچ سکی۔

چونکہ جناب صدر انجمن صاحب نے اس نظم کی بابت تحریر فرمایا ہے کہ رودادین درج ہوجائے تو بہتر ہے۔ اس واسطے مندرجۂ بالا چند سطور کے بعد وہ نظم ذیل مین درج کی جاتی ہے۔

ادوار ثلاثہ

این نظمیست کہ مولانا کیفی چریاکوٹی یکے از طلبائے (قدیم) دار العلوم ندوۃ العلماء برائے اجلاس نوزدہم ندوۃ العلماء منعقدہ ۸-۹-۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء در لکھنؤ تیار کرد

بند اوّل

دور اوّل عیش و نشاط

یاد آن روز کہ در بزم مرا جائے بود — شوق جلوہ طلب و چشم تماشائے بود
کیف بے پردہ مگر قابل اظہار نہ بود — نظر ساقیِ ما گردشِ صہبائے بود
تپش ذوق بدل، لذتِ دیدار بجان — گرمیِ محفل و ہم انجمن آرائے بود
دل ما شگفتہ چو گلے بود، مگر بے خارے — فارغ از دغدغہ، جوشِ تمنائے بود
آنچہ دل داشت، چو آئینہ نمایان میکرد — داغ اُمید وفا، نقش جبین سائے بود
رشتۂ عہد صفا، سلسلۂ پابندی — آن یکے بر دل و این دیگرے برپائے بود
تن چو ایام، بجز دامنِ زیر گریبان بانید — سوئے ما از کرمے دست تولائے بود

میکشان جرعہ کش و پیر مغان دلدارے
اندرین وقت دو عالم نہ سزد باکارے

بند دوم

دورِ ثانی عروج و افراط

ہمچنان بود کہ ناگاہ بہاران آمد | مژدۂ بیخودی عیش بہ یاران آمد
ہر کس از خویش بدر جست و بجاے برسید | انچہ در قطرۂ دل بود بہ طوفان آمد
آنکہ وی رفت ز میخانہ، دگر بار دو ید | یعنی پیمانہ شکن باز بہ پیمان آمد
طرفہ در گلشنِ ایجاد صباے بوزید | رنگ نوع بہ گل و ہر غنچہ ببستان آمد
باب وا گشت، پے کشف کشود کاری | یعنی از سوے دکن شبلی نعمان آمد
ندوہ بود کہ چون قطرۂ شبنم گم بود | ہمچو خورشید بہ ہر گوشۂ دوران آمد
مدعا بود کہ ناگاہ بہ انجام رسید | انچہ دل خواست شب و روز گران آمد

حاجۃ ان یخلصہا من خطرات الیاس

انہ کان لفی الدھر کریم الناس

بند سوم

علم ہر چند کہ دو رست ز تخریب و زوال | نہ رسد جز پے اموال بہ تعمیر کمال
نشنوی انچہ کہ ہر ذرۂ ہستی گوید | "گم شود عالم اسباب محال است محال"
دیدۂ انچہ کہ در قرطبہ و در بغداد | جلوۂ بود کہ باشید چنان دولت و مال
نہ بود، تا نبود دولت دنیا ہمساز | از ہر مصر کہ در عالم گیتیست مثال
آنکہ میخواست کہ این ندوہ افتادہ براہ | جانب اوج ترقی بکشاید پر و بال
پس ندا کرد "اگر جنبش ہستی داری | خیز بر پاے خود و سوے من ای قوم تعال
آن چنان ساخت کہ ابر آمد و تیار آمد | از سوے ملک دکن و ز سوے ملک بھوپال

قوم ہم جانب او صورتِ باران آمد

انچہ از ہمت خود داشت بدامان آمد

بندِ چہارم

(دورِ سوم زوال و انحطاط)

چون بیک حال نماندست مزاجِ دوران | نہ قرارست بہ این و نہ قیام است بہ آن
گاہ رُخِ صبح نماید ز افق چون معشوق | گاہ خورشید تہِ گیسوئے شامے پنہان
دوش آن بزم کہ در جوشِ خود آرائی بود | بین چسان ست زبر بادی ساز و سامان
جائے پروانہ خاکستر و جائے گُل داغ | آن خروشے کہ بدل بود خراش است بجان
آہ خ: آن شمع کہ با گرمیِ محفل می ساخت | بین کہ امروز نہادست براہ طوفان
آہ! آن کشتیِ سرمایۂ دینِ اسلام | بسرش موجِ فنا آمد و دورست کران
وائے آن قصر کہ ہم مامن و ہم ملجا بود | رُخ کشادست پئے سیلِ باد و باران

جان بلب ہست مریضے و مسیحا در خواب
اللہ! اللہ! چہ خوابست گران و نایاب

بندِ پنجم

خبر! اے قوم اگر از خلشِ غم داری | سوز آہے بہ لب و دیدۂ پُر نم داری
در شبستانِ نعم نیک بسر می خواہی | بیخبر زانکہ تو بارِ غمِ عالم داری
آنکہ از بہرِ تو میرفت بہ صحرائے بلا | تشنہ لب میرد و تو در کفِ خود یم داری
خندۂ زیرِ لب و حالتِ دل میپرسی | نمکِ سودہ مگر بہرِ مرہم داری
اے فریبندۂ بر کثرتِ دولت زنہار | کہ فراوانی او صورتِ شبنم داری
دولتِ علم ز تاراجِ فنا مستغنی ست | نقشِ فانی ست چہ، ہم شوکتِ دیلم داری
درد چون بیش بود، تیز دوامی طلبد | نکتۂ ہست کہ بہ خویش مسلم داری

ہیچ دانی کہ مریضِ تو چہا می باشد
گر مداوا نکنی، درد، قضا می باشد

بندِ ششم

(صدائے احتجاج)

ندوہ امروز کہ توفیق خدا می خواہد — زانکو کردست جفا، داد وفا می خواہد
بہرِ جان و دلِ بیتاب نمی خواہد ہیچ — "تبذل الفضل"[1] پے شاہ ہدا می خواہد
"انفقوا"[2] انکہ بتو گفت و مسلم باشد — طاعتِ اوست کہ امروز ادا می خواہد
"یقرض اللہ"[3]، کہ حق گفت بہ قرآن کریم — این ہمانست کہ از جیب شما می خواہد

ایکہ بہرِ دل بیمار دوا میداری — ندوہ امروز مریض ست دوا می خواہد
گر ہے ہست کہ در رشتۂ جان میدارد — جنبش ابروے صد عقدہ کشا می خواہد
ہر کسے خیر باندازۂ ہمت طلبد — کیفی آنست کہ تاثیرِ دعا می خواہد

ندوہ چون مہر درخشندہ قائم بادا
قوم در سایۂ او زندہ و دائم بادا

(آمین)

۱ - یا ابن آدم ان تبذل الفضل خیر لک (مسلم)

۲ - انفقوا فی سبیل اللہ (آیۃ)

۳ - من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا (آیۃ)

فہرست[1] عہدہ داران مجلس استقبالی اجلاس نوزدہم ندوۃ العلما

۱	جناب منشی محمد اظہر علی صاحب بی۔ اے وکیل صدر مجلس استقبالیہ۔
۲	جناب خواجہ سید رشید الدین صاحب مودودی رئیس لکھنؤ سکریٹری مجلس استقبالیہ

فہرست ممبران مجلس استقبالی اجلاس نوزدہم ندوۃ العلما

۱	جناب صفی الدولہ حسام الملک نواب مولوی سید محمد علی حسن خان صاحب ناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ	۱۳	جناب مولوی محمد ادریس صاحب فرنگی محل
۲	جناب شفاء الملک مولوی حکیم محمد عبد الحمید صاحب لکھنؤ	۱۴	جناب مولوی مفتی محمد یوسف صاحب فرنگی محل
۳	جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس لکھنؤ	۱۵	جناب منشی وحید الحسن صاحب آسیون ضلع اناؤ
۴	جناب مولوی محمد نسیم صاحب ایڈوکیٹ لکھنؤ	۱۶	جناب شیخ سخاوت حسین صاحب تاجر عطر چوک لکھنؤ
۵	جناب مولوی حاجی اعجاز علی صاحب رئیس کاکوری ضلع لکھنؤ	۱۷	جناب مولوی الطاف الرحمان صاحب رئیس بڑاگاؤں
۶	جناب منشی محمد اظہر علی صاحب بی۔ اے۔ وکیل لکھنؤ	۱۸	جناب مولوی نور الحسن صاحب وکیل و آنریری اسسٹنٹ کلکٹر کاکوری ضلع لکھنؤ
۷	جناب خواجہ سید رشید الدین صاحب مودودی رئیس لکھنؤ	۱۹	جناب منشی ابو الحسن صاحب مختار و کاربرآر جناب رانی صاحبہ نان پارہ۔
۸	جناب مولوی سعود علی صاحب ندوی	۲۰	جناب مولوی سبحان اللہ صاحب رئیس اعظم گورکھپور
۹	جناب مولوی قطب الدین عبد الوالی صاحب فرنگی محل	۲۱	جناب شیخ احمد علی صاحب ولد فرزند علی صاحب مرحوم
۱۰	جناب جمال الدین مولوی عبد الوہاب صاحب فرنگی محل	۲۲	جناب شیخ محمود علی صاحب میونسپل کمشنر لکھنؤ
۱۱	جناب مولوی عنایت اللہ صاحب فرنگی محل	۲۳	جناب خان بہادر میر سید حسین صاحب لکھنؤ
۱۲	جناب مولوی محمد ایوب صاحب فرنگی محل		

[1] یہ فہرست دیر مین پہونچی اسواسطے آخر مین درج ہوئی ۱۲

نمبر	نام ممبران مجلس استقبالی
۲۴	جناب محمد صدیق صاحب مالک صدیق بکڈپو امین آباد لکھنؤ
۲۵	جناب قاضی نظام الدین صاحب تعلقہ دار سترکھ ضلع بارہ بنکی۔
۲۶	جناب مولوی عبد المحیط صاحب وکیل لکھنؤ
۲۷	جناب مولوی محمد ایوب صاحب وکیل لکھنؤ
۲۸	جناب خواجہ حکیم کمال الدین صاحب لکھنؤ
۲۹	جناب فقیر بخش صاحب تاجر لکھنؤ
۳۰	جناب شیخ رزاق محمد صاحب لکھنؤ
۳۱	جناب حافظ عبد الاحد صاحب امین آباد
۳۲	جناب منشی دلاور علی صاحب تاجر خشت امین آباد
۳۳	جناب مسٹر محمد وسیم صاحب بیرسٹر لکھنؤ
۳۴	جناب شیخ ہاشم علی صاحب، رئیس جگور
۳۵	جناب خان بہادر منشی صدیق احمد صاحب ممبر کونسل و اسسٹنٹ سکریٹری انجمن تعلقہ داران اودھ لکھنؤ۔
۳۶	جناب خان بہادر بابو منصور علی خان صاحب لکھنؤ۔
۳۷	جناب خان بہادر چودھری رشید الدین اشرف صاحب ایم۔ایل۔سی تعلقہ دار پیسار بارہ بنکی
۳۸	جناب چودھری حیدر حسین خانصاحب بیرسٹرایٹ لا لکھنؤ
۳۹	جناب منشی نذیر الدین صاحب وکیل لکھنؤ
۴۰	جناب منشی حکیم الدین صاحب وکیل لکھنؤ
۴۱	جناب منشی محمد حسین صاحب وکیل لکھنؤ
۴۲	جناب منشی محمد احترام علی صاحب رئیس لکھنؤ
۴۳	جناب مولوی سید ظہور احمد صاحب وکیل چیف کورٹ و آنریری سکریٹری آل انڈیا مسلم لیگ لکھنؤ۔
۴۴	جناب رانی قمر زمانی بیگم صاحبہ نانپارہ
۴۵	جناب مولوی اسحاق علی صاحب لکھنؤ

فہرست اسمائے گرامی اُن علما و مشائخ اور بزرگان قوم کی جو اس اجلاس میں شریک تھے

نمبر	اسمائے گرامی
(۱)	جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولوی محمد حبیب الرحمان خان صاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی ممالک محروسہ اعلیحضرت حضور نظام
(۲)	جناب مولوی شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری پھلواری شریف ضلع پٹنہ ۔
(۳)	جناب صفی الدولہ حسام الملک نواب مولوی سید محمد علی حسن خان صاحب ناظم ندوۃ العلماء
(۴)	جناب مولوی محمد لطف اللہ صاحب خلف جناب مولانا سید محمد علی صاحب بانی و سابق ناظم ندوۃ العلما
(۵)	جناب مولوی قیام الدین عبد الباری صاحب فرنگی محلی ۔
(۶)	جناب مولوی محمد اسلم صاحب فرنگی محلی
(۷)	جناب مولوی عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی
(۸)	جناب مولوی عبد الرشید صاحب فرنگی محلی
(۹)	جناب مولوی مفتی محمد یوسف صاحب فرنگی محلی
(۱۰)	جناب مولوی محمد ادریس صاحب فرنگی محلی
(۱۱)	جناب مولوی حاجی سر رحیم بخش صاحب کے ۔ سی آئی ۔ ای ۔ حامی ندوۃ العلماء
(۱۲)	جناب مولوی سلیمان اشرف صاحب پروفیسر دینیات مسلم یونیورسٹی علیگڑھ
(۱۳)	جناب مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء
(۱۴)	جناب مولوی عبد الحلیم صاحب صدیقی ناظم جمعیت مرکزیہ شعبہ تبلیغ ۔
(۱۵)	جناب مولوی ریاست حسین صاحب مہتمم مدرسہ رحمانیہ رائے بریلی ۔
(۱۶)	جناب مولوی حکیم سید عبد العلی صاحب بی ایس سی خلف جناب مولانا حکیم سید عبد الحی صاحب مرحوم سابق ناظم ندوۃ العلماء ۔
(۱۷)	جناب مولوی عبد الحکیم صاحب نائب مہتمم مدرسہ انوار العلوم گیا ۔

نمبر	اسمائے گرامی	نمبر	اسمائے گرامی
(۱۸)	جناب مولوی عبدالحلیم صاحب شرر لکھنوی	(۳۰)	جناب مولوی نورالحسن صاحب وکیل و آنریری اسسٹنٹ کلکٹر کاکوری
(۱۹)	جناب مولوی نثار احمد صاحب کانپوری	(۳۱)	جناب مولوی حاجی اعجاز علی صاحب رئیس کاکوری۔
(۲۰)	جناب مولوی سید علی زینبی صاحب مدرس اعلیٰ مدرسہ فرقانیہ لکھنؤ۔	(۳۲)	جناب مولوی محمد مرتضیٰ صاحب ممبر اسمبلی مدراس
(۲۱)	جناب علامہ عبدالعزیز صاحب ثعالبی ٹیونسی	(۳۳)	جناب مولوی محمد شفیع صاحب داؤدی ممبر اسمبلی
(۲۲)	جناب مولوی قاری عبداللہ رشید صاحب مکی پیش امام جامع مسجد دارشیش۔	(۳۴)	جناب مولوی عبدالقادر صاحب وکیل قصور
(۲۳)	جناب مولوی محفوظ الرحمان صاحب نگرامی	(۳۵)	جناب مولوی سید سلیمان صاحب ندوی معتمد دارالعلوم ندوۃ العلماء
